اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع حضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور ﷺ کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعانی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایں جا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خلیفة قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تاکہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

مقدمة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَصَلَوَاتُهُ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ اَجْمَعِينَ، هٰذَا الْكِتَابُ اَلَّفْنَاهُ جَامِعًا لِعَدَدِ مَا انْتَهَى اِلَيْنَا مِمَّنْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، عَلَى حُرُوفِ اَلِفٍ ب ت ث، بَدَاْتُ فِيهِ بِالْعَشَرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، لِاَنْ لَا يَتَقَدَّمَهُمْ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ، خَرَّجْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَدِيثًا وَحَدِيثَيْنِ وَثَلَاثًا وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ عَلَى حَسَبِ كَثْرَةِ رِوَايَتِهِمْ وَقِلَّتِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنَ الْمُقِلِّينَ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ اَجْمَعَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ رِوَايَةٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ ذِكْرٌ مِنْ اَصْحَابِهِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ تَقَدَّمَ مَوْتُهُ ذَكَرْتُهُ مِنْ كُتُبِ الْمَغَازِي وَتَارِيخِ الْعُلَمَاءِ، لِيُوقَفَ عَلَى عَدَدِ الرُّوَاةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ اَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَسَنُخْرِجُ مُسْنَدَهُمْ بِالْاِسْتِقْصَاءِ عَلَى تَرْتِيبِ الْقَبَائِلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

مقدمہ

اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان،
ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے، اس کی رحمتیں اس کے نبی پر جن کا نام نامی اسم گرامی محمد ﷺ ہے اور ان کی تمام آل پر۔ ہم نے اس کتاب کو تالیف کیا اس حال میں کہ یہ اکٹھا کرنے والی ہے، اس تمام تعداد کو جو ہم تک پہنچی ہے، ان حضرات میں سے جنہوں نے بلا واسطہ رسول کریم ﷺ سے روایات کی ہیں، خواہ وہ مرد ہیں یا عورتیں۔ اس کو الف، با، تا اور ثا حروف کی ترتیب پر جمع کیا ہے، میں نے عشرۂ مبشرہ سے اس میں ابتداء کی ہے کیونکہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان پر مقدم نہیں ہے، میں نے ہر شخصیت سے ایک، دو، تین یا اس سے زیادہ حدیثیں ضرور روایت کی ہیں کیونکہ کسی کی روایات زیادہ اور کسی کی کم ہیں، جن کی روایات کم ہیں، میں نے اس کی جامع حدیث روایت کی ہے اور جس نے رسول کریم ﷺ سے کوئی ایک حدیث بھی روایت نہیں کی لیکن اس کا نام ان صحابہ کرام کی فہرست میں ہے جنہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ مل کر کسی غزوہ میں شہادت پائی یا اس کی موت کو تقدم حاصل ہے، یعنی حضور ﷺ کے دور میں فوت ہوا، تو میں نے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میں نے کتب مغازی اور

علماء کی تاریخ کے حوالے سے جو کتب تھیں' ان سے استفادہ کیا ہے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ لوگ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرنے والے تمام حضرات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کے ذکر سے واقف وآگاہ ہوں۔ ان شاء اللہ وحدہٗ! میرا ارادہ ہے (اگر زندہ نے وفا کی) قبائل کی ترتیب کے مطابق' اللہ کی مدد اور اس کی عطا کردہ قوت سے عنقریب ان کی مسانید مکمل طور پر روایت کروں گا۔

نِسْبَةُ اَبِی بَکْرِ الصِّدِّیقِ

وَاسْمُهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو بَکْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت' آپ کا نام ابوبکر بن عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: اَبُو بَکْرٍ الصِّدِّیقُ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اَبِی بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُمُّ الْخَیْرِ سَلْمَی بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ کَعْبِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِکٍ، وَاُمُّ اُمِّ الْخَیْرِ: دِلَافُ وَهِیَ اُمَیْمَةُ بِنْتُ عُبَیْدِ بْنِ نَاقِدِ الْخُزَاعِیِّ، وَجَدَّةُ اَبِی بَکْرٍ: اُمُّ اَبِی قُحَافَةَ اَمِینَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّی بْنِ حُرْثَانَ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُوَیْجِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ کَعْبٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نام عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے' آپ بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا نام اُم الخیر سلمٰی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے۔

آپ کی نانی کا نام دلاف اُمیمہ بنت عبید بن ناقد الخزاعی' حضرت ابوبکر کی دادی کا نام اُم ابوقحافہ امینہ بنت عبدالعزیٰ بن حرثان بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب۔

2 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الْمَدِینِیُّ بَغْدَادِیٌّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَیْدٍ، عَنِ الْهَیْثَمِ بْنِ عَدِیٍّ،

حضرت ہیثم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام اُم الخیر بنت

1- تنظر ترجمته فی الاصابة جلد7صفحه44' والاستیعاب جلد3صفحه963 .

قَالَ: اُمُّ اَبِی بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یُقَالُ لَهَا: اُمُّ الْخَیْرِ بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، وَهَلَكَ اَبُو بَکْرٍ فَوَرِثَهُ اَبَوَاهُ جَمِیعًا، وَکَانَا قَدْ اَسْلَمَا، وَمَاتَتْ اُمُّ اَبِی بَکْرٍ قَبْلَ اَبِیهِ

صخر بن عامر ہے۔ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کے ماں باپ دونوں آپ کے وارث بنے' دونوں مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا وصال آپ کے والد سے پہلے ہوا تھا۔

3 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَکْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِیبٍ الْمَدَنِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ یَحْیَی بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ خَازِمِ بْنِ الْحُسَیْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَکْرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اَسْلَمَتْ اُمُّ اَبِی بَکْرٍ، وَاُمُّ عُثْمَانَ، وَاُمُّ طَلْحَةَ، وَاُمُّ الزُّبَیْرِ، وَاُمُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَاُمُّ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَیُقَالُ: عَتِیقُ بْنُ عُثْمَانَ، وَاِنَّمَا سُمِّیَ عَتِیقًا لِحُسْنِ وَجْهِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان' حضرت طلحہ' حضرت زبیر' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کی والدہ اسلام لا چکی تھیں' آپ کا نام عتیق بن عثمان تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ کا چہرہ بہت زیادہ خوبصورت تھا۔

4 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّی الدِّمَشْقِیُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِیعَةَ، عَنِ اللَّیْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: اِنَّمَا سُمِّیَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَتِیقًا لِجَمَالِ وَجْهِهِ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عتیق چہرے کے خوبصورت ہونے کی وجہ سے تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

5 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِیٍّ یَقُولُ: کَانَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، وَاِنَّمَا سُمِّیَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر گوشت کم تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ نے اپنے چہرے کو

نسبة ابی بکر الصدیق

3- أخرجه الحاكم فی المستدرك جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5584' عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس بلفظ: أسلمت أم أبی بكر الصديق وأم عثمان وأم طلحة وأم عمار بن ياسر وأم عبد الرحمٰن بن عوف وأم الزبير وأسلم سعد وأمه فی الحياة .

4- أخرجه ابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد 1 صفحه 69' عن الليث بن سعد به .

عَتِيقًا لِعَتَاقَةِ وَجْهِهِ، وَكَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ، وَقَدْ رُوِيَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

(جہنم سے) آزاد کرلیا تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ حضور ﷺ نے آپ کا نام عتیق اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

6 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ اَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ اسْمِ اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: عَبْدُ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ: عَتِيقٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ كَانَ لَهُ ثَلَاثَةٌ فَسَمَّى وَاحِدًا عَتِيقًا، وَمُعَتِّقًا، وَمُعْتَقًا

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا نام عبداللہ ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ تو آپ کو عتیق کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت ابوقحافہ نے آپ کے تین نام رکھے تھے: ایک نام عتیق' معتقا' معتقا۔

7 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ حضور ﷺ نے آپ کا نام اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

8 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

7- أخرجه نحوه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد 2 صفحه 350

9 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اَنْتَ عَتِيقٌ مِنَ النَّارِ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

حضرت اسحاق بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: حضرت ابوبکر' حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جہنم سے آزاد ہے! اس دن سے آپ کا نام عتیق رکھا گیا۔

10 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَاَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى هٰذَا . قَالَتْ: وَاسْمُهُ الَّذِي سَمَّاهُ اَهْلُهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: جس کا ارادہ اُس کو دیکھنے کا ہو جو جہنم سے آزاد ہو چکا ہے تو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ آپ کا نام گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا ہوا تھا۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: لَا نَعْلَمُ اَرْبَعَةً اَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْنَاؤُهُمْ، اِلَّا

حضرت موسیٰ بن عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں کوئی بھی ایسے چار افراد جنہوں نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا ہو وہ مسلمان ہوئے ہوں مگر وہ یہی درج ذیل چار ہیں: ابوقحافہ' ابوبکر' عبدالرحمٰن' ابوعتیق بن عبدالرحمٰن۔ ابوعتیق کا نام محمد ہے۔ (نوٹ: ابوبکر'

9- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد1صفحه71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد2صفحه350 .

10- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3صفحه64 رقم الحديث: 4404' وأبو يعلى الموصلي في مسنده جلد8 صفحه302 رقم الحديث: 4899 .

هَؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِی بَكْرٍ، وَاَبُو عَتِيقِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاسْمُ اَبِی عَتِيقٍ مُحَمَّدٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ کے والد گرامی ابوقحافہ' آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن اور پوتے ابوعتیق محمد ہیں' یہ صحابیت کا شرف پانے والے ہیں لیکن ان کے علاوہ کوئی نہیں)

12 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ جَلَسَ مَعَ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِیِّ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِی اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ بَعْدِی اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحًى دَارَةٍ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيَمُوتُ شَهِيدًا . قِيلَ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِی سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکر صدیق وہ میرے بعد کم مدت رہیں گے' چکی چلانے والا عزت سے زندگی گزارے گا اور شہادت کی موت پائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہے۔ پھر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سے لوگ قمیص اُتارنے کی کوشش کریں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی اُتارے گا تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس طرح سوئی کے ناکے میں سے اونٹ داخل ہوجائے۔

13 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِیِّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلافت تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی' دو سال خلافت حضرت ابوبکر کی' دس سال حضرت عمر کی' بارہ سال

12- أخرجه الطبرانی فی الأوسط جلد8صفحه319 رقم الحديث: 8749 .

13- أخرجه بهذا اللفظ علی بن الجعد فی مسنده جلد1صفحه479 رقم الحديث: 3233' وابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد 1صفحه116 رقم الحديث: 113' وفی السنة أيضًا جلد2صفحه563 رقم الحديث: 1180' وعبد الله بن أحمد فی السنة جلد2صفحه591 رقم الحديث: 1402 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا قَالَ: اَمْسَكَ ثِنْتَيْنِ اَبُو بَكْرٍ، وَعَشْرًا عُمَرُ، وَاثْنَتَيْ عَشْرَةَ عُثْمَانُ، وَسِتًّا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عثمان کی' چھ سال حضرت علی رضی اللہ عنہم کی ہو گی۔

14 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى حَكِيمِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ اَنْزَلَ اسْمَ اَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيقُ

حضرت ابو یحییٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھا کر یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت ابوبکر کا نام صدیق' اللہ عزوجل نے آسمان سے نازل کیا ہے۔

15 - حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِي اُمُّ هَانِءٍ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِيَ بِهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى قُرَيْشٍ فَاُخْبِرَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ فَكَذَّبُوهُ، وَصَدَّقَهُ اَبُو بَكْرٍ فَسُمِّيَ يَوْمَئِذٍ الصِّدِّيقُ

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں نے قریش کی طرف جانے کا ارادہ کیا کہ ان کو بتاؤں' تو میں نے ان کو بتایا تو اُنہوں نے جھٹلایا' حضرت ابوبکر نے اس کی تصدیق کی' اس دن سے آپ کا نام صدیق رکھا گیا ہے۔

صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

16 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی اچھے چہرے' اچھے اخلاق اور حیاء والے تھے' آپ کو بتاؤں تو آپ نے جھٹلانا نہیں' اگر تم

15- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 83 رقم الحديث: 39' بهذا اللفظ مع اختلاف بسيط من طريق عكرمة عن أم هانيء بنت أبي طالب عنها .

بْنَ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَصْبَحُ قُرَيْشٍ وُجُوهًا، وَاَحْسَنُهَا اَخْلَاقًا، وَاَثْبَتُهَا حَيَاءً، اِنْ حَدَّثُوكَ لَمْ يَكْذِبُوكَ، وَاِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوكَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَاَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بتاؤ گے تو تمہیں جھٹلایا نہیں جائے گا' وہ تین افراد ابوبکر صدیق' ابوعبیدہ بن جراح' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء اور کتم اور مہندی کے ساتھ خضاب لگاتے تھے۔

18 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَرْدًا ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف حناء کے ساتھ رنگتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت منقول ہے۔

19 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف مہندی لگاتے تھے۔

18- أخرجه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 73 من طريق معمر عن قتادة وثابت عن أنس باسناده: أن عمر خضب بالحناء بحتا .

20 - ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّهَا رَأَتْ رَجُلًا مَارًّا، وَهِيَ فِي هَوْدَجِهَا فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَشْبَهَ بِأَبِي بَكْرٍ مِنْ هَذَا، فَقِيلَ لَهَا: صِفِي لَنَا أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَتْ: كَانَ رَجُلًا أَبْيَضَ نَحِيفًا خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ، أَحْنَا لَا تَسْتَمْسِكُ إِزْرَتُهُ، تَسْتَرْخِي عَنْ حَقْوَيْهِ، مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، غَائِرَ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِئَ الْجَبْهَةِ، عَارِيَ الْأَشَاجِعِ هَذِهِ صِفَتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں (ھودج) میں تھی' میں نے ایک آدمی کو گزرتے ہوئے دیکھا' میں نے اس آدمی کو حضرت ابوبکر کے مشابہ دیکھا' آپ سے عرض کی گئی: ہم کو حضرت ابوبکر کا حلیہ بتائیں! آپ نے فرمایا: آپ کا رنگ سفید تھا' رخسار اندر کو دبے ہوئے تھے' آپ کا پیٹ بڑا تھا جس کی وجہ سے آپ کا تہبند ٹھہرتا نہیں تھا کھسک جاتا تھا' چہرے پر گوشت کم تھا' پیشانی پسینے میں ڈوبی رہتی' نظریں جھکائے رکھتے' پیشانی اُبھری ہوئی تھی' انگلیوں کی جڑیں گوشت سے خالی تھیں۔

21 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعَمَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ وَهُوَ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْمَرَ اللِّحْيَةِ قَانِيَهَا

حضرت عمارہ بن غراب اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ تھے' آپ کی داڑھی مبارک سرخ تھی۔

22 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء مہندی لگاتے تھے۔

23 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي أَسَدٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، وَكَأَنَّ لِحْيَتَهُ لَهَبُ الْعُرْفَجِ، عَلَى نَاقَةٍ لَهُ أَدْمَاءَ أَبْيَضَ خَفِيفًا

بنی اسد کے ایک آدمی سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ غزوۂ ذات السلاسل میں آپ کی داڑھی مبارک اچھی حالت والی تھی' آپ ادم اونٹنی پر سوار تھے' آپ کا رنگ ہلکا سفید تھا۔

24 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَرَأَيْتُ أَسْمَاءَ قَائِمَةً عَلَى رَأْسِهِ بَيْضَاءَ، وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَبْيَضَ نَحِيفًا فَحَمَلَنِي وَأَبِي عَلَى فَرَسَيْنِ، ثُمَّ عُرِضْنَا عَلَيْهِ، وَأَجَازَنَا

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کو دیکھا' وہ آپ کے سر کے پاس کھڑی تھیں' ان کا رنگ سفید تھا' میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کا رنگ سفید تھا' کمزور سے تھے' مجھے اور میرے والد کو دو گھوڑوں پر سوار کروایا' پھر ہم آپ کے پاس آئے اور ہمیں آپ نے اجازت دی۔

سِنُّ أَبِي بَكْرٍ وَخُطْبَتُهُ، وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کے خطبہ اور آپ کی وفات کے متعلق

25 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ عَلَى رَأْسِ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال 63 سال کی عمر میں ہوا۔

26 - قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: وَتُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى رَأْسِ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال 63 سال کی عمر میں ہوا۔

27 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال 63 سال کی عمر میں ہوا۔

25- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1300 رقم الحديث: 3343 من طريق ابن شهاب عن عروة عن عائشة باسناده' وكذلك الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه66 رقم الحديث: 4409' وعبد الرزاق في مصنفه جلد3 صفحه600 رقم الحديث: 6791' والهيثمي في المجمع الزوائد جلد9صفحه60 .

اللّٰهُ عَنهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّیَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ

28 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهَا، قَالَتْ: تَذَاکَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ مِیلَادَهُمَا عِنْدِی، فَکَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَکْبَرَ مِنْ اَبِی بَکْرٍ، فَتُوُفِّیَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ، وَتُوُفِّیَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ لِسَنَتَیْنِ وَنِصْفٍ الَّتِی عَاشَ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر کی ولادت کا ذکر میرے پاس ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر سے بڑے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال اُس وقت ہوا جب آپ کی عمر 63 سال تھی' حضرت ابوبکر کا وصال اُس وقت ہوا جب اُن کی عمر 63 سال تھی' اڑھائی سال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد زندہ رہے۔

29 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَی، ثنا خَلَفُ بْنُ الْوَلِیدِ، ثنا اِسْرَائِیلُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَرِیرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ، قَالَ: کُنْتُ مَعَ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمْ، فَسَمِعْتُهُ یَقُولُ: قُبِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ سَنَةً، وَقُبِضَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ، وَقُبِضَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّینَ قَالَ اَبُو اِسْحَاقَ: وَقَالَ مُعَاوِیَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ: وَهَذِهِ لِی سَبْعٌ وَخَمْسُونَ، ثُمَّ عَاشَ نَحْوًا مِنْ عِشْرِینَ سَنَةً

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت امیر معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' میں نے اُنہیں فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال اُس وقت ہوا جب آپ کی عمر 63 سال تھی اور حضرت ابوبکر کا وصال اُس وقت ہوا جب ان کی عمر 63 سال تھی' حضرت عمر کا وصال اس وقت ہوا جب اُن کی عمر بھی 63 سال تھی۔ حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ نے فرمایا میری عمر 57 سال ہے' پھر اس کے بعد حضرت امیر معاویہ تقریباً 20 سال زندہ رہے۔

29- أخرج نحوه مسلم فی صحیحه جلد4صفحه1826 رقم الحدیث: 2352' وأبو بکر الشیبانی فی الآحاد والمثانی جلد 1صفحه114 رقم الحدیث: 111' والمزی فی تهذیب الکمال جلد14صفحه24 رقم الحدیث: 3039 کلهم من طریق عامر بن سعد عن جریر عن معاویة' وانظر تاریخ الطبری جلد2صفحه348 .

30 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَرِيرٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: مَاتَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہا کا جب وصال ہوا اُس وقت ان کی عمر 63 سال تھی۔

31 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قُبِضَ أَبُو بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا جب وصال ہوا اُس وقت اُن کی عمر 63 سال تھی۔

32 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال اُس وقت ہوا جب اُن کی عمر 63 سال تھی۔

33 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَوَلِيَ أَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ، وَدُفِنَ لَيْلًا، وَصَلَّى عَلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا اُس وقت اُن کی عمر 63 سال تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کی مدت دو سال تھی' آپ کا جنازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھایا تھا۔

34 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي نُجَيْحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِمَنْزِلَتِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال جب ہوا اُس وقت اُن کی عمر 63 سال تھی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کی عمر بھی اتنی ہی تھی۔

35 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِیُّ، ثنا یُوسُفُ بْنُ عَدِیٍّ الْکُوفِیُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنِ الْاَغَرِّ اَبِی مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا اَرَادَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنْ یَسْتَخْلِفَ عُمَرَ بَعَثَ اِلَیْهِ فَدَعَاهُ فَاَتَاهُ، فَقَالَ: اِنِّی اَدْعُوكَ اِلَی اَمْرٍ مُتْعِبٍ لِمَنْ وَلِیَهُ، فَاتَّقِ اللّٰهَ یَا عُمَرُ بِطَاعَتِهِ، وَاَطِعْهُ بِتَقْوَاهُ، فَاِنَّ الْمُتَّقِیَ آمِنٌ مَحْفُوظٌ، ثُمَّ اِنَّ الْاَمْرَ مَعْرُوضٌ لَا یَسْتَوْجِبُهُ، اِلَّا مَنْ عَمِلَ بِهِ فَمَنْ اَمَرَ بِالْحَقِّ وَعَمِلَ بِالْبَاطِلِ، وَاَمَرَ بِالْمَعْرُوفِ، وَعَمِلَ بِالْمُنْکَرِ یُوشِكُ اَنْ تَنْقَطِعَ اُمْنِیَّتُهُ، وَاَنْ یَحْبَطَ عَمَلُهُ، فَاِنْ اَنْتَ وُلِّیتَ عَلَیْهِمْ اَمْرَهُمْ، فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَجِفَّ یَدُكَ مِنْ دِمَائِهِمْ وَاَنْ تَضْمُرَ بَطْنُكَ مِنْ اَمْوَالِهِمْ، وَاَنْ یَجِفَّ لِسَانُكَ عَنْ اَعْرَاضِهِمْ فَافْعَلْ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت اغر ابو مالک فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنانے کا ارادہ کیا تو آپ کی طرف کسی کو بھیجا' آپ کو بلوایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو ایک مشکل کام کی طرف بلاتا ہوں جس کی ذمہ داری آپ کو سونپنی ہے' اے عمر! اللہ سے ڈرنا اس کی اطاعت میں' اس کے خوف سے اس کی اطاعت کرنا کیونکہ متقی حالتِ امن میں اور محفوظ ہوتا ہے۔ پھر آپ کو یہ حکم پیش کیا جائے گا' ضروری ہے کہ آپ قبول کریں' جس نے اس پر عمل کیا' جس نے حق کا حکم دیا اور باطل پر عمل کیا اور نیکی کا حکم دیا' بُرائی کے ساتھ عمل کیا' قریب ہے کہ اس کی اُمید ختم ہو جائے اور اس کا عمل ضائع ہو جائے' اگر آپ کو ان پر ان کے کام کا والی بنایا گیا ہے' اگر تُو طاقت رکھتا ہے تو اپنے ہاتھ کو خون بہانے سے روکنا' اپنے پیٹ کو ان کے اموال کھانے سے پرہیز کرانا' اپنی زبان کو ان کی عزتوں سے روکے رکھنا (ایسا کرنے کی طاقت رکھتا ہے تو) تو کر' نیکی کرنے کی طاقت اور گناہ سے بچنے کی توفیق اللہ ہی دینے والا ہے۔

36 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَی الْفَرْوِیُّ، ثنا مُوسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَمَّا احْتُضِرَ اَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: یَا

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکر کے وصال کا وقت آیا تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! وہ برتن دیکھو جس میں ہم دودھ پیتے تھے' وہ برتن دیکھو جس میں ہم آٹا گوندھتے تھے اور وہ دھاگہ جس سے کپڑے سیتے تھے' جب تک ہم مسلمانوں کے

عَائِشَةُ انْظُرِي اللِّقْحَةَ الَّتِي كُنَّا نَشْرَبُ مِنْ لَبَنِهَا، وَالْجِفْنَةَ الَّتِي كُنَّا نَصْطَبِحُ فِيهَا، وَالْقَطِيفَةَ الَّتِي كُنَّا نَلْبَسُهَا، فَإِنَّا كُنَّا نَنْتَفِعُ بِذَلِكَ حِينَ كُنَّا فِي أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ، فَإِذَا مِتُّ فَارْدُدِيهِ إِلَى عُمَرَ، فَلَمَّا مَاتَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَرْسَلْتُ بِهِ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: رَضِيَ اللَّهُ عَنْكَ يَا أَبَا بَكْرٍ لَقَدْ أَتْعَبْتَ مَنْ جَاءَ بَعْدَكَ

امیر رہے ہم اس سے فائدہ اُٹھاتے رہے' جب میں مر جاؤں تو یہ عمر کو دے دینا' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو میں نے حضرت عمر کو یہ سامان بھیج دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوبکر! جو بھی آپ کے بعد آئے گا' آپ نے اس کو مشکل میں ڈال دیا۔

37 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ نَمِحَةَ، قَالَ: كَانَ فِي خُطْبَةِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَمَا تَعْلَمُونَ أَنَّكُمْ تَغْدُونَ وَتَرُوحُونَ لِأَجَلٍ مَعْلُومٍ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَنْقَضِيَ الْأَجَلُ وَهُوَ فِي عَمَلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَلْيَفْعَلْ، وَلَنْ تَنَالُوا ذَلِكَ إِلَّا بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، إِنَّ قَوْمًا جَعَلُوا آجَالَهُمْ لِغَيْرِهِمْ فَنَهَاكُمُ اللَّهُ أَنْ تَكُونُوا أَمْثَالَهُمْ: (وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنْسَاهُمْ) (الحشر: **19**) أَيْنَ مَنْ تَعْرِفُونَ مِنْ إِخْوَانِكُمْ؟ قَدَّمُوا مَا قَدَّمُوا فِي أَيَّامِ سَلَفِهِمْ، وَحَلُّوا فِيهِ بِالشِّقْوَةِ، وَالسَّعَادَةِ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ الْأَوَّلُونَ الَّذِينَ بَنَوُا الْمَدَائِنَ وَحَفَفُوهَا بِالْحَوَائِطِ، قَدْ صَارُوا تَحْتَ الصَّخْرِ وَالْآبَارِ، هَذَا كِتَابُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا تَفْنَى عَجَائِبُهُ فَاسْتَوْصُوا بِهِ، مِنْهُ لِيَوْمِ ظُلْمَةٍ وَائْتَضِحُوا بِسَائِهِ وَبَيَانِهِ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَثْنَى عَلَى زَكَرِيَّا، وَأَهْلِ بَيْتِهِ فَقَالَ: (كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ، وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا

حضرت نعیم بن نحہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ میں فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ تم صبح وشام ایک مقررہ مدت تک کرو گے' جو طاقت رکھتا ہو اللہ کی رضا کے لیے عمل کرتے ہوئے اس کو موت آئے' وہ کرے' یہ توفیق اللہ کی طرف سے ہے' کچھ لوگوں نے اپنی اُمیدیں اللہ کے علاوہ کے لیے بنائیں' اللہ عزوجل نے ان جیسا ہونے سے منع کیا۔ فرمایا: ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے اللہ کو بھلایا' اللہ نے ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دیا' کہاں ہیں وہ لوگ جن کو جانتے تھے؟ انہوں نے جو آگے بھیجا تھا' انہوں نے بدبختی اور نیک بختی اپنے لیے جائز کر دی۔ کہاں ہیں تکبر کرنے والے جو بڑے شہروں میں رہتے تھے' جن کے باغات تھے؟ باغ' پتھر اور دریا ہو گئے' یہ اللہ کے علاوہ اس کے عجائبات کبھی ختم نہیں ہوں گے' اس کے ذریعے نصیحت حاصل کرو' اندھیرے والے دن کے لیے' زبان و دل سے اللہ کی تعریف کرو' کیونکہ اللہ عزوجل نے حضرت زکریا علیہ السلام کی تعریف کی اور ان کے

وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ) (الانبياء : 90) لَا خَيْرَ فِي قَوْلٍ لَا يُرَادَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ، وَلَا خَيْرَ فِي مَالٍ لَا يُنْفَقُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ يَغْلِبُ جَهْلُهُ حِلْمَهُ، وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ يَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ

گھر والوں کی' وہ نیکی میں جلدی کرتے تھے' وہ خوشی وغمی میں ہم کو یاد کرتے تھے اور ہم سے ڈرتے تھے' اس قول میں کوئی بھلائی نہیں ہے جو اللہ کی رضا کے لیے نہ ہو' اس مال میں کوئی بھلائی نہیں ہے جو اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے اور اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں جہالت' بردباری پر غالب ہو' اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے ڈرا جائے۔

38 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، لَيْلَةَ الثُّلَاثَاءِ، وَدُفِنَ لَيْلًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا بدھ کے دن آپ کو رات کو دفن کیا گیا۔

39 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عِمْرَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي يَقُولُ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَبِهِ طَرَفٌ مِنَ السُّلِ، وَوَلِيَ سَنَتَيْنِ وَنِصْفًا

حضرت ہیثم بن عمان فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال 63 سال کی عمر میں ہوا' آپ اڑھائی سال خلافت پر متمکن رہے۔

40 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: اسْتُخْلِفَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي الْيَوْمِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي جُمَادَى الْآخِرَةِ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَسِنُّهُ يَوْمَ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا' حضرت ابوبکر کا وصال 13 جمادی الاخریٰ کو' جس دن آپ کا وصال ہوا اس دن آپ کی عمر وہی تھی جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے

38- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 66' وأبو بكر البيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد 3 صفحه 397 كلاهما من طريق الزهري عن عروة عن عائشة .

تُوُفِّيَ كَمَا ذَكَرَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سِنَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

ذکر کی ہے' جتنی عمر حضور ﷺ کی تھی یعنی 63 سال' اُتنی عمر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تھی۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ حدیثیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

41 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي عُلْوَانُ بْنُ دَاوُدَ الْبَجَلِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَعُودُهُ فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَسَاَلْتُهُ كَيْفَ اَصْبَحْتَ، فَاسْتَوَى جَالِسًا، فَقُلْتُ: اَصْبَحْتَ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا، فَقَالَ: اَمَا اِنِّي عَلَى مَا تَرَى وَجِعٌ، وَجَعَلْتُمْ لِي شُغْلًا مَعَ وَجَعِي، جَعَلْتُ لَكُمْ عَهْدًا مِنْ بَعْدِي، وَاخْتَرْتُ لَكُمْ خَيْرَكُمْ فِي نَفْسِي فَكُلُّكُمْ وَجِدٌ بِذَلِكَ اَنْفُهُ رَجَاءَ اَنْ يَكُونَ الْاَمْرُ لَهُ، وَرَاَيْتُ الدُّنْيَا قَدْ اَقْبَلَتْ وَلَمَّا تُقْبِلْ وَهِيَ جَائِيَةٌ، وَتَنْجِدُونَ بُيُوتَكُمْ بِسُوَرِ الْحَرِيرِ، وَنَضَائِدِ الدِّيبَاجِ، وَتَاْلَمُونَ ضَجَائِعَ الصُّوفِ الْاَذْرِيِّ، كَاَنَّ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ان کی عیادت کرنے کے لیے' جس مرض میں آپ نے وصال پایا۔ میں نے آپ کو سلام کیا' میں نے پوچھا: آپ نے صبح کیسے کی ہے؟ آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے' میں نے عرض کی: آپ نے اللہ کے فضل سے اچھی صبح کی ہے۔ آپ نے فرمایا: آپ میری بیماری دیکھ رہے ہیں! جبکہ تم نے میری بیماری کے باوجود مجھے کام دے دیا ہے' میں نے اپنے بعد تمہارے لیے ایک عہد بنایا ہے اور میں نے اپنے خیال کے مطابق تم میں سے بہتر کو تمہارے لیے چنا ہے' اس وجہ سے کہ تم میں سے ہر کوئی اس کے لیے غصہ کرتا ہے' تم میں سے ہر کوئی اُمید رکھے گا کہ ولی الامر وہ بنے۔ میں نے دنیا کو دیکھا' وہ آئی' لیکن ابھی مکمل نہیں لیکن وہ آنے والی ہے' تم عنقریب

اَحَدُكُمْ عَلَى حَسَكِ السَّعْدَانِ، وَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَقْدَمَ اَحَدُكُمْ فَيُضْرَبَ عُنُقُهُ، فِي غَيْرِ حَدٍّ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَسِيحَ فِي غَمْرَةِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ: اَمَا اِنِّي لَا آسَى عَلَى شَيْءٍ، اِلَّا عَلَى ثَلَاثٍ فَعَلْتُهُنَّ، وَدِدْتُ اَنِّي لَمْ اَفْعَلْهُنَّ، وَثَلَاثٍ لَمْ اَفْعَلْهُنَّ وَدِدْتُ اَنِّي فَعَلْتُهُنَّ، وَثَلَاثٍ وَدِدْتُ اَنِّي سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُنَّ، فَاَمَّا الثَّلَاثُ اللَّاتِي وَدِدْتُ اَنِّي لَمْ اَفْعَلْهُنَّ: فَوَدِدْتُ اَنِّي لَمْ اَكُنْ كَشَفْتُ بَيْتَ فَاطِمَةَ وَتَرَكْتُهُ، وَاَنْ اُغْلِقَ عَلَيَّ الْحَرْبَ، وَوَدِدْتُ اَنِّي يَوْمَ سَقِيفَةَ بَنِي سَاعِدَةَ كُنْتُ قَذَفْتُ الْاَمْرَ فِي عُنُقِ اَحَدِ الرَّجُلَيْنِ: اَبِي عُبَيْدَةَ اَوْ عُمَرَ، فَكَانَ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، وَكُنْتُ وَزِيرًا، وَوَدِدْتُ اَنِّي حَيْثُ كُنْتُ وَجَّهْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ اِلَى اَهْلِ الرِّدَّةِ، اَقَمْتُ بِذِي الْقَصَّةِ فَاِنْ ظَفِرَ الْمُسْلِمُونَ ظَفِرُوا، وَاِلَّا كُنْتُ رِدْءًا اَوْ مَدَدًا، وَاَمَّا اللَّاتِي وَدِدْتُ اَنِّي فَعَلْتُهَا: فَوَدِدْتُ اَنِّي يَوْمَ اُتِيتُ بِالْاَشْعَثِ اَسِيرًا ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، فَاِنَّهُ يُخَيَّلُ اِلَيَّ اَنَّهُ يَكُونُ شَرَّ الْاِطَارِ اِلَيْهِ، وَوَدِدْتُ اَنِّي يَوْمَ اُتِيتُ بِالْفَجَاةِ السُّلَمِيِّ لَمْ اَكُنْ اَحْرِقُهُ، وَقَتَلْتُهُ سَرِيحًا، اَوْ اَطْلَقْتُهُ نَجِيحًا، وَوَدِدْتُ اَنِّي حَيْثُ وَجَّهْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ اِلَى الشَّامِ وَجَّهْتُ عُمَرَ اِلَى الْعِرَاقِ فَاَكُونُ قَدْ بَسَطْتُ يَدَيَّ يَمِينِي وَشِمَالِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَاَمَّا الثَّلَاثُ اللَّاتِي وَدِدْتُ اَنِّي سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَنْهُنَّ، فَوَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ سَاَلْتُهُ فِيمَنْ هَذَا الْاَمْرُ فَلَا يُنَازِعُهُ

اپنے گھروں کو ریشم کے پردوں کے ساتھ اور دیباج کے تکیوں کے ساتھ سجاؤ گے' نرم بستر رکھو گے' گویا کہ تم میں سے کوئی ایک بہت بے چین ہے' قسم بخدا! یہ کہ تم سے کوئی ایک آگے بڑھے اور بغیر حد کے اس کی گردن اُتار دی جائے' اس کے لیے یہ بہتر ہوگا اس سے کہ وہ دنیا کی ریل پیل میں قدم دھرے' مجھے کسی چیز پر افسوس نہیں ہے مگر تین کام جو میں نے کیے' مجھے پسند یہ تھا کہ وہ کام نہ کروں اور تین کام جو میں نہ کر سکا' میری خواہش تھی کہ میں انہیں ضرور کر گزروں اور تین وہ کام جن کے بارے میں رسول کریم ﷺ سے پوچھنا چاہتا تھا۔ پس وہ تین کام جو ذاتی طور پر نہیں کرنا چاہتا تھا' میری شدید خواہش تھی کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا گھر نہ کھلے' میں اسے چھوڑ دوں اور میں اپنے اوپر جنگ کا دروازہ بند کر دوں' میری خواہش تھی کہ ثقیفہ بنوساعدہ کے دن' ابوعبیدہ یا عمر بن خطاب میں سے کسی ایک کی گردن میں مسلمانوں کا معاملہ ڈال دوں اور وہ ان کا امیر ہو اور میری حیثیت ایک وزیر کی ہو اور میری خواہش تھی کہ حضرت خالد بن ولید کو جہاں میں مرتدوں کے خلاف لگایا' میں ذوقصہ کے ساتھ کھڑا کروں۔ پس اگر مسلمان کامیاب ہو جائیں تو کامیاب ہو جائیں' ورنہ میں معاون و مددگار بنوں۔ وہ چیزیں جو میں کرنا چاہتا تھا' میں چاہتا تھا کہ جس دن اشعث کو قید کر کے میرے پاس لایا گیا' اس دن گردن اُڑا دوں کیونکہ میرا خیال ہے کہ وہ بُرے لوگوں سے ہے۔ میں چاہتا تھا کہ جس دن فجاۃ

هُمْ، وَوَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ سَاَلْتُهُ هَلْ لِلْاَنْصَارِ فِي هَذَا الْاَمْرِ سَبَبٌ، وَوَدِدْتُ اَنِّي سَاَلْتُهُ عَنِ الْعَمَّةِ وَبِنْتِ الْاَخِ، فَاِنَّ فِي نَفْسِي مِنْهُمَا حَاجَةً

سلمی میرے پاس لایا گیا' میں اسے جلانے کی بجائے اسے کھلے بندوں قتل کر دوں یا آزاد کر دوں۔ میں چاہتا تھا کہ جہاں میں نے خالد بن ولید کو شام کی طرف بھیجا تھا' حضرت عمر کو عراق کی طرف بھیجوں' پس میرا حال یہ ہو کہ میرا دایاں اور بایاں دونوں ہاتھ اللہ کی راہ میں پھیلے ہوئے ہوں اور وہ تین کام جو میں رسول کریم ﷺ سے پوچھنا ناپسند کرتا تھا' مجھے پسند تھا کہ میں آپ ﷺ سے پوچھوں' اس معاملے میں کون ہوتا کہ اس کی اہلیت رکھنے والے جھگڑا نہ کریں' مجھے پسند تھا کہ میں آپ ﷺ سے سوال کروں کہ اس امر میں انصار کے لیے کیا سبب ہے' مجھے پسند تھا کہ میں چچی اور بھائی کی بہن کے بارے میں آپ ﷺ سے پوچھوں (کہ ان سے نکاح کا کیا حکم ہے) کیونکہ دونوں سے مجھے ذاتی ضرورت تھی۔

42 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو عُثْمَانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّوَاسِبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اخْتَصَمَ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فِي مِيرَاثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِاُحَوِّلَهُ عَنْ مَوْضِعِهِ الَّذِي وَضَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما دونوں رسول اللہ ﷺ کی وراثت کا مسئلہ لے کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس جگہ سے نہیں بدل سکتا جس جگہ رسول اللہ ﷺ نے رکھا۔

43 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ،

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ

ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ سَعِيدٍ الْمَسَاحِقِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَتَبَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِي الْاَنْصَارِ: اقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص کی طرف خط لکھا کہ حضور ﷺ نے انصار کے متعلق فرمایا: ان کی نیکیاں قبول کرو اور ان کی بُرائیوں سے درگزر کرو۔

44 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ سَعِيدٍ الْمَسَاحِقِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّجَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَتَبَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَ فِي اَمْرِ الْحَرْبِ فَعَلَيْكَ بِهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص کی طرف خط لکھا کہ حضور ﷺ جنگ کے معاملہ میں مشورہ لیتے تھے، آپ بھی مشورہ لیں۔

45 - حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبُو الْيَمَانِ، ثنا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَعْمَلُ عَلَى اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ اَمْ عَلَى اَمْرٍ مُؤْتَنَفٍ؟ قَالَ: بَلْ عَلَى اَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، قُلْتُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ایسا کام کریں جو تقدیر میں لکھا جا چکا ہے، یا نیا کام کریں؟ آپ نے فرمایا: کرو جو لکھا گیا ہے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس میں کیا عمل کرنا ہے جو لکھا جا چکا ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کے لیے وہ انسان پیدا کیا گیا ہے، وہ کام اس کے لیے آسان کر دیے جائیں گے۔

نِسْبَةُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا نسب

46 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ لِاَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ: مِنْ اَوَّلِ مَنْ كَتَبَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَقَالَ: اَخْبَرَتْنِي الشِّفَاءُ بِنْتُ عَبْدِ اللّٰهِ - وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ - اَنَّ لَبِيدَ بْنَ رَبِيعَةَ، وَعَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ قَدِمَا الْمَدِينَةَ، وَاَتَيَا الْمَسْجِدَ فَوَجَدَا عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ فَقَالَا: يَا ابْنَ الْعَاصِ، اسْتَاْذِنْ لَنَا عَلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ. فَقَالَ: اَنْتُمَا وَاللّٰهِ اَصَبْتُمَا اسْمَهُ، هُوَ الْاَمِيرُ، وَنَحْنُ الْمُؤْمِنُونَ، فَدَخَلَ عَمْرٌو عَلَى عُمَرَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: اَنْتَ الْاَمِيرُ، وَنَحْنُ الْمُؤْمِنُونَ، فَجَرَى الْكِتَابُ مِنْ يَوْمِئِذٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ابوبکر بن سلیمان بن حثمہ کے لیے کہا: سب سے پہلے کس نے لکھا: ''من عبد اللّٰه امیر المؤمنین؟'' اُنہوں نے جواب دیا: شفاء بنت عبداللہ جو اوّلین مہاجرات میں سے ہیں' نے مجھے بتایا کہ لبید بن ربیعہ اور عدی بن حاتم دونوں مدینہ آئے' دونوں مسجد میں آئے' وہاں دونوں نے حضرت عمرو بن عاص کو پایا' دونوں نے کہا: اے ابن عاص! حضرت امیرالمؤمنین سے ہمارے لیے اجازت مانگیں! حضرت عمرو نے فرمایا: تم نے ان کا نام درست رکھا ہے' وہ امیر اور ہم ایمان والے ہیں۔ حضرت عمرو' حضرت عمر کے پاس آئے' عرض کی: اے امیرالمؤمنین! آپ پر سلامتی ہو! حضرت عمر نے ان کو فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: آپ امیر ہیں اور ہم ایمان والے ہیں' اس دن سے خط میں یہ لکھتے ہیں۔

47 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بْنِ نُفَيْلِ بْنِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ (حضرت عمر کا نسب اس طرح ہے:) عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن

46- أخرج نحوه البخاری فی الأدب المفرد فی باب التسليم على الأمير جلد 1 صفحه 353 رقم الحديث: 1023' وأخرج نحوه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 87 رقم الحديث: 4480' وذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 61 .

عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطِ بْنِ رَزَاحِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ يُكَنّٰى اَبَا حَفْصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاُمُّهُ حَنْتَمَةُ بِنْتُ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ، وَاُمُّ حَنْتَمَةَ: الشِّفَاءُ بِنْتُ عَبْدِ قَيْسِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَهْمِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هُصَيْصِ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ وَحَدَّثَنَا بِهِ اَبُو اُسَامَةَ الْحَلَبِيُّ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِي مَنِيعٍ الرُّصَافِيُّ، ثنا جَدِّي، عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ

عدی بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک' آپ کی کنیت ابوحفص ہے' آپ کی والدہ حنتمہ بنت ہشام بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے' آپ کی نانی کا نام شفاء بنت عبدقیس بن عدی بن سعید بن سہم بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوی ہے۔

صِفَةُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا حلیہ

48 - اَخْبَرَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: كُنْتُ اَنْشُدُهُ - يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَلَا اَعْرِفُ اَصْحَابَهُ، حَتّٰى جَاءَ رَجُلٌ بَعِيدٌ مَا بَيْنَ الْمَنَاكِبِ اَصْلَعُ فَقِيلَ لِي: اسْكُتِ اسْكُتْ . فَقُلْتُ: وَاثُكْلَاهُ، مِنْ هٰذَا الَّذِي اَسْكُتُ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقِيلَ لِي: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اشعار پڑھ رہا تھا' میں آپ کے صحابہ کو نہیں جانتا تھا' دور سے ایک آدمی آتا ہوا دکھائی دیا' اس کے دونوں کندھوں کے درمیان فاصلہ تھا' اور سر کے اگلے بال نہ تھے' مجھے کہا گیا: خاموش ہو جاؤ! خاموش ہو جاؤ! میں نے کہا: تیری ماں روئے! کس وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مجھے خاموش کروایا جا رہا ہے۔ مجھے کہا گیا: عمر بن خطاب کی وجہ سے۔

49 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: خَرَجَ اَهْلُ الْمَدِينَةِ فِي مَشْهَدٍ لَهُمْ، فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ اَصْلَعَ، اَعْسَرَ اَيْسَرَ،

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ والے ایک جگہ جمع تھے' میں نے ایک آدمی دیکھا' اس کے سر کے اگلے بال نہیں تھے' دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا آدمی تھا' لوگوں سے ایک ہاتھ اونچا

قَدْ اَشْرَفَ فَوْقَ النَّاسِ بِذِرَاعٍ عَلَيْهِ اِزَارٌ غَلِيظٌ وَبُرْدٌ قَطَرِيٌّ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ هَاجِرُوا، وَلَا تَهْجُرُوا، وَلَا يَحْذِفَنَّ اَحَدُكُمُ الْاَرْنَبَ بِعَصَاهُ اَوْ بِحَجَرٍ فَيَاْكُلَهَا، وَلْيُذْكِ لَكُمُ الْاَسَلُ وَالرِّمَاحُ وَالنَّبْلُ فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

معلوم ہوتا تھا' اس پر موٹی چادر تھی اور قطری چادر۔ وہ کہہ رہا تھا: اے لوگو! سفر کرو! لیکن بائیکاٹ نہ کرو اور تم میں سے کوئی بھی خرگوش کا شکار پتھر یا کنکری سے نہ کرے بلکہ وہ نوک دار پتھر اور نیزے اور تیر سے شکار کرے۔ میں نے کہا: یہ کون آدمی ہے؟ لوگوں نے کہا: عمر بن خطاب ہیں۔

50 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَصْلَعَ شَدِيدَ الصَّلَعِ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سر کے اگلے حصے والے بال نہیں تھے۔

51 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، وَعَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَكِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَسًا فَرَكَضَهُ، فَانْكَشَفَتْ فَخِذُهُ فَرَاَى اَهْلُ نَجْرَانَ عَلَى فَخِذِهِ شَامَةً سَوْدَاءَ، فَقَالُوا: هَذَا الَّذِي نَجِدُ فِي كِتَابِنَا اَنَّهُ يُخْرِجُنَا مِنْ اَرْضِنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہوئے' آپ نے ٹھوکر ماری تو آپ کی ران ننگی ہوئی' تو نجران کے لوگوں نے آپ کی ران پر سیاہ نکتہ دیکھا' انہوں نے یہ کہا: یہ وہی آدمی ہے جس کا ذکر ہم اپنی کتاب میں پاتے ہیں اور یہ ہمیں ہمارے ملک سے نکال دے گا (اس کا ذکر بھی پاتے ہیں)۔

52 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، قَالَ: رَاَيْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَافِرَ الشَّارِبِ، فَسَاَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ اِذَا غَضِبَ فَتَلَ شَارِبَهُ، وَنَفَخَ

حضرت اسحاق بن عیسیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ اُنہوں نے لمبی مونچھیں رکھی ہوئی ہیں' میں نے آپ سے اس کے متعلق پوچھا' فرمایا: مجھے حضرت زید بن اسلم' حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے بتایا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب غصہ میں ہوتے تو اپنی

مونچھوں کو مروڑتے اور پھونک مارتے تھے۔

53 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَاْخُذُ بِاُذُنِهِ- يَعْنِي بِاُذُنِ نَفْسِهِ- ثُمَّ يَثِبُ عَلَى الْفَرَسِ

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب اپنا کان پکڑتے' پھر اچھل کر گھوڑے پر سوار ہو جاتے۔

54 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ، اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَرَضَتْ عَلَيْهِ مَوْلَاةٌ لَهُ اَنْ يَصْبُغَ لِحْيَتَهُ، فَقَالَ: اَتُرِيدُ اَنْ تُطْفِيَ نُورِي، كَمَا اَطْفَاَ فُلَانٌ نُورَهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آپ کی لونڈی نے داڑھی رنگنے کے لیے رنگ پیش کیا' آپ نے فرمایا: کیا تُو چاہتی ہے کہ میرا نور بجھ جائے جس طرح فلاں نے بجھایا ہے۔

55 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، ثنا ثَابِتُ بْنُ عَجْلَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَامِرٍ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُولُ: رَاَيْتُ عُمَرَ لَا يُغَيِّرُ مِنْ لِحْيَتِهِ شَيْئًا

حضرت ابوعامر سلیم بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب کو دیکھا' آپ اپنی داڑھی (کی سفیدی کو) کسی شی سے تبدیل نہیں کرتے تھے۔

56 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ثَابِتُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ لَا يُغَيِّرُ شَيْبَتَهُ، فَقِيلَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَلَا تُغَيِّرُ، وَقَدْ كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُغَيِّرُ؟ قَالَ عُمَرُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ، كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کی سفیدی نہیں بدلتے تھے۔ آپ سے عرض کی گئی: اے امیرالمؤمنین! آپ سفیدی کیوں نہیں بدلتے ہیں حالانکہ حضرت ابوبکر بدلتے تھے؟ حضرت عمر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اسلام کی حالت میں بزرگی پائی' وہ قیامت کے دن اس کے لیے نور ہوگی' میں اپنی سفیدی کو نہیں بدلتا ہوں۔

الْقِيَامَةِ ، وَمَا اَنَا بِمُغَيِّرٍ شَيْبَتِي

57 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، انا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: كُنْتُ بِالْمَدِينَةِ فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ اَعْسَرُ اَيْسَرُ ضَخْمٌ، اِذْ اَشْرَفَ عَلَى النَّاسِ، كَاَنَّهُ عَلَى دَابَّةٍ، فَإِذَا هُوَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ میں تھا' وہاں ایک آدمی گندمی رنگ کا دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا' جسم موٹا' جب لوگوں کے سامنے کھڑا ہوتا تو ایسے محسوس ہوتا کہ وہ سواری پر سوار ہیں' وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

58 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، انا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، رَجُلًا ضَخْمًا، كَاَنَّهُ مِنْ رِجَالِ بَنِي سَدُوسٍ

حضرت عبداللہ بن ہلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ ایک موٹے آدمی تھے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ بنی سدوس کے آدمیوں میں سے ہیں۔

سِنُّ عُمَرَ وَوَفَاتُهُ، وَفِي سِنِّهِ اخْتِلَافٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات اور وفات میں جو اختلاف ہے' اس کے بیان میں

59 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا حَبِيبٌ كَاتِبُ مَالِكٍ، ثنا ابْنُ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: لِيَبْكِ الْإِسْلَامُ عَلَى مَوْتِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اسلام عمر کی وفات پر روئے گا۔

60 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَمِّي اَبُو بَكْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ اَبِي مَعْرُوفٍ الْمَوْصِلِيِّ، قَالَ: لَمَّا اُصِيبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ صَوْتًا:

حضرت معروف بن ابومعروف موصلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا' میں نے آواز سنی: اسلام پر روئے جس نے رونا ہے' میری موت قریب ہے اور زمانہ نہیں آیا' دنیا گئی خیر

لِيَبْكِ عَلَى الْإِسْلَامِ مَنْ كَانَ بَاكِيًا، فَقَدْ اوْشَكُوا هَلْكَى وَمَا قَدِمَ الْعَهْدُ، وَاَدْبَرَتِ الدُّنْيَا، وَاَدْبَرَ خَيْرُهَا، وَقَدْ مَلَّهَا مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِالْوَعْدِ

گئی' وہ تھک گیا جو وعدہ پر ایمان لایا۔

61 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ، اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: وَلِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَشْرَ سِنِينَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسند خلافت پر دس سال تک رہے' پھر آپ کا وصال ہو گیا۔

62 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الْحُوَيْرِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَاتَ وَهُوَ ابْنُ سِتٍّ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا جب وصال ہوا' اس وقت آپ کی عمر 66 سال تھی۔

63 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا هُشَيْمٌ، انا دَاوُدُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا اُس وقت آپ کی عمر 63 سال تھی۔

64 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَقُبِضَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَقُبِضَ عُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا اُس وقت آپ کی عمر 63 سال تھی' حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کی عمر 63 سال تھی' حضرت عمر کا وصال ہوا آپ کی عمر بھی 63 سال تھی۔

65 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُتِلَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ إِحْدَى وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا اُس وقت آپ کی عمر 61 سال تھی۔

66 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: مَاتَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَلَى رَأْسِ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 65 سال تھی۔

67 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا هُشَيْمٌ، انا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قُبِضَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عمر شہادت کے وقت 55 سال تھی۔

68 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: تُوُفِّيَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ

حضرت نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عمر شہادت کے وقت 55 سال تھی۔

69 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَاتَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ وَقَالَ: أَسْرَعَ إِلَيَّ الشَّيْبُ مِنْ قِبَلِ حَوَالِي بَنِي الْمُغِيرَةِ

حضرت نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عمر شہادت کے وقت 55 سال تھی۔

70 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الْحَارِثُ بْنُ يُوسُفَ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ بَنِي

حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بدھ کے دن دفن کیا گیا' ابھی ذی الحجہ کے چار دن باقی تھے۔

الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: دُفِنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ، لِأَرْبَعِ لَيَالٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ

71 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: اسْتُخْلِفَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، فِي رَجَبٍ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَقُتِلَ فِي عَقِبِ ذِي الْحِجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، فَأَقَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ بَعْدَ الطَّعْنَةِ، ثُمَّ مَاتَ فِي آخِرِ ذِي الْحِجَّةِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ صُهَيْبٌ، وَوَلِيَ غُسْلَهُ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَكَفَّنَهُ فِي خَمْسَةِ أَثْوَابٍ، وَدُفِنَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطُعِنَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ لِتِسْعٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: مَاتَ مِنْ يَوْمِهِ، وَكَانَ سِنُّهُ يَوْمَ تُوُفِّيَ فِيمَا سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ يَذْكُرُ أَنَّهُ بَلَغَ سِنَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَبَعْضُ النَّاسِ يَقُولُ: لِتِسْعٍ وَخَمْسِينَ وَبَعْضُهُمْ يَقُولُ: ثَلَاثٍ وَخَمْسِينَ وَخَمْسٍ وَخَمْسِينَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ، وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ عَشْرَ سِنِينَ وَأَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَأَيَّامًا

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر کو رجب 13 ہجری میں خلیفہ بنایا گیا' آپ کو ذی الحجہ 23 ہجری کے بعد شہید کیا گیا' زخمی ہونے کے بعد آپ تین دن زندہ رہے' پھر ذی الحجہ کے آخر میں وصال کیا' آپ کی نمازِ جنازہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے پڑھائی' ذی الحجہ کے نو دن باقی تھے' بدھ کے دن آپ کو زخمی کیا گیا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ کا وصال اسی دن ہوا' آپ کو آپ کے بیٹے ابن عمر نے غسل دیا' آپ کو پانچ کپڑوں میں کفن دیا گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دفن کیا گیا' بدھ کے دن آپ کو زخمی کیا گیا' ذی الحجہ کے نو دن باقی تھے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اسی دن آپ کا وصال ہوا' آپ کی عمر اس دن جس دن آپ کا وصال ہوا جو میں نے حضرت انس بن مالک سے ذکر کرتے ہوئے سنا کہ آپ کی عمر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر تک پہنچی تھی 63 سال کی۔ بعض لوگ کہتے ہیں: 59 سال تھی۔ بعض کہتے ہیں: 53 سال تھی۔ بعض کہتے ہیں: 55 سال تھی۔ بعض کہتے ہیں: 54 سال تھی' آپ کی خلافت کی مدت 10 سال چار ماہ کچھ دن تھی۔

72 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ،

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں: حضرت

عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قُتِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مَصْدَرَ الْحَاجِّ، وَذٰلِكَ فِي سَنَةِ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ

امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حج والے سال شہید کیا گیا' 23 ہجری میں۔

73 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: يُقَالُ: قُتِلَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ وَالثَّبْتُ اَنَّهُ كَانَ ابْنَ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 63 سال تھی' صحیح یہ ہے کہ 58 سال تھی۔

74 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: تُوُفِّيَ عُمَرُ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ عَشْرَ سِنِينَ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وصال 23 ہجری میں ہوا' آپ کی خلافت کی مدت 10 سال تھی۔

75 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، انا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ طُعِنَ فِي السَّحَرِ، طَعَنَهُ اَبُو لُؤْلُؤَةَ غُلَامُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، وَكَانَ مَجُوسِيًّا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سحری کے وقت زخمی کیا گیا' آپ کو زخمی مغیرہ بن شعبہ کے غلام ابولؤلؤ نے کیا' جو مجوسی تھا۔

76 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرِ بْنِ تَخْرِيَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ اَرْسَلُوا اِلَى طَبِيبٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَسَقَاهُ لَبَنًا، فَخَرَجَ اللَّبَنُ اَبْيَضَ مِنَ الطَّعْنَةِ الَّتِي تَحْتَ السُّرَّةِ، فَقَالَ لَهُ الطَّبِيبُ: اعْهَدْ عَهْدَكَ فَمَا اَرَاكَ تُمْسِي، قَالَ صَدَقَنِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو طبیب کو بلوایا گیا' انصار میں سے ایک آدمی آیا' اُس نے آپ کو دودھ پلایا' دودھ آپ کی ناف کے نیچے سے جس جگہ زخم تھا' نکل گیا۔ طبیب نے آپ سے عرض کی: میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آپ شام تک زندہ نہیں رہیں گے۔ آپ نے فرمایا: تُو نے سچ کہا۔

77 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَسَارٍ، قَالَ: شَهِدْتُ مَوْتَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَانْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَئِذٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یسار فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد موجود تھا' اس دوران سورج گرہن تھا۔

وَمَا اَسْنَدَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ حدیثیں جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

78 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَيَنَامُ أَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَيَتَوَضَّأُ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا ہم میں سے کوئی حالتِ جنابت میں سو سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں! نماز جیسا وضو کر کے۔

79 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَقُولُ: وَأَبِي، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری بات سنی' میں کہہ رہا تھا: میرے والد کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل تم کو منع کرتا ہے کہ تم اپنے ماں باپ کی قسم اُٹھاؤ۔

80 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعُمَيْرِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دین کے خلاف رائے کو اچھا نہ سمجھو' میرا خیال ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات چھوڑ رہا ہوں' اگر کوئی میری رائے ہے تو وہ حدیث

تَهِمُوا الرَّأْيَ عَلَى الدِّينِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي أَرُدُّ أَمْرَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَأْيِي اجْتِهَادًا، فَوَاللَّهِ مَا آلُو عَنِ الْحَقِّ وَذَلِكَ يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ، وَالْكِتَابُ بَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْلِ مَكَّةَ، فَقَالَ: اكْتُبُوا بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ. فَقَالُوا: تَرَانَا قَدْ صَدَّقْنَاكَ بِمَا تَقُولُ؟ وَلَكِنَّكَ تَكْتُبُ بِاسْمِكَ اللَّهُمَّ، فَرَضِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَيْتُ حَتَّى قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرَانِي أَرْضَى وَتَأْبَى أَنْتَ؟ قَالَ: فَرَضِيتُ

سے اجتہاد ہے' اللہ کی قسم! میں حق ماننے میں کمی نہیں کروں گا' یہ دن ابوجندل کا تھا' حضور ﷺ نے اہل مکہ کے لیے معاہدہ لکھا' آپ نے فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ انہوں نے کہا: کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ہم تصدیق کریں گے' جو آپ فرمائیں گے؟ لیکن آپ لکھیں: بِاسْمِكَ اللَّهُمَّ۔ رسول اللہ ﷺ راضی ہو گئے' لیکن میں نے انکار کیا' حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: تم مجھے راضی دیکھتے ہو' تم انکار کیوں کرتے ہو؟ میں نے عرض کی: میں بھی راضی ہوں۔

81 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي: مَنِ الرَّجُلُ الَّذِي خَلَّصَكَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ ضَرَبُوكَ؟ قَالَ: ذَاكَ الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ السَّهْمِيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد سے عرض کی: وہ کون آدمی ہے جس کو آپ نے مار کے دن مشرکوں سے بچایا تھا؟ آپ نے فرمایا: وہ عاص بن وائل سہمی ہے۔

82 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ خَرَجَ يَسْتَسْقِي، وَخَرَجَ بِالْعَبَّاسِ مَعَهُ يَسْتَسْقِي فَيَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنَّا كُنَّا إِذَا قَحَطْنَا عَلَى عَهْدِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَسَّلْنَا إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بارش کی دعا مانگنے کے لیے نکلے۔ حضرت عباس آپ کے ساتھ تھے بارش کی دعا مانگنے کے لیے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! ہم اپنے آقا ﷺ کے زمانہ میں جب قحط سالی دیکھتے تو ہم تجھے تیرے نبی کا وسیلہ دیتے' ہم (آج) اپنے آقا کے چچا کے وسیلہ سے دعا کرتے ہیں اور آپ ﷺ اپنے چچا سے خوش تھے۔

83 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهُوَ عَلَيْنَا اَمِيرٌ: مَنْ اُعْطِيَ بِدِرْهَمٍ مِائَةَ دِرْهَمٍ فَلْيَاْخُذْهَا. فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبًا، اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، لَا زِيَادَةَ فَمَا زَادَ فَهُوَ رِبًا قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاِنْ كُنْتَ فِی شَكٍّ فَاسْاَلْ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِیَّ عَنْ ذٰلِكَ. فَانْطَلَقَ فَسَاَلَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِیَّ فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَاَبُو سَعِيدٍ فَاسْتَغْفَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَقَالَ: هٰذَا رَاْیٌ رَاَيْتُهُ

حضرت عبداللہ بن دینار فرماتے ہیں کہ عراق کے ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: حضرت ابن عباس ہم پر امیر ہیں' جس کو سو درہم دیتے ہیں اس سے ایک درہم لیتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر فرما رہے تھے: سونا سونے کے بدلے سود ہے' ہاں برابر برابر جائز ہے' جو زیادتی کرے گا وہ سود ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر کسی کو شک ہے تو ابوسعید الخدری سے اس کے متعلق پوچھ لو۔ وہ آدمی گیا' حضرت ابوسعید سے پوچھا' اُنہوں نے وہی بتایا کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے' یہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی' جو ابن عمر نے اور ابوسعید نے کہا تھا۔ حضرت ابن عباس نے بخشش مانگی اور فرمایا: یہ میری رائے ہے جو میں نے دیکھی ہے۔

84 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: سَافَرْتُ مَعَ سَعْدٍ فَبَالَ وَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، ثُمَّ اَمَّ النَّاسَ فَعِبْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اَتَرْضَى بِاَبِيكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَاجْتَمَعْنَا عِنْدَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: اِنِّی بُلْتُ ثُمَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد کے ساتھ سفر کیا' حضرت سعد نے پیشاب کیا اور وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' پھر لوگوں کو امامت کروائی' میں نے آپ پر اعتراض کیا۔ حضرت سعد نے فرمایا: کیا آپ اپنے والد کی بات پر راضی ہوں گے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اُنہوں نے فرمایا: ہم امیرالمؤمنین کے پاس جمع ہوئے' حضرت سعد نے

83- أخرج نحوه مختصرًا مسلم فی صحيحه جلد 3 صفحه 1208 رقم الحديث: 1584 عن أبی سعيد به' وأخرج نحوه البخاری مختصرًا فی صحيحه جلد 2 صفحه 750 رقم الحديث: 2027' جلد 2 صفحه 761 رقم الحديث: 2065 عن عمر به

تَوَضَّأْتُ فَمَسَحْتُ عَلَى خُفِّي، ثُمَّ صَلَّيْتُ. فَقَالَ: أَحْسَنْتَ وَأَصَبْتَ السُّنَّةَ. قَالَ: إِنَّ ابْنَكَ عَبْدَ اللّٰهِ عَابَ ذٰلِكَ عَلَيَّ. فَقَالَ: يَا سَعْدُ أَنْتَ كُنْتَ أَكْبَرَ مِنْهُ وَأَعْلَمَ

عرض کی: میں نے پیشاب کیا' پھر میں نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا' پھر میں نے نماز پڑھائی۔ حضرت عمر نے فرمایا: آپ نے اچھا کیا اور سنت پر عمل کیا۔ حضرت سعد نے عرض کی: آپ کے لخت جگر مجھ پر اعتراض کر رہے تھے؟ آپ نے فرمایا: اے سعد! آپ اُس سے عمر میں بڑے ہیں اور زیادہ علم والے ہیں۔

85 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوَيْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَمَنُ الْقَيْنَةِ سُحْتٌ، وَغِنَاؤُهَا حَرَامٌ، وَالنَّظَرُ إِلَيْهَا حَرَامٌ، وَثَمَنُهَا مِثْلُ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَثَمَنُ الْكَلْبِ سُحْتٌ، وَمَنْ نَبَتَ لَحْمُهُ عَلَى السُّحْتِ، فَالنَّارُ أَوْلَى بِهِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زانیہ کی کمائی' اس کا گانا حرام ہے' اس کی طرف دیکھنا حرام ہے' اس کی کمائی کتے کی کمائی کی طرح' کتے کی کمائی حرام ہے' جس کا گوشت حرام کمائی سے بڑھا ہو وہ جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہے۔

86 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، انا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُزَوِّجَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ يَأْتِيهَا مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ، فَيَقُولُ لَهَا: يَا بُنَيَّةُ، إِنَّ فُلَانًا قَدْ خَطَبَكِ، فَإِنْ كَرِهْتِيهِ فَقُولِي لَا، فَإِنَّهُ لَا يَسْتَحِي أَحَدٌ أَنْ يَقُولَ لَا، وَإِنْ أَحْبَبْتِ فَإِنَّ سُكُوتَكِ إِقْرَارٌ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب اپنے (خاندان) کی کسی عورت کی شادی کرنے کا ارادہ کرتے تو اس کے پردے کے پیچھے جاتے' اس کو فرماتے: اے بچی! تمہاری شادی فلاں سے کرنی ہے' اگر تُو ناپسند کرتی ہے تو کہہ: لا (نہیں) کوئی بھی حیاء سے لا (نہیں) کہنے سے نہ شرمائے' اگر تُو پسند کرتی ہے تو تیرا خاموش رہنا اقرار ہوگا۔

87 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنِي الصَّعْبُ

حضرت صعب بن حکیم بن شریک بن نملہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ

بْنُ حَكِيمِ بْنِ شَرِيكِ بْنِ نَمْلَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: ضِفْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، لَيْلَةً فَاَطْعَمَنِي كُسُورًا مِنْ رَاْسِ بَعِيرٍ بَارِدٍ، وَاَطْعَمْنَا زَيْتًا، وَقَالَ: هٰذَا الزَّيْتُ الْمُبَارَكُ الَّذِي قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب کی دعوت کی' ایک رات اونٹ کا سر کھلایا اور زیتون۔ آپ نے فرمایا: یہ زیتون مبارک ہی ہے' جس کے متعلق اللہ عزوجل نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا۔

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا نسب

نسبة عثمان بن عفان رضی الله عنه

88 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَاهِينَ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرٍ يُكَنَّى اَبَا عَمْرٍو وَيُقَالُ: اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: اَرْوَى بِنْتُ كُرَيْزِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، وَاُمُّ اَرْوَى: اُمُّ حَكِيمٍ الْبَيْضَاءُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمَّةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اُمِّ حَكِيمٍ: فَاطِمَةُ بِنْتُ عَمْرِو بْنِ عَائِذِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ مَخْزُومٍ وَهِيَ جَدَّةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَبِيهِ

حضرت مصعب بن عبداللہ زبیری فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا نسب یہ ہے: عثمان بن عفان بن ابوالعاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر' کنیت ابوعمرو' آپ کی کنیت ابوعبداللہ' آپ کی والدہ اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس' حضرت اُم اروی کی والدہ اُم حکیم البیضاء بنت عبدالمطلب حضور ﷺ کی پھوپھی اور اُم حکیم کی والدہ فاطمہ بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم' باپ کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کی دادی ہیں۔

89 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ الْقَاضِي، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى الشَّجَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ خَازِمِ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی والدہ اروی بنت کریز مسلمان ہوگئی تھیں۔

عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَلَمَتْ اُمُّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَرْوَى بِنْتُ كُرَيْزٍ

صِفَةُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَسِنُّهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا حلیہ

90 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، قَالَ: رَاَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ، عَلَيْهِ اِزَارٌ عَدَنِيٌّ غَلِيظٌ، ثَمَنُهُ اَرْبَعَةُ دَرَاهِمَ اَوْ خَمْسَةٌ، وَرَيْطَةٌ كُوفِيَّةٌ مُمَشَّقَةٌ، ضَرْبُ اللَّحْمِ، طَوِيلُ اللِّحْيَةِ، حَسَنُ الْوَجْهِ

حضرت عبداللہ بن شداد بن ھاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان کو جمعہ کے دن منبر پر دیکھا' آپ نے عدن کی موٹی چادر پہنی ہوئی تھی' اس کی قیمت چار درہم یا پانچ درہم تھی اور پرانی کوفی ایک پاٹ کی چادر تھی آپ کا گوشت حرکت کرتا تھا' آپ کی داڑھی لمبی تھی' چہرہ خوبصورت تھا۔

91 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَتَوَكَّاُ عَلَى عَصًا، وَكَانَ اَجْمَلَ النَّاسِ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَصْفَرَانِ اِزَارٌ، وَرِدَاءٌ حَتَّى يَاْتِيَ الْمِنْبَرَ، فَيَجْلِسَ عَلَيْهِ

حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان جمعہ کے دن عصا پر ٹیک لگاتے تھے' آپ لوگوں میں سب سے زیادہ خوبصورت تھے' آپ پر دو زرد رنگ کی چادریں ہوتی تھیں' آپ منبر پر آئے اور بیٹھ گئے۔

92 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنِ الْجَرِيرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَزْمٍ الْمَازِنِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَمَا رَاَيْتُ قَطُّ ذَكَرًا، وَلَا اُنْثَى

حضرت عبداللہ بن حزم مازنی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو دیکھا' میں نے کبھی بھی آپ کو اپنے آلۂ تناسل کو ہاتھ لگاتے ہوئے نہیں دیکھا' آپ کا چہرہ بہت خوبصورت تھا۔

اَحْسَنَ وَجْهًا مِنْهُ

93 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا حُجْرُ بْنُ الْحَارِثِ الْغَسَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْفٍ الْقَارِيُّ، قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَبْيَضَ اللِّحْيَةِ

حضرت عبداللہ بن عوف القاری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ کی داڑھی سفید تھی۔

94 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَصْفَرَ اللِّحْيَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ کی داڑھی زرد رنگ کی تھی۔

95 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا مَوْلًى لِعُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بِصَحْفَةٍ فِيهَا لَحْمٌ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، وَرُقَيَّةُ جَالِسَةٌ، فَمَا رَأَيْتُ اثْنَيْنِ اَحْسَنَ مِنْهُمَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَجَعَلْتُ مَرَّةً اَنْظُرُ اِلَى رُقَيَّةَ، وَمَرَّةً اَنْظُرُ اِلَى عُثْمَانَ، فَلَمَّا رَجَعْتُ، قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدَخَلْتَ عَلَيْهِمَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: هَلْ رَأَيْتَ زَوْجًا اَحْسَنَ مِنْهُمَا، قُلْتُ: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ جَعَلْتُ اَنْظُرُ مَرَّةً اِلَى رُقَيَّةَ وَمَرَّةً اِلَى عُثْمَانَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهٰذَا كَانَ قَبْلَ نُزُولِ آيَةِ الْحِجَابِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے حضرت عثمان کی طرف بھیجا' ایک پیالہ گوشت کا دے کر' میں آپ کے پاس آیا' حضرت رقیہ آپ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں' میں نے ان دونوں جیسا خوبصورت نہیں دیکھا' مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: کیا آپ ان دونوں کے پاس گئے تھے' میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تم نے دونوں جیسا خوبصورت دیکھا تھا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں! میں نے ایک مرتبہ حضرت رقیہ کو دیکھا اور ایک مرتبہ حضرت عثمان کو دیکھا۔ حضرت ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔

96 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان قرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی لخت جگر کے پاس آئے'

اللّٰهِ، وَلَدُ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ الْقُرَشِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى ابْنَتِهِ وَهِيَ تَغْسِلُ رَأْسَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ: اَحْسِنِي اِلَى اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ اَشْبَهُ اَصْحَابِي بِي خُلُقًا

وہ حضرت عثمان کا سر دھو رہی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بیٹی! ابوعبداللہ سے اچھا سلوک کرو کیونکہ یہ میرے صحابہ میں میرے اخلاق کے زیادہ مشابہ ہے۔

97 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ الرَّازِيُّ، ثنا الْخَلِيلُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رُقَيَّةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، امْرَاَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفِي يَدِهَا مُشْطٌ، فَقَالَتْ: خَرَجَ مِنْ عِنْدِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آنِفًا رَجَّلْتُ رَأْسَهُ، فَقَالَ: كَيْفَ تَجِدِينَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قُلْتُ: بِخَيْرٍ، قَالَ: اَكْرِمِيهِ فَاِنَّهُ مِنْ اَشْبَهِ اَصْحَابِي بِي خُلُقًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ زوجہ حضرت عثمان کے پاس آیا' آپ کے ہاتھ میں کنگھی تھی' آپ نے فرمایا: ابھی رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے نکلے ہیں' میں اپنے سر کو کنگھی کر رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: ابوعبداللہ کو کیسا پاتی ہو؟ میں نے عرض کی: بہتر ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی عزت کرنا کیونکہ میرے صحابہ میں سے وہ میرے اخلاق کے زیادہ مشابہ ہے۔

سِنُّ عُثْمَانَ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات

98 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ: قُتِلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي اَوْسَطِ اَيَّامِ

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو ایامِ تشریق کے درمیان شہید کیا گیا۔

التَّشْرِيقِ

99 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ بَكَّارٍ، يَقُولُ: قُتِلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَهُوَ ابْنُ اثْنَيْنِ وَثَمَانِينَ سَنَةً، وَكَانَ يَوْمَئِذٍ صَائِمًا

حضرت زبیر بن بکار فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جمعہ کے دن 18 ذی الحجہ عصر کے بعد شہید کیا گیا' اس وقت آپ کی عمر 82 سال تھی' آپ اُس دن حالتِ روزہ میں تھے۔

100 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل فرماتے ہیں کہ 35 ہجری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا۔

101 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل فرماتے ہیں کہ 35 ہجری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا۔

102 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُتِلَ عُثْمَانُ وَهُوَ ابْنُ تِسْعِينَ أَوْ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 90 یا 88 سال تھی۔

103 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو 35 ہجری کے سال شہید کیا گیا۔

104 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ

حضرت مسور بن مخرمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت 12 سال تھی۔

بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: كَانَتْ خِلَافَةُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً

105 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: كَانَتِ الشُّورَى فَاجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، لِثَلَاثٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، ثُمَّ قُتِلَ عُثْمَانُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانٍ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، تَمَامَ سَنَةِ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ، وَسِنُّهُ ثَمَانٍ وَثَمَانُونَ سَنَةً، وَكَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ، وَكَانَتْ وِلَايَةُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ مجلس شوریٰ کے لوگ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس جمع تھے' تین دن ذی الحجہ کے باقی تھے' 23 ہجری' پھر حضرت عثمان کو شہید کیا گیا جمعہ کے دن 18 ذی الحجہ' 35 ہجری کا سال مکمل ہوا تھا' آپ اپنی داڑھی کو زرد رنگ لگاتے تھے۔ حضرت عثمان کی مدتِ خلافت 12 سال تھی۔

106 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو هِلَالٍ، ثنا قَتَادَةُ اَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ وَهُوَ ابْنُ تِسْعِينَ، اَوْ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اس وقت آپ کی عمر 90 یا 88 سال تھی۔

107 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ سَرْحٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ الْمَاجِشُونُ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكًا، يَقُولُ: قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَقَامَ مَطْرُوحًا عَلَى كُنَاسَةِ بَنِي فُلَانٍ ثَلَاثًا، فَاَتَاهُ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا، فِيهِمْ جَدِّي مَالِكُ بْنُ اَبِي عَامِرٍ، وَحُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَعَائِشَةُ بِنْتُ عُثْمَانَ مَعَهُمْ مِصْبَاحٌ فِي حِقٍّ فَحَمَلُوهُ عَلَى بَابٍ، وَاِنَّ رَاْسَهُ يَقُولُ عَلَى

حضرت مالک فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' آپ کو کناسہ بنی فلان کے پاس تین دن تک چھوڑے رکھا' آپ کے پاس بارہ آدمی آئے' ان میں میرے دادا مالک بن ابو عامر اور حویطب بن عبدالعزیٰ' حکیم بن حزام' عبداللہ بن زبیر' عائشہ بنت عثمان تھے۔ ان کے پاس چراغ تھا' آپ کو دروازے پر لایا' آپ کے سر سے آواز آ رہی تھی' دروازے سے ٹک ٹک کی آواز آ رہی تھی' آپ کو جنت البقیع میں لایا گیا' آپ کی نمازِ جنازہ پڑھانے میں اختلاف ہوا' آپ کا

الْبَابِ طَقْ طَقْ حَتَّى اَتَوْا بِهِ الْبَقِيعَ، فَاخْتَلَفُوا فِي الصَّلَاةِ عَلَيْهِ، فَصَلَّى عَلَيْهِ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ اَوْ حُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى - شَكَّ عَبْدُ الرَّحْمَنِ - ثُمَّ اَرَادُوا دَفْنَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي مَازِنٍ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ دَفَنْتُمُوهُ مَعَ الْمُسْلِمِينَ، لَاُخْبِرَنَّ النَّاسَ، فَحَمَلُوهُ حَتَّى اَتَوْا بِهِ اِلَى حَشِّ كَوْكَبٍ، فَلَمَّا دَلُّوهُ فِي قَبْرِهِ صَاحَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ عُثْمَانَ، فَقَالَ لَهَا ابْنُ الزُّبَيْرِ: اسْكُتِي فَوَاللّٰهِ لَئِنْ عُدْتِ لَاَضْرِبَنَّ الَّذِي فِيهِ عَيْنَاكِ، فَلَمَّا دَفَنُوهُ وَسَوَّوْا عَلَيْهِ التُّرَابَ قَالَ لَهَا ابْنُ الزُّبَيْرِ: صِيحِي مَا بَدَا لَكِ اَنْ تَصِيحِي، قَالَ مَالِكٌ وَكَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَبْلَ ذٰلِكَ يَمُرُّ بِحُشِّ كَوْكَبٍ فَيَقُولُ: لَيُدْفَنَنَّ هٰهُنَا رَجُلٌ صَالِحٌ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: الْحُشُّ: الْبُسْتَانُ

جنازہ حکیم بن حزام یا حویطب بن عبدالعزیٰ نے' عبدالرحمٰن کو شک ہے' پڑھایا پھر آپ کو دفن کرنے کا ارادہ کیا۔ بنی مازن سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اُس نے کہا: اللہ کی قسم! اگر ان کو مسلمانوں کے ساتھ دفن کرو گے تو میں لوگوں کو بتاؤں گا۔ آپ کا جنازہ اُٹھایا' اس کو باغ میں لایا گیا' جب قبر کے اندر رکھنے لگے تو حضرت عائشہ بنت عثمان رونے لگیں۔ حضرت ابن زبیر نے فرمایا: خاموش ہو جاؤ! اگر دوبارہ آپ روئیں تو میں آپ کی آنکھ پر ماروں گا۔ جب آپ کو دفن کیا گیا' مٹی برابر کی گئی تو حضرت ابن زبیر نے عائشہ بنت عثمان سے فرمایا: جتنا رونا ہے رولو! حضرت مالک فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان اس سے پہلے اس باغ کے پاس سے گزرے تھے' فرمایا تھا: یہاں نیک آدمی کو دفن کیا جائے گا۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: الحش سے مراد باغ ہے۔

108 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، انا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الرَّحَبِيُّ، ثنا سَهْمُ بْنُ حُبَيْشٍ - وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ قَتْلَ عُثْمَانَ - قَالَ: فَلَمَّا اَمْسَيْنَا قُلْتُ: لَئِنْ تَرَكْتُمْ صَاحِبَكُمْ حَتَّى يُصْبِحَ مَثَّلُوا بِهِ، فَانْطَلِقُوا بِهِ اِلَى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ فَاَمْكَنَّا لَهُ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ، ثُمَّ حَمَلْنَاهُ وَغَشِيَنَا سَوَادٌ مِنْ خَلْفِنَا، فَهِبْنَاهُمْ حَتَّى كِدْنَا اَنْ نَتَفَرَّقَ عَنْهُ، فَنَادَى مُنَادٍ: لَا رَوْعَ عَلَيْكُمْ، اثْبُتُوا، فَاِنَّا قَدْ جِئْنَا لِنَشْهَدَهُ مَعَكُمْ، وَكَانَ ابْنُ حُبَيْشٍ يَقُولُ: هُمْ وَاللّٰهِ الْمَلَائِكَةُ

حضرت سہم بن حبیش فرماتے ہیں کہ وہ ان میں سے ہیں جو حضرت عثمان کی شہادت کے وقت موجود تھے۔ جب ہم نے شام کی تو میں نے کہا: اگر تم نے صبح تک اپنے ساتھی کو چھوڑا تو ان کا مُثلہ کیا جائے گا۔ ان کو جنت البقیع میں لے جاؤ تو ہم نے رات کے اندھیرے میں اُٹھایا' ہمارے پیچھے سے ہو کر اندھیرے نے ڈھانپ لیا' ہم ڈرنے لگے قریب تھا کہ ہم علیحدہ علیحدہ ہو جاتے۔ ایک آواز دینے والے نے آواز دی: تم نہ ڈرو! ثابت قدم رہو! ہم تمہارے ساتھ شریک ہونے کے لیے آئے ہیں۔ حضرت ابن حبیش فرماتے ہیں کہ

109 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِیُّ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِیرٍ الْاَنْصَارِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ غُرَابٍ الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِیدٍ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: کُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَنْ یَمِینِهِ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ، وَعَنْ یَسَارِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَکْرٍ، اِذْ جَاءَ غُرَابُ بْنُ فُلَانٍ الصَّیْدَنِیُّ فَقَالَ: یَا اَمِیرَ الْمُؤْمِنِینَ، مَا تَقُولُ فِی عُثْمَانَ؟ فَبَدَرَهُ الرَّجُلَانِ، فَقَالَا: عَمَّ تَسْاَلُ؟ عَنْ رَجُلٍ کَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِیمَانِهِ وَنَافَقَ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ لَهُمَا: لَسْتُ اِیَّاکُمَا اَسْاَلُ، وَلَا اِلَیْکُمَا جِئْتُ، فَقَالَ لَهُ عَلِیٌّ: لَسْتُ اَقُولُ مَا قَالَا، فَقَالَا لَهُ جَمِیعًا: فَلِمَ قَتَلْنَاهُ اِذًا؟ قَالَ: وُلِّیَ عَلَیْکُمْ فَاَسَاءَ الْوِلَایَةَ فِی آخِرِ اَیَّامِهِ، وَجَزِعْتُمْ، فَاَسَاْتُمُ الْجَزَعَ، وَاللّٰهِ اِنِّی لَاَرْجُو اَنْ اَکُونَ اَنَا وَعُثْمَانُ کَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَنَزَعْنَا مَا فِی صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلَی سُرُرٍ مُتَقَابِلِینَ) (الحجر: **47**)

اللہ کی قسم! وہ فرشتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن سعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: ہم حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اس حال میں کہ آپ کے دائیں جانب حضرت عمار بن یاسر اور بائیں جانب حضرت محمد بن ابوبکر تھے' اچانک فلاں کا بیٹے غراب صیدنی نے آ کر کہا: اے امیر المؤمنین! آپ کا حضرت عثمان کے بارے کیا خیال ہے؟ دو آدمی جلدی سے اُٹھ کر اس کی طرف گئے اور اس سے سوال کیا: بول! تُو نے کس کے بارے سوال کیا ہے' جس نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا اور منافقت کی؟ اس آدمی نے بڑے اطمینان سے کہا: نہ میں نے تم سے سوال کیا ہے اور نہ میں تم دونوں کے پاس آیا ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے فرمایا: میں یہ بات نہیں کہہ سکتا جو ان دونوں نے کی ہے۔ ان دونوں نے یک زبان ہو کر کہا: پھر ہم نے ان کو قتل کیوں کیا ہے؟ فرمایا: ان کو تمہارا والی بنایا گیا' ان کے دور کے آخری دنوں میں حالات بگڑ گئے' تم نے جزع فزع کی' تمہارا رونا بے جا تھا' قسم بخدا! مجھے اُمید ہے (قیامت کے دن جنت میں) میں اور عثمان اسی طرح ہوں گے جس طرح اللہ نے فرمایا: ''اور اُن کے سینوں میں جو کچھ ہے (آپس کے دنیا کے) کینے ہوں گے (اُن کے جنت میں داخل ہونے سے پہلے) ہم وہ سب کھینچ لیں گے' آپس میں محبت کرنے والے بھائی بھائی ہو کر جنت کے تختوں پر ایک

دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے''۔

110 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ زَوْذِيٍّ، قَالَ: خَطَبَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ النَّاسَ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ: إِنَّهُ وَاللَّهِ لَئِنْ لَمْ يَدْخُلِ النَّارَ إِلَّا مَنْ قَتَلَ عُثْمَانَ، لَا أَدْخُلُهَا، وَلَئِنْ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ قَتَلَ عُثْمَانَ لَا أَدْخُلُهَا، قَالَ: فَلَمَّا نَزَلَ قِيلَ لَهُ: تَكَلَّمْتَ بِكَلِمَةٍ فَرَّقْتَ عَلَيْكَ بِهَا أَصْحَابَكَ، فَخَطَبَهُمْ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَتَلَ عُثْمَانَ وَأَنَا مَعَهُ. قَالَ حَمَّادٌ، وَحَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: كَلِمَةٌ قُرَشِيَّةٌ لَهَا وَجْهَانِ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: كَأَنَّهُ يَعْنِي أَنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَتَلَهُ وَأَنَا مَعَهُ مَقْتُولٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

حضرت عمیر بن زودی فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم ہے! اگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قاتل دوزخ میں داخل ہوا تو میں اس دوزخ میں داخل نہیں ہوں گا اور اگر حضرت عثمان کے قاتلین میں سے کوئی (خدانخواستہ) جنت میں داخل ہو گیا تو میں ایسی جنت میں داخل نہیں ہوں گا۔ راوی کا بیان ہے: جب آپ منبر سے اُترے تو آپ سے عرض کی گئی: آپ نے اپنے ساتھیوں کو اپنے کلام سے دو حصوں میں بانٹ دیا ہے' آپ نے پھر خطبہ دیا اور فرمایا: اے لوگو! خبردار! بے شک اللہ نے حضرت عثمان کو شہادت عطا فرمائی ہے اور میں بھی ان کے ساتھ (شہادت پانے والا) ہوں۔ حضرت حماد کا قول ہے: حبیب بن شہید نے ہم سے حدیث بیان کی ہے' اُنہوں نے محمد بن سیرین سے روایت کیا' فرماتے ہیں: یہ کلام قریشیوں والا ہے جس کی دو صورتیں (دو معنی) ہیں۔ حضرت ابوالقاسم کا قول ہے: یعنی گویا اللہ تعالیٰ نے انہیں شہادت تو میں بھی ان کے ساتھ شہید ہوں۔

111 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ زَوْذِيٍّ، قَالَ: خَطَبَهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَطَعُوا عَلَيْهِ خُطْبَتَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا وَهَنْتُ يَوْمَ قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَضَرَبَ لَهُمْ مَثَلًا، مَثَلَ ثَلَاثَةِ

حضرت عمیر بن زودی فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو خطبہ دیا' ان پر اپنے خطبے کی کاٹ پڑ گئی (یعنی لوگوں نے درمیان سے آپ کی بات کو کاٹ دیا) پس آپ نے فرمایا: حضرت عثمان کی شہادت کے دن میں کمزور پڑ گیا' لوگوں کو تین بیلوں اور

أَثْوَارٍ وَأَسَدٍ اجْتَمَعْنَ فِي أَجَمَةٍ أَسْوَدَ وَأَحْمَرَ وَأَبْيَضَ، وَكَانَ الْأَسَدُ إِذَا أَرَادَ وَاحِدًا مِنْهُنَّ اجْتَمَعْنَ عَلَيْهِ فَامْتَنَعْنَ عَلَيْهِ، فَقَالَ الْأَسَدُ لِلْأَسْوَدِ وَالْأَحْمَرِ: إِنَّمَا يَفْضَحُنَا فِي أَجَمَتِنَا، وَيُشْهِرُنَا هَذَا الْأَبْيَضُ، فَدَعَانِي حَتَّى آكُلَهُ، فَلَوْنُكُمَا عَلَى لَوْنِي، وَلَوْنِي عَلَى لَوْنِكُمَا، فَحَمَلَ عَلَيْهِ الْأَسَدُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ قَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْأَسْوَدِ: إِنَّمَا يَفْضَحُنَا وَيُشْهِرُنَا فِي أَجَمَتِنَا هَذَا الْأَحْمَرُ، فَدَعْنِي حَتَّى آكُلَهُ، فَلَوْنِي عَلَى لَوْنِكَ، وَلَوْنُكَ عَلَى لَوْنِي، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْأَسْوَدِ: إِنِّي آكُلُكَ قَالَ: دَعْنِي أُصَوِّتُ ثَلَاثَةَ أَصْوَاتٍ، فَقَالَ: أَلَا إِنَّمَا أُكِلْتُ يَوْمَ أُكِلَ الْأَبْيَضُ، أَلَا إِنَّمَا أُكِلْتُ يَوْمَ أُكِلَ الْأَبْيَضُ، أَلَا إِنَّمَا أُكِلْتُ يَوْمَ أُكِلَ الْأَبْيَضُ، أَلَا إِنَّمَا وَهَنْتُ يَوْمَ قُتِلَ عُثْمَانُ

ایک خیر کے جنگل میں اکٹھا ہونے والی مثال دی' سیاہ' سرخ اور سفید بیل۔ شیر جب ان میں سے کسی ایک کو کھانے کا ارادہ کرتا تو وہ تینوں اس کے خلاف اکٹھے ہو جاتے اور اسے اپنا ارادہ پورا کرنے سے روک دیتے' ایک دن شیر نے کالے اور سرخ بیل سے کہا: ہم تو اپنے جنگل میں رہ کر بھی رسوا ہو گئے اور یہ سفید بیل ہم سے زیادہ مشہور ہو گیا' کبھی تم دونوں مجھے موقع دو تو میں اسے کھا جاؤں' تم دونوں کا رنگ' میرے رنگ پر اور میرا رنگ' تم دونوں کے رنگ پر ہے' پس شیر نے اس پر حملہ کر دیا اور اسے کھانے پر دیر نہیں لگائی' پھر ایک دن اس نے سیاہ سے کہا: ہمارے ہی جنگل میں یہ سرخ آگے نکل گیا' ہم تو ذلیل ہو گئے' تم اجازت دو کسی دن میں اسے کھالوں' شیر نے اس پر حملہ کر کے تھوڑی دیر میں مار دیا' تیرا رنگ مجھ پر اور میرا رنگ تیرے رنگ پر ہے۔ پھر اس نے کالے سے کہا: بے شک میں تجھے بھی کھاؤں گا' اُس نے جواب دیا: تُو مجھے چھوڑ! میں تین آوازیں نکالتا ہوں۔ اس نے کہا: خبردار! میں اس دن ہی کھالیا گیا ہوں جس دن سفید کو کھایا گیا' خبردار! میں تو اسی دن ہی کھالیا گیا تھا جس دن سفید کو کھایا گیا تھا' خبردار! میں بھی اسی دن کا کھایا ہوا ہوں جس دن سفید کھایا گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بولے: خبردار! صرف میں اسی دن کمزور ہو گیا جس دن حضرت عثمان شہید ہوئے۔

112 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي

حضرت شعبی فرماتے ہیں: جناب مسروق' اشتر سے ملے' مسروق نے اشتر سے کہا: تم نے حضرت عثمان

جَعْفَرٍ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: لَقِيَ مَسْرُوقٌ الْاَشْتَرَ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ للاَشْتَرِ: قَتَلْتُمْ عُثْمَانَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ قَتَلْتُمُوهُ صَوَّامًا قَوَّامًا قَالَ: فَانْطَلَقَ الْاَشْتَرُ فَاَخْبَرَ عَمَّارًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَتَى عَمَّارٌ مَسْرُوقًا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيُجْلَدَنَّ عَمَّارٌ، وَلَيُسَيَّرَنَّ اَبَا ذَرٍّ، وَلَيُحْمَيَنَّ الْحِمَى، وَتَقُولُ: قَتَلْتُمُوهُ صَوَّامًا قَوَّامًا، فَقَالَ لَهُ مَسْرُوقٌ: فَوَاللّٰهِ مَا فَعَلْتُمْ وَاحِدًا مِنْ ثِنْتَيْنِ، مَا عَاقَبْتُمْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ، وَمَا صَبَرْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ قَالَ: فَكَاَنَّمَا الْقَمَهُ حَجَرًا قَالَ: وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: وَمَا وَلَدَتْ هَمْدَانِيَّةٌ مِثْلَ مَسْرُوقٍ

کوشہید کیا؟ اُس نے جواب دیا: ہاں! مسروق بولے: قسم بخدا! تم نے ایک ایسی ہستی کوشہید کیا ہے جو دنوں کو روزے رکھنے اور راتوں کو قیام کرنے والی تھی۔ راوی کہتا ہے: اشتر نے جا کر حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو بتایا۔ حضرت عمار نے جناب مسروق کے پاس آ کر کہا: قسم بخدا! عمار کو کوڑے لگائے جاتے ہیں' ابوذر کو قید کیا جاتا ہے اور چراگاہ کی حفاظت کی جاتی ہے اور تُو کہتا ہے: تم نے روزے رکھنے والے' قیام کرنے والے کو قتل کیا ہے۔ جناب مسروق نے ان کو جواب دیا: قسم بخدا! جو تم نے دو میں سے ایک سے سلوک کیا' جیسی تمہیں سزا دی گئی اس کے برابر جو تم نے سزا دی اور جو تم نے صبر کیا' پس وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہترین ہے۔ راوی کہتا ہے: یوں لگتا ہے جیسے مسروق نے ان کے منہ میں پتھر دے دیا۔ راوی کا بیان ہے: اور امام شعبی کا قول ہے کہ کسی ہمدانی عورت نے مسروق کی مثل نہیں جنا۔

113 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ: اجْتَمَعْنَا فِي دَارِ مَخْرَمَةَ بَعْدَمَا قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نُرِيدُ الْبَيْعَةَ، فَقَالَ اَبُو جَهْمِ بْنُ حُذَيْفَةَ: اِنَّا مَنْ بَايَعَنَا مِنْكُمْ فَاِنَّا لَا نَحُولُ دُونَ قِصَاصٍ، فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: اَمَّا مِنْ دَمِ عُثْمَانَ

حضرت علقمہ بن وقاص فرماتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کے بعد ہم مخرمہ کے گھر میں بیعت کرنے کے ارادہ سے اکٹھے ہوئے۔ ابوجہم بن حذیفہ نے کہا: تم میں سے جس کے ہاتھ پر بھی ہم بیعت کریں گے' قصاص سے کم کوئی مطالبہ نہیں کریں گے۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فوراً بول پڑے کیا تیری مراد حضرت عثمان کے خون کا قصاص ہے' وہ تو

113- أخرج نحوه البخاری فی التاریخ الصغیر جلد 1 صفحه 84 رقم الحدیث: 333 عن محمد بن عمرو عن أبیه عن جده' وذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 98 وقال: رواه الطبرانی ورجاله وثقوا .

فَلَا، فَقَالَ اَبُو جَهْمٍ: يَا ابْنَ سُمَيَّةَ وَاللّٰهِ لَتُقَادَنَّهُ مِنْ جَلَدَاتٍ جُلِدْتَهَا، وَلَا يُقَادُ لِدَمِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَانْصَرَفُوا يَوْمَئِذٍ عَنْ غَيْرِ بَيْعَةٍ

ہم نہیں لیں گے۔ حضرت ابوجہم نے کہا: اے ابن سمیہ! قسم بخدا! ان کوڑوں کا بدلہ تو ضرور لیا جائے جو تجھے لگے لیکن اگر نہ لیا جائے تو حضرت عثمان کے خون کا بدلہ نہ لیا جائے (یہ کیسی بات ہے) پس وہ سارے اس دن بغیر بیعت کے لوٹ گئے۔

114 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، انا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: اَخْبَرَنِي وَثَّابٌ، وَكَانَ مِمَّنْ اَدْرَكَهُ عِتْقُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ يَقُومُ بَيْنَ يَدَيْ عُثْمَانَ، قَالَ: بَعَثَنِي عُثْمَانُ فَدَعَوْتُ لَهُ الْاَشْتَرَ - فَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ: فَاَظُنُّهُ قَالَ: فَطَرَحْتُ لِاَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وِسَادَةً، وَلَهُ وِسَادَةٌ - فَقَالَ: يَا اَشْتَرُ مَا يُرِيدُ النَّاسُ مِنِّي؟ قَالَ: ثَلَاثًا مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ، قَالَ: مَا هُنَّ؟ قَالَ: يُخَيِّرُونَكَ بَيْنَ اَنْ تَخْلَعَ لَهُمْ اَمْرَهُمْ، فَتَقُولَ: هَذَا اَمْرُكُمْ، فَاخْتَارُوا لَهُ مَنْ شِئْتُمْ، وَبَيْنَ اَنْ تَقُصَّ مِنْ نَفْسِكَ، فَاِنْ اَبَيْتَ هَذَيْنِ فَاِنَّ الْقَوْمَ قَاتِلُوكَ، قَالَ: مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ؟ قَالَ: مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ قَالَ: اَمَّا اَنْ اَخْلَعَ لَهُمْ اَمْرَهُمْ فَمَا كُنْتُ لِاَخْلَعَ سِرْبَالًا سُرْبِلْتُهُ قَالَ: وَقَالَ الْحَسَنُ: قَالَ: وَاللّٰهِ لَاَنْ اُقَدَّمَ فَيُضْرَبَ عُنُقِي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَخْلَعَ اَمْرَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضُهَا عَلَى بَعْضٍ - قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: وَهَذَا اَشْبَهُ بِكَلَامِ عُثْمَانَ- وَاَمَّا اَنْ اَقُصَّ مِنْ نَفْسِي، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ صَاحِبَيَّ بَيْنَ يَدَيْ كَانَا

حضرت حسن فرماتے ہیں: مجھے حضرت وثاب نے خبر دی' ان کا تعلق ان حضرات سے تھا جن کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے آزاد کیا تھا' پس وہ حضرت عثمان کے سامنے کھڑے رہتے تھے۔ وہ کہتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے بھیجا' میں اشتر کو آپ کے پاس بلا کر لایا۔ پس ابن عون کا کہنا ہے: میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے کہا: میں نے امیرالمؤمنین کے لیے تکیہ پھینکا جو ان کا اپنا تھا۔ پس آپ نے فرمایا: اے اشتر! لوگ مجھ سے کیا ارادہ رکھتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: تین باتیں ہیں' جن میں سے ایک ضرور کرنا ہوگی۔ آپ نے فرمایا: وہ تین باتیں کیا ہیں؟ اس نے کہا: وہ لوگ آپ کو اختیار دیتے ہیں کہ یا تو آپ خلافت کا لباس اتار دیں اور کہیں: یہ اب تمہارا معاملہ ہے اس کے لیے جس کو چاہو انتخاب کرلو' یا پھر آپ اپنی جان کا خود قصاص دیں۔ پس اگر ان دو کا آپ انکار کریں تو وہ آپ کو قتل کرنے کے لیے تیار ہیں۔ فرمایا: ان میں سے ایک کیا ضروری ہے؟ اس نے کہا: ان میں سے ایک بھی ضروری نہیں۔ فرمایا: جہاں تک یہ بات ہے کہ میں ان کا معاملہ ان کے سپرد کر دوں' پس میں وہ جامہ نہیں

يُعَاقَبَان، وَمَا يَقُومُ بَدَنِي لِلقِصَاصِ، وَاَمَّا اَنْ تَقْتُلُونِي فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَتَلْتُمُونِي لَا تُحَابُّونَ بَعْدِي اَبَدًا، وَلَا تُقَاتِلُونَ بَعْدِي عَدُوًّا جَمِيعًا اَبَدًا ، فَقَامَ الْاَشْتَرُ فَانْطَلَقَ، فَمَكَثْنَا، فَقُلْنَا: لَعَلَّ النَّاسَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ كَاَنَّهُ ذِئْبٌ فَاطَّلَعَ مِنْ بَابٍ، ثُمَّ رَجَعَ، ثُمَّ جَاءَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ فِي ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا حَتَّى انْتَهَوْا اِلَى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهِ، فَقَالَ بِهَا، وَقَالَ بِهَا، حَتَّى سَمِعْتُ وَقْعَ اَضْرَاسِهِ، وَقَالَ مَا اَغْنَى عَنْكَ مُعَاوِيَةُ، مَا اَغْنَى عَنْكَ ابْنُ عَامِرٍ، مَا اَغْنَى عَنْكَ كُتُبُكَ، قَالَ: اَرْسِلْ لِحْيَتِي يَا ابْنَ اَخِي، اَرْسِلْ لِحْيَتِي يَا ابْنَ اَخِي ، قَالَ: فَاَنَا رَاَيْتُهُ اسْتَدْعَى رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ بِعَيْنِهِ فَقَامَ اِلَيْهِ بِمِشْقَصٍ حَتَّى وَجَاهُ بِهِ فِي رَاْسِهِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَهْ قَالَ: ثُمَّ تَعَانُوا عَلَيْهِ، وَاللّٰهِ حَتَّى قَتَلُوهُ

اُتاروں گا جو مجھے پہنایا گیا ہے (کیونکہ مجھے میرے نبی کا حکم ہے) راوی کا کہنا ہے کہ حضرت حسن نے کہا: قسم بخدا! میں گردن زنی کے لیے پیش کیا جاؤں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس بات سے کہ میں اُمت محمدیہ کا معاملہ ان میں سے کسی کے سپرد کر دوں۔ حضرت ابن عون کا قول ہے کہ یہ حضرت عثمان کے کلام کے زیادہ مشابہ ہے' اور دوسری بات یہ کہ میں اپنی جان کا قصاص خود پیش کروں' قسم بخدا! مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ میرے سامنے میرے دو ساتھیوں کو سزائیں دی جاتی رہیں' میرا بدن قصاص کے قابل نہیں ہے' باقی رہی یہ بات کہ تم مجھے قتل کر دو گے' قسم بخدا! اگر تم نے مجھے شہید کر دیا تو یاد رکھو! میرے بعد کبھی بھی ایک دوسرے سے محبت نہ کر سکو گے' نہ تم تمام میرے بعد دشمن سے لڑ سکو گے۔ پس اشتر کھڑا ہوا اور چل دیا' پس ہم ٹھہرے رہے' ہم نے اپنے دل میں کہا: شاید لوگ! تو اتنے میں اچانک ایک آدمی گویا کہ وہ بھیڑیا ہے' وہ دروازہ سے ظاہر ہوا' پھر لوٹ گیا' پھر حضرت محمد بن ابی بکر آئے' ان کے ساتھ تیرہ آدمی اور تھے' وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر رُکے' آپ کی داڑھی شریف سے پکڑا' (قلم لکھنے سے عاجز ہے' زبان بولنے سے) اور کہا جو کہا یہاں تک کہ مجھے آپ کے منہ سے آواز آئی: معاویہ آپ کو فائدہ نہ دے سکیں گے' ابن عامر تمہیں فائدہ نہ دیں گے' تمہارے خطوط کسی کام نہ آئیں گے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے!

میری داڑھی چھوڑ دو! دوسری بار بھی یہی بات کی۔ راوی کا بیان ہے: میں اسے دیکھ رہا تھا' اُس نے اپنی قوم سے بعینہٖ ایک آدمی بلایا' وہ ایک لکڑی لے کر آپ کی طرف آیا یہاں تک کہ اس کو آپ کے سر پر دے مارا۔ میں نے کہا: پھر کیا ہوا؟ اس نے کہا: پھر آپ پر ٹوٹ پڑے یہاں تک کہ اُنہوں نے آپ کو شہید کر دیا۔

115 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَكَعْبًا، رَكِبَا سَفِينَةً فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ: يَا كَعْبُ اَمَا تَجِدُ سَفِينَتَنَا هَذِهِ فِي التَّوْرَاةِ كَيْفَ تَجْرِي؟ فَقَالَ: لَا وَلَكِنْ اَجِدُ فِيهَا رَجُلًا اَشْقَى الْفِتْيَةِ مِنْ قُرَيْشٍ يَنْزُو فِي الْفِتْنَةِ كَمَا يَنْزُو الْحِمَارُ، لَا تَكُنْ اَنْتَ هُوَ قَالَ ابْنُ سِيرِينَ: فَزَعَمُوا اَنَّهُ كَانَ هُوَ

حضرت محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ محمد بن ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ اور حضرت کعب سمندر میں ایک کشتی پر سوار ہوئے' پس محمد نے کہا: اے کعب! کیا تم ہماری اس کشتی کا ذکر تورات میں نہیں پاتے کہ کیسے چلتی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! لیکن میں تورات میں قریش سے بدبخت ترین آدمی کا ذکر پاتا ہوں جو فتنہ میں پڑھے گا' جس طرح گدھا' تو آپ وہ نہ بننا۔ ابن سیرین نے کہا: اُنہوں نے گمان کیا کہ ممکن ہے وہ وہی ہو۔

116 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَاِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ ثنا مُبَارَكٌ، عَنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي سَيَّافُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ دَخَلَ عَلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: ارْجِعِ ابْنَ اَخِي فَلَسْتَ بِقَاتِلِي، قَالَ: وَكَيْفَ عَلِمْتَ ذَاكَ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِيَ بِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ فَحَنَّكَكَ، وَدَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ مِنَ الْاَنْصَارِ

حضرت حسن سے روایت ہے' مجھے سیاف نے حدیث بیان کی کہ ایک انصاری حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ نے اس سے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ واپس چلے جائیں! آپ میرے قاتل نہیں ہیں۔ اس نے کہا: آپ کو اس بات کا کیسے علم ہوا؟ آپ نے فرمایا: اس لیے کہ تجھے پیدا ہوئے سات دن ہوئے تھے' تجھے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے تجھے گھٹی دی اور تیرے لیے برکت کی دعا کی۔ پھر دوسرا انصاری داخل

فَقَالَ: ارْجِعِ ابْنَ اَخِی فَلَسْتَ بِقَاتِلِی، قَالَ: بِمَ تَدْرِی ذٰلِكَ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِیَ بِكَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ فَحَنَّكَكَ وَدَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ قَالَ: ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ فَقَالَ: اَنْتَ قَاتِلِی، قَالَ: وَمَا يُدْرِيكَ يَا نَعْثَلُ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِیَ بِكَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ لِيُحَنِّكَكَ وَيَدْعُو لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَخَرِيْتَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَوَثَبَ عَلَى صَدْرِهِ وَقَبَضَ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَقَالَ: اِنْ تَفْعَلْ كَانَ يَعِزُّ عَلَى اَبِيكَ اَنْ تَسُوءَهُ، قَالَ: فَوَجَاهُ فِی نَحْرِهِ بِمَشَاقِصَ كَانَتْ فِی يَدِهِ

ہوا تو آپ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ بھی لوٹ جائیں' آپ میرے قاتل نہیں ہیں' اس نے عرض کی: آپ کو کس طریقہ اس کا علم ہوا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس لیے کہ تیرے پیدا ہونے کے ساتویں دن نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے تجھے گھٹی دی اور تیرے لیے برکت کی دعا کی۔ راوی کا بیان ہے: پھر محمد بن ابوبکر داخل ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! تُو میرا قاتل ہے۔ اس نے کہا: اے بوڑھے! تجھے کیا معلوم؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس لیے کہ تیرے پیدا ہونے کے ساتویں دن تجھے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تاکہ آپ ﷺ تجھے گھٹی دے کر برکت کی دعا کریں' پس تُو نے رسول ﷺ پر پیشاب کر دیا۔ راوی کہتا ہے: وہ جھپٹ کر آپ رضی اللہ عنہ کے سینے پر چڑھ گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کو داڑھی شریف سے پکڑ لیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تُو نے یہ کام کر دیا تو تیرے باپ پر بڑا گراں ہوگا' تُو اُن کو تکلیف پہنچائے گا۔ راوی کہتا ہے: اس نے آپ کے گلے پر وہ لکڑی ماری جو اس کے ہاتھ میں تھی۔

117 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِی الْاَذَنِیُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ الرَّجُلُ يَدَ عُثْمَانَ قَالَ: اِنَّهَا لَاَوَّلُ يَدٍ خَطَّتِ الْمُفَصَّلَ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: جب اس آدمی نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ضرب لگائی' کہا: یہ پہلا ہاتھ تھا' جس کا جوڑ جدا ہوا۔

118 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا اَبِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ، اَنَّ عُمَيْرَ بْنَ رَبِيعَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَرْسَلَ اِلَى كَعْبِ الْاَحْبَارِ فَقَالَ: يَا كَعْبُ كَيْفَ تَجِدُ نَعْتِی؟ قَالَ: اَجِدُ تَحْتَ قَرْنًا مِنْ حَدِيدٍ قَالَ: وَمَا قَرْنٌ مِنْ حَدِيدٍ؟ قَالَ: اَمِيرٌ سَدِيدٌ لَا يَاْخُذُهُ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ بَعْدَكَ خَلِيفَةٌ تَقْتُلُهُ فِئَةٌ ظَالِمَةٌ قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْبَلَاءُ

حضرت عباس بن سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمیر بن ربیعہ نے ان سے حدیث بیان کی کہ حضرت عمر بن خطاب نے حضرت کعب احبار کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: اے کعب! میری صفت کیسے پاتے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: (تورات میں) آپ کی تعریف نئے زاویے سے پاتا ہوں' آپ نے فرمایا: وہ نیا انداز کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: امیر ہوگا' سیدھی سچی بات کرنے والا ہوگا' اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا خوف محسوس نہ کرے گا۔ آپ نے فرمایا: پھر کیا؟ اُنہوں نے کہا: پھر آپ کے بعد ایک خلیفہ ہوگا جسے ظالم گروہ شہید کردے گا' کہا: پھر اس کے بعد آزمائشیں ہوں گی۔

119 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ، يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَوِ انْقَضَّ اَحَدٌ فِيمَا فَعَلْتُمْ بِابْنِ عَفَّانَ لَكَانَ مَحْقُوقًا اَنْ يَنْقَضَّ

حضرت قیس سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے سعید بن زید کو کہتے ہوئے سنا: قسم بخدا! تم نے جو سلوک حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کیا' ایسے کسی معاملہ میں اگر کسی ایک پر دیوار ٹوٹ کر گر پڑی ہوتی تو زیادہ حق تھا کہ وہ گر پڑتی۔

120 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِیُّ، وَعَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالُوا: ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِیِّ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: لَوْ اَنَّ النَّاسَ لَمْ يَطْلُبُوا بِدَمِ

حضرت زہدم جرمی فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ہمیں خطبہ دیا' فرمایا: اگر لوگوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خون کے بدلہ کا مطالبہ نہ کیا تو آسمان سے ان پر پتھر برسیں گے۔

119- أخرج نحوه البخاری فی الصحيح جلد 3 صفحه 1404 رقم الحديث: 3654' جلد 6 صفحه 2546 رقم الحديث: 6543' وأورده الخلال فی السنة جلد 2 صفحه 323 رقم الحديث: 412 كلاهما عن سعيد بن زيد به.

عُثْمَانَ لَرُجِمُوا بِالْحِجَارَةِ مِنَ السَّمَاءِ

121 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: اُخِذَ الْفَاسِقُ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ فِي شِعْبٍ مِنْ شِعَابِ مِصْرَ فَاُدْخِلَ فِي جَوْفِ حِمَارٍ فَاُحْرِقَ

حضرت قرہ بن خالد فرماتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: مصر کی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں فاسق ابن ابوبکر سے گرفت ہوئی' پس اسے گدھے کی کھال میں ڈال کر جلا دیا گیا۔

122 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ثَوْرٍ الْفَهْمِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَقَدِ اخْتَبَأْتُ عِنْدَ رَبِّي عَشْرًا، اِنِّي لَرَابِعُ اَرْبَعَةٍ فِي الْاِسْلَامِ، وَمَا تَغَنَّيْتُ، وَلَا تَمَنَّيْتُ، وَلَا وَضَعْتُ يَمِينِي عَلَى فَرْجِي، مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا مَرَّتْ عَلَيَّ جُمُعَةٌ مُنْذُ اَسْلَمْتُ اِلَّا وَاَنَا اَعْتِقُ فِيهَا رَقَبَةً، اِلَّا اَنْ لَا يَكُونَ عِنْدِي فَاَعْتِقَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ، وَلَا زَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا اِسْلَامٍ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ دس چیزوں میں اپنے رب کے پاس منفرد تھے: اسلام لانے میں چوتھا میں ہوں' مجھے تھکاوٹ ہوئی' کبھی کھی دنیاوی چیز کی تمنا نہ کی' اپنا دایاں ہاتھ اپنی شرمگاہ پر نہ رکھا جب سے نبی کریم ﷺ سے بیعت ہوا' جب سے اسلام قبول کیا ہر جمعہ ایک غلام آزاد کیا اگر کبھی جمعہ کے دن میرے پاس نہیں ہوا تو اس کے بعد کیا' نہ زمانۂ جاہلیت میں نہ کبھی اسلام میں زنا کیا۔

123 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا كُلَيْبُ بْنُ وَائِلٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ يُكَنَّى اَبَا ثَوْرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ: اَرَاَيْتَ عُثْمَانَ؟ هَلْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَ: لَا، اَمَّا يَوْمَ بَدْرٍ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّ عُثْمَانَ فِي حَاجَتِكَ وَحَاجَةِ رَسُولِكَ

حضرت ابوثور حبیب بن ابوملیکہ فرماتے ہیں: میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' ایک آدمی نے آپ کے پاس آ کر سوال کیا: کیا آپ نے عثمان کو بدر میں حاضر دیکھا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن بدر کے دن' کیونکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عثمان تیرے اور تیرے رسول کے کام میں مصروف تھا' پس آپ ﷺ نے ان کا حصہ مالِ غنیمت

فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ

سے مقرر فرمایا۔

124 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ: تَخَلَّفَ فِي الْمَدِينَةِ عَلَى امْرَأَتِهِ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ وَجِعَةً مَعَرَّةً، فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ، قَالَ: وَأَجْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَأَجْرُكَ

حضرت عروہ نے فرمایا: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اپنی بیوی جو رسول کریم ﷺ کی بیٹی ہیں' کی دیکھ بھال کے لیے مدینہ میں پیچھے رہ گئے تھے' جبکہ وہ دردمند تھیں' قریب المرگ تھیں' رسول کریم ﷺ نے مالِ غنیمت سے آپ کا حصہ مقرر فرمایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میرے لیے اجر بھی ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! تمہارے لیے اجر بھی ہوگا۔

125 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْمَكِّيُّ الْقَزَّازُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ أَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، عَنْ أَخِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ أُمِّهِ، قَالَتْ: خَرَجَتِ الصَّعْبَةُ بِنْتُ الْحَضْرَمِيِّ، فَسَمِعْنَاهَا تَقُولُ لِابْنِهَا طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: إِنَّ عُثْمَانَ قَدِ اشْتَدَّ حَصْرُهُ، فَلَوْ كَلَّمْتَ فِيهِ حَتَّى يُرَفَّهَ عَنْهُ، قَالَتْ: وَطَلْحَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَغْسِلُ أَحَدَ شِقَّيْ رَأْسِهِ فَلَمْ يُجِبْهَا، فَأَدْخَلَتْ يَدَيْهَا فِي كُمِّ ذِرْعِهَا فَأَخْرَجَتْ ثَدْيَيْهَا، وَقَالَتْ: أَسْأَلُكَ بِمَا حَمَلْتُكَ وَأَرْضَعْتُكَ إِلَّا فَعَلْتَ، فَقَامَ وَلَوَى شِقَّ شَعْرِ رَأْسِهِ حَتَّى عَقَدَهُ وَهُوَ مَغْسُولٌ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى أَتَى عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ جَالِسٌ فِي جَنْبِ دَارِهِ، فَأَتَى طَلْحَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَعَهُ أُمُّهُ، وَأُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن رافع اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: صعبہ بنت حضرمی (گھر سے) نکلی' تو ہم نے اسے سنا' وہ اپنے بیٹے طلحہ بن عبداللہ سے کہہ رہی تھی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر محاصرہ سخت ہوگیا' پس اگر تم اس میں کلام کرو یہاں تک کہان کی وجہ سے جو کلفت ہے وہ دور کی جائے۔ راویہ کا بیان ہے: جبکہ اپنے سر کی ایک طرف دھوتے رہے انہیں کوئی جواب نہ دیا۔ صعبہ نے اپنے دونوں ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال کر اپنے سینے کو باہر نکالا اور کہا: میں نے تجھے پیٹ میں اُٹھا' تجھے دودھ پلایا مگر تُو نے کیا کیا اس کے بدلے' تجھے پوچھتی ہوں (بول)۔ پس آپ اُٹھے' سر کے دھلے ہوئے حصے کو پھیر کر باندھا' پھر وہاں سے نکل گئے یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جبکہ وہ ان کے گھر کی ایک طرف ہی

بْنِ رَافِعٍ: لَوْ رَفَّهْتَ عَنْ هَذَا فَقَدِ اشْتَدَّ حَصْرُهُ، قَالَ: فَنَقَرَ بِقَدَحٍ فِي يَدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أُحِبُّ مِنْ هَذَا شَيْئًا تَكْرَهُهُ قَالَ: وَأَنْشَدَنَا أَبُو خَلِيفَةَ قَالَ: أَنْشَدَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ لِلَيْلَى الْأَخْيَلِيَّةِ:

(البحر البسيط)

أَبْعَدَ عُثْمَانَ تَرْجُو الْخَيْرَ أُمَّتُهُ ... قَدْ كَانَ أَفْضَلَ مَنْ يَمْشِي عَلَى سَاقِ

خَلِيفَةُ اللّٰهِ أَعْطَاهُمْ وَخَوَّلَهُمْ ... مَا كَانَ مِنْ ذَهَبٍ حُلْوٍ وَأَوْرَاقِ

فَلَا تَكْذِبْ بِوَعْدِ اللّٰهِ وَاتَّقِهِ ... وَلَا تَكُونَنَّ عَلَى شَيْءٍ بِإِشْفَاقِ

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ سَوْفَ أَفْعَلُهُ ... قَدْ قَدَّرَ اللّٰهُ مَا كُلُّ امْرِءٍ لَاقِ

بیٹھے تھے۔ سو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جبکہ ان کی والدہ اور عبداللہ بن رافع کی والدہ بھی ساتھ تھیں' اگر آپ اس سے کلفت دور فرمائیں تو ان کا محاصرہ سخت ہو جائے' آپ کے ہاتھ میں پیالہ تھا' آپ نے اسے تین بار ٹھوکر لگائی' پھر اپنے سر کو اوپر اُٹھا کر فرمایا: قسم بخدا! اس میں سے کسی شی کو میں بھی پسند نہیں کرتا جس کو تُو ناپسند کر رہا ہے۔ راوی کہتا ہے: ابوخلیفہ نے شعر کہے ہیں اور عباس بن فرج ریاشی نے بھی لیلیٰ اخیلیہ کے شعر کہے ہیں: (بحر بسیط)

''اس نے حضرت عثمان کو دور کر دیا' اُمت جس کی اُمید رکھتی ہے' تحقیق وہ زمین پر چلنے والوں سے افضل تھے'

اللہ کا خلیفہ اس نے لوگوں کو عطا کیا اور بغیر احسان جتلائے سونا چاندی ان پر بے دریغ خرچ کیا'

تو اللہ کے وعدہ کو مت جھٹلا اور اس سے خوف کھا اور تُو کسی چیز پر ڈرنے والا نہ بن'

اور تُو کسی شی کے لیے نہ کہہ: میں ابھی اسے کرلوں گا (کیونکہ) تحقیق اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں ہر وہ چیز لکھ دی ہے جس سے ہر آدمی ملنے والا ہے''۔

ابوخلیفہ نے شعر پڑھے' کہا: ابومحمد تُوزی نے شعر کہے' ابوخلیفہ نے کہا: میں نے اس بارے ریاشی سے دریافت کیا' پس اُنہوں نے کہا: یہ حضرت حسان بن ثابت کا ہے: (مکمل بحر ہے:)

''ہم نے تو پہاڑی راستوں کی جنگیں ختم کر دیں

سن عثمان و وفاته رضی الله عنه

126 - أَنْشَدَنَا أَبُو خَلِيفَةَ قَالَ: أَنْشَدَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّوزِيُّ، قَالَ أَبُو خَلِيفَةَ: وَسَأَلْتُ عَنْهُ الرِّيَاشِيَّ فَقَالَ: هُوَ لِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ:

(البحر الكامل)

وَتَرَكْتُمُ غَزْوَ الدُّرُوبِ وَجِئْتُمُ ... لِقِتَالِ قَوْمٍ

عِنْدَ قَبْرِ مُحَمَّدٍ

فَلَيْسَ هَذِهِ الصَّالِحِينَ هُدِيتُمْ... وَلَيْسَ فِعْلَ الْعَابِدِ الْمُتَهَجِّدِ

اور تم روضۂ رسول ﷺ کے پاس صحابہ سے جنگ کرنے آ گئے'

پس یہ صالحین کی ہدایت نہیں ہے جو تمہارے پاس ہے اور تہجد گزار عابد کا یہ کام ہے''۔

127 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، كَانَ اِذَا جَاءَهُ مَنْ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، قَالَ: مَرْحَبًا بِالْقَائِلِينَ عَدْلًا، وَبِالصَّلَاةِ مَرْحَبًا وَاَهْلًا

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس جب مؤذن نماز کی اطلاع دینے کے لیے آتا تو آپ فرماتے: عدل کی بات کرنے والوں کو مرحبا (خوش آمدید) نماز کو مرحبا اور خوش آمدید!

128 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: قَالَتِ امْرَاَةُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ اَطَافُوا بِهِ يُرِيدُونَ قَتْلَهُ: اِنْ تَقْتُلُوهُ اَوْ تَتْرُكُوهُ فَاِنَّهُ كَانَ يُحْيِي اللَّيْلَ كُلَّهُ فِي رَكْعَةٍ يَجْمَعُ فِيهَا الْقُرْآنَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ نے فرمایا اس وقت جب وہ لوگ آپ کو شہید کرنے کے لیے آپ رضی اللہ عنہ کے مکان کے گرد چکر لگا رہے تھے: اگر تم انہیں شہید کرو' یا انہیں چھوڑ دو' یہ تو پوری رات جاگتے ہیں اور ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھ دیتے ہیں۔

129 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: اَدْرَكْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ رَاهَقْتُ الْحُلُمَ، فَسَمِعْتُهُ يَخْطُبُ، وَشَهِدْتُهُ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، مَا تَنْقِمُونَ عَلَيَّ؟ قَالَ: وَمَا مِنْ يَوْمٍ اِلَّا وَهُمْ يَقْتَسِمُونَ فِيهِ خَيْرًا، يَقُولُ: يَا مَعْشَرَ النَّاسِ، اغْدُوا عَلَى عَطِيَّاتِكُمْ فَيَغْدُونَ فَيَاْخُذُونَهَا وَافِرَةً، ثُمَّ يُقَالُ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ اغْدُوا عَلَى كِسْوَتِكُمْ، فَيُجَاءُ بِالْحُلَلِ

حضرت مبارک بن فضالہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا دور پایا' اس وقت میں قریب البلوغ تھا' میں نے آپ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا اور میں حاضر تھا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! تم مجھ سے کس چیز کا انتقام لیتے ہو؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر دن میں لوگ خیرات حاصل کرتے۔ آپ فرماتے: اے لوگو! صبح آ کر اپنے عطیات لے جانا' صبح ہوتی' لوگ آتے تو وافر مقدار

فَتُقْسَمُ بَيْنَهُمْ قَالَ الْحَسَنُ: وَالْعَدُوُّ مَنْفِيٌّ، وَالْعَطِيَّاتُ دَارَّةٌ، وَذَاتُ الْبَيْنِ حَسَنٌ، وَالْخَيْرُ كَثِيرٌ، مَا عَلَى الْاَرْضِ مُؤْمِنٌ يَخَافُ مُؤْمِنًا، مَنْ لَقِيَ مِنْ اَيِّ الْاَحْيَاءِ كَانَ فَهُوَ اَخُوهُ وَمَوَدَّتُهُ وَنُصْرَتُهُ، وَالْفِتْنَةُ اَنْ يَسُلَّ عَلَيْهِ سَيْفًا

میں پاتے۔ پھر کہا جاتا: اے لوگو! صبح تمہارے لباس لینے کی باری ہے' عمدہ قسم کے لباس لائے جاتے اور ان کے درمیان تقسیم کر دیئے جاتے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دشمن ہر چیز کی نفی کرنے والا ہے حالانکہ عطیات گھومنے والے ہیں' آپس کے تعلقات خوبصورت ہیں' بھلائی کثیر ہے' روئے زمین پر کوئی ایک مؤمن دوسرے مؤمن سے ڈرنے والا نہیں' کسی بھی قبیلے سے تعلق رکھنے والا' جو بھی اس سے ملاقات کرے وہ اس کا بھائی ہے' اس کی محبت ونصرت اس کے ساتھ ہے۔ اور فتنہ یہ ہے کہ اس پر تلوار سونت لی جائے۔

130 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا حَزْمُ بْنُ اَبِي حَزْمٍ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرَةَ، يَقُولُ: لَاَنْ اَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَاَنْقَطِعَ، اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَكُونَ شَرِكْتُ فِي دَمِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوالاسود فرماتے ہیں: میں نے ابوبکرہ کو فرماتے ہوئے سنا: آسمان سے گر کر اعضاء کا ٹوٹ جانا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں حضرت عثمان کے خون میں شرکت کروں۔

131 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا حَزْمٌ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلِيقَ بْنَ خَشَّافٍ، يَقُولُ: وَفَدْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ لَنَنْظُرَ فِيمَ قُتِلَ عُثْمَانُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَرَّ مِنَّا بَعْضٌ اِلَى عَلِيٍّ، وَبَعْضٌ اِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَبَعْضٌ اِلَى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُنَّ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى اَتَيْتُ عَائِشَةَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهَا فَرَدَّتِ السَّلَامَ،

حضرت ابوالاسود فرماتے ہیں: میں نے طلیق بن خشاف کو کہتے ہوئے سنا: ہم بصورتِ وفد مدینے آئے یہ دیکھنے کے لیے کہ کس چیز کی پاداش میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' پس جب ہم مدینہ پہنچے تو ہم میں سے کچھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے' کچھ امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے اور کچھ اُمہات المؤمنین کی طرف سے ہو کر گزرے' میں چلتے ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' میں نے ان کو

131- أخرج نحوه البخاری فی التاریخ الصغیر جلد1صفحه95 رقم الحدیث: 384 .

فَقَالَتْ: وَمَنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، فَقَالَتْ: مِنْ اَيِّ اَهْلِ الْبَصْرَةِ؟ قُلْتُ: مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، قَالَتْ: مِنْ اَيِّ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ؟ قُلْتُ: مِنْ بَنِي قَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَتْ: اَمِنْ اَهْلِ فُلَانٍ؟ فَقُلْتُ لَهَا: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فِيمَ قُتِلَ عُثْمَانُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟ قَالَتْ: قُتِلَ وَاللّٰهِ مَظْلُومًا، لَعَنَ اللّٰهُ قَتَلَتَهُ، قَادَ اللّٰهُ ابْنَ اَبِي بَكْرٍ بِهِ، وَسَاقَ اللّٰهُ اِلَى اَعْيُنِ بَنِي تَمِيمٍ هَوَانًا فِي بَيْتِهِ، وَاَهْرَاقَ اللّٰهُ دِمَاءَ بَنِي بُدَيْلٍ عَلَى ضَلَالَةٍ، وَسَاقَ اللّٰهُ اِلَى الْاَشْتَرِ سَهْمًا مِنْ سِهَامِهِ، فَوَاللّٰهِ مَا مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ اِلَّا اَصَابَتْهُ دَعْوَتُهَا

خدمت میں سلام پیش کیا' اُنہوں نے جواب لوٹایا اور فرمایا: کون آدمی ہے؟ میں نے عرض کی: ایک بصری ہوں' فرمایا: بصرہ کے کس قبیلے سے؟ عرض کی: بکر بن وائل' فرمایا: بنی بکر کی کس شاخ سے؟ عرض کی: قیس بن ثعلبہ' فرمایا: کیا تُو فلاں لوگوں سے ہے؟ میں نے ان سے عرض کی: اے مؤمنوں کی ماں! کس بات میں امیر المؤمنین حضرت عثمان کی شہادت ہوئی؟ فرمایا: قسم ہے اللہ کی! انتہائی مظلومیت کی حالت میں انہیں شہید کیا گیا' آپ رضی اللہ عنہ کے قاتلوں پر اللہ لعنت کرے! ابن ابوبکر سے اللہ اس کا قصاص لے' اللہ بنی تمیم کی آنکھوں کی طرف اپنے گھر میں ذلت کی چکی چلائے' اللہ بنی بدیل کا خون گمراہی پر بہادے اور اشتر کی طرف اپنے تیروں میں سے ایک تیر بھیجے۔ قسم بخدا! اس گروہ میں سے ایک بھی ایسا آدمی نہ تھا جس کو آپ رضی اللہ عنہا کی بددعا نہ لگی ہو۔

132 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اَنَّ عَامَّةَ الرَّكْبِ الَّذِينَ سَارُوا اِلَى عُثْمَانَ جُنُّوا

بریدہ بن ابوحبیب سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے کی غرض سے جو قافلے چلے' ان میں سے اکثر مرض جنون کا شکار ہوئے۔

133 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: لَقِيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ فَقَالَ: مَا لِي اَرَاكَ قَدْ جَفَوْتَ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟

حضرت شقیق بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف الولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ سے ملے' آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ آپ حضرت امیر المؤمنین عثمان سے بے وفائی کرتے ہیں؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے فرمایا: میں نے ان کو بتایا کہ میں

فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُبَلِّغُهُ اَنِّي لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ بَدْرٍ، فَخُبِّرَ بِذٰلِكَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَمَّا قَوْلُهُ اِنِّي لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ بَدْرٍ، فَاِنِّي كُنْتُ اُمَرِّضُ رُقَيَّةَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَاتَتْ وَلَقَدْ ضَرَبَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ، وَمَنْ ضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ فَقَدْ شَهِدَ

بدر کی جنگ میں پیچھے نہیں رہا تھا' یہ بات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: میں بدر کی جنگ میں پیچھے نہیں رہا' میں ان دنوں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کیونکہ آپ بیمار تھیں' آپ کا وصال ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لیے حصہ رکھا تھا' جس کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حصہ رکھا' وہ شریک ہوا ہے۔

134 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، انا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَعْدِي فِي اُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، قَالَ: فَحَسِبْنَا، فَوَجَدْنَا: اَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَعُمَرُ عَشْرٍ، وَعُثْمَانُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ، وَعَلِيٌّ سِتٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں خلافت تیس سال رہے گی۔ حضرت سفینہ فرماتے ہیں: ہم نے شمار کیا تو حضرت ابوبکر کی خلافت دو سال' حضرت عمر کی دس سال' حضرت عثمان کی بارہ سال' حضرت علی کی چھ سال تھی۔

135 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُوسَى الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشْعَرِيِّ،

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہے: لوگوں میں عنقریب ایمان لانے کے بعد کفر آئے گا۔ آپ نے فرمایا: ہاں! لیکن تُو ان میں شامل نہیں۔

134- أخرج نحوه الترمذی فی سننه جلد 4 صفحه 503 رقم الحديث: 2226' وذكر نحوه النسائی فی السنن الكبرى جلد 5 صفحه 47 رقم الحديث: 8155' وذكره أحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 221 رقم الحديث: 21978 كلهم عن سعيد بن جمهان عن سفينة به .

135- أخرج نحوه البخاری فی التاريخ الصغير جلد 1 صفحه 60 رقم الحديث: 226' وأبو عاصم الشيبانی فی الديات جلد 1 صفحه 19' وذكره أبو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد 1 صفحه 129 رقم الحديث: 141' جلد 4 صفحه 81 رقم الحديث: 2037 كلهم عن أبی عبد الله الأشعری عن أبی الدرداء .

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ زَعَمُوا اَنَّكَ قُلْتَ: سَیَكْفُرُ قَوْمٌ بَعْدَ اِیمَانِهِمْ، قَالَ: اَجَلْ، وَاَنْتَ مِنْهُمْ فَتُوُفِّیَ اَبُو الدَّرْدَاءِ قَبْلَ قَتْلِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوالدرداء کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت سے پہلے ہوا۔

136 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَلِیٍّ السِّیرِینِیُّ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ السِّیرِینِیُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: عُثْمَانُ ذُو النُّورَیْنِ قُتِلَ مَظْلُومًا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو ظلماً شہید کیا گیا۔

137 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّیقُ سَمَّیْتُمْ، اسْمُهُ عُمَرُ قَرْنٌ مِنْ حَدِیدٍ، عُثْمَانُ ذُو النُّورَیْنِ اَصَبْتُمْ اسْمَهُ، قُتِلَ مَظْلُومًا اُوتِیَ كِفْلَیْنِ مِنَ الْاَجْرِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: ابوبکر! تم نے صدیق نام پالیا۔ حضرت عمر کا نام تھا کہ آپ لوہے سے بھی زیادہ سخت تھے' عثمان ذوالنوین نے اپنا نام پالیا' آپ کو ظلماً قتل کیا گیا' آپ کو دگنا اجر دیا گیا۔

138 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، یَقُولُ حِینَ بُوِیعَ لِعُثْمَانَ: مَا اَلَوْنَا عَنْ اَعْلَاهَا ذَا فَوْقٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت عثمان کی بیعت کی گئی' ہم نے اوپر سے ذرہ برابر بھی کمی نہیں کی۔

139 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ حَكِیمِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت عثمان کی بیعت کی گئی' ہم نے اوپر سے ذرہ برابر بھی کمی نہیں کی۔

سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ حِينَ بُوِيعَ لِعُثْمَانَ: مَا اَلْوَنَا عَنْ اَعْلَاهَا ذَا فَوْقٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکر کی مدتِ خلافت کم ہوگی' عرب کے گھر والے باعزت طریقے سے رہیں گے اور حالتِ شہادت میں وصال کرے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہیں۔ پھر آپ حضرت عثمان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: عنقریب آپ سے لوگ اس قمیص کو اُتارنا چاہیں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر آپ نے خلافت کا لباس اتار دیا تو جنت میں داخل نہیں ہوگا یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں داخل ہو۔

140 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةِ الْعَرَبِ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيُقْتَلُ شَهِيدًا ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ اِيَّاهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کے لیے نکلے' آپ کے ساتھ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ تھیں' حضور ﷺ کے پاس کچھ عرصہ ان کی خبر نہ آئی' ان کی خبر حاصل کرنے کے لیے آپ ﷺ بذاتِ خود نکلے۔ ایک عورت آئی' اس نے آپ کو خبر دی' حضور ﷺ نے فرمایا: عثمان پہلا ہے جس نے اپنے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کی ہے حضرت لوط علیہ السلام کے بعد۔

141 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ الْبُرْجُمِيُّ، اِمَامُ مَسْجِدِ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: خَرَجَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُهَاجِرًا اِلَى اَرْضِ الْحَبَشَةِ وَمَعَهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاحْتَبَسَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرُهُمْ، وَكَانَ يَخْرُجُ يَتَوَكَّفُ عَنْهُمُ الْخَبَرَ فَجَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَاَخْبَرَتْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

لِلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ عُثْمَانَ اَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اللّٰهِ بِاَهْلِهِ بَعْدَ لُوطٍ

142 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ عُثْمَانَ اِلَى اَهْلِ مَكَّةَ فَبَايَعَ اَصْحَابُهُ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ، بَايَعَ لِعُثْمَانَ بِاِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى، فَقَالَ النَّاسُ: هَنِيئًا لِاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ آمِنًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ مَكَثَ كَذَا وَكَذَا مَا طَافَ حَتَّى يَطُوفَ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مکہ والوں کی طرف بھیجا تو آپ کے صحابہ نے آپ سے بیعت رضوان کی' آپ نے حضرت عثمان کی طرف بیعت کی' اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھا' لوگوں نے کہا: ابوعبداللہ کے لیے خوشخبری ہے! وہ سکون سے طواف کعبہ کر رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر عثمان اتنی اتنی دیر کھڑا رہے' وہ میرے آنے تک طواف نہیں کرے گا۔

وَمَا اَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہیں

143 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ، ثنا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ: اِنِّي مُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَمْنَعُنِي اَنْ اُحَدِّثَكُمْ اِلَّا الضِّنُّ بِكُمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب آپ منبر پر جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے' فرمایا: میں تم کو وہ حدیث بیان کروں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے! مجھے یہ حدیث بیان کرنے سے رکاوٹ تم سے کنجوسی ہی ہو گی' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک رات نگہبانی کرنا افضل

143- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 2 صفحه 91 رقم الحديث: 2426' وأحمد في مسنده جلد 1 صفحه 61 رقم الحديث: 433' جلد 1 صفحه 64 رقم الحديث: 463 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: حَرَسُ لَيْلَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ لَيْلَةٍ يُقَامُ لَيْلُهَا وَيُصَامُ نَهَارُهَا

ہے' اس ہزار رات سے جس میں قیام کیا جائے اور اس کے دن میں روزہ رکھا جائے۔

144 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: نَاشَدَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ النَّاسَ يَوْمًا، فَقَالَ: اَتَعْلَمُونَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اُحُدًا، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَاَنَا فَارْتَجَّ اُحُدٌ وَعَلَيْهِ مُحَمَّدٌ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْبُتْ اُحُدُ مَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان نے ایک دن لوگوں سے قسم لی' فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد پہاڑ پر تشریف فرما تھے' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر' عمر اور میں تھا' اُحد پہاڑ خوشی سے جھومنے لگا۔ آپ نے فرمایا: اُحد (تجھ پر) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم تشریف فرما ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُحد ٹھہرو! تجھ پر ایک نبی اور ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

145 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا حُرَيْثُ بْنُ السَّائِبِ، ثنا الْحَسَنُ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ شَيْءٍ فَضْلَ عَنْ ظِلِّ بَيْتٍ، وَجُرْفِ الْخُبْزِ، وَثَوْبٍ يُوَارِي عَوْرَةَ الرَّجُلِ- اَوْ قَالَ: عَوْرَةَ ابْنِ آدَمَ - وَكُلُّ شَيْءٍ فَضْلَ عَنْ ذَا لَمْ يَكُنْ لِابْنِ آدَمَ فِيهِ حَقٌّ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر شی گھر کے سایہ سے زیادہ ہوتی ہے' روٹی کا ٹکڑا' کپڑا آدمی کی شرمگاہ چھپانے کے لیے' یا فرمایا: انسان کی شرمگاہ چھپانے کے لیے' انسان کے لیے فالتو شی میں کوئی حق نہیں ہے۔

146 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ قَتَادَةَ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ،

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے نمازِ عشاء باجماعت پڑھی اس کو ساری رات قیام کرنے کا ثواب ملے گا' جس نے نمازِ فجر باجماعت پڑھی اس کو

146- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 454 رقم الحديث: 656' وذكر ابن حبان في صحيحه جلد 5 صفحه 408 رقم الحديث: 2060 كلاهما عن عثمان بن عفان به' وانظر شرح النووي على صحيح مسلم جلد 6

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ، وَمَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى النَّهَارَ كُلَّهُ

سارا دن نماز پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

147 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَكَانَ قَلِيلَ الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ كَمَا أُمِرَ، وَصَلَّى كَمَا أُمِرَ، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ حضور ﷺ کی حدیث بہت کم بیان کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے وضو کیا جس طرح اللہ نے حکم دیا اور نماز پڑھی جس طرح پڑھنے کا حق ہے تو اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں گے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔

نِسْبَةُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَهِدَ بَدْرًا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نسب (آپ بدر میں شریک ہوئے تھے) علی بن ابوطالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے

يُكَنَّى اَبَا الْحَسَنِ

148 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: بَلَغَنِي بَنُو هَاشِمٍ: اَنَّ اَبَا طَالِبٍ اسْمُهُ: عَبْدُ مَنَافِ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُ الْمُطَّلِبِ اسْمُهُ: شَيْبَةُ بْنُ هَاشِمٍ، وَهَاشِمُ اسْمُهُ: عَمْرُو بْنُ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيٍّ، وَقُصَيٌّ اسْمُهُ: زَيْدٌ

149 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَحْمَدَ الْخُزَاعِيُّ الْمَكِّيُّ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: اُمُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيٍّ، وَيُقَالُ: اِنَّهَا اَوَّلُ هَاشِمِيَّةٍ وَلَدَتْ لِهَاشِمِيٍّ، وَقَدْ اَسْلَمَتْ، وَهَاجَرَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، وَمَاتَتْ، وَدَفَنَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ هَرِمِ بْنِ رَوَاحَةَ بْنِ حُجْرِ بْنِ عَبْدِ مُعْرِضِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے

حضرت امام عبداللہ بن احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ حضرت ابوطالب کا نام عبدمناف بن عبدالمطلب ہے اور حضرت عبدالمطلب کا نام شیبہ بن ہاشم ہے اور حضرت ہاشم کا نام عمرو بن عبدمناف بن قصی اور قصی کا نام زید ہے۔

حضرت زبیر بن بکار فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہے۔ کہا جاتا ہے: یہ پہلی ہاشمی عورت تھی جن کے ہاں ہاشمی پیدا ہوا ہے' آپ اسلام لائی تھیں' حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت کی اور مدینہ میں آپ کا وصال ہوا' آپ کو رسول اللہ ﷺ نے دفن کیا' حضرت فاطمہ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت ھرم بن رواحہ بن حجر بن عبدمعرض بن عامر بن لوی ہے۔

صِفَةُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

150 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ لِي اَبِي: يَا عَمْرُو فَانْظُرْ اِلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ فَلَمْ اَرَهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ، ضَخْمَ الرَّاْسِ

151 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' میرے والد نے مجھے کہا: اے عمرو! امیرالمؤمنین کو دیکھو! میں نے آپ کی داڑھی پر خضاب نہیں دیکھا' آپ کا سر انور بڑا تھا۔

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْیَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْیَةِ، وَعَلَیْهِ اِزَارٌ وَرِدَاءٌ

علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے' آپ نے تہبند پہنا ہوا تھا اور چادر لی ہوئی تھی۔

152 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا یُوسُفُ بْنُ یَعْقُوبَ الصَّفَّارُ، ثنا حَمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَیَّاطُ، عَنِ ابْنِ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَی الْمِنْبَرِ اَبْیَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْیَةِ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا' آپ کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔

153 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِیلَ، قَالَ: اَخْبَرَنِی اَبُو اِسْحَاقَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ اَبِی اِلَی الْجُمُعَةِ وَاَنَا غُلَامٌ، فَلَمَّا خَرَجَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، قَالَ لِی اَبِی: قُمْ اَیْ عَمْرُو فَانْظُرْ اِلَی اَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ، قَالَ: فَقُمْتُ، فَاِذَا هُوَ قَائِمٌ عَلَی الْمِنْبَرِ، فَاِذَا هُوَ اَبْیَضُ اللِّحْیَةِ وَالرَّاْسِ، عَلَیْهِ اِزَارٌ وَرِدَاءٌ لَیْسَ عَلَیْهِ قَمِیصٌ قَالَ: فَمَا رَاَیْتُهُ جَلَسَ عَلَی الْمِنْبَرِ حَتَّی نَزَلَ عَنْهُ، قُلْنَا لِاَبِی اِسْحَاقَ: فَهَلْ قَنَتَ؟ قَالَ: لَا

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ جمعہ پڑھنے کے لیے نکلا' میں بچہ تھا' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' میرے والد نے مجھے کہا: اے عمرو! اُٹھو! امیر المؤمنین کو دیکھو! میں کھڑا ہوا تو آپ منبر پر تشریف فرما تھے' آپ کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے' آپ نے تہبند اور چادر پہنی ہوئی تھی اور چادر اوپر لی ہوئی تھی' آپ نے قمیص نہیں پہنی تھی' میں نے آپ کو منبر سے نیچے اُترنے تک دیکھا تو میں نے ابواسحاق سے عرض کی: کیا آپ نے قنوت پڑھی؟ فرمایا: نہیں!

154 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ وَکِیعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنِی شَرِیكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا تَزَوَّجَ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زَوَّجْتَنِیهِ اُعَیْمِشَ عَظِیمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے میری شادی بڑے پیٹ والے سے کی ہے! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے آپ کی شادی ایسے صحابی سے کی ہے جو سب سے پہلے اسلام لائے

لَقَدْ زَوَّجْتُكِهِ وَاِنَّهُ لَاَوَّلُ اَصْحَابِي سِلْمًا، وَاَكْثَرُهُمْ عِلْمًا، وَاَعْظَمُهُمْ حِلْمًا

تھے' ان کے پاس علم بھی زیادہ ہے اور بردباری بھی بڑی ہے۔

155 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: قَالَ وَكِيعٌ: كِلَاهُمَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ اَبْيَضَ اللِّحْيَةِ قَدْ مَلَاتْ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ زَادَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ فِي حَدِيثِهِ: عَلَى رَاْسِهِ زُغَيْبَاتٌ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا' آپ کی داڑھی کے بال سفید تھے' دونوں کندھوں کے درمیان گوشت تھا۔ یحییٰ بن سعید نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ کے سر کے بال زیادہ تھے۔

156 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: يُقَالُ: كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ آدَمَ رَبْعَةً مُسْمِنًا، ضَخْمَ الْمَنْكِبَيْنِ، طَوِيلَ اللِّحْيَةِ، اَصْلَعَ، عَظِيمَ الْبَطْنِ، غَلِيظَ الْعَيْنَيْنِ، اَبْيَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ درمیانے قد کے تھے' دونوں کندھوں کے درمیان گوشت تھا' داڑھی بڑی تھی' پیٹ بڑا تھا' آنکھیں موٹی تھیں' سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔

157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا اِسْحَاقَ اَنْتَ اَكْبَرُ مِنَ الشَّعْبِيِّ؟ فَقَالَ لِي: الشَّعْبِيُّ اَكْبَرُ مِنِّي بِسَنَةٍ، اَوْ سَنَتَيْنِ قَالَ: وَرَاَى اَبُو اِسْحَاقَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكَانَ يَصِفُهُ لَنَا عَظِيمَ الْبَطْنِ اَجْلَحَ قَالَ شُعْبَةُ: وَكَانَ اَبُو اِسْحَاقَ اَكْبَرَ مِنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، وَلَمْ يُدْرِكْ اَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَلِيًّا وَلَمْ يَرَهُ

حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے ابواسحاق سے پوچھا: آپ شعبی سے بڑے ہیں؟ مجھے شعبی نے کہا: آپ مجھ سے ایک سال یا دو سال بڑے ہیں۔ حضرت ابواسحاق نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' ہم کو بتایا کہ آپ کا پیٹ بڑا تھا۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ ابواسحاق بختری سے بڑے تھے' ابوبختری نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات نہیں کی اور آپ کو دیکھا بھی نہیں ہے۔

158 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ،

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ میں نے ابن

حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، قَالَ: ذَكَرْتُ لِابْنِ مَسْعُودٍ قَوْلَ عَلِيٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَلَمْ تَرَ اِلَی رَاْسِهٖ كَالطَّسْتِ، وَاِنَّمَا حَوْلَهٗ كَالحِفَافِ

مسعود کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تُو نے آپ کا سر نہیں دیکھا' تھال کی طرح ہے اور آپ کے سر کے بال نہیں تھے' اس کے چاروں طرف بالوں کا گھیرا ہے۔

159 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِیُّ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا اَبِی، عَنْ اَبِی رَجَاءٍ الْعُطَارِدِیِّ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، مُسْمِنًا اَصْلَعَ الشَّعْرِ، كَاَنَّ بِجَانِبِهٖ اِهَابُ شَاةٍ

حضرت ابورجاء عطاردی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے سر کے اگلے حصے میں بال نہیں تھے' ایسے محسوس ہوتا تھا آپ کے سر کے اردگرد بکری کی کھال کے بال ہیں (یعنی سخت بال تھے)۔

سِنُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ وَوَفَاتُهٗ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کے وصال کے بیان میں

160 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِیُّ، ثنا يَحْيَی بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: اَسْلَمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ

حضرت عمرو بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب اسلام لائے اُس وقت آپ کی عمر 8 سال تھی۔

161 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، اَخْبَرَنِی قَتَادَةُ، عَنِ الْحَسَنِ، وَغَيْرِهٖ، قَالَ: فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ آمَنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، اَوْ سِتَّ عَشْرَةَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے اسلام حضرت علی رضی اللہ عنہ لائے تھے' اس وقت آپ کی عمر 15 یا 16 سال تھی۔

162 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَی بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قُتِلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، يَوْمَ سَبْعَةَ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، سَنَةَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا جمعہ کے دن' 13 رمضان 40 ہجری کو۔

اَرْبَعِينَ

163 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْقَزَّازُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت امام جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' آپ کی عمر اُس وقت 63 سال تھی۔

164 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَلِيٌّ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی۔

165 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَوَانَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَحُمِلَ اِلَى مَنْزِلِهِ، اَتَاهُ الْعُوَّادُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: كُلُّ امْرِءٍ مُلَاقٍ مَا يَفِرُّ مِنْهُ فِي فِرَارِهِ، وَالْاَجَلُ مُسَاقُ النَّفْسِ، وَالْهَرَبُ مِنْ آفَاتِهِ كَمْ اَطْرَدْتُ الْاَيَّامَ اَبْحَثُهَا عَنْ مَكْنُونِ هٰذَا الْاَمْرِ وَاَبَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، اِلَّا اِخْفَاءَهُ هَيْهَاتَ عِلْمٌ مَخْزُونٌ، اَمَّا وَصِيَّتِي اِيَّاكُمْ فَاللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، لَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَمُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُضَيِّعُوا سُنَّتَهُ، اَقِيمُوا هٰذَيْنِ الْعَمُودَيْنِ، وَخَلَاكُمْ ذَمٌّ مَا لَمْ يُشَرَّدُوا، وَاُحْمِلَ كُلُّ امْرِءٍ مَجْهُودَهُ، وَخُفِّفَ عَنِ الْجَهَلَةِ بِرَبٍّ رَحِيمٍ، وَدِينٍ قَوِيمٍ وَاِمَامٍ عَلِيمٍ، كُنَّا فِي رِيَاحٍ

عوانہ بن حکم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جب عبدالرحمٰن بن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مارا اور آپ کو اُٹھا کر اپنے گھر لایا گیا تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھا پھر فرمایا: ہر آدمی جس چیز سے بھاگنے والا ہے اسی بھاگنے میں اس چیز سے ملنے والا ہے' موت' نفس کو ہانکنے والا ہے' اس کی آفات سے بھاگنا' میں نے دنوں کو کتنا دور کیا' جن کو میں اس کام کے پوشیدہ ہونے میں تلاش کر لیتا ہوں' اللہ نے اس کو چھپانے کو پسند نہ کیا' پوشیدہ علم دور ہو گیا' لیکن میری تمہیں وصیت یہ ہے کہ کسی کو اللہ کا شریک نہ بناؤ' محمد ﷺ کی سنت کو کسی حال میں ضائع نہ کرو' ان دونوں ستونوں کو کھڑا رکھو' وہ لوگ تمہاری بُرائی بیان نہ کریں' جو منتشر نہیں ہیں۔ ہر آدمی صرف اسی چیز کا ذمہ دار ہوگا جو اس نے کوشش کی ہے' ربِ رحیم' دین قویم اور جاننے والے امام سے جو لوگ جاہل ہیں' ان سے تخفیف

وَذَرِيِّ اَغْصَانٍ، وَتَحْتَ ظِلِّ غَمَامَةٍ اضْمَحَلَّ مَرْكَزُهَا فَيَحُطُّهَا عَانٍ، جَاوَرَكُمْ تُدْنِي اَيَّامًا تِبَاعًا، ثُمَّ هَوًى فَسَتُعْقَبُونَ مِنْ بَعْدِهِ جُثَّةً خَوَاءً سَاكِنَةً بَعْدَ حَرَكَةٍ كَاظِمَةً، بَعْدَ نُطُوقٍ، اِنَّهُ اَوْعَظُ لِلْمُعْتَبِرِينَ مِنْ نُطْقِ الْبَلِيغِ، وَدَاعِيكُمْ دَاعِي مُرْصَدٍ لِلتَّلَاقِ غَدًا تَرَوْنَ اَيَّامِي، وَيُكْشَفُ عَنْ سَرَائِرِي لَنْ يُحَابِيَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، اِلَّا اَنْ اَتَزَلَّفَهُ بِتَقْوَى فَيَغْفِرَ عَنْ فَرَطٍ مَوْعُودٍ عَلَيْكُمُ السَّلَامُ اِلَى يَوْمِ اللِّزَامِ اِنْ اَبْقَ، فَاَنَا وَلِيُّ دَمِي، وَاِنْ افْنَ فَالْفَنَاءُ مِيعَادِي، الْعَفْوُ لِي قُرْبَةٌ، وَلَكُمْ حَسَنَةٌ، فَاعْفُوا عَفَا اللّٰهُ عَنَّا وَعَنْكُمْ (اَلَا تُحِبُّونَ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ، وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (النور: 22) ثُمَّ قَالَ:

(البحر الكامل)

عِشْ مَا بَدَا لَكَ، قَصْرُكَ الْمَوْتُ ... لَا مُرَحِّلٌ عَنْهُ، وَلَا فَوْتُ

بَيْنَا غِنَى بَيْتٍ وَبَهْجَةٍ ... زَالَ الْغِنَى وَتَقَوَّضَ الْبَيْتُ

يَا لَيْتَ شِعْرِي مَا يُرَادُ بِنَا ... وَلَقَلَّ مَا يُجْدِي التَّلَيُّتُ

ہوگی، ہم آندھیوں، پتلی شاخوں اور بادلوں کے سایہ کے نیچے ہیں، جس کا مرکز کمزور ہے اور وہ گر جائے گا۔ وہ تمہارے پاس آئے گی، تمہیں ایسے دنوں کے قریب کر دے گی جو اتباع والے ہوں گے، پھر خواہشات ہیں، اس کے بعد تمہارا انجام ہے، حرکت جثہ ہے جبکہ اس سے پہلے حرکت بھی ہے، بولنا بھی ہے، بے شک یہ اُن لوگوں کے لیے نصیحت ہے جو بلاغت والی زبان سے عبرت حاصل کرنے والے ہیں۔ تمہیں ملاقات کے دن کے لیے بلانے والی ہے، جیسے گھات میں بیٹھا آدمی پکارتا ہے۔ میرے دنوں کو تم دیکھو گے، میری پوشیدہ چیزوں سے پردہ ہٹایا جائے گا، میرا رب مجھے اسی وقت پسند فرمائے گا جب میں تقویٰ لے کر اس کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا، پس وہ فرطِ موعود کو بخش دے گا۔ قیامت کے دن تک تم سب لوگوں پر سلام! اگر میں دنیا پر باقی رہا تو اپنے خون کو خود ولی ہوں اور اگر دنیا سے کوچ کر گیا تو اس کا تو پہلے وعدہ کیا گیا ہے، معاف کرنا میرے نزدیک عبادت ہے اور تمہارے لیے نیکی ہے، پس معاف کرنے کو اپنی عادت بنانا، اللہ ہم تم سب کو معاف فرمائے، کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ ان کے بدلے اللہ تمہیں بخش دے اور اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔ پھر فرمایا: (بحرِ کامل)

''زندہ رہ جب تک تیرے لیے زندگی ہے، تیری انتہاء موت ہے، نہ موت کو چھوڑ کر تو کسی راستہ کا مسافر بن سکتا ہے اور نہ موت سے گم ہو سکتا ہے،

اب گھر اور رونق کی صورت میں خوشحالی ہے' مالداری ختم ہو جائے گی اور گھر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے گا'

اے کاش! میرے شعران سے ہم کیا مراد لیں' کم ہی کبھی میں نے نفع دیا''۔

166 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّرَائِفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ حَدِيثِ ابْنِ مُلْجَمٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ وَاَصْحَابَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُلْجَمٍ وَالْبَرْكَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَمْرَو بْنَ بَكْرٍ التَّمِيمِيَّ، اجْتَمَعُوا بِمَكَّةَ فَذَكَرُوا اَمْرَ النَّاسِ، وَعَابُوا عَمَلَ وُلَاتِهِمْ، ثُمَّ ذَكَرُوا اَهْلَ النَّهَرِ فَتَرَحَّمُوا عَلَيْهِمْ، فَقَالُوا: وَاللّٰهِ مَا نَصْنَعُ بِالْبَقَاءِ بَعْدَهُمْ شَيْئًا، اِخْوَانُنَا الَّذِينَ كَانُوا دُعَاةَ النَّاسِ لِعِبَادَةِ رَبِّهِمُ الَّذِينَ كَانُوا لَا يَخَافُونَ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، فَلَوْ شَرَيْنَا اَنْفُسَنَا، فَاَتَيْنَا اَئِمَّةَ الضَّلَالَةِ فَالْتَمَسْنَا قَتْلَهُمْ، فَاَرَحْنَا مِنْهُمُ الْبِلَادَ وَثَاَرْنَا بِهِمْ اِخْوَانَنَا، قَالَ ابْنُ مُلْجَمٍ- وَكَانَ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ- : اَنَا اَكْفِيكُمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، وَقَالَ الْبَرْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَا اَكْفِيكُمْ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ التَّمِيمِيُّ: اَنَا اَكْفِيكُمْ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، فَتَعَاهَدُوا وَتَوَاثَقُوا بِاللّٰهِ، لَا يَنْكُصُ رَجُلٌ مِنْهُمْ عَنْ صَاحِبِهِ الَّذِي تَوَجَّهَ اِلَيْهِ حَتَّى يَقْتُلَهُ، اَوْ يَمُوتَ دُونَهُ، فَاَخَذُوا اَسْيَافَهُمْ، فَسَمُّوهَا وَاتَّعَدُوا لِسَبْعَ

حضرت اسماعیل بن راشد فرماتے ہیں: ابن ملجم (قاتلِ علی) پہ اللہ لعنت فرمائے اور اس کے ساتھیوں پر بھی! اس کی بات اس طرح ہے کہ عبدالرحمٰن بن ملجم' برک بن عبداللہ اور عمر بن بکر تمیمی مکہ میں اکٹھے ہوئے' اُنہوں نے لوگوں کے امر کا ذکر کیا اور ان کے حکمرانوں کے عمل کو عیب دار بنایا' پھر نہر والوں کا تذکرہ کیا' ان پر انہیں رحم آیا تو کہنے لگے: قسم بخدا! ان کے بعد ہم کوئی چیز باقی رکھ کر کیا کریں گے' ہمارے وہ بھائی جو اپنے رب کی عبادت کی وجہ سے لوگوں کے لیے دعا گو ہیں' وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے' پس ہم اگر اپنی جانوں کو خریدیں' ہم گمراہی کے اماموں کے پاس آئیں' ان کے قتل کی راہ تلاش کریں' ملکوں اور شہروں کو ان سے راحت دلا دیں اور ان سے اپنے بھائیوں کا بدلہ لے لیں۔ ابن ملجم بولا وہ مصری تھا: میں علی بن ابوطالب کو کافی ہوں۔ برک بن عبداللہ نے کہا: میں معاویہ بن ابوسفیان کو بہت ہوں' اور عمرو بن بکر تمیمی نے کہا: میں عمرو بن عاص کے لیے کفایت کرتا ہوں۔ پس اُنہوں نے باہم معاہدہ کیا اور اللہ کے نام پر اس کو پکا

عَشْرَةَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اَنْ يَثِبَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ عَلَى صَاحِبِهِ الَّذِي تَوَجَّهَ اِلَيْهِ، وَاَقْبَلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ اِلَى الْمِصْرِ الَّذِي فِيهِ صَاحِبُهُ الَّذِي يَطْلُبُ، فَاَمَّا ابْنُ الْمُلْجَمِ الْمُرَادِيُّ، فَاَتَى اَصْحَابَهُ بِالْكُوفَةِ وَكَاتَمَهُمْ اَمْرَهُ كَرَاهِيَةَ اَنْ يُظْهِرُوا شَيْئًا مِنْ اَمْرِهِ، وَاَنَّهُ لَقِيَ اَصْحَابًا لَهُ مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ وَقَدْ قَتَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْهُمْ عِدَّةً يَوْمَ النَّهْرِ، فَذَكَرُوا قَتْلَاهُمْ فَتَرَحَّمُوا عَلَيْهِمْ، قَالَ: وَلَقِيَ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ امْرَاَةً مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ يُقَالُ لَهَا قَطَامُ بِنْتُ شِخْنَةَ وَقَدْ قَتَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبَاهَا، وَاَخَاهَا يَوْمَ النَّهْرِ، وَكَانَتْ فَائِقَةَ الْجَمَالِ، فَلَمَّا رَآهَا الْتَبَسَتْ بِعَقْلِهِ وَنَسِيَ حَاجَتَهُ الَّتِي جَاءَ لَهَا، فَخَطَبَهَا، فَقَالَتْ: لَا اَتَزَوَّجُ حَتَّى تَشْتَفِيَ لِي، قَالَ: وَمَا تَشَائِينَ؟ قَالَتْ: ثَلَاثَةُ آلَافٍ، وَعَبْدٌ، وَقَيْنَةٌ، وَقَتْلُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: هُوَ مَهْرٌ لَكِ، فَاَمَّا قَتْلُ عَلِيٍّ فَمَا اَرَاكِ ذَكَرْتِيهِ لِي وَاَنْتِ تُرِيدِينَهُ؟ قَالَتْ: بَلَى، فَالْتَمِسْ غِرَّتَهُ فَاِنْ اَصَبْتَهُ شَفَيْتَ نَفْسَكَ وَنَفْسِي، وَنَفَعَكَ الْعَيْشُ مَعِي، وَاِنْ قُتِلْتَ فَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَزِبْرِجِهَا، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِي اِلَى هَذَا الْمِصْرِ اِلَّا قَتْلُ عَلِيٍّ، قَالَتْ: فَاِذَا اَرَدْتَ ذَلِكَ فَاَخْبِرْنِي حَتَّى اَطْلُبَ لَكَ مَنْ يَشُدُّ ظَهْرَكَ، وَيُسَاعِدُكَ عَلَى اَمْرِكَ، فَبَعَثَتْ اِلَى رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهَا مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ، يُقَالُ لَهُ: وَرْدَانُ، فَكَلَّمَتْهُ، فَاَجَابَهَا، وَاَتَى ابْنُ مُلْجَمٍ رَجُلًا مِنْ

کیا' ان میں سے کوئی آدمی اپنے ساتھی جس کی طرف اس نے منہ کیا ہے' سے پیچھے نہیں ہٹے گا یہاں تک کہ اسے قتل کر ڈالے یا اس کے سامنے خود مر جائے۔ اُنہوں نے اپنی تلواریں سنبھالیں' ان کو زہر میں بجھایا اور دل سے وعدہ کر لیا کہ ہر آدمی نے سترہ رمضان شریف کو اپنے مقرر کردہ آدمی پر حملہ کر دینا ہے اور ان میں سے ہر آدمی اس شہر کی طرف چل پڑا جس میں اس کا مطلوبہ بندہ تھا' لیکن ابن ملجم مرادی اپنے کوفی ساتھیوں کے پاس آیا' لیکن اپنے اس کام کو اُن سے پوشیدہ رکھا' اپنے کام میں سے کسی شی کو اُن پر ظاہر کرنے کو ناپسند کرتے ہوئے۔ وہ تیم الرباب قبیلہ کے اپنے دوستوں سے ملا جبکہ حضرت علی بن ابوطالب نہر کے دن ان میں سے کئی کو قتل کیا تھا' اُنہوں نے اپنے مقتولوں کا ذکر بھی کیا' ان پر رحم کا اظہار بھی کیا۔ راوی کا بیان ہے: وہ اسی دن ہی تیم الرباب قبیلے کی عورت قطام بنت شخنہ سے بھی ملا' جس کے باپ اور بھائی کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہر کے دن قتل کیا تھا' وہ عورت انتہائی خوبصورت تھی' پس ابن ملجم نے جب اسے دیکھا تو وہ اس کی عقل سے چمٹ گئی۔ وہ جس کام کے لیے آیا تھا وہ کام بھول گیا اور اسے نکاح کی دعوت دے بیٹھا' اُس نے جواب دیا: میں ایک شرط پہ تجھ سے شادی کروں گی کہ تُو میرا دل ٹھنڈا کرے' میرے دشمن کو مار کر۔ اس نے کہا: تیری خواہش کیا ہے؟ اُس نے کہا: تین ہزار درہم' ایک غلام' ایک لونڈی اور قتلِ علی اور

اَشْجَعَ يُقَالُ لَهُ: شَبِيبُ بْنُ نَجْدَةَ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ فِي شَرَفِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قَتْلُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ، لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِدًّا، كَيْفَ تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ؟ قَالَ: اَكْمُنُ لَهُ فِي السَّحَرِ فَاِذَا خَرَجَ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ شَدَدْنَا عَلَيْهِ فَقَتَلْنَاهُ، فَاِنْ نَجَوْنَا شَفَيْنَا اَنْفُسَنَا وَاَدْرَكْنَا ثَارَنَا، وَاِنْ قُتِلْنَا فَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَزِبْرِجِ اَهْلِهَا، قَالَ: وَيْحَكَ لَوْ كَانَ غَيْرَ عَلِيٍّ كَانَ اَهْوَنَ عَلَيَّ، قَدْ عَرَفْتُ بَلَاءَهُ فِي الْاِسْلَامِ، وَسَابِقَتَهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا اَجِدُنِي انْشَرِحُ لِقَتْلِهِ، قَالَ: اَمَا تَعْلَمُ اَنَّهُ قَتَلَ اَهْلَ النَّهَرِ الْعُبَّادَ الْمُصَلِّينَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَقَتْلُهُ بِمَا قَتَلَ مِنْ اِخْوَانِنَا، فَاَجَابَهُ فَجَاءُوا حَتَّى دَخَلُوا عَلَى قَطَامِ وَهِيَ فِي الْمَسْجِدِ الْاَعْظَمِ مُعْتَكِفَةٌ فِيهِ، فَقَالُوا لَهَا: قَدْ اَجْمَعَ رَاْيُنَا عَلَى قَتْلِ عَلِيٍّ، قَالَتْ: فَاِذَا اَرَدْتُمْ ذَلِكَ فَائْتُونِي، فَجَاءَ، فَقَالَ: هَذِهِ اللَّيْلَةُ الَّتِي وَاعَدْتُ فِيهَا صَاحِبِي اَنْ يَقْتُلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا صَاحِبَهُ، فَدَعَتْ لَهُمْ بِالْحَرِيرِ فَعَصَّبَتْهُمْ، وَاَخَذُوا اَسْيَافَهُمْ وَجَلَسُوا مُقَابِلَ السُّدَّةِ الَّتِي يَخْرُجُ مِنْهَا عَلِيٌّ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَجَعَلَ يُنَادِي: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، فَشَدَّ عَلَيْهِ شَبِيبٌ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ، فَوَقَعَ السَّيْفُ بِعِضَادَةِ الْبَابِ - اَوْ بِالطَّاقِ - فَشَدَّ عَلَيْهِ ابْنُ مُلْجَمٍ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ فِي قَرْنِهِ، وَهَرَبَ وَرْدَانُ حَتَّى دَخَلَ مَنْزِلَهُ، وَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي اُمِّهِ، وَهُوَ يَنْزِعُ الْحَرِيرَ

بس۔ اس نے کہا: یہ تیرا مہر ہوا' باقی علی کا قتل تو اس حوالے سے میرا خیال نہیں تھا کہ تُو مجھ سے اس کا ذکر کرے گی اور تُو دل سے اس کو چاہتی ہے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! اس کی شکل تلاش کر! پس اگر تُو اس میں کامیاب ہوا تو اپنے آپ کو اور مجھے مطمئن کرے گا اور میری زندگی سے نفع اُٹھائے گا اور اگر تُو قتل ہوا تو اللہ کے نزدیک دنیا اور دنیا والوں کی زینت سے بہتر ہے۔ ابن ملجم نے کہا: اس شہر میں میرے آنے کی غرض ہی علی کا قتل ہے۔ اس عورت نے کہا: پس اس کام کا اگر تیرا واقعی ارادہ ہے تو مجھے بتا! یہاں تک کہ اس کام پر تیرا معاون و مددگار تلاش کروں' اس تیم الرباب میں سے اپنی قوم کے ایک آدمی وِردان کی طرف پیغام بھیجا۔ عورت نے اس سے بات کی تو وہ مان گیا۔ ابن ملجم اشجع قبیلے کے ایک آدمی کی طرف آیا جس کا نام شبیب بن نجدہ تھا' اُس نے کہا: دنیا و آخرت میں تیرے لیے کیا بزرگی ہے؟ اس نے کہا: تیرا مطلب کیا ہے؟ اس نے کہا: قتلِ علی! اس نے کہا: تیری ماں تجھے روئے! تُو عجیب بات لایا ہے' تو اُن کے قتل پر کیسے قادر ہوگا؟ اس نے کہا: میں سحری کے وقت چھپ جاؤں گا' پس جب وہ صبح کی نماز کے لیے نکلیں گے تو ہم ان پر حملہ کر کے ان کو قتل کر دیں گے' پس اگر ہم نے نجات پائی تو ہم نے اپنے دلوں کو مطمئن کیا اور اپنا بدلہ لے لیا' اگر ہم قتل ہوئے تو اللہ کے ہاں دنیا اور اس کی زینت سے بہتر ہے۔ اس نے کہا: تُو ہلاک ہو! اگر علی کے علاوہ کوئی بھی

وَالسَّيْفَ عَنْ صَدْرِهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا السَّيْفُ وَالْحَرِيرُ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ، فَذَهَبَ إِلَى مَنْزِلِهِ فَجَاءَ بِسَيْفِهِ فَضَرَبَهُ، حَتَّى قَتَلَهُ وَخَرَجَ شَبِيبٌ نَحْوَ بَوَابِ كِنْدَةَ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ إِلَّا أَنَّ رَجُلًا مِنْ حَضْرَمَوْتَ يُقَالُ لَهُ: عُوَيْمِرٌ ضَرَبَ رِجْلَهُ بِالسَّيْفِ فَصَرَعَهُ وَجَثَمَ عَلَيْهِ الْحَضْرَمِيُّ، فَلَمَّا رَأَى النَّاسَ قَدْ قَبَلُوا فِي طَلَبِهِ، وَسَيْفُ شَبِيبٍ فِي يَدِهِ خَشِيَ عَلَى نَفْسِهِ فَتَرَكَهُ، فَنَجَا بِنَفْسِهِ وَنَجَا شَبِيبٌ فِي غِمَارِ النَّاسِ، وَخَرَجَ ابْنُ مُلْجَمٍ فَشَدَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ هَمْدَانَ يُكَنَّى: أَبَا آدَمَا فَضَرَبَ رِجْلَهُ وَصَرَعَهُ، وَتَأَخَّرَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَدَفَعَ فِي ظَهْرِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ بْنِ أَبِي وَهْبٍ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ الْغَدَاةَ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، وَذَكَرُوا أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حُنَيْفٍ قَالَ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأُصَلِّي تِلْكَ اللَّيْلَةَ الَّتِي ضُرِبَ فِيهَا عَلِيٌّ فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ، قَرِيبًا مِنَ الثِّقَةِ فِي رِجَالٍ كَثِيرٍ مِنْ أَهْلِ الْمِصْرِ مَا فِيهِمْ إِلَّا قِيَامٌ وَرُكُوعٌ وَسُجُودٌ وَمَا يَسْأَمُونَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ إِلَى آخِرِهِ، إِذْ خَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَجَعَلَ يُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، فَمَا أَدْرِي أَتَكَلَّمَ بِهَذِهِ الْكَلِمَاتِ أَوْ نَظَرْتُ إِلَى بَرِيقِ السُّيُوفِ، وَسَمِعْتُ: الْحُكْمُ لِلَّهِ، لَا لَكَ يَا عَلِيُّ وَلَا لِأَصْحَابِكَ، فَرَأَيْتُ سَيْفًا، ثُمَّ رَأَيْتُ نَاسًا، وَسَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: لَا يَفُوتُكُمُ الرَّجُلُ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، فَلَمْ أَبْرَحْ حَتَّى أُخِذَ ابْنُ

ہوتا تو مجھ پر آسان تھا' میں اچھی طرح واقف ہوں کہ اسلام میں ان کی آزمائش نبی کریم ﷺ کے ساتھ ساتھ رہنا' میں اس کے قتل کے لیے انشراحِ صدر نہیں پاتا ہوں۔ اس نے کہا: کیا تُو یہ نہیں جانتا ہے کہ انہوں نے نہر والوں میں سے کیسے کیسے عابد اور نمازی قتل کیے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! اس نے کہا: ان کا قتل بدلہ ہوگا' ہمارے ان بھائیوں کا جن کو اُنہوں نے قتل کیا۔ وہ ما گیا' پس وہ آئے یہاں تک کہ قطامہ کے گھر میں داخل ہوئے جبکہ وہ بڑی مسجد میں اعتکاف میں تھی' اُنہوں نے اس سے کہا: حضرت کے قتل پر ہم سب کی رائے ایک ہوگئی ہے' اس نے کہا: پس جب تم نے ارادہ کرلیا ہے تو میرے پاس آنا' پس ابن ملجم آیا' اُس نے کہا: آج وہ رات ہے جس میں میں نے اپنے ساتھیوں کو وعدہ دیا کہ ہم میں سے ہر ایک اپنے آدمی کو قتل کرے گا۔ اس عورت نے ان کے لیے ریشم منگوایا اور ان کے سینوں پر باندھ دیا' اُنہوں نے اپنی اپنی تلواریں پکڑیں اور اس دیوار کے مقابل بیٹھ گئے جس دروازے سے آپ رضی اللہ عنہ نے نکلنا تھا' پس حضرت علی رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لیے باہر تشریف لائے' آپ آواز دینے لگے: نماز تیار ہے! نماز کے لیے چلو! پہلے شبیب نے حملہ کیا' اس نے تلوار کا ایک وار کیا تو اس کی تلوار طاق سے جا ٹکرائی' پھر اس کے بعد ابن ملجم نے حملہ کیا اُس نے آپ رضی اللہ عنہ کی کنپٹی پر تلوار ماری' جبکہ وردان بھاگ گیا یہاں تک کہ اپنے گھر جا داخل ہوا' اس

مُلْجَمٍ فَأُدْخِلَ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَدَخَلْتُ فِيمَنْ دَخَلَ مِنَ النَّاسِ، فَسَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، اِنْ هَلَكْتُ فَاقْتُلُوهُ كَمَا قَتَلَنِي، وَاِنْ بَقِيتُ رَأَيْتُ فِيهِ رَأْيِي، وَلَمَّا أُدْخِلَ ابْنُ مُلْجَمٍ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، اَلَمْ أُحْسِنْ اِلَيْكَ؟ اَلَمْ اَفْعَلْ بِكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلَى هٰذَا؟ قَالَ: شَحَذْتُهُ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَسَأَلْتُ اللّٰهَ اَنْ يَقْتُلَ بِهِ شَرَّ خَلْقِهِ، قَالَ لَهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا اُرَاكَ اِلَّا مَقْتُولًا بِهِ، وَمَا اُرَاكَ اِلَّا مِنْ شَرِّ خَلْقِ اللّٰهِ، وَكَانَ ابْنُ مُلْجَمٍ مَكْتُوفًا بَيْنَ يَدَيِ الْحَسَنِ، اِذْ نَادَتْهُ اُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ عَلِيٍّ وَهِيَ تَبْكِي: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، اِنَّهُ لَا بَأْسَ عَلَى اَبِي، وَاللّٰهُ مُخْزِيكَ، قَالَ: فَعَلَامَ تَبْكِينَ؟ وَاللّٰهِ لَقَدِ اشْتَرَيْتُهُ بِاَلْفٍ، وَسَمَّمْتُهُ بِاَلْفٍ، وَلَوْ كَانَتْ هٰذِهِ الضَّرْبَةُ لِجَمِيعِ اَهْلِ الْمِصْرِ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ اَحَدٌ سَاعَةً، وَهٰذَا اَبُوكِ بَاقِيًا حَتَّى الْآنَ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اِنْ بَقِيتُ رَأَيْتُ فِيهِ رَأْيِي، وَاِنْ هَلَكْتُ مِنْ ضَرْبَتِي هٰذِهِ فَاضْرِبْهُ ضَرْبَةً، وَلَا تُمَثِّلْ بِهِ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْهَى عَنِ الْمُثْلَةِ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُورِ وَذَكَرَ اَنَّ جُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ دَخَلَ عَلَى عَلِيٍّ يَسْأَلُ بِهِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اِنْ فَقَدْنَاكَ وَلَا نَفْقُدُكَ فَنُبَايِعُ الْحَسَنَ؟ قَالَ: مَا آمُرُكُمْ، وَلَا اَنْهَاكُمْ اَنْتُمْ اَبْصَرُ، فَلَمَّا قُبِضَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى ابْنِ مُلْجَمٍ، فَأُدْخِلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ

کی ماں کے بیٹوں میں سے ایک اس کے پاس آیا' وہ اپنے سینے سے ریشم اور تلوار اُتار رہا تھا۔ اُس نے پوچھا: یہ تلوار اور ریشم کیا ہے؟ اس نے ساری خبر دی' وہ اپنے گھر جا کر اپنی تلوار لایا اور اس کا سر قلم کر دیا۔ شبیب کندہ قبیلہ کے دروازوں کی طرف نکلا اور لوگوں نے اس پر حملہ کر دیا مگر حضر موت کے ایک عویمر نامی آدمی نے اس کی ٹانگ پر تلوار مار کر اُسے گرا دیا اور حضرمی نے اسے قابو کر لیا۔ پس جب لوگوں نے یہ صورتِ حال دیکھی تو وہ اس کی تلاش میں چلے۔ شبیب کی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی' اسے اپنی جان پر خوف ہوا تو اسے چھوڑ کر اپنی جان بچالی اور لوگوں کی بھیڑ میں شبیب کو بھاگ جانے کا موقع مل گیا۔ ابن ملجم وہاں سے نکلا تو ایک ہمدانی نے اس پر حملہ کیا جس کی کنیت ابوادما تھی' اُس نے اس کی ٹانگ پر تلوار مار کر اسے گرا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے (اُنہوں نے نماز نہیں پڑھائی) آپ رضی اللہ عنہ نے جعدہ بن ہبیرہ بن ابووہب کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر اُنہیں آگے کیا' پس اُنہوں نے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھائی' اس کے بعد لوگوں نے ابن ملجم پر ہر طرف سے حملہ کر دیا۔ راویوں نے ذکر کیا ہے کہ محمد بن حنیف کا قول ہے: قسم بخدا! میں نے اس رات میں جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ پر وار ہوا' بڑی مسجد میں اس دیوار کے قریب نماز پڑھ رہا تھا' مصر کے بہت سارے لوگوں کے اندر ہی (میں نے دیکھا) ان میں سے کوئی قیام میں ہے' کوئی رکوع میں تو کوئی سجود میں' وہ

لَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ: هَلْ لَكَ فِي خَصْلَةٍ؟ إِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَعْطَيْتُ اللّٰهَ عَهْدًا اِلَّا وَفَّيْتُ بِهِ، اِنِّي كُنْتُ اَعْطَيْتُ اللّٰهَ عَهْدًا اَنْ اَقْتُلَ عَلِيًّا، وَمُعَاوِيَةَ اَوْ اَمُوتَ دُونَهُمَا، فَاِنْ شِئْتَ خَلَّيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ، وَلَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِنْ لَمْ اَقْتُلْ اَنْ آتِيَكَ حَتّٰى اَضَعَ يَدِي فِي يَدِكَ، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا وَاللّٰهِ اَوْ تُعَايِنُ النَّارَ، فَقَدَّمَهُ فَقَتَلَهُ، ثُمَّ اَخَذَهُ النَّاسُ فَاَدْرَجُوهُ فِي بَوَارِي، ثُمَّ اَحْرَقُوهُ بِالنَّارِ، وَقَدْ كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا اُلْفِيَنَّكُمْ تَخُوضُونَ دِمَاءَ الْمُسْلِمِينَ، تَقُولُونَ: قُتِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ، قُتِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ، اَلَا لَا يُقْتَلُ بِي اِلَّا قَاتِلِي، وَاَمَّا الْبَرْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَعَدَ لِمُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَخَرَجَ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَشَدَّ عَلَيْهِ بِسَيْفِهِ وَاَدْبَرَ مُعَاوِيَةُ هَارِبًا، فَوَقَعَ السَّيْفُ فِي اِلْيَتِهِ، فَقَالَ: اِنَّ عِنْدِي خَبَرًا اُبَشِّرُكَ بِهِ، فَاِنْ اَخْبَرْتُكَ اَنَافِعِي ذٰلِكَ عِنْدَكَ؟ قَالَ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: اِنَّ اَخًا لِي قَتَلَ عَلِيًّا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، قَالَ: فَلَعَلَّهُ لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: بَلٰى، اِنَّ عَلِيًّا يَخْرُجُ لَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ يَحْرُسُهُ، فَاَمَرَ بِهِ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُتِلَ، فَبَعَثَ اِلَى السَّاعِدِيِّ وَكَانَ طَبِيبًا، فَنَظَرَ اِلَيْهِ فَقَالَ: اِنْ ضَرْبَتَكَ مَسْمُومَةٌ، فَاخْتَرْ مِنِّي اِحْدَى خَصْلَتَيْنِ: اِمَّا اَنْ اَحْمِيَ حَدِيدَةً فَاَضَعَهَا مَوْضِعَ السَّيْفِ، وَاِمَّا اَسْقِيَكَ شَرْبَةً تَقْطَعُ مِنْكَ الْوَلَدَ، وَتَبْرَأُ مِنْهَا، فَاِنَّ ضَرْبَتَكَ مَسْمُومَةٌ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: اَمَّا النَّارُ فَلَا صَبْرَ لِي عَلَيْهَا، وَاَمَّا انْقِطَاعُ الْوَلَدِ فَاِنَّ فِي

ساری رات رات کے پہلے حصہ سے آخری حصہ تک عبادت میں مصروف رہے۔ جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لیے تشریف لائے تو آپ نے (اپنی عادت کے مطابق) نداء دینا شروع کی: الصلوٰۃ الصلوٰۃ! میں صحیح طور پر اندازہ نہیں کر پا رہا ہوں کہ کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ کلمات کہے (اور میں نے سنے) یا میں نے تلواروں کی چمک کو دیکھا اور اُدھر میں نے کانوں سے سنا: حکم اللہ کے لیے ہے' تیرے لیے نہیں ہے' اے علی! آپ فرمانے لگے: آدمی تم سے جانے نہ پائے' لوگوں نے ہر طرف سے اس پر حملہ کر دیا' یہی صورتِ حال رہی یہاں تک کہ ابن ملجم گرفتار ہوا' اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں لایا گیا' میں بھی وہاں جانے والے لوگوں میں گھس گیا' میں نے حضرت علی کو فرماتے ہوئے سنا: جان کے بدلے جان ہے! اگر میں شہید ہو جاؤں تو اسے اسی طریقے سے قتل کرنا' جس طریقے سے اس نے مجھے شہید کیا اور اگر میں زندہ باقی رہا تو میں اپنی رائے قائم کروں گا۔ پس جب ابن ملجم کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ کے دشمن! کیا میں نے تجھ سے اچھا سلوک نہیں کیا؟ کیا میں نے تیرا وہ کام نہ کیا؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! آپ کی ساری باتیں درست ہیں۔ آپ نے فرمایا: تو پھر تجھے کس چیز نے اس کام کی حرص دلائی؟ اُس نے کہا: میں نے چالیس دن اپنی تلوار کو زہر میں بجھایا اور اللہ سے سوال کیا کہ میں اس

يَزِيدَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ، وَوَلَدِهِمَا مَا تَقَرُّ بِهِ عَيْنَيَّ، فَسَقَاهُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ الشَّرْبَةَ، فَبَرَأَ فَلَمْ يُولَدْ بَعْدُ لَهُ، فَأَمَرَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِالْمَقْصُورَاتِ، وَقِيَامِ الشُّرَطِ عَلَى رَأْسِهِ، وَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ: أَيْ بَنِيَّ أُوصِيكُمَا بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ عِنْدَ مَحِلِّهَا، وَحُسْنِ الْوُضُوءِ، فَإِنَّهُ لَا يُقْبَلُ صَلَاةٌ إِلَّا بِطَهُورٍ، وَأُوصِيكُمْ بِغَفْرِ الذَّنْبِ، وَكَظْمِ الْغَيْظِ، وَصِلَةِ الرَّحِمِ، وَالْحِلْمِ عَنِ الْجَهْلِ، وَالتَّفَقُّهِ فِي الدِّينِ، وَالتَّثَبُّتِ فِي الْأَمْرِ، وَتَعَاهُدِ الْقُرْآنِ، وَحُسْنِ الْجِوَارِ، وَالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَاجْتِنَابِ الْفَوَاحِشِ، قَالَ: ثُمَّ نَظَرَ إِلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ فَقَالَ: هَلْ حَفِظْتَ مَا أَوْصَيْتُ بِهِ أَخَوَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنِّي أُوصِيكَ بِمِثْلِهِ، وَأُوصِيكَ بِتَوْقِيرِ أَخَوَيْكَ لِعِظَمِ حَقِّهِمَا عَلَيْكَ، وَتَزْيِينِ أَمْرِهِمَا، وَلَا تَقْطَعْ أَمْرًا دُونَهُمَا، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: أُوصِيكُمَا بِهِ، فَإِنَّهُ شَقِيقُكُمَا، وَابْنُ أَبِيكُمَا، وَقَدْ عَلِمْتُمَا أَنَّ أَبَاكُمَا كَانَ يُحِبُّهُ، ثُمَّ أَوْصَى فَكَانَتْ وَصِيَّتُهُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، هٰذَا مَا أَوْصَى بِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَوْصَى أَنَّهُ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، أَرْسَلَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ، وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ، ثُمَّ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ

کے ساتھ اس کی مخلوق میں سے سب سے بُرے آدمی کو قتل کروں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: میں تجھے اس کے ساتھ مقتول خیال کرتا ہوں اور میرا خیال ہے کہ تُو ہی اللہ کی مخلوق میں سے سب سے بُرا ہے۔ ابن ملجم کا کندھا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے سامنے تھا جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا نے اُسے آواز دی اس حال میں کہ آپ رو رہی تھیں: اے اللہ کے دشمن! میرے باپ پر تو کوئی حرج نہیں (وہ تو شہید ہوئے) لیکن اللہ تجھے ضرور رسوا فرمائے گا۔ اُس نے کہا: تُو کس چیز پر روتی ہے؟ قسم ہے! میں نے اس تلوار کو ہزار کے بدلے خریدا' ہزار زہر لگانے پہ خرچ کیا' اگر اس کی یہ ضرب تمام مصریوں کے لیے ہوتی تو ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہتا' یہ تیرا باپ ہے جو ابھی باقی ہے۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر میں زندہ رہا تو میں اس میں اپنی رائے سے فیصلہ کروں گا اور میں اس ایک ضرب سے دنیا سے چلا گیا تو اسے ایک ہی وار سے مارنا' اس کا مثلہ نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ مثلہ سے منع فرماتے تھے' اگرچہ باؤلے کتے کا ہی کیوں نہ ہو۔ اور ذکر ہے کہ حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر پوچھنے لگے' کہا: اے امیر المؤمنین! اگر آپ ہم سے جدا ہو جائیں' اللہ کرے جدا نہ ہوں! تو ہم حضرت امام حسن کی بیعت کر

الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ أُوصِيكُمَا يَا حَسَنُ، وَيَا حُسَيْنُ، وَجَمِيعَ أَهْلِي وَوَلَدِي، وَمَنْ بَلَغَهُ كِتَابِي بِتَقْوَى اللَّهِ رَبِّكُمْ، وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ، وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا، وَلَا تَفَرَّقُوا، فَإِنِّي سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ صَلَاحَ ذَاتِ الْبَيْنِ أَعْظَمُ مِنْ عَامَّةِ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَانْظُرُوا إِلَى ذَوِي أَرْحَامِكُمْ فَصِلُوهُمْ يُهَوِّنُ اللَّهُ عَلَيْكُمُ الْحِسَابَ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْأَيْتَامِ لَا يَضِيعُنَّ بِحَضْرَتِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّهَا عَمُودُ دِينِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الزَّكَاةِ فَإِنَّهَا تُطْفِيءُ غَضَبَ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ فَأَشْرِكُوهُمْ فِي مَعَايِشِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْقُرْآنِ فَلَا يَسْبِقَنَّكُمْ بِالْعَمَلِ بِهِ غَيْرُكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي بَيْتِ رَبِّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَخْلُوَنَّ مَا بَقِيتُمْ، فَإِنَّهُ إِنْ تُرِكَ لَمْ تُنَاظَرُوا، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي أَهْلِ ذِمَّةِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا يُظْلَمُنَّ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي جِيرَانِكُمْ فَإِنَّهُمْ وَصِيَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِهِمْ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُمْ وَاللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنَّهُ وَصِيٌّ بِهِمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الضَّعِيفَيْنِ: نِسَائِكُمْ، وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، فَإِنَّ آخِرَ مَا تَكَلَّمَ بِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ قَالَ:

لیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہ میں تمہیں حکم دیتا ہوں نہ منع کرتا ہوں' تم زیادہ بصیرت والے ہو۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال باکمال ہوا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے ابن ملجم کی طرف آدمی بھیجا' اسے لایا گیا تو آپ سے ابن ملجم نے کہا: کیا تیری کوئی عادت ہے؟ بے شک میں زندگی میں جو بھی اللہ سے وعدہ کیا اسے پورا کیا' میں نے اللہ سے وعدہ کیا کہ علی کو شہید کر کے رہوں گا اور معاویہ کو بھی نہ چھوڑوں گا' یا ان دونوں کے مقابلے میں مر جاؤں گا' پس اگر آپ چاہیں تو میرے اور ان کے درمیان سے ہٹ جائیں' آپ کو اختیار ہے مجھ پر اگر میں قتل نہ ہوا تو آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے دوں گا۔ تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: نہیں! قسم بخدا! تُو ضرور آگ دیکھے گا۔ آپ نے آگے بڑھ کر ایک ہی وار سے اسے قتل کر دیا' پھر لوگوں نے اسے پکڑ کر بنجر زمین میں ڈالا' پھر اسے آگ سے جلا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا تھا: اے بنی عبدالمطلب! مسلمانوں کے خون میں گھستا ہوا تمہیں نہ پاؤں' تم کہتے پھرو! امیر المؤمنین ہو گئے! امیر المؤمنین شہید ہو گئے! خبردار! میرے بدلے میں صرف میرا قاتل ہی قتل کیا جائے گا۔ باقی رہا معاملہ برک بن عبداللہ کا تو وہ حضرت امیر معاویہ کی تاڑ میں جا بیٹھا' پس آپ صبح کی نماز کے لیے اپنے گھر سے باہر نکلے تو اس نے تلوار کے ساتھ حملہ کیا' حضرت امیر معاویہ تیزی سے

اُوصِيكُمْ بِالضَّعِيفَيْنِ: النِّسَاءُ، وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، لَا تَخَافُنَّ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، يَكْفِكُمْ مَنْ اَرَادَكُمْ وَبَغَى عَلَيْكُمْ، وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ، وَلَا تَتْرُكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ، فَيُوَلِّيَ اَمْرَكُمْ شِرَارُكُمْ، ثُمَّ تَدْعُونَ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ، عَلَيْكُمْ بِالتَّوَاصُلِ، وَالتَّبَاذُلِ، وَاِيَّاكُمْ وَالتَّقَاطُعَ، وَالتَّدَابُرَ، وَالتَّفَرُّقَ، وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى، وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ، حَفِظَكُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ، وَحَفِظَ فِيكُمْ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ وَاَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ لَمْ يَنْطِقْ اِلَّا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَتَّى قُبِضَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، فِي سَنَةِ اَرْبَعِينَ وَغَسَّلَهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، وَكُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ الْحَسَنُ تِسْعَ تَكْبِيرَاتٍ، وَوَلِيَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَمَلَهُ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، وَكَانَ ابْنُ مُلْجَمٍ قَبْلَ اَنْ يَضْرِبَ عَلِيًّا قَاعِدًا فِي بَنِي بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، اِذْ مُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةِ اَبْجَرَ بْنِ جَابِرٍ الْعِجْلِيِّ اَبِي حَجَّارٍ، وَكَانَ نَصْرَانِيًّا وَالنَّصَارَى حَوْلَهُ، وَاُنَاسٌ مَعَ حَجَّارٍ بِمَنْزِلَتِهِ فِيهِمْ، يَمْشُونَ فِي جَانِبٍ، اَمَامَهُمْ شَقِيقُ بْنُ ثَوْرٍ السُّلَمِيُّ، فَلَمَّا رَآهُمْ قَالَ: مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَاُخْبِرَ، ثُمَّ اَنْشَا يَقُولُ:

(البحر الطويل)

لَئِنْ كَانَ حَجَّارُ بْنُ اَبْجَرَ مُسْلِمًا ... لَقَدْ

پیچھے ہٹ گئے' تلواران کی پچھلی طرف لگی تو اُس نے کہا: بے شک میرے پاس خوشخبری ہے' آپ کو سناؤں! پس اگر میں تجھے وہ خبر دوں تو کیا تیرے پاس کوئی فائدہ پا سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ اُس نے کہا: بے شک میرے ایک بھائی بندہ نے آج رات حضرت علی کو شہید کر دیا ہے' آپ نے فرمایا: ممکن ہے وہ اس پر قادر نہ ہوا ہو؟ اُس نے کہا: کیوں نہیں! حضرت علی اس حال میں نکلتے ہیں کہ ان کے ساتھ محافظ نہیں ہوتے جو ان کی حفاظت کریں۔ پس حضرت امیر معاویہ نے حکم دیا تو اسے قتل کر دیا گیا' پس آپ نے ساعدی طبیب کی طرف آدمی بھیجا' پس اُس نے آپ کو دیکھ کر کہا: اگر تو آپ پر زہر والا وار ہوا ہے تو میری طرف سے دو کاموں میں سے ایک کرنا پڑے گا' یا تو میں لوہے کی سلاخ کو گرم کرتا ہوں اور اسے تلوار لگنے کی جگہ رکھوں گا' یا پھر میں آپ کو ایک ایسا شربت پلاؤں گا جس کو پینے کے بعد آپ کی اولاد ہونے کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا' لیکن آپ کی یہ تکلیف ختم ہو جائے گی کیونکہ آپ کا وار زہر والا ہے۔ تو حضرت امیر معاویہ نے اس سے کہا: آگ تو مجھ سے برداشت نہ ہو گی' باقی رہی بات اولاد منقطع ہونے کی تو (یار! سچ پوچھتا ہے تو) میرے بیٹے یزید' عبداللہ اور ان دونوں کی اولاد میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک نہیں ہے۔ پس طبیب نے اسی رات آپ کو شربت پلا دیا' پس آپ ٹھیک ہو گئے لیکن اس کے بعد آپ کی اولاد نہیں ہوئی' اس کے بعد حضرت امیر معاویہ

بُوعِدَتْ مِنْهُ جِنَازَةُ اَبْجَرِ

وَاِنْ كَانَ حَجَّارُ بْنُ اَبْجَرَ كَافِرًا... فَمَا مِثْلُ هَذَا مِنْ كُفُورٍ بِمُنْكَرِ

اَتَرْضَوْنَ هَذَا اِنَّ قِسًّا وَمُسْلِمًا... جَمِيعًا لَدَى نَعْشٍ فَيَا قُبْحَ مَنْظَرِ

وَقَالَ ابْنُ اَبِي عَيَّاشٍ الْمُرَادِيُّ:

(البحر الطويل)

وَلَمْ اَرَ مَهْرًا سَاقَهُ ذُو سَمَاحَةٍ... كَمَهْرِ قَطَامِ بَيِّنًا غَيْرَ مُعْجَمِ

ثَلَاثَةُ آلَافٍ، وَعَبْدٌ، وَقَيْنَةٌ... وَضَرْبُ عَلِيٍّ بِالْحُسَامِ الْمُصَمَّمِ

وَلَا مَهْرَ اَغْلَى مِنْ عَلِيٍّ وَاِنْ غَلَا... وَلَا قَتْلَ اِلَّا دُونَ قَتْلِ ابْنِ مُلْجَمِ

وَقَالَ اَبُو الْاَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ:

(البحر الوافر)

اَلَا اَبْلِغْ مُعَاوِيَةَ بْنَ حَرْبٍ... وَلَا قَرَّتْ عُيُونُ الشَّامِتِينَا

اَفِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَجَعْتُمُونَا... بِخَيْرِ النَّاسِ طُرًّا اَجْمَعِينَا

قَتَلْتُمْ خَيْرَ مَنْ رَكِبَ الْمَطَايَا... وَخَيْسَهَا وَمَنْ رَكِبَ السَّفِينَا

وَمَنْ لَبِسَ النِّعَالَ وَمَنْ حَذَاهَا... وَمَنْ قَرَاَ الْمَثَانِيَ وَالْمِئِينَا

لَقَدْ عَلِمَتْ قُرَيْشٌ حَيْثُ كَانَتْ... بِاَنَّكَ

نے محلات میں رہنے والیوں پر اور اپنے سر پر محافظ کھڑے کیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو فرمایا: اے میرے بیٹو! میں تمہیں اللہ سے ڈرنے' اپنے وقت پر نماز قائم کرنے' درست جگہ زکوٰۃ دینے اور اچھا وضو کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وضو کے بغیر نماز قبول نہیں' گناہ معاف کرنے' غصہ پی جانے' صلہ رحمی' جہالت کے رویے کو برداشت کرنے' دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنے' ہر معاملے میں ثابت قدم رہنے' قرآن کا دَور کرنے' پڑوسیوں سے نیک سلوک کرنے' نیکی کا حکم دینے' بُرائی سے منع کرنے اور فحش کاموں کو چھوڑ دینے کی وصیت کرتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: پھر آپ نے محمد بن حنفیہ کی طرف دیکھ کر فرمایا: کیا تم نے وہ وصیتیں یاد کر لیں جو میں نے تیرے دونوں بھائی کو کی ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: ہاں! آپ نیف رمایا: میں تجھے بھی انہیں کی مثل وصیت کرتا ہوں اور میں تجھے اپنے دونوں بھائیوں کی عزت کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ ان دونوں کا حق بڑا ہے' ان دونوں کے مقابلے میں کوئی حکم لاگو نہ کرنا۔ پھر ان دونوں سے فرمایا: میں تم دونوں کو اس کے حوالے سے وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تمہارا سگا بھائی اور تمہارے باپ کا بیٹا ہے اور تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ تمہارے باپ کو اس سے محبت ہے' پھر آپ نے وصیتیں فرمائیں اور آپ کی وصیت ہے: اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے!

خَيْرُهَا حَسَبًا وَدِينًا

وَأَمَّا عَمْرُو بْنُ أَبِي بَكْرٍ فَقَعَدَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ الَّتِي ضُرِبَ فِيهَا مُعَاوِيَةُ، فَلَمْ يَخْرُجْ وَكَانَ اشْتَكَى بَطْنَهُ، فَأَمَرَ خَارِجَةَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ، وَكَانَ صَاحِبَ شُرْطَتِهِ، وَكَانَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، فَخَرَجَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَشَدَّ عَلَيْهِ وَهُوَ يَرَى أَنَّهُ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ فَقَتَلَهُ، فَأُخِذَ وَأُدْخِلَ عَلَى عَمْرٍو، فَلَمَّا رَآهُمْ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ بِالْإِمْرَةِ قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، قَالَ: فَمَنْ قَتَلْتُ؟ قَالُوا: خَارِجَةَ، قَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ يَا فَاسِقُ مَا ضَمَّدْتُ غَيْرَكَ، قَالَ عَمْرٌو: أَرَدْتَنِي، وَاللّٰهُ أَرَادَ خَارِجَةَ، فَقَدَّمَهُ فَقَتَلَهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ:

(البحر الطويل)

وَقَتْلُكَ وَأَسْبَابُ الْأُمُورِ كَثِيرَةٌ ... مَنِيَّةُ شَيْخٍ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ

فَيَا عَمْرُو مَهْلًا إِنَّمَا أَنْتَ عَمُّهُ ... وَصَاحِبُهُ دُونَ الرِّجَالِ الْأَقَارِبِ

نَجَوْتَ وَقَدْ بَلَّ الْمُرَادِيُّ سَيْفَهُ ... مِنَ ابْنِ أَبِي شَيْخِ الْأَبَاطِحِ طَالِبِ

وَيَضْرِبُنِي بِالسَّيْفِ آخَرُ مِثْلُهُ ... فَكَانَتْ عَلَيْهِ تِلْكَ ضَرْبَةَ لَازِبِ

وَأَنْتَ تُنَاغِي كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ... بِمِصْرِكَ بَيْضًا كَالظِّبَاءِ الشَّوَارِبِ

یہ حضرت علی کا وصیت نامہ ہے: آپ نے وصیت فرمائی کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں' اللہ نے آپ کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا تا کہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے' اگر چہ مشرک اسے ناپسند کریں' پھر بے شک میری نماز اور دوسری عبادتیں حج وقربانی وغیرہ اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ' سارے جہانوں کے پالنے والے کے لیے ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی توحید کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں' اے حسن و حسین! میں تم دونوں کو وصیت کرتا ہوں بلکہ تمام گھر والوں اور اپنی تمام اولاد کو اور جس تک یہ خط پہنچے کہ تقویٰ اختیار کرو اور تم ضرور مسلمان ہی مرنا اور سب مل کر اللہ کی رسّی یعنی قرآن مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں پھٹ نہ جاؤ کیونکہ میں نے ابوالقاسم ﷺ سے سنا: کثرتِ نماز اور روزہ سے اپنی ذات کی اصلاح بڑا کام ہے' اپنے قریبی رشتہ داروں کا خیال رکھو' ان سے صلہ رحمی کرو' اللہ تمہارا حساب آسان کر دے گا' یتیموں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو' تمہارے سامنے وہ ذلیل نہ ہوں' اللہ سے ڈر کر نماز ادا کرنا کیونکہ یہ تمہارے دین کا ستون ہے' اللہ کا خوف کرنا' زکوٰۃ دینا کیونکہ یہ رب غصے کو ٹھنڈا کرتی ہے' فقراء اور مساکین کے حوالے سے اللہ سے ڈرو' ان کو اپنی معاش میں شریک کرو' اللہ سے ڈرو' قرآن پڑھو' اس پر عمل کرنے میں دوسرے تم سے

وَكَانَ الَّذِي ذَهَبَ بِنَعْيِهِ سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ الزُّهْرِيُّ، وَقَدْ كَانَ الْحَسَنُ بَعَثَ قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَلَى تَقْدِمَتِهِ فِي اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا، وَخَرَجَ مُعَاوِيَةُ حَتَّى نَزَلَ اِيلِيَاءَ فِي ذَلِكَ الْعَامِ، وَخَرَجَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حَتَّى نَزَلَ فِي الْقُصُورِ الْبِيضِ فِي الْمَدَائِنِ، وَخَرَجَ مُعَاوِيَةُ حَتَّى نَزَلَ مَسْكَنًا وَكَانَ عَلَى الْمَدَائِنِ عَمُّ الْمُخْتَارِ لِابْنِ اَبِي عُبَيْدٍ، وَكَانَ يُقَالُ لَهُ: سَعْدُ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لَهُ الْمُخْتَارُ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ: هَلْ لَكَ فِي الْغِنَى وَالشَّرَفِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: تُوثِقُ الْحَسَنَ وَتَسْتَأْمِنُ بِهِ اِلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: عَلَيْكَ لَعْنَةُ اللّٰهِ، اَاَثِبُ عَلَى ابْنِ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُوثِقُهُ؟ بِئْسَ الرَّجُلُ اَنْتَ، فَلَمَّا رَاَى الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَفَرُّقَ النَّاسِ عَنْهُ بَعَثَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ يَطْلُبُ الصُّلْحَ، فَبَعَثَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَمُرَةَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ فَقَدِمَا عَلَى الْحَسَنِ بِالْمَدَائِنِ، فَاَعْطَيَاهُ مَا اَرَادَ وَصَالَحَاهُ، ثُمَّ قَامَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي النَّاسِ، وَقَالَ: يَا اَهْلَ الْعِرَاقِ، اِنَّهُ مِمَّا يُسْخِءُ بِنَفْسِي عَنْكُمْ ثَلَاثٌ: قَتْلُكُمْ اَبِي، وَطَعْنُكُمْ اِيَّايَ، وَانْتِهَابُكُمْ مَتَاعِي، وَدَخَلَ فِي طَاعَةِ مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ، وَدَخَلَ الْكُوفَةَ فَبَايَعَهُ النَّاسُ

آگے نہ نکل جائیں' جہاد کرنا' اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے' اللہ اللہ! تمہارے رب سے گھر کے بارے میں وصیت کرتا ہوں' جب تک تم زندہ ہو اسے خالی نہ چھوڑنا کیونکہ اسے چھوڑا گیا تو تم ایک دوسرے کا منہ نہ دیکھ سکو گے' تمہارے نبی نے جن کو ذمی کا درجہ دیا ہے' ان کے حق میں بھی اللہ سے ڈرتے رہنا' تمہارے سامنے ان پر ظلم نہ ہونے پائے' اپنے پڑوسیوں کے حق میں اللہ کے حکموں پر عمل کرتے رہنا کیونکہ ان کے حوالے سے تمہارے نبی کی وصیت ہے۔ فرمایا: ان کے حوالے سے حضرت جبریل مجھے مسلسل وصیت کرتے رہے (جب بھی آتے تھے) یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ اللہ انہیں وراثت میں حصہ دار بنا دے گا۔ اپنے نبی کے صحابہ کے بارے میں اللہ کا خوف کرو کیونکہ یہ بھی تمہارے نبی کا حکم ہے' دو کمزور ضعیفوں کے حوالے سے اللہ سے ڈرو: (۱) تمہاری بیویاں (۳) تمہاری ملکیت میں غلام اور لونڈیاں' نماز نماز! اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف نہ کھاؤ' (اگر تم نے ایسا کیا اور) جس نے تمہیں نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا اور تمہارے خلاف بغاوت کی تو اللہ اسے تمہاری طرف سے کافی ہو گا' لوگوں سے اچھی بات کرو جیسے اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے' لوگوں کو نیکی کا حکم دینا اور بُرائی سے روکنے کا کام کرنا نہ چھوڑو' ورنہ تمہارے بُرے لوگوں کو تمہارا حکمران بنا دے گا' پھر تم پکارو گے لیکن تمہاری پکار نہیں سنی جائے گی'

باہم صلہ رحمی اور وقت آنے پر ایک دوسرے پر خرچ کرنے کا عمل نہ چھوڑو' ہاں! باہم قطع تعلقی اور خرچ کرنے سے پیچھے ٹھہرنے سے بچو' گروہ بندی سے پرہیز کرو' نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو' گناہ اور دشمنی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو' اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ سخت سزا دینے والا ہے' گھر والوں کے حوالے سے اللہ تمہاری حفاظت فرمائے اور اس نے تمہارے اندر تمہارے نبی کی حفاظت فرمائی۔ میں تم سب کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور تم سب پر سلام کہتا ہوں' پھر آپ کی زبان پر لا الہ الا اللہ کا ورد جاری ہوا یہاں تک کہ جان' جانِ آفریں کے حوالے کر دی۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا' چالیس ہجری تھی' حضرات امام حسن وحسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم نے آپ کو غسل دیا' تین کپڑوں میں آپ کو کفن دیا گیا جن میں سلی ہوئی قمیص نہیں تھی' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے سات تکبیریں پڑھیں' چھ ماہ تک حضرت امام حسن امیر المؤمنین رہے۔ ابن ملجم' حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے سے پہلے ایک دن بنی بکر بن وائل قبیلہ میں بیٹھا ہوا تھا' اسی دوران اسکے پاس سے ابوحجاز اجر بن جابر عجلی کا جنازہ گزرا' جبکہ وہ نصرانی تھا' عیسائی اس کے گرداگرد تھے' لوگوں میں اس کی قدر ومنزلت کی وجہ سے حجاز کے ساتھ دیگر ایک طرف چل رہے تھے' شقیق بن ثور سلمی ان سب کے سامنے تھا' پس ابن ملجم نے انہیں دیکھا تو کہا: یہ کون ہیں؟ بس اسے بتایا گیا' پھر اس نے

کہنا شروع کیا: (بحر لمبی ہے:) شعر:

''اگر حجاز بن ابجر مسلمان ہوتا تو ابجر کا جنازہ اس سے دور کر دیا جاتا'

اور اگر حجار بن ابجر کافر ہوتا تو بُرائی سے انکار کی صورت' اس طرح نہ ہوتی'

کیا تم اس بات پر خوش ہو کہ عیسائیوں کا راہنما اور مسلمان اکٹھے میت کے پاس موجود ہوں' پس یہ کتنا بُرا منظر ہے''۔

اور ابن عیاش مرادی نے کہا: (لمبی بحر:)

''اور نہیں دیکھا کوئی مہر جس کو درگزر کرنے والے نے چلایا ہو' قطام کا مہر ہے جو بیان کر دیا گیا ہو اور اُس میں ابہام نہ ہو'

یعنی تین ہزار روپے' ایک غلام' ایک باندی اور کاٹ دار تلوار سے حضرت علی کا قتل'

کوئی مہر علی سے زیادہ مہنگا نہیں ہو سکتا خواہ کتنا ہی مہنگا کیوں نہ ہو اور کوئی قتل' ابن ملجم کے قتل سے کم درجہ نہیں ہے''۔

حضرت ابوالاسود دؤلی نے کہا: (بحر وافر:)

''خبردار! حضرت امیر معاویہ کو بات پہنچا دو اور ہماری تکلیف پر خوش ہونے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی نہ ہوں'

عزت و حرمت والے مہینے میں کیا تم نے ہمیں تکلیف پہنچائی اور ایسی ہستی کے سبب جو تمام لوگوں سے بلند تھے'

تم نے ان لوگوں میں سے بہترین کو شہید کیا' جنہوں نے اچھی سواریوں پر سواری کی اور کشتیوں پر سوار ہوئے'

جن لوگوں نے نعلین پہنے' جن لوگوں نے جوتے بنائے اور جن لوگوں نے قرآن کی مثانی اور سورتیں تلاوت کیں (ان سب سے بہتر)'

قریش نے اچھی طرح جان لیا جہاں وہ ہیں کہ آپ (اے علی!) حسب (شرافت) اور دین میں ان سب سے افضل ہیں''۔

باقی رہا معاملہ عمرو بن ابوبکر کا تو وہ اسی رات جس میں حضرت امیر معاویہ کو ضرب لگی' حضرت عمرو بن عاص کی گھات میں بیٹھا لیکن ان کے پیٹ میں تکلیف تھی' اُنہوں نے حضرت خارجہ بن ابوحبیب کو حکم دیا جو ان کی پولیس کے انچارج تھے' ان کا تعلق بنوعامر بن لؤی قبیلہ سے تھا' پس وہ لوگوں کو نماز پڑھانے نکلے تو اس نے اُن پر حملہ کیا' اس کا خیال تھا کہ یہ عمرو بن عاص ہیں' اس نے تلوار کا وار کر کے ان کا کام تمام کر دیا (وہ شہید ہو گئے)۔ پس لوگ اسے پکڑ کر حضرت عمرو کے پاس لائے' پس جب اس نے دیکھا کہ لوگ اسے امیر امیر کہہ کر سلام کر رہے ہیں تو اس نے پوچھا: یہ شخص کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: حضرت عمرو بن عاص! اس نے کہا: تو میں نے کس آدمی کو قتل کیا؟ اُنہوں نے کہا: حضرت خارجہ کو! وہ بولا: قسم بخدا! اے فاسق! میرے دل میں تو تیرے علاوہ کسی کے لیے کینہ نہ تھا۔ حضرت

عمرو بن عاص نے فرمایا: تُو نے میرا ارادہ کیا اور اللہ نے حضرت خارجہ کا ارادہ فرمایا (اللہ کا ارادہ سبقت لے گیا) پس آپ نے آگے بڑھ کر اسے قتل کر دیا۔ پس یہ خبر حضرت معاویہ کو پہنچی تو آپ نے لکھا: (لمبی بحر:)

''لؤی بن غالب کے شیخ کی موت نے تجھے بچا لیا حالانکہ کاموں کے اسباب بہت زیادہ ہوتے ہیں'

پس اے عمرو! ٹھہرو! تم اس کے چچا ہو اور اس کے دیگر رشتہ داروں کے مقابلے میں اس کے ساتھی ہو'

آپ نے نجات پائی جبکہ مرادی نے اپنی تلوار کو ایک آدمی کے خون سے تر کیا' جو کہ ابوشیخ الاباطح کے بیٹے طالب ہیں'

اور (اِدھر) اسی جیسا ایک دوسرا آدمی میرے اوپر بھی وار کرتا ہے' پس اس پر یہ وار' اُچک جانے والی ضرب کی طرح ہے'

اور تُو ہر روز و شب اپنے شہر میں پینے والے ہرنوں کی مانند سفید لوگوں سے راز کی باتیں کرتا ہے''۔

اور وہ آدمی جوان کی موت کی خبر لے کر گیا' اس کا نام سفیان بن عبد شمس بن ابووقاص تھا جبکہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس کی پیشی کے لیے بارہ ہزار کے لشکر میں قیس بن سعد بن عبادہ کو بھیجا' حضرت امیر معاویہ شام سے نکل کر اسی سال ایلیاء آ گئے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نکلے یہاں تک کہ آپ نے مدائن کے شہر میں قصورِ ابیض میں نزولِ اجلال فرمایا' حضرت امیر معاویہ وہاں سے نکل کر اپنی رہائش گاہ پر

آئے' اس وقت مدائن پر ابوعبید کا بیٹا مختار کا چچا مقرر تھا' اسے سعد بن مسعود کہا جاتا تھا' پس مختار نے اس سے کہا حالانکہ ان دنوں ابھی بچہ تھا: کیا تجھے کسی مالداری اور مرتبے کی ضرورت نہیں ہے؟ اُس نے کہا: اس کا کیا مطلب ہے؟ مختار نے کہا: حضرت امام حسن کو قید کر کے حضرت امیر معاویہ کی خدمت میں پیش کرو۔ سعد نے اسے جواب دیا: تیرے اوپر اللہ کی لعنت ہو! (تیرا کیا مطلب ہے؟) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے پر حملہ کر کے اسے بیڑیوں میں جکڑ دوں؟ کتنا بُرا آدمی ہے تُو۔ پس جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اُمت محمدیہ میں انتشار بڑھ رہا ہے تو حضرت امیر معاویہ کی طرف آدمی بھیج کر صلح کا مطالبہ کیا۔ حضرت امیر معاویہ نے عبداللہ بن عامر اور عبداللہ بن سمرہ بن حبیب بن شمس کو حضرت امام کی خدمت میں بھیجا' آپ مدائن میں تھے' وہ دونوں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' حضرت امام کی خدمت میں وہ سب کچھ پیش کرنے کا وعدہ کیا جس کا آپ نے ارادہ فرمایا اور ان دونوں نے حضرت امیر معاویہ کے نمائندے کے طور پر آپ سے صلح کر لی۔ پھر امام حسن رضی اللہ عنہ اُٹھ کر لوگوں میں تشریف لے گئے اور فرمایا: اے عراقیو! تین چیزوں کی وجہ سے میں تم سے الگ ہوتا ہوں: (۱) تم نے میرے باپ کو قید کیا (۲) مجھے طعنے دیئے (۳) میرا مال لوٹا۔ اس کے بعد آپ نے حضرت امیر معاویہ کی طاعت قبول کر لی' امیر معاویہ کوفہ تشریف

لائے اور لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔

167 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ: دَعَاهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى الْبَيْعَةِ، فَجَاءَ فِيهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ، وَقَدْ كَانَ رَآهُ قَبْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: مَا يُحْبَسُ اَشْقَاهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُخْضَبَنَّ هٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ، وَتَمَثَّلَ بِهٰذَيْنِ الْبَيْتَيْنِ:

(البحر الهزج)

اشْدُدْ حَيَازِيمَكَ لِلْمَوْ ... تِ فَاِنَّ الْمَوْتَ آتِيكَ

وَلَا تَجْزَعْ مِنَ الْمَوْتِ... اِذَا حَلَّ بِوَادِيكَ

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو بیعت کے لیے بلوایا' لوگ آئے تو ان میں عبدالرحمٰن بن ملجم بھی تھا' آپ عبدالرحمٰن کو دو مرتبہ پہلے دیکھ چکے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: تمہاری بدبختی کب تک چھپی رہے گی' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس سے قتل کیا جاؤں گا' آپ نے پھر یہ دو شعر پڑھے:

''تم موت کے لیے تیار ہو جاؤ! کیونکہ موت نے آنا ہے' موت سے چھٹکارہ نہیں ہے' جب آئے گی''۔

168 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ بْنِ عَاصِمٍ الْجَمَّالُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، انا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي رَاشِدٍ، قَالَ: جَاءَ رِجَالٌ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ اِلَى عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، فَقَالُوا: اِنَّ اِخْوَانَكَ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ يَسْاَلُونَكَ عَنْ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: وَمَا اَقْدَمَكُمْ شَيْءٌ غَيْرُ هٰذَا؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: (تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْاَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (البقرة:134)

حضرت ابوراشد فرماتے ہیں کہ بصرہ سے کچھ لوگ عبید بن عمیر کے پاس آئے' اُنہوں نے کہا: بصرہ کے تمہارے بھائی آپ سے حضرت علی وعثمان رضی اللہ عنہما کے متعلق پوچھتے ہیں۔ عبید بن عمیر نے فرمایا: تمہیں اس کے علاوہ کوئی شی درپیش ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! عبید نے فرمایا: یہ ایک امت ہے جو گزر گئی' اس کے لیے وہی ہے جو اُس نے کمایا' اور تمہارے لیے وہی ہے جو تم نے کمایا اور جو کام وہ کرتے تھے ان کے متعلق تم سے نہیں پوچھا جائے گا۔

169 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: قُتِلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل فرماتے ہیں کہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کو 40 ہجری میں شہید کیا گیا۔

اَرْبَعِينَ

170 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: قُتِلَ عَلِيٌّ سَنَةَ اَرْبَعِينَ، وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ خَمْسَ سِنِينَ وَسِتَّةَ اَشْهُرٍ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو 40 ہجری میں شہید کیا گیا' آپ کی خلافت کی مدت پانچ سال چھ ماہ تھی۔

171 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَمُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ اَبَا سِنَانٍ الدُّؤَلِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ عَادَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي شَكْوَةٍ اشْتَكَاهَا، فَقُلْتُ لَهُ: لَقَدْ تَخَوَّفْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ فِي شَكْوِكَ هَذَا، فَقَالَ: وَلٰكِنِّي وَاللّٰهِ مَا تَخَوَّفْتُ عَلَى نَفْسِي مِنْهُ؛ لِاَنِّي سَمِعْتُ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّكَ سَتُضْرَبُ ضَرْبَةً هَهُنَا، وَضَرْبَةً هَهُنَا - وَاَشَارَ اِلَى صُدْغَيْهِ - فَيَسِيلُ دَمُهَا حَتَّى يَخْضِبَ لِحْيَتَكَ، وَيَكُونَ صَاحِبُهَا اَشْقَاهَا كَمَا كَانَ عَاقِرُ النَّاقَةِ اَشْقَى ثَمُودَ

حضرت ابن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کی' اس زخم میں جو آپ کو لگائے گئے' میں نے عرض کی: اے ابوالحسن! ہم آپ کے متعلق خوف کرتے تھے؟ آپ نے فرمایا: مجھے تو اپنے اوپر کوئی خوف نہیں تھا کیونکہ میں نے اس سے سنا ہے کہ جس نے سچ بولا اس کے سچ کی تصدیق کی گئی ہے' حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے کہ عنقریب آپ کو یہاں یہاں مارا جائے گا' آپ نے کانوں کے قریب والی جگہ کی طرف اشارہ کیا تھا اور خون بہہ کر آپ کی داڑھی تک پہنچے گا' آپ کو شہید کرنے والا ایسے ہی بدبخت ہوگا جس طرح حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا بدبخت تھا۔

172 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ عِشْرِينَ سَنَةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جس وقت حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا تھا' اُس وقت آپ کی عمر 20 سال تھی۔

171- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 122 رقم الحديث: 4590' وذكره أبو بكر البيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد 8 صفحه 58 رقم الحديث: 17 .

172- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 120 رقم الحديث: 4583

وَمَا اَسْنَدَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں

173 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: تَزَوَّجْتُ فَاطِمَةَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ابْنِي؟ قَالَ: عِنْدَكَ شَيْءٌ تُعْطِيهَا؟ فَقُلْتُ: لَا، قَالَ: اَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ؟ قُلْتُ: عِنْدِي، قَالَ: اعْطِهَا اِيَّاهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حق مہر کیا دوں؟ آپ نے فرمایا: آپ کے پاس دینے کے لیے کوئی شی ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: آپ کی زرع کہاں ہے جو میں نے آپ کو دی تھی؟ میں نے عرض کی: میرے پاس ہے' آپ نے فرمایا: وہی دے دو!

174 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنِ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَقُولُ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلَى اَعْقَابِكُمْ) (آل عمران: **144**) وَاللّٰهِ لَا نَنْقَلِبُ عَلَى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدَانَا اللّٰهُ، وَاللّٰهِ لَئِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ لَاُقَاتِلَنَّ عَلَى مَا قَاتَلَ عَلَيْهِ حَتَّى اَمُوتَ، وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَخُوهُ وَوَلِيُّهُ، وَابْنُ عَمِّهِ، وَوَارِثُهُ فَمَنْ اَحَقُّ بِهِ مِنِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی حیاتِ ظاہری کے زمانہ میں فرماتے تھے: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ اگر آپ وصال کر گئے یا شہید کیے گئے تو تم اپنی ایڑیوں کے بل پلٹو گے' اللہ کی قسم! ہم اللہ کی طرف سے ہدایت ملنے کے بعد نہیں پلٹیں گے' اللہ کی قسم! اگر وصال کر گئے یا شہید کیے گئے تو میں ضرور اس سے لڑوں گا جس نے آپ کو شہید کیا یہاں تک کہ میں شہید کیا جاؤں' اللہ کی قسم! میں آپ کا دینی بھائی' دوست' چچا زاد اور وارث ہوں' مجھ سے زیادہ آپ کا حق دار کون ہے؟

175 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم کو بتاؤں کہ اس اُمت میں

عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: بَلَى. قَالَ: اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ اَبِي بَكْرٍ؟ قَالُوا: بَلَى. قَالَ: عُمَرُ وَلَوْ شِئْتُ لَاَخْبَرْتُكُمْ بِالثَّالِثِ

حضور ﷺ کے بعد افضل کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: ابوبکر! پھر فرمایا: کیا میں تم کو بتاؤں اس اُمت میں حضرت ابوبکر کے بعد افضل کون ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: عمر! اگر تیسرے کے متعلق بتانا چاہوں تو بتا سکتا ہوں۔

176 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَرَّاءُ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ: اِنَّ خَيْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُو بَكْرٍ، وَالثَّانِي عُمَرُ، وَلَوْ اَشَاءُ اَنْ اَذْكُرَ الثَّالِثَ ذَكَرْتُهُ

حضرت عمرو بن حریث فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا' فرمایا: اس اُمت میں حضور ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر اور ابوبکر کے بعد حضرت عمر افضل ہیں' اگر میں تیسرے کا نام لینا چاہوں تو لے سکتا ہوں۔

177 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ الثَّعْلَبِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَاَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ لِاُمَّتِي فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ، وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، قُلْتُ: يَا رَبِّ لَا تُهْلِكْ اُمَّتِي جُوعًا، قَالَ: هٰذِهِ، قُلْتُ: يَا رَبِّ لَا تُسَلِّطْ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ - يَعْنِي اَهْلَ الشِّرْكِ - فَيَجْتَاحُهُمْ، قَالَ: لَكَ ذٰلِكَ. قُلْتُ: يَا رَبِّ لَا تَجْعَلْ بَاْسَهُمْ بَيْنَهُمْ فَمَنَعَنِي هٰذِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے تین چیزیں اپنی اُمت کے لیے مانگیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے عرض کی: اے اللہ! میری اُمت بھوک سے نہ مرے! فرمایا: بھوک سے نہیں مرے گی' میں نے عرض کی: ان پر دشمن مسلط نہ ہو! یعنی شرک کرنے والے ان پر غالب نہ ہوں' فرمایا: دشمن مسلط نہیں ہوگا' میں نے عرض کی: یہ آپس میں نہ جھگڑیں! اس سے مجھے روک دیا گیا۔

178 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور

الْحَمِيدِ بْنِ بَحْرٍ الزَّاهَرَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ قِيلَ: يَا اَهْلَ الْجَمْعِ غُضُّوا اَبْصَارَكُمْ حَتَّى تَمُرَّ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمُرَّ، وَعَلَيْهَا رِيطَتَانِ خَضْرَاوَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو کہا جائے گا: اے اہل محشر! اپنی نگاہوں کو نیچے کرو' فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزر رہی ہیں' آپ اس شان سے گزریں گی کہ آپ پر دو سبز جوڑے ہوں گے۔

179 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ سُهَيْلًا ثَلَاثَ مِرَارٍ، فَاِنَّهُ كَانَ يُعْشِرُ النَّاسَ فِي الْاَرْضِ فَمَسَخَهُ اللّٰهُ شِهَابًا

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو سہیل پر! تین مرتبہ فرمایا' کیونکہ لوگوں کو زمین میں اکٹھا کرتا تھا' اللہ نے شہاب بھیج کر اس کی شکل تبدیل کر دی۔

180 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: اِنَّ اللّٰهَ يَغْضَبُ لِغَضَبِكِ، وَيَرْضَى لِرِضَاكِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حضرت فاطمہ کے غضب کرنے پر غصہ ہوتا ہے اور آپ کی خوشی پر خوش ہوتا ہے۔

181 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

180- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه167 رقم الحديث: 4730 .

181- أخرجه الطبراني في المعجم الكبير جلد8 صفحه412 رقم الحديث: 3527' وأورده أبو عبد الله الحنبلي

اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْاِثْمِدِ فَاِنَّهُ مُنْبِتَةٌ لِلشَّعْرِ مُذْهِبَةٌ لِلْقَذَا، مُصْفَاةٌ لِلْبَصَرِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اثمد سرمہ استعمال کیا کرو کیونکہ یہ بال اُگاتا ہے اور نظر تیز کرتا ہے۔

182 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَا اَعْلَمُنَا اِلَّا خَرَجْنَا حُجَّاجًا مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، فَلَمْ يَحِلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى طَافُوا بِالْبَيْتِ يَوْمَ النَّحْرِ، وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جب بھی حج کے لیے نکلتے تو تلبیہ پڑھتے رہتے' حضور ﷺ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ احرام نہیں کھولتے تھے یہاں تک کہ نحر کے دن طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کر لیتے۔

183 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوَاصِلُ مِنْ سَحَرٍ اِلَى سَحَرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سحری سے لے کر دوسری سحری تک لگاتار روزہ رکھتے تھے۔

184 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَتْ: قَالَ اَبِي، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَعْتَقَ نَسَمَةً

حضرت فاطمہ بنت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ میرے والد نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک مؤمن غلام آزاد کیا' اللہ عزوجل اس کے بدلے اس آزاد کرنے والے کے ہر عضو کو جہنم سے آزاد کرے گا۔

فی الأحادیث المختارة جلد2صفحه347 رقم الحدیث: 726' وذکره الطبرانی فی المعجم الأوسط جلد 2 صفحه11 رقم الحدیث:1064' جلد3صفحه339 رقم الحدیث:3334 کلهم عن عون بن محمد عن محمد ابن الحنفیة عن علی به' وانظر فتح الباری جلد10صفحه157

مُسْلِمَةً اَوْ مُؤْمِنَةً وَقَى اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ

نِسْبَةُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کا نسب

185 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَرْقِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ مَعْمَرِ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَاُمُّهُ: الصَّعْبَةُ بِنْتُ الْحَضْرَمِيِّ، وَاِنَّمَا قِيلَ: الْحَضْرَمِيُّ؛ لِاَنَّهُ كَانَ بِبِلَادِ حَضْرَمَوْتَ، قَتَلَ بِهَا عَمْرَو بْنَ نَاهِضٍ الْحِمْيَرِيَّ ثُمَّ هَرَبَ اِلَى مَكَّةَ فَحَالَفَ حَرْبَ بْنَ اُمَيَّةَ، وَاسْمُ الْحَضْرَمِيِّ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمَّارِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ اَكْبَرَ بْنِ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عُوَيْفِ بْنِ خَزْرَجِ بْنِ اِيَادِ بْنِ الصَّدَفِ بْنِ حَضْرَمَوْتَ بْنِ قَحْطَانَ بْنِ كِنْدَةَ، الصَّعْبَةُ اُخْتُ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ وَاُمُّهَا عَاتِكَةُ بِنْتُ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ

حضرت ابوعبیدہ معمر بن مثنیٰ فرماتے ہیں کہ (حضرت طلحہ کا نسب یوں ہے:) طلحہ بن عبیداللہ بن عثمان بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک۔ آپ کی والدہ صعبہ بنت حضرمی ہیں' آپ کو حضرمی اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ حضرموت کے شہر کے رہنے والی تھیں' وہی عمرو بن ناھض حمیری کو قتل کیا' مکہ بھاگ کر آئے' حرب بن امیہ نے پناہ دی' حضرمی کا نام عبداللہ بن عمار بن ربیعہ بن اکبر بن عوف بن مالک بن عویف بن خزرج بن ایاد بن صدف بن حضرموت بن قحطان بن کندہ ہے۔ صعبہ' علاء بن حضرمی کی بہن تھیں' ان کی والدہ عاتکہ بنت وہب بن عبد بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب تھی۔

186 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى الشَّجَرِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ خَازِمِ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اُم طلحہ بن عبیداللہ کی ماں اسلام لائی تھیں۔

اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اَسْلَمَتْ اُمُّ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

187 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ، كَانَ بِالشَّامِ فَقَدِمَ، وَكَلَّمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَهْمِهِ، فَضَرَبَ لَهُ بِسَهْمِهِ، قَالَ: وَاَجْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاَجْرُكَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ شام میں رہتے تھے' آپ آئے' حضور ﷺ سے اپنے حصے کے متعلق بات کی' آپ کے لیے حصہ رکھا گیا' انہوں نے عرض کی: میرے لیے ثواب ہے' یا رسول اللہ؟ آپ نے فرمایا: تیرے لیے بدر کے دن کا ثواب ہے۔

188 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ کی کنیت ابومحمد تھی۔

صِفَةُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کا حلیہ

189 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عِمْرَانَ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ يَضْرِبُ اِلَى الْحُمْرَةِ، مَرْبُوعًا هُوَ اِلَى الْقِصَرِ اَقْرَبُ رَحْبَ الصَّدْرِ، عَرِيضَ الْمَنْكِبَيْنِ، اِذَا الْتَفَتَ الْتَفَتَ جَمِيعًا ضَخْمَ الْقَدَمَيْنِ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ سفید سرخ تھے' درمیانے قد کے تھے' سینہ چوڑا تھا' کندھے چوڑے تھے' جب متوجہ ہوتے تو سارا متوجہ ہوتے' دونوں پاؤں موٹے تھے۔

190 - قَالَ الزُّبَيْرُ: وَحَدَّثَنِي - يَعْنِي اِبْرَاهِيمَ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن

187- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5583 عن ابن لهيعة عن أبي الأسود عن عروة

بْنَ الْمُنْذِرِ - ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: كَانَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ آدَمَ كَثِيرَ الشَّعْرِ لَيْسَ بِالْجَعْدِ، وَلَا السَّبْطِ، حَسَنَ الْوَجْهِ، دَقِيقَ الْعِرْنِينِ، إِذَا مَشَى أَسْرَعَ، كَانَ لَا يُغَيِّرُ شَيْبَهُ، قُتِلَ يَوْمَ الْجَمَلِ فِي جُمَادَى سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ

عبیداللہ بہت زیادہ بالوں والے تھے' نہ گھنگھریالے تھے نہ سیدھے تھے بلکہ درمیانے تھے' چہرہ خوبصورت تھا' ناک کا اوپر والا حصہ باریک تھا' جب چلتے تو تیز چلتے' آپ کی حالت بدلتی نہیں تھی' جنگ جمل میں جمادی (اولیٰ) میں 26 ہجری میں شہید کیے گئے۔

191 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ شَلَّاءَ وَقَى بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے طلحہ بن عبیداللہ کے شل ہاتھ کو دیکھا' کیونکہ آپ نے اُحد کے دن ان ہاتھوں سے حضور ﷺ کا دفاع کیا تھا۔

192 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: كَانَتْ إِصْبَعُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ شَلَّاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کی انگلی شل تھی۔

مِنْ فَضَائِلِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

193 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا قَطُّ أَعْطَى لِجَزِيلٍ مِنَ الْمَالِ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ مِنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ أَهْلُهُ يَقُولُونَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ

حضرت قبیصہ بن جابر فرماتے ہیں کہ میں نے کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس کو بغیر مانگے مال ملا ہو سوائے طلحہ بن عبیداللہ کے۔ آپ کے گھر والے کہتے تھے کہ حضور ﷺ نے آپ کا نام فیاض (سخی) رکھا تھا۔

الْفَيَّاضَ

194 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ جَدَّتِهِ- وَهِيَ امْرَاَتُهُ سُعْدَى- ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ يَوْمًا طَلْحَةُ، فَرَاَيْتُ مِنْهُ ثِقَلًا، فَقُلْتُ: مَا لَكَ، لَعَلَّ رَابَكَ مِنَّا شَيْءٌ فَنُعْتِبَكَ؟ قَالَ: لَا، وَلَنِعْمَ حَلِيلَةِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اَنْتِ، وَلَكِنِ اجْتَمَعَ عِنْدِي مَالٌ وَلَا اَدْرِي كَيْفَ اَصْنَعُ بِهِ . قَالَتْ: وَمَا يَغُمُّكَ مِنْهُ؟ اُدْعُ قَوْمَكَ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، عَلَيَّ قَوْمِي ، فَسَاَلْتُ الْخَازِنَ: كَمْ قَسَمَ؟ قَالَ: اَرْبَعَمِائَةِ اَلْفٍ

حضرت سعدی فرماتی ہیں کہ ایک دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے' میں نے آپ کو بوجھل طبیعت دیکھا' میں نے عرض کی: کیا بات ہے؟ ہوسکتا ہے ہماری طرف سے آپ کو کوئی شک ہوا ہو؟ ہم نے آپ کو کبھی عتاب کیا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! آپ کتنی اچھی مسلمان عورت ہیں' میرے پاس مال جمع ہوا ہے' میں نہیں جانتا ہوں کہ اس کو کیا کروں؟ میں نے کہا: اس کا کیا تم کو غم ہے؟ آپ اپنی قوم کو بلوائیں' ان کے درمیان تقسیم کر دیں۔ آپ نے فرمایا: اپنے غلام کو دے! میرے پاس میری قوم لاؤ' میں نے تقسیم کرنے والے سے پوچھا: کتنا مال تقسیم کیا؟ فرمایا: چار ہزار۔

195 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: كَانَتِ غَلَّةُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفًا وَافِيًا

حضرت عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ کا ہر روز غلہ ایک ہزار کی پوری مقدار تھا۔

196 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عِيسَى بْنِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ: طَلْحَةَ الْخَيْرِ، وَفِي غَزْوَةِ ذِي الْعَشِيرَةِ: طَلْحَةَ الْفَيَّاضَ، وَيَوْمَ حُنَيْنٍ:

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اُحد کے دن میرا نام طلحہ الخیر رکھا اور غزوہ ذی العشیرہ میں طلحہ الفیاض اور حنین کے دن طلحہ جود۔ حضرت ابوالقاسم فرماتے ہیں: عشیرہ کا لفظ سین اور شین کے ساتھ ہے' سین سے مراد ہو تو اس کا معنی ہوگا: تنگی' شین کے ساتھ ہو تو اس کا معنی جگہ ہوگا۔

196- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 422 رقم الحديث: 5605' وأبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد 3 صفحه 35 رقم الحديث: 832' وذكر نحوه شمس الدين الذهبی فی ميزان الاعتدال فی نقد الرجال جلد 3 صفحه 281 رقم الحديث: 3899,3431 كلهم عن موسى بن طلحة عن أبيه به .

طَلْحَةَ الْجُودِ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ بِالسِّينِ وَالشِّينِ جَمِيعًا، فَبِالسِّينِ مِنَ الْعُسْرَةِ، وَبِالشِّينِ مَوْضِعٌ

197 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، اَنَّ طَلْحَةَ، نَحَرَ جَزُورًا، وَحَفَرَ بِئْرًا يَوْمَ ذِي قَرَدَ فَاَطْعَمَهُمْ وَسَقَاهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا طَلْحَةُ الْفَيَّاضُ فَسُمِّيَ طَلْحَةَ الْفَيَّاضَ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے اونٹ ذبح کیے ذی قرد کے دن کنواں کھودا' لوگوں کو کھلایا اور پلایا' حضور ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ الفیاض! طلحہ الفیاض نام رکھا گیا۔

سِنُّ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات کا ذکر

198 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ طَلْحَةُ يَوْمَ قُتِلَ ابْنَ اثْنَيْنِ وَسِتِّينَ سَنَةً . قَالَ الْوَاقِدِيُّ: وَقُتِلَ يَوْمَ الْجَمَلِ فِي جُمَادَى سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ

حضرت عیسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو جس دن شہید کیا گیا اس دن آپ کی عمر 63 سال تھی۔ واقدی فرماتے ہیں کہ جنگ جمل کے دن 36 ہجری میں آپ کو شہید کیا گیا۔

199 - قَالَ الْوَاقِدِيُّ: وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ التَّيْمِيِّ، قَالَ: قُتِلَ طَلْحَةُ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعٍ وَسِتِّينَ، وَدُفِنَ بِالْبَصْرَةِ فِي نَاحِيَةِ ثَقِيفٍ

حضرت محمد بن زید بن مہاجر بن قنفذ تیمی فرماتے ہیں: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو جس دن شہید کیا گیا' آپ کی عمر 64 سال تھی' آپ کو بصرہ میں ثقیف بستی کے قریب دفن کیا گیا۔

200 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ،

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قُتِلَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَوْمَ الْجَمَلِ فِي جُمَادَى سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ، وَسِنُّهُ اثْنَتَانِ وَخَمْسُونَ سَنَةً، اَوْ اَرْبَعٌ وَخَمْسُونَ سَنَةً، وَالزُّبَيْرُ اَسَنُّ مِنْهُ، وَيُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ کو جنگ جمل کے دن جمادی الاولیٰ 63 ہجری کو شہید کیا گیا' اُس وقت ان کی عمر 52 سال تھی' یا 54 سال تھی' حضرت زبیر ان سے بڑے تھے' ان کی کنیت ابومحمد تھی۔

201 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَاَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ حِينَ رُمِيَ طَلْحَةُ يَوْمَئِذٍ بِسَهْمٍ، فَوَقَعَ فِي عَيْنِ رُكْبَتِهِ، فَمَا زَالَ يُسَبِّحُ اِلَى اَنْ مَاتَ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے مروان بن حکم کو دیکھا جس وقت حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو تیر مارا' ان کے گھٹنے میں لگا' آپ مسلسل مرنے تک تسبیح پڑھتے رہے۔

202 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، انْتَهَى اِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَقَدْ مَاتَ، فَنَزَلَ عَنْ دَابَّتِهِ وَاَجْلَسَهُ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ الْغُبَارَ عَنْ وَجْهِهِ وَلِحْيَتِهِ، وَهُوَ يَتَرَحَّمُ عَلَيْهِ وَيَقُولُ: لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَذَا الْيَوْمِ بِعِشْرِينَ سَنَةً

حضرت طلحہ بن مصرف فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت طلحہ بن عبیداللہ کے پاس آئے جس وقت ان کا وصال ہوا' آپ سواری سے اُترے اور اُن کو بٹھایا' آپ کے چہرے اور داڑھی سے غبار پونچھنے لگے اور آپ کے لیے دعا کر رہے تھے' کہہ رہے تھے: کاش! میں آج کے دن سے 20 سال پہلے مر گیا ہوتا۔

203 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْجَمَلِ يَقُولُ لِابْنِهِ حَسَنٍ: يَا حَسَنُ وَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ مِتُّ مُنْذُ عِشْرِينَ سَنَةً

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جنگ جمل کے دن فرماتے ہوئے سنا' آپ اپنے لخت جگر امام حسن رضی اللہ عنہ سے فرما رہے تھے: اے حسن! میں پسند کرتا ہوں کہ میں آج سے بیس سال پہلے فوت ہو گیا ہوتا۔

وَمَا اَسْنَدَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہیں

204 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عِيسَى بْنِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

205 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ مِنَ التَّوَاضُعِ لِلّٰهِ الرِّضَا بِالدُّونِ مِنْ شَرَفِ الْمَجَالِسِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کے لیے عاجزی کرنا رضا ہے اور بہتر ہے بلند مجلس میں بیٹھنے سے۔

206 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ يَقُولُ: النَّاكِحُ فِي قَوْمِهِ كَالْمُعْشِبِ فِي دَارِهِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی قوم میں نکاح کرنے والا ایسے ہے جس طرح اپنے گھر میں گھونسلا بنانے والا ہو۔

207 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا كَانَتْ نُبُوَّةٌ قَطُّ اِلَّا كَانَ بَعْدَهَا قَتْلٌ وَصَلْبٌ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نبوت کے بعد قتل اور سولی لٹکانا ہوگا۔

208 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِي قُرَيْشٍ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عمرو بن عاص قریش کے نیک لوگوں سے ہے۔

209 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ، ثنا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا عَمْرُو إِنَّكَ لَذُو رَأْيٍ رَشِيدٍ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے عمرو! تُو اسلام میں درست رائے دینے والا ہے۔

210 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ صَلَّى بِقَوْمٍ فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: نَسِيتُ أَنْ أَسْتَأْمِرَكُمْ قَبْلَ أَنْ أَتَقَدَّمَكُمْ أَفَرِضِيتُمْ بِصَلَاتِي؟ قَالُوا: نَعَمْ، وَمَنْ يَكْرَهُ ذَلِكَ يَا حَوَارِيَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا رَجُلٍ أَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ لَمْ تَجُزْ صَلَاتُهُ أُذُنَهُ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب سلام پھیرا تو میں نے کہا: میں آگے ہونے سے پہلے اجازت لینا بھول گیا' کیا تم میرے نماز پڑھانے پر راضی ہو؟ اُنہوں نے کہا: اے رسول اللہ کے حواری! کون ناپسند کرتا ہے آپ کے نماز پڑھانے کو؟ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو کوئی کسی قوم کی امامت کروائے اور وہ اس کو ناپسند کرتے ہوں تو اس کی نماز ان کی اجازت کے بغیر جائز نہیں ہے۔

211 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أُولِيَ مَعْرُوفًا فَلْيَذْكُرْهُ فَمَنْ ذَكَرَهُ فَقَدْ شَكَرَهُ، وَمَنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نیکی کیا گیا ہو' اسے نیکی یاد رکھنی چاہیے' جس نے اس کو یاد رکھا' اُس نے اس کا شکر ادا کیا' جس نے چھپایا اُس نے ناشکری کی۔

212 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَتْ رِحْلَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطِيبُهُ إِلَيَّ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ يَسْأَلُهُ أَحَدَهُمَا، فَقَالَ: ذَاكَ إِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ فَأَتَانِي فَأَعْلَمَنِي فَأَبَيْتُ عَلَيْهِ، فَعَادَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ فَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ ذَلِكَ، فَأَتَانِي فَأَعْلَمَنِي، فَأَبَيْتُ عَلَيْهِ، فَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَرَجَعَ إِلَيَّ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: مَا بَعَثَهُ إِلَيَّ إِلَّا وَهُوَ يُحِبُّ أَنْ يَقْضِيَ حَاجَتَهُ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكَادُ يُسْأَلُ شَيْئًا إِلَّا فَعَلَهُ، فَقُلْتُ: لَأَنْ أَلِيَ بَشَرَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَلِيَ رِحْلَتَهُ، فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ، فَأَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا، فَأَمَرَ أَنْ يُرْحَلَ لَهُ فَأَتَانِي، فَقَالَ: أَيُّ الرِّحْلَتَيْنِ كَانَتْ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: الطَّائِفِيَّةُ فَرَحَّلَهَا لَهُ، ثُمَّ قَرَّبَهَا إِلَيْهِ، فَلَمَّا ثَارَتْ بِهِ انْكَبَّتْ، فَقَالَ: مَنْ رَحَّلَ هَذَا؟ قَالُوا: فُلَانٌ. فَقَالَ: رُدُّوهَا إِلَى طَلْحَةَ فَرُدَّتْ إِلَيَّ. قَالَ طَلْحَةُ: وَاللَّهِ مَا غَشَشْتُ أَحَدًا فِي الْإِسْلَامِ غَيْرَهُ لِكَيْ تَرْجِعَ إِلَيَّ رِحْلَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی سواری اور خوشبو میرے پاس ہوتی تھی' ایک آدمی آپ کے پاس آیا' اُس نے ان دو میں سے ایک مانگی تو آپ نے فرمایا: یہ طلحہ بن عبیداللہ کے پاس ہے۔ وہ آدمی میرے پاس آیا' مجھے بتایا تو میں نے دینے سے انکار کیا تو حضور ﷺ کی بارگاہ میں گیا' اس نے مانگا تو آپ نے دے دیا۔ دوبارہ پہلے کی طرح بات کی' وہ میرے پاس آیا' اس نے مجھے بتایا تو میں نے دینے سے انکار کیا' وہ آدمی دوبارہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں گیا' آپ نے دوبارہ پہلی والی بات کی' وہ پھر میرے پاس آیا' میں نے اُس سے کہا: آپ نے میری طرف بھیجا ہے اس کے لیے کہ آپ پسند کرتے ہیں کہ اس کی ضرورت کو پورا کیا جائے۔ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ آپ سے کوئی شی مانگی جاتی تو آپ دے دیتے تھے۔ میں نے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کی خوشبو مجھے زیادہ پسند ہے سواری سے۔ میں نے سواری دے دی' حضور ﷺ نے سفر کرنے کا ارادہ کیا' آپ نے سواری تیار کرنے کا حکم دیا۔ وہ آدمی میرے پاس آیا' اس نے کہا: آپ کو دو سواریوں میں سے کون سی پسند ہے؟ میں نے کہا: طائفیہ! اس نے تیار کیا' پھر آپ کے قریب کی' جب آپ سوار ہونے لگے تو وہ جھک گیا' آپ نے فرمایا: یہ کس نے تیار کی ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: فلاں نے! آپ نے فرمایا: طلحہ کی طرف بھیجو! میرے طرف بھیجا گیا' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم!

میں نے اسلام میں اس کے علاوہ کوئی ملاوٹ نہیں کی' اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سواری میری طرف بھیجی گئی۔

213 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ جَعَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ظَهْرِي حَتَّى اسْتَقَلَّ، وَصَارَ عَلَى الصَّخْرَةِ، وَاسْتَتَرَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: هَكَذَا وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى وَرَاءِ ظَهْرِي: هَذَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخْبَرَنِي أَنَّهُ لَا يَرَاكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي هَوْلٍ إِلَّا أَنْقَذَكَ مِنْهُ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اُحد کے دن تھا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف پیٹھ کی' ایسے جس طرح کی دیوار ہوتی ہے پتھر کی طرح' آپ کو مشرکوں سے چھپا لیا' آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا' میری پشت کے پیچھے سے' یہ جبریل علیہ السلام ہیں' مجھے بتایا ہے کہ یہ قیامت کے دن کوئی بھی ہولناکی دیکھے گا تو اللہ اس کو بچا لے گا۔

214 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ أَصَابَنِي السَّهْمُ، فَقُلْتُ: حِسِّ فَقَالَ: لَوْ قُلْتَ: بِسْمِ اللَّهِ، لَطَارَتْ بِكَ الْمَلَائِكَةُ وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اُحد کا دن تھا تو مجھے تیر لگا' میں نے کہا: ''حِسّ'' (کوئی معمولی درد ہونے پر منہ سے بے اختیار ایسی آواز نکل جاتی ہے) آپ نے فرمایا: اگر تُو کہتا کہ اللہ کے نام سے' تو تجھے فرشتے اُڑا کر لے جاتے اس حال میں کہ لوگ تیری طرف دیکھ رہے ہوتے۔

215 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَآنِي قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَهِيدٍ يَمْشِي عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مجھے دیکھتے تو فرماتے: جس کو پسند ہو کہ وہ زمین پر چلتا ہوا شہید دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے۔ یعنی طلحہ بن عبیداللہ کو۔

216 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مجھے دیکھتے تو فرماتے: دنیا و آخرت میں میرے

مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَآنِي قَالَ: سَلِفِي فِي الدُّنْيَا وَسَلِفِي فِي الْآخِرَةِ

پیچھے ہے۔

217 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اُحُدٍ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَاَ هٰذِهِ الْآيَةَ: (رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الاحزاب: 23) الْآيَةَ كُلَّهَا، فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ فَاَقْبَلْتُ وَعَلَيَّ ثَوْبَانِ اَخْضَرَانِ، فَقَالَ: اَيُّهَا السَّائِلُ، هٰذَا مِنْهُمْ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ اُحد سے واپس آئے تو منبر پر جلوہ افروز ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر یہ آیت پڑھی: لوگوں میں کچھ ایسے ہیں جو اللہ سے وعدہ کرتے ہیں تو پورا کرتے ہیں۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون ہیں؟ میں آیا اس حالت میں کہ میں نے دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: سوال کرنے والا کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ ان میں سے ہے۔

218 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ سَمَّانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلْحَةَ الْخَيْرِ، وَيَوْمَ غَزْوَةِ ذَاتِ الْعَشِيرَةِ: طَلْحَةَ الْفَيَّاضَ، وَيَوْمَ حُنَيْنٍ طَلْحَةَ الْجُودِ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اُحد کا دن تھا تو حضور ﷺ نے میرا نام طلحہ الخیر رکھا' غزوۂ تبوک کے موقع پر طلحہ الفیاض رکھا اور حنین کے دن طلحہ جود رکھا۔

219 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي جَمَاعَةٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، وَفِي يَدِهِ سَفَرْجَلَةٌ يُقَلِّبُهَا، فَلَمَّا جَلَسْتُ اِلَيْهِ دَحَى بِهَا نَحْوِي، ثُمَّ قَالَ: دُونَكَهَا اَبَا مُحَمَّدٍ، فَاِنَّهَا تَشُدُّ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ اپنے صحابہ کی جماعت میں تھے' آپ کے دست مبارک میں سبزی بہی دانہ تھی' اس کو پلٹ رہے تھے' جب میں آپ کے پاس بیٹھا تو آپ نے اس کو میری طرف کر کے فرمایا: ابومحمد! اسے لے لو! کیونکہ دل کو مضبوط کرتی ہے' جان کو راحت دیتی

الْقَلْبَ، وَتُطَيِّبُ النَّفْسَ، وَتَذْهَبُ بِطَخَاوَةِ الصَّدْرِ

ہے اور سینے کی تکلیف کو دور کرتی ہے۔

نِسْبَةُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا نسب

الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّهُ: صَفِيَّةُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمَّةُ رَسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

زبیر بن عوام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک' آپ کی کنیت ابوعبداللہ' آپ کی والدہ صفیہ بنت عبدالمطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی تھیں

220 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى: الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ اَسَدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بنی اسد بن عبدالعزیٰ میں سے جو بدر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک ہوا تھا' وہ حضرت زبیر بن عوام بن خویلد بن اسد تھے۔

221 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بُكَيْرٍ، قَالَ: كَانَ الزُّبَيْرُ يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت زبیر کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔

222 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْيَرْمُوكُ، قَالُوا لِلزُّبَيْرِ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ہشام بن عروہ فرماتے ہیں کہ یرموک کے دن زبیر کو لوگ کہتے تھے: اے ابوعبداللہ!

صِفَةُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا حلیہ

223 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ طَوِيلًا مُحَفَّفًا، خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ

حضرت یحییٰ بن عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سفید، درمیانہ قد کے تھے، آپ کی داڑھی ہلکی تھی۔

224 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا اَبُو غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ طَوِيلًا يَخُطُّ رِجْلَاهُ الْاَرْضَ، اِذَا رَكِبَ الدَّابَّةَ اَشْعَرَ، وَرُبَّمَا اَخَذْتُ بِشَعْرِ كَتِفَيْهِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ لمبے قد کے تھے، آپ کے پاؤں زمین پر لکیر لگاتے تھے، جب آپ اپنی سواری پر سوار ہوتے تو آپ کے بال لمبے ہوتے تھے، بسا اوقات میں آپ کے دونوں کندھوں کے بالوں سے پکڑ لیتا تھا۔

225 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: سَمِعَ ابْنُ عُمَرَ رَجُلًا يَقُولُ: اَنَا ابْنُ حَوَارِيِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حواری کا بیٹا ہوں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر تو آلِ زبیر کا بیٹا ہے تو (ٹھیک) ورنہ نہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اِنْ كُنْتَ مِنْ آلِ الزُّبَيْرِ وَاِلَّا فَلَا

ہے۔

226 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ سَلَّ سَيْفًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ: الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ (حضرت زبیر) وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں تلوار سونتی ہے۔

227 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ الْبَجَلِيُّ، اَنْبَاَ اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَرْتَنِيسِيُّ، ثنا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: مَنْ يَاْتِينَا بِخَبَرِ بَنِي قُرَيْظَةَ؟ ثُمَّ نَدَبَهُمُ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ نَدَبَهُمُ الثَّالِثَةَ، فَانْتُدِبَ الزُّبَيْرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خندق کے موقع پر فرمایا: ہمارے پاس بنی قریظہ کی خبر کون لائے گا؟ آپ نے دوسری مرتبہ بھی اس کی دعوت دی' پھر تیسری مرتبہ دی' حضرت زبیر اُٹھے اور عرض کی: میں (لاؤں گا)۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا حواری ہوتا ہے' میرا حواری زبیر ہے۔

228 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ عَوْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَشَرِيكٌ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا حواری ہے' میرا حواری زبیر ہے۔

229 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ

حضرت حفص بن خالد فرماتے ہیں کہ ہمارے

227- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد4صفحه1879 رقم الحديث: 2415' وأخرج نحوه البارى جلد 6 صفحه2650 رقم الحديث: 6833 كلاهما عن جابر به .

229- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد3صفحه406 رقم الحديث: 5550' وذكره ابن أبی عاصم فی السنة جلد2 صفحه612 رقم الحديث: 139 كلاهما عن حفص عن شيخ عن الزبير به .

بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا سِكِّينُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَصْرِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ، قَدِمَ عَلَيْنَا مِنَ الْمَوْصِلِ، قَالَ: صَحِبْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَأَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ بِأَرْضٍ قَفْرٍ، فَقَالَ: اسْتُرْنِي، فَسَتَرْتُهُ، فَحَانَتْ مِنِّي الْتِفَاتَةٌ إِلَيْهِ، فَرَأَيْتُهُ مُجَدَّعًا بِالسُّيُوفِ، قُلْتُ: وَاللَّهِ لَقَدْ رَأَيْتُ بِكَ آثَارًا مَا رَأَيْتُهَا بِأَحَدٍ قَطُّ قَالَ: وَقَدْ رَأَيْتَ ذَلِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: أَمَا وَاللَّهِ مَا مِنْهَا جِرَاحَةٌ إِلَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

پاس موصل کا رہنے والا ایک شخص آیا' اس نے کہا: میں نے بعض سفروں میں حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کی صحبت اختیار کی ہے' آپ جنگل میں جنبی ہوئے' آپ نے فرمایا: میرے لیے پردہ کرو! میری نظر آپ کے جسم پر پڑی' میں نے آپ کے جسم پر تلواروں کے زخم دیکھے' میں نے کہا: اللہ کی قسم! جتنے نشانات آپ کے جسم پر دیکھ رہا ہوں اتنے کسی کے نہیں دیکھے۔ آپ نے فرمایا: تُو نے دیکھے ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تمام زخم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مصیبت یا اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے لگے ہیں۔

230 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: نَزَلَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ عَلَى سِيمَاءِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ وَهُوَ مُعْتَجِرٌ بِعِمَامَةٍ صَفْرَاءَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام بدر کے دن آئے' جس رنگ کا حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے عمامہ باندھا ہوا تھا' اسی رنگ کا حضرت جبریل علیہ السلام نے باندھا ہوا تھا' یعنی زرد رنگ کا۔

231 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا جَامِعٌ أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الْبَهِيِّ، قَالَ: كَانَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارِسَانِ: الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ عَلَى فَرَسٍ عَلَى الْمَيْمَنَةِ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ عَلَى فَرَسٍ عَلَى الْمَيْسَرَةِ

حضرت بہی فرماتے ہیں: بدر کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دو گھوڑے تھے' زبیر بن عوام گھوڑے پر سوار میمنہ پر تھے اور مقداد بن اسود گھوڑے پر سوار میسرہ پر تھے۔

232 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْقَزَّازُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامِ

حضرت مطیع بن اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی قسم! اگر میں وعدہ کروں یا کوئی ترکہ چھوڑوں تو

بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ مُطِيعَ بْنَ الْاَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَوْ عَهِدْتُ عَهْدًا، اَوْ تَرَكْتُ تَرِكَةً، لَكَانَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَجْعَلَهَا اِلَيْهِ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، فَاِنَّهُ رُكْنٌ مِنْ اَرْكَانِ الدِّينِ

مجھے پسند ہوگا کہ اس پر زبیر بن عوام کو مقرر کروں کیونکہ یہ دین کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے۔

233 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، عنِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، لَقِيَ الزُّبَيْرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالسُّوقِ، فَتَعَاتَبَا فِي شَيْءٍ مِنْ اَمْرِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ اَغْلَظَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ لِي؟ فَضَرَبَهُ الزُّبَيْرُ حَتَّى وَقَعَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' حضرت زبیر سے بازار میں ملے' دونوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق بات کی تو حضرت عبداللہ بن زبیر نے سختی کی' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم سن رہے ہو جو میں کہہ رہا ہوں؟ حضرت زبیر نے عبداللہ کو مارا' یہاں تک کہ وہ گر گئے۔

234 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: ضَرَبَ الزُّبَيْرُ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَصَاحَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ فَاَقْبَلَ فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: اُمُّكَ طَالِقٌ اِنْ دَخَلْتَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: اَتَجْعَلُ اُمِّي عُرْضَةً لِيَمِينِكَ؟ فَاقْتَحَمَ عَلَيْهِ، فَخَلَّصَهَا مِنْهُ، فَبَانَتْ مِنْهُ، قَالَ: وَلَقَدْ كُنْتُ غُلَامًا رُبَّمَا اَخَذْتُ بِشَعْرِ مَنْكِبِي الزُّبَيْرِ

حضرت ہشام بن عروہ سے فرماتے ہیں: حضرت زبیر نے حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کو مارا' اُنہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر کے نام کی چیخ ماری' حضرت زبیر متوجہ ہوئے' دیکھا اور فرمایا: تیری ماں کو طلاق اگر تُو داخل ہوا۔ حضرت عبداللہ نے ان سے کہا: کیا آپ میری والدہ کو اپنی قسم کے لیے ڈھال بنا رہے ہیں؟ وہ گھس گئے اور اپنی والدہ کو چھڑوایا' پس اُن سے اُنہیں طلاقِ بائنہ ہوئی۔ حضرت عروہ فرماتے ہیں: میں بچہ تھا' بسا اوقات میں حضرت زبیر کے کندھوں سے آپ کے بال پکڑتا تھا۔

235 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ، ثنا

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت

اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: يَا بَنِيَّ لَا تَخْرُجُنَّ بَنَاتِكُمْ اِلَّا اِلَى الْاَكْفَاءِ. قَالُوا: يَا اَبَانَا، وَمَنِ الْاَكْفَاءُ؟ قَالَ: وَلَدُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بیٹو! تم اپنی بچیوں کا نکاح کفو میں کرنا۔ انہوں نے عرض کی: اے ہمارے والد! کفوکون ہیں؟ آپ نے فرمایا: زبیر بن عوام کی اولاد سے۔

236 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: قُتِلَ الزُّبَيْرُ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعٍ وَسِتِّينَ، وَقُتِلَ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر کو 64 سال کی عمر میں 36 ہجری میں شہید کیا گیا۔

سِنُّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَوَفَاتُهُ وَاَخْبَارُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات اور آپ کے حالات کا بیان

237 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَسْلَمَ الزُّبَيْرُ وَهُوَ ابْنُ سِتَّةَ عَشَرَ، وَقُتِلَ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسِتِّينَ

حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے کہ حضرت زبیر اسلام لائے' اُس وقت آپ کی عمر 16 سال تھی' جس وقت شہید کیے گئے اُس وقت آپ کی عمر 60 سے اوپر تھی۔

238 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قُتِلَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْجَمَلِ فِي جُمَادَى - لَا اَدْرِي الْاُولَى اَوِ الْآخِرَةِ - سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر جنگ جمل کے موقع پر جمادی الاولیٰ یا جمادی الاخریٰ میں 66 ہجری میں شہید کیے گئے۔

239 - قَالَ يَحْيَى: وَاَخْبَرَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عُرْوَةُ، اَنَّ الزُّبَيْرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَسْلَمَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، وَكَانَ يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اسلام لائے' اُس وقت آپ کی عمر 18 سال تھی' ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے' یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ میں تیرہ دن ٹھہرے' جس دن شہید کیے گئے اُس

بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ فَهُوَ يَوْمَ قُتِلَ ابْنُ سَبْعٍ وَخَمْسِينَ، وَإِنْ كَانَ أَقَامَ عَشْرَ سِنِينَ فَالزُّبَيْرُ ابْنُ أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ سَنَةً

دن آپ کی عمر 57 سال تھی' آپ مدینہ شریف میں دس سال رہے' حضرت زبیر کی عمر 54 سال تھی۔

240 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: أَسْلَمَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، وَهَاجَرَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانَ عَشْرَةَ، وَكَانَ عَمُّ الزُّبَيْرِ يُعَلِّقُ الزُّبَيْرَ فِي حَصِيرٍ، وَيُدَخِّنُ عَلَيْهِ بِالنَّارِ وَهُوَ يَقُولُ: ارْجِعْ إِلَى الْكُفْرِ فَيَقُولُ الزُّبَيْرُ: لَا أَكْفُرُ أَبَدًا

حضرت ابواسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ 18 سال کی عمر میں اسلام لائے تھے اور آپ کی ہجرت کے وقت 18 سال کے تھے' حضرت زبیر کے چچا آپ کو چٹائی میں بند کر کے لٹکا دیتے' اس پر آگ لگاتے اور کہتے: کفر کی طرف لوٹ آ! حضرت زبیر فرماتے: میں کبھی بھی کفر کی طرف نہیں جاؤں گا۔

241 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مَحَا الزُّبَيْرُ اسْمَهُ مِنَ الدِّيوَانِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' حضرت زبیر کا نام رجسٹر سے مٹا دیا گیا۔

242 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُرَيْبٍ الْأَصْمَعِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَوْنٍ، يَقُولُ: هَؤُلَاءِ الْخِيَارُ قُتِلُوا قَتْلًا، ثُمَّ بَكَى، فَقَالَ: قَاتِلُ الزُّبَيْرِ أَقْبَلَ عَلَى الزُّبَيْرِ فَأَقْبَلَ الزُّبَيْرُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أُذَكِّرُكَ اللَّهَ، فَكَفَّ عَنْهُ الزُّبَيْرُ حَتَّى فَعَلَ ذَلِكَ مِرَارًا، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: قَاتَلَهُ اللَّهُ يُذَكِّرُ بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَيَنْسَاهُ

حضرت ابن عون فرماتے ہیں کہ یہ بہتر لوگوں کو مارا گیا' پھر رو پڑے' فرمایا: حضرت زبیر کا قاتل زبیر کی طرف متوجہ ہوا اور حضرت زبیر اس کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: میں تجھے اللہ کی یاد دلاتا ہوں! حضرت زبیر اس سے رُک گئے' یہ کئی مرتبہ کیا' حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اس کو ہلاک کرے جس کو اللہ کا نام یاد دلایا جائے اور وہ اسے بھول جائے۔

243 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجَمَلِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب جنگ جمل کا دن تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اترے ہوئے سر دیکھے' آپ نے حضرت امام حسن رضی

رَاَى عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الرُّءُوسَ تَنْدُرُ، فَاَخَذَ بِيَدِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَوَضَعَهَا عَلَى بَطْنِهِ، ثُمَّ قَالَ: اَىْ بُنَيَّ اَىُّ خَيْرٍ بَعْدَ هٰذَا

اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا' اور اس کو ان کے پیٹ پر رکھا' پھر فرمایا: اس کے بعد کس بھلائی کی اُمید رکھو گے۔

244 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ عَوْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَشَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاُتِيَ بِرَاْسِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: بَشِّرْ قَاتِلَ ابْنِ صَفِيَّةَ بِالنَّارِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' حضرت زبیر کا سر لایا گیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابن صفیہ کو قتل کرنے والے کے لیے آگ کی خوشخبری ہے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ہر نبی کا حواری ہے' میرا حواری زبیر ہے۔

245 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَسْلَمَ الزُّبَيْرُ وَهُوَ ابْنُ سِتَّ عَشْرَةَ سَنَةً، وَلَمْ يَتَخَلَّفْ عَنْ غَزَاةٍ غَزَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقُتِلَ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسِتِّينَ وَهُوَ مِنَ الْبَصْرَةِ عَلَى نَحْوِ بَرِيدٍ

حضرت ہشام بن عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اسلام لائے تب آپ کی عمر 16 سال تھی' جب جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک ہوئے اس میں کبھی بھی پیچھے نہیں رہے' آپ کو جب شہید کیا گیا تو آپ کی عمر 60 سے اوپر تھی' بصرہ کے مقام برید پر تھے۔

246 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: قُتِلَ الزُّبَيْرُ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ، قَتَلَهُ ابْنُ جُرْمُوزٍ وَمَعَهُ النُّعْمَانُ بْنُ زِمَامٍ، وَاَبُو الْمَضْرَحِيِّ رَجُلَانِ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ، وَقُتِلَ بِوَادِي السِّبَاعِ، وَدُفِنَ بِهِ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو 36 ہجری میں شہید کیا گیا' آپ کو ابن جرموز نے شہید کیا' اس کے ساتھ نعمان بن زمام اور ابومضرحی' بنی تمیم کے دو آدمیوں تھے۔ وادیٔ سباع میں آپ کو دفن کیا گیا۔

244- أخرج نحوه الترمذی فی سننه جلد5صفحه646 رقم الحديث: 3744 .

247 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، وَعُثْمَانَ، وَالْمِقْدَامَ بْنَ الْاَسْوَدِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَمُطِيعَ بْنَ الْاَسْوَدِ اَوْصُوا اِلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

حضرت ہشام بن عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ عثمانؓ مقدار بن اسودؓ عبدالرحمٰن بن عوفؓ مطیع بن اسودؓ زبیر بن عوام کو وصیت کرتے تھے۔

248 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِی وَقَّاصٍ عِذَارَ عَامٍ وَاحِدٍ

حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی و زبیرؓ سعد بن ابی وقاص کو ایک ہی سال شہید کیا گیا۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو حضرت زبیر بن عوام سے مروی ہیں

249 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ایک دفعہ عورت کا پستان منہ میں ڈالنے یا دو دفعہ ڈالنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی ہے۔ (دودھ پینے کی مدت میں ایک گھونٹ دودھ پینے سے بھی رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ سیالکوٹی)

250 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ھند بنت عتبہ کو دیکھا' اس کی اُحد کے دن پنڈلی ننگی تھی' میں اب بھی اس کی پنڈلی کی رگ کو دیکھ رہا ہوں'

249- أخرج نحوه ابن حبان فی صحيحه جلد10صفحه39 رقم الحديث: 4226' وذكر نحوه أبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد 3صفحه70 رقم الحديث: 875' جلد9صفحه325 رقم الحديث: 288 كلاهما عن عروة عن عبد الله بن الزبير عن الزبير به .

الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَاَيْتُ هِنْدَ بِنْتَ عُتْبَةَ كَاشِفَةً عَنْ سَاقِهَا يَوْمَ اُحُدٍ، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى خَدَمٍ فِي سَاقِهَا، وَهِيَ تُحَرِّضُ النَّاسَ

وہ لوگوں کو لڑائی کے لیے اُبھار رہی تھی۔

251 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْاَرْضُ اَرْضُ اللّٰهِ، وَالْعِبَادُ عِبَادُ اللّٰهِ، فَحَيْثُ وَجَدَ اَحَدُكُمْ خَيْرًا فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ وَلْيُقِمْ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ زمین اللہ کی زمین ہے' بندے اللہ کے بندے ہیں' تم میں سے کوئی جہاں بھی بھلائی پائے' وہ اللہ سے ڈرے اور بھلائی کرے۔

252 - وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَاَنْ يَاْخُذَ اَحَدُكُمْ حَبْلًا فَيَحْتَطِبَ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَ وَيَاْكُلَ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَسْاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ اَوْ مَنَعُوهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی رسی پکڑے' وہ لکڑیوں کا گٹھا اپنی پشت پر رکھے' اس کو فروخت کر کے اس کی کمائی کھائے' اس کے لیے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگے' پھر لوگ اس کو دیں یا نہ دیں۔

253 - وَسَمِعْتُ رَسُولَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ حِينَ تَلَا هَذِهِ الْاٰيَةَ: (شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهُ لَا

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس وقت آپ

252- أخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد 2 صفحه 535 رقم الحدیث: 1402' وأخرج نحوه البیهقی فی سنن البیهقی الکبری جلد 4 صفحه 195 رقم الحدیث: 7653' جلد 6 صفحه 153 رقم الحدیث: 11632' وابن ماجه فی سننه جلد 1 صفحه 588 رقم الحدیث: 1836 کلهم عن الزبیر به .

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ) (آل عمران: 18) اِلٰی قَوْلِهٖ (الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ) (آل عمران: 18) قَالَ: وَاَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

نے یہ آیت پڑھی: ''اللہ گواہی دیتا ہے کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' وہ غالب حکمت والا ہے''۔ آپ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو غالب حکمت والا ہے۔

254 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِی، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا نُمَيْرُ بْنُ يَزِيدَ الْقَيْنِيُّ، ثنا اَبِی، ثنا قُحَافَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِی الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: صَلَّی بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ فِی مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: اَيُّكُمْ يَتْبَعُنِی اِلٰی وَفْدِ الْجِنِّ اللَّيْلَةَ؟ فَاَسْكَتَ الْقَوْمُ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ مِنْهُمْ اَحَدٌ، قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا، فَمَرَّ بِی يَمْشِی فَاَخَذَ بِيَدِی فَجَعَلْتُ اَمْشِی مَعَهُ حَتّٰی خَنَسَتْ عَنَّا جِبَالُ الْمَدِينَةِ كُلُّهَا، وَاُقْصِينَا اِلٰی اَرْضٍ قَرَارٍ، فَاِذَا رِجَالٌ طُوَالٌ كَاَنَّهُمُ الرِّمَاحُ، مُسْتَدْفِرِی ثِيَابِهِمْ مِنْ بَيْنِ اَرْجُلِهِمْ، فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ غَشِيَتْنِی رِعْدَةٌ شَدِيدَةٌ حَتّٰی مَا يُمْسِكُنِی رِجْلَایَ مِنَ الْفَرَقِ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْهُمْ خَطَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِبْهَامِ رِجْلِهِ فِی الْاَرْضِ خَطًّا، فَقَالَ لِی: اُقْعُدْ فِی وَسَطِهِ فَلَمَّا جَلَسْتُ ذَهَبَ عَنِّی كُلُّ شَیْءٍ اَجِدُهُ مِنْ رِيبَةٍ، وَمَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِی وَبَيْنَهُمْ فَتَلَا قُرْآنًا رَفِيعًا حَتّٰی طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اَقْبَلَ حَتّٰی مَرَّ بِی، فَقَالَ لِی: اِلْحَقْ فَجَعَلْتُ اَمْشِی مَعَهُ، فَمَضَيْنَا غَيْرَ بَعِيدٍ، فَقَالَ لِی: الْتَفِتْ فَانْظُرْ، هَلْ تَرٰی حَيْثُ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو مدینہ کی مسجد میں نمازِ فجر پڑھائی' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: تم میں کون میرے ساتھ چلے گا اس رات جنوں سے ملاقات کرنے کے لیے؟ لوگ خاموش رہے' ان میں سے کسی نے کلام نہیں کی' آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' آپ میرے پاس سے گزرے تو آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' میں آپ کے ساتھ چلنے لگا یہاں تک کہ ہم مدینہ کے تمام پہاڑ پار کر گئے۔ ہم ایک اور زمین میں پہنچے' وہاں لمبے مرد تھے جیسے نیزے ہوتے ہیں' ان کے کپڑے پاؤں تک لٹک رہے تھے۔ جب میں نے ان کو دیکھا تو مجھ پر سخت قسم کی غشی طاری ہوئی یہاں تک کہ ڈر کی وجہ سے میرے پاؤں رُک گئے' جب ہم ان کے قریب ہوئے تو حضور ﷺ نے اپنے پاؤں کے انگوٹھے سے زمین پر ایک خط کھینچا' پھر مجھے فرمایا: اس کے درمیان میں بیٹھ جاؤ! جب میں بیٹھا تو میرے دل میں جو خوف والی بات تھی وہ چلی گئی۔ حضور ﷺ میرے اور اُن کے درمیان چلے گئے' آپ نے طلوعِ فجر تک اونچی آواز میں قرآن پڑھا' پھر آپ آئے اور میرے پاس سے گزرے اور مجھے فرمایا: چلو! میں آپ کے ساتھ چلنے لگا' ہم دور تک نہیں چلے کہ آپ

كَانَ اُولَئِكَ مِنْ اَحَدٍ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَى سَوَادًا كَثِيرًا، فَخَفَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهُ اِلَى الْاَرْضِ، فَنَظَمَ عَظْمًا بِرَوْثَةٍ، ثُمَّ رَمَى بِهِ اِلَيْهِمْ، وَقَالَ: رَشَدَ اُولَئِكَ مِنْ وَفْدِ قَوْمٍ هُمْ وَفْدُ نَصِيبِينَ، سَاَلُونِي الزَّادَ فَجَعَلْتُ لَهُمْ كُلَّ عَظْمٍ وَرَوْثَةٍ قَالَ الزُّبَيْرُ: فَلَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَسْتَنْجِيَ بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثَةٍ اَبَدًا

نے مجھے فرمایا: متوجہ ہو اور دیکھو! کیا تم یہاں کسی کو دیکھ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بہت زیادہ مخلوق دیکھ رہا ہوں۔ حضور ﷺ نے اپنا سر زمین کی طرف جھکایا' آپ نے گوبر کا کچھ حصہ اُٹھایا پھر ان کی طرف پھینکا اور فرمایا: ایک قوم وفد میں سے ان لوگوں نے راہنمائی حاصل کی ہے' وہ نصیبین کے مقام والا (جنوں کا) وفد ہے' مجھ سے اُنہوں نے زادِ راہ مانگا ہے' میں نے ان کے لیے ہڈی اور گوبر کو زادِ راہ بنایا ہے۔ حضرت زبیر فرماتے ہیں: کسی کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ ہڈی اور گوبر سے استنجاء کرے۔

نِسْبَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نسب

255 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ مَعْمَرِ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ بْنِ زُهْرَةَ بْنِ كِلَابٍ

حضرت ابوعبیدہ معمر بن مثنیٰ فرماتے ہیں کہ (حضرت عبدالرحمٰن کا نسب) عبدالرحمٰن بن عوف بن عبدعوف بن عبدالحارث بن زہرہ بن کلاب۔

256 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اسْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ: عَبْدَ الْكَعْبَةِ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نام زمانۂ جاہلیت میں عبدالکعبہ تھا' حضور ﷺ نے ان کا نام عبدالرحمٰن رکھا۔

257 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے

حَدَّثَنِی عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: كَانَ اسْمِی عَبْدَ عَمْرٍو فَسَمَّانِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ

ہیں کہ میرا نام عبدعمرو تھا' حضور ﷺ نے میرا نام عبدالرحمٰن رکھا۔

258 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ بْنِ زُهْرَةَ وَيُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بن عبد عوف بن عبدالحارث بن زہرہ فرماتے ہیں کہ میری کنیت ابومحمد تھی اور میں بدر میں شریک ہوا تھا۔

259 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِی زُهْرَةَ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ زُهْرَةَ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ بنی زہرۂ بن کلاب بن مرہ میں سے جو حضور ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک ہوا تھا' وہ عبدالرحمٰن بن عوف بن حارث بن زہرہ تھے۔

260 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَيْفَ صَنَعْتَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ فِی اسْتِلَامِ الرُّكْنِ؟ - يَعْنِی الْحَجَرَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابومحمد! حجراسود کے استلام کرنے میں آپ کیا کرتے ہیں؟ حضرت عبدالرحمٰن نے عرض کی: میں استلام کرتا ہوں اور چھوڑ

260- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 346 رقم الحديث: 5337' وأخرجه مالك فی موطاه جلد 1 صفحه 366 رقم الحديث: 816 كلاهما عن هشام بن عروة عن أبيه .

الْاَسْوَدَ- فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: اسْتَلَمْتُ وَتَرَكْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اَصَبْتَ

دیتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: درست کرتے ہو۔

صِفَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا حلیہ

261 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ: كُنْتُ مُحْرِمًا فَرَاَيْتُ ظَبْيًا فَرَمَيْتُهُ، فَاَصَبْتُ خَشَاشَهُ- يَعْنِي اَصْلَ قَرْنِهِ- فَرَكِبَ رَدْعَهُ، فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ، فَاَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَسْاَلُهُ، فَوَجَدْتُ اِلٰى جَنْبِهِ رَجُلًا اَبْيَضَ رَقِيقَ الْوَجْهِ، فَاِذَا هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَاَلْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَالْتَفَتَ اِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ: تَرٰى شَاةً تَكْفِيهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَذْبَحَ شَاةً، فَقُمْنَا مِنْ عِنْدِهِ، فَقَالَ صَاحِبٌ لِي: اِنَّ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَمْ يُحْسِنْ يُفْتِيكَ، حَتّٰى سَاَلَ الرَّجُلَ، فَسَمِعَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْضَ كَلَامِهِ، فَعَلَاهُ عُمَرُ بِالدِّرَّةِ ضَرْبًا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ لِيَضْرِبَنِي، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اِنِّي لَمْ اَقُلْ شَيْئًا اِنَّمَا هُوَ قَالَهُ، فَتَرَكَنِي، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: اَرَدْتَ اَنْ تَقْتُلَ الْحَرَامَ وَتَتَعَدَّ الْفُتْيَا، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ فِي الْاِنْسَانِ عَشَرَةَ اَخْلَاقٍ: تِسْعَةٌ حَسَنَةٌ، وَوَاحِدَةٌ سَيِّئَةٌ يُفْسِدُهَا ذٰلِكَ السَّيِّءُ، ثُمَّ قَالَ: وَاِيَّاكَ

حضرت قبیصہ بن جابر اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حالت احرام میں تھا' میں نے ایک ہرن دیکھا' میں نے اس کو تیر مارا' اس کے بعد سواری پر سوار ہوا' میرے دل میں بات آئی کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ سے پوچھا' میں نے آپ کے پاس ایک سفید چہرے والے آدمی کو پایا وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے پوچھا' آپ حضرت عبدالرحمٰن کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: ایک بکری ذبح کرنے کے لیے کافی ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن نے فرمایا: جی ہاں! مجھے آپ نے ایک بکری ذبح کرنے کا حکم دیا' یہ آپ کے پاس سے اُٹھے' میرے ایک ساتھی نے مجھے کہا: امیرالمؤمنین خود اچھی طرح فتویٰ نہیں دے سکتے ہیں یہاں تک کہ کسی آدمی سے پوچھ کر دیں۔ حضرت عمر نے کچھ بات سنی' حضرت عمر نے دُرّہ اُٹھایا پھر میری طرف متوجہ ہوئے مارنے کے لیے۔ میں نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! میں نے کچھ نہیں کہا' اس نے کہا ہے۔ آپ نے مجھے چھوڑ دیا پھر فرمایا: تُو نے ارادہ کیا ہے کہ تُو حالتِ احرام میں

وَعِشْرَةَ الشَّبَابِ

مارے اور فتویٰ لے۔ پھر فرمایا: انسان میں دس اخلاق ہیں' نو نیکی ہیں اور ایک بُرائی ہے' بُرائی ان کو فاسد کرتی ہے۔ پھر فرمایا. دسویں جوانی کی معاشرت سے بچ۔

حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ، فَاجْتَنَحَ اِلَى رَجُلٍ، وَاللّٰهِ لَكَاَنَّ وَجْهَهُ قَلْبٌ

حضرت قبیصہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی' ایک آدمی کی طرف جھکے' اللہ کی قسم! اس کا چہرہ دل تھا۔

262 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ضَمْرَةُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَلْبَسُ قَمِيصًا مِنْ كَرَابِيسَ اِلَى نِصْفِ سَاقِهِ، وَرِدَاؤُهُ يَضْرِبُ اِلَيْتَهُ

حضرت عثمان بن عطاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کرابیس کے کپڑے کی قمیص پہنتے تھے جو آپ کی نصف پنڈلی تک ہوتی تھی اور آپ کا تہبند سرین تک ہوتا تھا۔

263 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، كَانَ سَاقِطَ الثَّنِيَّتَيْنِ، اهْتَمَ اَعْسَرَ اَعْرَجَ، كَانَ اُصِيبَ يَوْمَ اُحُدٍ فَهُتِمَ، وَجُرِحَ عِشْرِينَ جِرَاحَةً، اَوْ اَكْثَرَ، اَصَابَهُ بَعْضُهَا فِي رِجْلِهِ فَعَرِجَ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے دونوں پاؤں زخمی ہو گئے تھے' آپ کے سامنے والے دو دانت گر گئے تھے' بڑی مشکل سے لنگڑا کے چلتے تھے' آپ کو اُحد کے دن زخم لگا تھا' آپ کو بیس زخم لگے تھے یا اس سے زیادہ' ان میں سے زیادہ پاؤں میں لگے تھے' اس وجہ سے آپ لنگڑاتے تھے۔

سِنُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات

264 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بُكَيْرٍ، قَالَ: وُلِدَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَعْدَ الْفِيلِ بِعَشْرِ سِنِينَ، وَمَاتَ سَنَةَ إِحْدَى أَوْ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِينَ، وَسِنُّهُ خَمْسٌ وَسَبْعُونَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ ہاتھی والے سال کے دس سال بعد پیدا ہوئے' آپ کا وصال 31یا32ہجری میں ہوا' آپ کی عمر 75 سال تھی' آپ رضی اللہ عنہ کا جنازہ حضرت عثمان نے پڑھایا۔

265 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَوْمَ مَاتَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ يَقُولُ: اذْهَبِ ابْنَ عَوْفٍ فَقَدْ أَدْرَكْتَ صَفْوَتَهَا، وَسَبَقْتَ رَنَقَهَا

حضرت ابراہیم بن سعد اپنے والد' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا جس دن حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا وصال ہوا: اے ابن عوف! جاؤ اس حال میں کہ آپ نے صفائی پائی ہے اور گندگی سے سبقت حاصل کی ہے۔

266 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَوْمَ مَاتَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ يَقُولُ: اذْهَبْ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ فَقَدْ ذَهَبْتَ بِبِطْنَتِكَ لَمْ تَنْتَقِصْ مِنْهَا بِشَيْءٍ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا: عبدالرحمٰن تُو گیا ہے' اپنے باطن کی صفائی کے ساتھ گیا ہے' ان سے کوئی شی کم نہیں کی۔

267 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: بَيْنَمَا عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي بَيْتِهَا، إِذْ سَمِعَتْ صَوْتًا رُجَّتْ مِنْهُ الْمَدِينَةُ، فَقَالَتْ: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا عِيرٌ قَدِمَتْ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ مِنَ الشَّامِ، وَكَانَتْ سَبْعَمِائَةِ رَاحِلَةٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے گھر میں تھیں' اچانک آپ نے ایک آواز سنی جس سے مدینہ میں شور پڑ گیا' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے کہا: حضرت عبدالرحمٰن کا سامان ملک شام سے آیا ہے۔ وہ سات سو سواریاں تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو جنت میں

يَقُولُ: رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَبْوًا فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ فَأَتَاهَا فَسَأَلَهَا عَمَّا بَلَغَهُ فَحَدَّثَتْهُ قَالَ: فَإِنِّي أُشْهِدُكِ أَنَّهَا بِأَحْمَالِهَا وَأَقْتَابِهَا، وَأَحْلَاسِهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

گھٹنوں کے بل داخل ہوتے ہوئے دیکھا۔ یہ بات حضرت عبدالرحمٰن تک پہنچی تو آپ حضرت عائشہ کے پاس آئے' آپ نے اس کے متعلق جو آپ نے بیان کیا' آپ نے بیان کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں بمع سازوسامان کے ان کو اللہ کی راہ میں دیتا ہوں۔

268 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: تَصَدَّقَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ بِشَطْرِ مَالِهِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةَ آلَافٍ، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِأَرْبَعِينَ أَلْفًا، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِأَرْبَعِينَ أَلْفَ دِينَارٍ، ثُمَّ حَمَلَ عَلَى خَمْسِمِائَةِ فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، ثُمَّ حَمَلَ عَلَى أَلْفٍ وَخَمْسِمِائَةِ رَاحِلَةٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَكَانَ عَامَّةُ مَالِهِ مِنَ التِّجَارَةِ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے اپنے مال سے ایک حصہ چار ہزار حضور ﷺ کے زمانہ میں صدقہ کیا' پھر چالیس ہزار صدقہ کیے' پھر چالیس ہزار دینار اللہ کی راہ میں صدقہ کیے' پھر پانچ سو گھوڑے اللہ کی راہ میں دیئے' پھر پندرہ سو سواریاں اللہ کی راہ میں دیں' آپ کا اکثر مال تجارت سے تھا۔

وَمِمَّا أَسْنَدَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَذَكَرَ الِاخْتِلَافَ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ فِي الطَّاعُونِ

وہ احادیث جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہیں' اس اختلاف کا ذکر جو زہری کی حدیث میں طاعون کا ذکر ہے

269 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ

269- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 4صفحه 1742 رقم الحديث: 2219' وأخرج نحوه البخاری فی صحيحه جلد5صفحه 2163 رقم الحديث: 5397' جلد5صفحه 2164 رقم الحديث: 5398' جلد6صفحه 2557 رقم الحديث: 6572 كلاهما عن عبد الرحمٰن بن عوف به .

نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَقَعَ الطَّاعُونُ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: هَكَذَا رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، وَخَالَفَهُمَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب کسی جگہ طاعون پھیلے اور تم وہاں ہو تو وہاں سے نہ بھاگو' جب کسی شہر میں طاعون پھیلے اور تم وہاں نہ ہو تو اس شہر میں داخل نہ ہو۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: عبدالرحمٰن بن یزید بن تمیم اور سفیان بن حسین اس کو اسی طرح روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے ابن ابوذئب اختلاف کرتے ہیں۔

270 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، اَخْبَرَ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ فِي طَرِيقِ الشَّامِ لَمَّا بَلَغَهُ اَنَّ بِهَا الطَّاعُونَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ هَذَا الْوَجَعَ - اَوْ هَذَا السَّقَمَ - عَذَابٌ عُذِّبَ بِهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ لَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَهْبِطُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، قَالَ: فَرَجَعَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالنَّاسِ ذَلِكَ الْعَامَ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عامر بن ربیعہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر کو بتایا جس وقت آپ ملک شام کے راستے میں تھے' جب آپ کو خبر معلوم ہوئی کہ وہاں طاعون ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن نے حضور ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ آپ نے فرمایا: یہ بیماری ہے یا عذاب ہے' اس کے ذریعے تم سے پہلے لوگوں کو عذاب دیا گیا' جب کسی شہر میں طاعون ہو اور تم وہاں نہ ہو' اس شہر میں نہ جاؤ' جب کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو' حضرت عمر لوگوں کے ساتھ اس سال واپس آ گئے۔

271 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے

الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

بھاگ کر نہ نکلو۔

272 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، انا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو۔

273 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَيُّوبَ، صَاحِبُ الْمَغَازِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: إِنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهَذَا الْوَبَاءِ بِبَلَدٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ وَأَنْتُمْ بِهِ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو۔

274 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ، حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ فِي اَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا يُخْرِجَنَّكُمُ الْفِرَارُ مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو۔

275 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِاَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِهِ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو۔

276 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذَا الْوَبَاءَ رِجْزٌ اَهْلَكَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَ الْاُمَمِ، وَقَدْ بَقِيَ فِي الْاَرْضِ مِنْهُ شَيْءٌ يَجِيءُ اَحْيَانًا، وَيَذْهَبُ اَحْيَانًا، فَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِاَرْضٍ فَلَا تَخْرُجُوا مِنْهَا، وَاِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ فِي اَرْضٍ فَلَا تَاْتُوهَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ بیماری ہے اس کے ذریعے اللہ عزوجل نے بعض لوگوں کو ہلاک کیا ہے' اس سے کچھ حصہ زمین میں رہ گیا ہے' بسا اوقات آتا ہے' بسا اوقات نہیں آتا' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

277 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ هَذَا الْوَجَعَ - أَوِ السَّقَمَ - رِجْزٌ عُذِّبَ بِهِ بَعْضُ الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ، ثُمَّ بَقِيَ بَعْدُ فِي الْأَرْضِ، فَيَذْهَبُ الْمَرَّةَ، وَيَأْتِي الْأُخْرَى، فَمَنْ سَمِعَ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا يَقْدَمُونَ عَلَيْهِ، وَمَنْ وَقَعَ بِأَرْضٍ وَهُوَ بِهَا فَلَا يُخْرِجَنَّهُ الْفِرَارُ مِنْهُ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ اللَّيْثِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ بیماری ہے اس کے ذریعے اللہ عزوجل نے بعض لوگوں کو ہلاک کیا ہے' اس سے کچھ حصہ زمین میں رہ گیا ہے' بسا اوقات آتا ہے' بسا اوقات نہیں آتا' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

278 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: ذُكِرَ الطَّاعُونُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ رِجْزٌ أَصَابَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ - أَوْ عَذَابٌ أَصَابَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ - فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِبَلَدٍ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ وَأَنْتُمْ بِبَلَدٍ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ بیماری ہے' یا فرمایا: عذاب ہے تم سے پہلے لوگوں کو ہوا' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

279 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الْوَبَاءَ شَيْءٌ عُذِّبَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ بیماری ہے اس کے ذریعے اللہ عزوجل نے بعض لوگوں کو عذاب دیا ہے' اس سے کچھ حصہ زمین میں رہ گیا ہے' بسا اوقات آتا ہے' بسا

بِهِ الْاُمَمُ قَبْلَكُمْ، وَقَدْ بَقِيَتْ فِي الْاَرْضِ مِنْهُ بَقِيَّةٌ، فَتَقَعُ اَحْيَانًا، وَيَذْهَبُ اَحْيَانًا، فَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا مِنْهَا، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ

اوقات چلا جاتا' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

280 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: ذُكِرَ الطَّاعُونُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّهُ رِجْسٌ اَصَابَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِبَلَدٍ فَلَا تَدْخُلُوهَا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِبَلَدٍ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ پلیدی ہے' تم سے پہلے لوگوں کو پہنچی ہے' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے بھاگ کر نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

281 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا جَعْفَرٌ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِاَرْضٍ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِاَرْضٍ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم سنو کہ کسی شہر میں طاعون ہے تو اس شہر میں نہ جاؤ' جب تم وہاں پر ہو جہاں طاعون ہو تو اس سے بھاگ کر نہ نکلو۔

282 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا:

اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنِي عَمِّي الْحَارِثُ بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنِي مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ اللَّيْلِ اَسْمَعُ؟ قَالَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرُ، ثُمَّ الصَّلَاةُ مَقْبُولَةٌ حَتَّى تُصَلِّيَ الْفَجْرَ، ثُمَّ لَا صَلَاةَ حَتَّى تَكُونَ الشَّمْسُ قَيْدَ رُمْحٍ، اَوْ رُمْحَيْنِ، ثُمَّ الصَّلَاةُ مَقْبُولَةٌ حَتَّى يَقُومَ الظِّلُّ قِيَامَ الرُّمْحِ، ثُمَّ لَا صَلَاةَ حَتَّى تَزُولَ الشَّمْسُ، ثُمَّ الصَّلَاةُ مَقْبُولَةٌ حَتَّى تَكُونَ الشَّمْسُ قَيْدَ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ، ثُمَّ لَا صَلَاةَ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ

رات کے کس حصہ میں دعا قبول ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: رات کے آخری حصہ کے درمیان میں' پھر نماز قبول ہوتی ہے فجر کی نماز پڑھنے تک' پھر سورج کے ایک نیزہ یا دو نیزہ جتنا بلند ہونے تک کے درمیان میں کوئی نماز نہیں ہے' پھر نماز قبول ہوتی ہے یہاں تک کہ سایہ ایک نیزہ کی مثل ہو جائے' پھر سورج کے زائل ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے' پھر نماز قبول ہوتی ہے یہاں تک کہ سورج ایک نیزہ یا دو نیزہ جتنا رہ جائے' پھر سورج غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے۔

283 - قَالَ: ثُمَّ قَالَ: اَيُّمَا امْرِءٍ مُسْلِمٍ اَعْتَقَ امْرِءاً مُسْلِمًا، فَهُوَ فِكَاكُهُ مِنَ النَّارِ، يُجْزَى بِكُلِّ عَظْمٍ مِنْهُ عَظْمًا مِنْهُ، وَاَيُّمَا امْرَاَةٍ مُسْلِمَةٍ اَعْتَقَتِ امْرَاَةً مُسْلِمَةً فَهِيَ فِكَاكُهَا مِنَ النَّارِ، يُجْزَى بِكُلِّ عَظْمٍ مِنْهَا عَظْمًا مِنْهَا، وَاَيُّمَا امْرِءٍ مُسْلِمٍ اَعْتَقَ امْرَاَتَيْنِ مُسْلِمَتَيْنِ فَهُمَا فِكَاكُهُ مِنَ النَّارِ، يُجْزَى عَظْمَيْنِ مِنْهُمَا عَظْمًا مِنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی مسلمان مرد کو آزاد کرتا ہے تو اس کے بدلے اس کو جہنم سے آزاد کیا جائے گا' اس آزاد ہونے والے کی ہر ہڈی کے بدلے اسے جزاء دی جائے گی' جو کوئی مسلمان عورت دوسری مسلمان عورت کو آزاد کرتی ہے تو پس یہ اس کی جہنم سے آزادی ہے' جو کوئی مسلمان مرد دو مسلمان عورتوں کو آزاد کرتا ہے تو ان دونوں کے بدلے اس کو جہنم سے آزاد کیا جائے گا' اس کی دونوں ہڈیوں کے برابر اس کی ہڈیوں کو اجر دیا جائے گا۔

284 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا ذُؤَيْبُ بْنُ عِمَامَةَ السَّهْمِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَالِمٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدِ

حضرت عبدالرحمٰن بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے' ان کے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نے اپنے صحابہ میں سے ایک

بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: افْتَقَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، قَالَ: اَيْنَ كُنْتَ؟ فَاِنِّي لَمْ اَرَكَ؟ اَلَمْ تَشْهَدِ الصَّلَاةَ؟ قَالَ: بَلَى. وَلَكِنِّي جِئْتُ وَقَدْ ثَبَتَ النَّاسُ، وَكَرِهْتُ اَنْ اَتَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ، قَالَ: اَحْسَنْتَ

آدمی کو نہ پایا تو آپ نے فرمایا: تم کہاں تھے؟ میں نے تمہیں نہیں دیکھا' تم نماز میں شریک نہیں ہوئے۔ اس نے عرض کی: کیوں نہیں! لیکن میں آیا تھا تو لوگ موجود تھے' میں نے لوگوں کی گردنیں پھلانگنا ناپسند کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اچھا کیا۔

285 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا ذُؤَيْبُ بْنُ عِمَامَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَامِلُ اِذَا اسْتُعْمِلَ فَاَخَذَ الْحَقَّ وَاَعْطَى الْحَقَّ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى يَرْجِعَ اِلَى بَيْتِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن حمید اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عامل کو جب مقرر کیا جائے تو حق لے اور حق دے' تو وہ مجاہد کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں ہو یہاں تک کہ وہ گھر لوٹ جائے۔

286 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا ذُؤَيْبٌ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْهَجِيرِ مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ فَسَاَلْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ حُمَيْدٍ عَنِ الْهَجِيرِ، قَالَ: اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ

حضرت عبدالرحمٰن بن حمید اپنے والد سے' وہ ان کے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نمازِ ہجیر رات کی نماز سے ہے۔ میں نے عبدالرحمٰن بن حمید سے ہجیر کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب سورج ڈھل جائے۔

287 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا ذُؤَيْبُ بْنُ عِمَامَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ حُمَيْدٍ، يَذْكُرُ عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلًا مِنْ بَنِي هَاشِمٍ يَقُولُ: اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ: غَيْرُهُ اَوْلَى بِهِ مِنْكَ وَلَكَ نَسَبُهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن حمید اپنے والد کے حوالہ سے ذکر کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے بنی ہاشم کے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: میں لوگوں میں سے حضور ﷺ کے زیادہ قریب تھا' حضرت عبدالرحمٰن نے فرمایا: آپ کے علاوہ آپ سے زیادہ قریب تھا اور آپ کے لیے نسب ہے۔

288 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْفَضْلِ الْمَخْزُومِيُّ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ شَيْبَةَ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ حُسَيْنٍ النَّبِقِيُّ الْمُطَّلِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: اسْتُعِزَّ بِأُمَامَةَ بِنْتِ أَبِي الْعَاصِ، فَبَعَثَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ لَهُ: إِنَّ ابْنَتِي قَدِ اسْتُعِزَّ بِهَا، فَبَعَثَ إِلَى ابْنَتِهِ: لِلَّهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ وَمَا أَبْقَى وَاسْتُعِزَّتِ الثَّانِيَةُ، فَبَعَثَتْ إِلَيْهِ: إِنَّ ابْنَتِي قَدِ اسْتُعِزَّ بِهَا، فَبَعَثَ إِلَى ابْنَتِهِ: لِلَّهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَبْقَى ثُمَّ كَانَتِ الثَّالِثَةُ، فَجَاءَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْرَجَتِ الصَّبِيَّةَ إِلَيْهِ، فَإِذَا نَفْسُهَا تَقَعْقَعُ فِي صَدْرِهَا، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ حَتَّى قَبَضَ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَفَطِنَ بِهِمْ وَهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ تَنْظُرُونَ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ رَأَيْنَاكَ رَقَقْتَ . قَالَ: رَحْمَةٌ يَضَعُهَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ حَيْثُ يَشَاءُ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ غَدًا مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

حضرت ولید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت امامہ بنت ابوالعاص کا وصال ہوا تو حضرت زینب بنت رسول اللہ نے حضور ﷺ کی طرف کسی کو بھیجا کہ آپ ﷺ سے عرض کرنا کہ میری بیٹی کا وصال ہو گیا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی بیٹی کی طرف پیغام بھیجا: جو اللہ نے دیا تھا' اس نے لے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے باقی چھوڑا۔ دوسری دفعہ پیغام بھیجا' پھر آپ کی طرف کسی کو بھیجا کہ میری بیٹی کا وصال ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی بیٹی کی طرف پیغام بھیجا کہ اللہ نے دیا تھا اس نے لے لیا اور اسی کا ہے جو باقی رکھا' پھر تیسری دفعہ حضور ﷺ تشریف لائے' آپ کو بچی پیش کی گئی' اس کی روح سینہ سے نکل رہی تھی' حضور ﷺ کے ساتھ صحابہ کرام بھی تھے' آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو نکلے جس سے آپ کی داڑھی تر ہو گئی' صحابہ کرام آپ کو دیکھ کر پریشان ہوئے تو آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو روتے دیکھا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ رحمت ہے! اللہ عزوجل جس کے دل میں چاہتا ہے رکھتا ہے' اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے رحم کرتا ہے۔

289 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد کہ ''پھر ان پر غم کے بعد پرسکون اونگھ ڈالی گئی'' کے متعلق فرماتے ہیں کہ ایک

شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ: (ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا) (آل عمران: 154) قَالَ: اُلْقِيَ عَلَيْنَا النَّوْمُ يَوْمَ اُحُدٍ

کہ ہم پر اُحد کے دن اونگھ ڈالی گئی۔

290 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الدَّشْتَكِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِيرُ الْفِقْهِ خَيْرٌ مِنْ كَثِيرِ الْعِبَادَةِ وَخَيْرُ اَعْمَالِكُمْ اَيْسَرُهَا

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تھوڑے (علم) کی سمجھ بہت زیادہ عبادت سے بہتر ہے' تمہارے اعمال میں بہتر وہ ہیں جو آسان ہوں۔

291 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا آدَمُ، عَنِ ابْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَلَّمَ طَلْحَةُ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ بِشَيْءٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا طَلْحَةُ، فَاِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا كَمَا شَهِدْتَهُ، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِمَوَالِيهِ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت طلحہ عامر بن فہیرہ سے کسی شی کے متعلق گفتگو کی گئی' حضور ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ! اس کو چھوڑو! یہ بدر میں شریک ہوا تھا' جس طرح تم شریک ہوئے تھے' تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے غلاموں کے لیے بہتر ہو۔

292 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شیطان پر

291- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 87 رقم الحديث: 6967' والطبراني في الأوسط جلد 9 صفحه 122 رقم الحديث: 9305' وفي الصغير جلد 2 صفحه 255 رقم الحديث: 1121 .

عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ، ثنا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ الْمِصْرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ الشَّيْطَانُ - لَعَنَهُ اللّٰهُ- : لَنْ يَسْلَمَ مِنِّي صَاحِبُ الْمَالِ مِنْ اِحْدَى ثَلَاثٍ، اَغْدُو عَلَيْهِ بِهِنَّ وَاَرُوحُ بِهِنَّ: اَخْذُهُ الْمَالَ مِنْ غَيْرِ حِلِّهِ، وَاِنْفَاقُهُ فِي غَيْرِ حَقِّهِ، وَاُحَبِّبُهُ اِلَيْهِ فَيَمْنَعُهُ مِنْ حَقِّهِ

اللہ کی لعنت ہے! وہ کہتا ہے: مال دار مجھ سے تین باتوں میں سے ایک سے نہیں بچ سکتا ہے' صبح و شام اس کو اُبھارتا ہوں کہ ناجائز ذرائع سے مال کمائے' ناجائز کاموں میں خرچ کرے' میں اُسے مال کمانے کا شوق دلاتا ہوں کہ وہ مال اکٹھا کرنے میں اس طرح لگ جائے کہ وہ اس کا حق ادا کرنے سے رُک جائے۔

نِسْبَةُ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاسْمُ اَبِي وَقَّاصٍ مَالِكُ بْنُ اَهْيَبَ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ وَيُكَنَّى اَبَا اِسْحَاقَ، شَهِدَ بَدْرًا

حضرت سعد بن ابو وقاص کا نسب حضرت ابو وقاص کا نام مالک بن اھیب بن عبد مناف بن زھرہ ہے' ان کی کنیت ابو اسحاق ہے' یہ بدر میں شریک ہوئے تھے

293 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَنَا؟ قَالَ: سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اَهْيَبَ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، مَنْ قَالَ غَيْرَ ذَلِكَ فَعَلَيْهِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں کون ہوں؟ آپ نے فرمایا: سعد بن مالک بن اھیب بن عبد مناف بن زہرہ' جس نے اس کے علاوہ کہا اس پر اللہ کی لعنت ہو!

293- أخرج نحوه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 565 رقم الحديث: 6091' ورواه البزار فی مسنده جلد 3 صفحه 282 رقم الحديث: 1073 كلاهما عن علی بن زيد عن سعيد بن المسيب عن سعد بن أبی وقاص به .

لَعْنَةُ اللّٰهِ

294 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ لِسَعْدٍ: كَذَاكَ الظَّنُّ بِكَ يَا اَبَا اِسْحَاقَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد کے متعلق فرمایا: اے ابواسحاق! میں آپ کے متعلق ایسے ہی گمان رکھتا ہوں۔

295 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَنَا؟ قَالَ: اَنْتَ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اُهَيْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، فَمَنْ قَالَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں کون ہوں؟ آپ نے فرمایا: سعد بن مالک بن اھیب بن عبدمناف بن زہرہ' جس نے اس کے علاوہ کہا اس پر اللہ کی لعنت ہو!

296 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَاهِينَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: اُمُّ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ: حَمْنَةُ بِنْتُ اَبِي سُفْيَانَ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَاُمُّهَا بِنْتُ اَبِي سَرْحِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ جَذِيمَةَ بْنِ نَصْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَسَلِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ

حضرت مصعب بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد کی والدہ حمنہ بنت ابوسفیان بن امیہ بن عبد شمس بن عبدمناف ہیں' ان کی امی کی والدہ بنت ابی سرح بن حبیب بن جذیمہ بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر بن لوی بن غالب ہیں۔

294- أخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد **1** صفحه **262** رقم الحدیث: **722**' وأخرج نحوه ابن خزیمة فی صحیحه جلد **1** صفحه **256** رقم الحدیث: **508**' وذکر نحوه عبد الرزاق فی مصنفه جلد **2** صفحه **361** رقم الحدیث: **7757**' وذکر نحوه أحمد فی مسنده جلد **1** صفحه **176** رقم الحدیث: **1518**' جلد **1** صفحه **179** رقم الحدیث: **1548**' جلد **1** صفحه **180** رقم الحدیث: **1557** کلهم عن عبد الملك بن عمیر عن جابر بن سمرة عن عمر به .

صِفَةُ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا حلیہ

297 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ جَعْدَ الشَّعْرِ، أَشْعَرَ الْجَسَدِ، آدَمَ طَوِيلًا، أَفْطَسَ

حضرت اسماعیل بن محمد بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ گھنگھریالے بالوں والے تھے' آپ کے جسم کے بال بڑے تھے' قد لمبا تھا۔

298 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، قَالَتْ: كَانَ أَبِي رَجُلًا قَصِيرًا دَحْدَاحًا، غَلِيظًا ذَا هَامَةٍ، شَثْنَ الْأَصَابِعِ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عائشہ بنت سعد فرماتی ہیں کہ میرے والد درمیانہ قد کے تھے' سخت جسم والے تھے' کھلی انگلیوں والے تھے' بدر میں شریک ہوئے تھے۔

299 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ، كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

300 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ سَعْدًا كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

301 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت عمار اور سعد رضی اللہ عنہم بدر کے دن مالِ غنیمت میں شریک تھے' حضرت سعد کو دو قیدی ملے'

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: اشْتَرَكْنَا يَوْمَ بَدْرٍ اَنَا وَعَمَّارٌ، وَسَعْدٌ، فِي النَّفْلِ، فَاَصَابَ سَعْدٌ اَسِيرَيْنِ، وَاَخْفَقْتُ اَنَا وَعَمَّارٌ

مجھے اور عمار کو کم ملے۔

302 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: مَا اَسْلَمَ اَحَدٌ اِلَّا فِي الْيَوْمِ الَّذِي اَسْلَمْتُ فِيهِ، وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ اَيَّامٍ وَاِنِّي لَثُلُثُ الْاِسْلَامِ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد کو فرماتے ہوئے سنا: جس دن میں اسلام لایا' اس دن کوئی اسلام نہیں لایا' میں سات دن ٹھہرا رہا' میں اسلام لانے میں تیسرے نمبر پر تھا۔

سِنُّ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کی وفات کے متعلق

303 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ، يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ سَعْدٌ آخِرَ الْمُهَاجِرِينَ وَفَاةً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد مہاجرین میں سے سب سے آخر میں فوت ہوئے تھے۔

304 - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ اَبِي: تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَثَمَانِينَ، وَمَاتَ عَلَى عَشْرَةِ اَمْيَالٍ فِي الْمَدِينَةِ، فَحُمِلَ عَلَى رِقَابِ الرِّجَالِ اِلَى الْمَدِينَةِ، وَكَانَ مَرْوَانُ يَوْمَئِذٍ الْوَالِيَ عَلَيْهَا، وَاَسْلَمَ وَهُوَ ابْنُ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بیان کیا کہ حضرت سعد کا وصال ہوا اُس وقت ان کی عمر 83 سال تھی' آپ مدینہ سے دس میل دور فوت ہوئے' لوگ آپ کو اپنی گردنوں پر اُٹھا کر مدینہ لائے'

302- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1364 رقم الحديث: 3521' جلد3صفحه1400 رقم الحديث: 3645' وأخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه570 رقم الحديث: 6116' وأخرج نحوه ابن ماجه في سننه جلد 1صفحه47 رقم الحديث: 132 كلهم عن هشام بن هشام عن سعيد بن المسيب عن سعد

تِسْعَ عَشْرَةَ سَنَةً

305 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ سَعْدٌ، وَمَرْوَانُ وَالِي الْمَدِينَةِ، فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ

306 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: مَاتَ سَعْدٌ بِالْعَقِيقِ فِي قَصْرِهِ عَلَى عَشْرَةِ أَمْيَالٍ مِنَ الْمَدِينَةِ، وَحُمِلَ عَلَى رِقَابِ الرِّجَالِ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَيُقَالُ: تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسَبْعِينَ

307 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْعَقِيقِ، وَحُمِلَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، وَقَالَ: أَسْلَمْتُ وَأَنَا ابْنُ تِسْعَ عَشْرَةَ سَنَةً، وَتُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسٍ وَخَمْسِينَ

308 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي، ثنا نُوحُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَعْدَ حَجَّتِهِ الْأُولَى، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَثَمَانِينَ

309 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ،

ان دنوں مروان حکمران تھا' آپ اسلام لائے اُس وقت آپ کی عمر 17 سال تھی۔

حضرت عمر بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا اُس وقت مروان مدینہ کا حکمران تھا' اُس نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ کا وصال 55 ہجری میں ہوا۔

حضرت زبیر بن بکار فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ مقامِ عقیق میں مدینہ شریف سے دس میل دور اپنے گھر فوت ہوئے' لوگوں نے آپ کو اپنی گردنوں پر اُٹھایا اور مدینہ لائے اور کہا جاتا ہے کہ جس وقت آپ کا وصال ہوا اُس وقت آپ کی عمر 70 سے اوپر تھی۔

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کا وصال مقامِ عقیق میں ہوا' آپ کو مدینہ اُٹھا کر لایا گیا' آپ کی نمازِ جنازہ مروان بن حکم نے پڑھائی' آپ فرماتے تھے: میں اسلام لایا اُس وقت میری عمر 19 سال تھی' آپ کا وصال جب ہوا تو اُس وقت آپ کی عمر 55 سال تھی۔

حضرت ابراہیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص کا وصال حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں ہوا حج کے بعد' اُس وقت آپ کی عمر 83 سال تھی۔

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد مہاجرین میں سب سے آخر میں فوت ہوئے۔

يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ سَعْدٌ آخِرَ الْمُهَاجِرِينَ وَفَاةً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

310 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا اِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: كَانَ لِابْنِ مَسْعُودٍ عَلَى سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَالٌ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: اَدِّ الْمَالَ الَّذِي قِبَلَكَ. فَقَالَ سَعْدٌ: وَيْحَكَ مَا لِي وَمَالِكَ؟ قَالَ: اَدِّ الْمَالَ الَّذِي قِبَلَكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَرَاكَ لَاقٍ مِنِّي شَرًّا، هَلْ اَنْتَ اِلَّا ابْنُ مَسْعُودٍ وَعَبْدٌ مِنْ بَنِي هُذَيْلٍ؟ قَالَ: اَجَلْ، وَاللّٰهِ اِنِّي لَابْنُ مَسْعُودٍ، وَاِنَّكَ لَابْنُ حَمْنَةَ. فَقَالَ لَهُمَا هَاشِمُ بْنُ عُتْبَةَ: اِنَّكُمَا صَاحِبَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْظُرُ النَّاسُ اِلَيْكُمَا، فَطَرَحَ سَعْدٌ عُودًا كَانَ بِيَدِهِ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: قُلْ: قَوْلًا، وَلَا تَلْعَنْ، فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالَ سَعْدٌ: اَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا اتِّقَاءُ اللّٰهِ لَدَعَوْتُ عَلَيْكَ دَعْوَةً لَا تُخْطِئُكَ

حضرت قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ذمہ کچھ مال تھا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کے ذمہ جو مال تھا وہ ادا کریں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے اور آپ کے لیے ہلاکت ہو! حضرت سعد نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ کو میری طرف سے کوئی تکلیف پہنچے گی' کیا آپ ابن مسعود اور بنی ہذیل کے غلام ہی نہیں ہیں؟ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: ہاں! اللہ کی قسم! میں ابن مسعود ہوں اور تُو حمنہ کا بیٹا ہے۔ ان دونوں کو ہاشم بن عتبہ نے کہا: آپ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی ہیں' لوگ آپ دونوں کو دیکھ رہے ہیں۔ حضرت سعد نے چھڑی پھینک دی جو آپ کے ہاتھ میں تھی' پھر آپ نے ہاتھ اُٹھایا' عرض کی: اے آسمانوں کے مالک! حضرت عبداللہ نے ان کو کہا: بات کریں لعنت نہ کریں۔ حضرت سعد خاموش ہو گئے' پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر اللہ کا خوف نہ ہوتا تو میں آپ کے لیے ایسی بددعا کرتا جو خطاء نہ کرتی' یعنی ضرور قبول ہوتی۔

311 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، قَالَ: اَنْبَاَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ،

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد چل رہے تھے' اچانک آپ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' وہ حضرت علی' طلحہ اور زبیر کو گالیاں دے

قَالَ: بَيْنَمَا سَعْدٌ يَمْشِي، إِذْ مَرَّ بِرَجُلٍ وَهُوَ يَشْتِمُ عَلِيًّا، وَطَلْحَةَ، وَالزُّبَيْرَ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: إِنَّكَ تَشْتِمُ قَوْمًا قَدْ سَبَقَ لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مَا سَبَقَ، فَوَاللّٰهِ لَتَكُفَّنَّ عَنْ شَتْمِهِمْ، أَوْ لَأَدْعُوَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكَ فَقَالَ: تُخَوِّفُنِي كَأَنَّكَ نَبِيٌّ، فَقَالَ سَعْدٌ: اللّٰهُمَّ إِنَّ هَذَا يَشْتِمُ أَقْوَامًا سَبَقَ لَهُمْ مِنْكَ مَا سَبَقَ، فَاجْعَلْهُ الْيَوْمَ نَكَالًا فَجَاءَتْ بُخْتِيَّةٌ فَأَفْرَجَ النَّاسُ لَهَا، فَتَخَبَّطَتْهُ، فَرَأَيْتُ النَّاسَ يَتَّبِعُونَ سَعْدًا وَيَقُولُونَ: اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَكَ يَا أَبَا إِسْحَاقَ

رہا تھا' حضرت سعد نے اس کو فرمایا: تُو ایسے لوگوں کو گالی دے رہا ہے کہ ان کے لیے اللہ کی طرف سے پہلے انعام مل چکا ہے جو ملا ہے' اللہ کی قسم! تُو ان کو گالی دینے سے باز آ جا' ورنہ میں اللہ سے تمہارے لیے بددعا کروں گا۔ اس نے کہا: آپ مجھے ایسے خوف دلا رہے ہیں گویا آپ نبی ہیں؟ حضرت سعد نے فرمایا: اے اللہ! یہ ایسے لوگوں کو گالیاں دیتا ہے جو تجھ سے اس سے پہلے انعام پا چکے ہیں' آج کے دن اس کو عبرت کا نشانہ بنا دے۔ ایک بختی عورت آئی' لوگوں نے اس کے لیے راستہ چھوڑا' اس نے اسے فتنے میں ڈال دیا' میں نے لوگوں کو دیکھا کہ لوگ حضرت سعد کے پیچھے جا رہے ہیں اور کہتے: اے ابواسحاق! اللہ نے آپ کی دعا قبول کی ہے۔

312 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ، شَكَوْا سَعْدًا إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَبَعَثَ رِجَالًا يَسْأَلُونَ عَنْهُ بِالْكُوفَةِ، فَكَانُوا لَا يَأْتُونَ مَسْجِدًا مِنْ مَسَاجِدِ أَهْلِ الْكُوفَةِ إِلَّا أَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا، وَقَالُوا مَعْرُوفًا، حَتَّى أَتَوْا مَسْجِدًا مِنْ مَسَاجِدِ بَنِي عَبْسٍ، فَقَامَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ أَبُو سَعْدَةَ فَقَالَ: أَمَا إِذْ نَاشَدْتُمُونَا، فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَسِيرُ بِالسَّرِيَّةِ، وَلَا يَعْدِلُ فِي الْقَضِيَّةِ، وَلَا يَقْسِمُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کوفہ کے لوگوں نے حضرت سعد کی شکایت حضرت عمر سے کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگ بھیجے کہ آپ کے متعلق کوفہ والوں سے پوچھیں' وہ لوگ کوفہ کی مسجدوں سے کسی مسجد میں آئے تو لوگ اُن کی تعریف کرتے تھے' بنی عبس کی مسجدوں میں سے کسی مسجد میں آئے تو ایک آدمی کھڑا ہوا جس کا نام ابوسعدہ تھا' اس نے کہا: ہم آپ کو قسم دیتے ہیں' وہ کسی سریہ میں نہیں گئے اور فیصلہ کرتے وقت عدل نہیں کرتے ہیں'

312- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 262 رقم الحديث: 722' والبيهقي نحوه في سننه الكبرى جلد 2 صفحه 65 رقم الحديث: 2313 كلاهما عن عبد الملك بن عمير عن جابر بن سمرة به' وانظر فتح الباري جلد 2 صفحه 240 .

بِالسَّوِيَّةِ، فَقَالَ سَعْدٌ: اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَاذِبًا فَاَعْمِ بَصَرَهُ، وَاَطِلْ فَقْرَهُ، وَعَرِّضْهُ لِلْفِتَنِ قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ: فَاَنَا رَاَيْتُهُ يَتَعَرَّضُ لِلْاِمَاءِ فِي السِّكَكِ، فَاِذَا سَاَلُوهُ كَيْفَ اَنْتَ اَبَا سَعْدَةَ؟ فَيَقُولُ: كَبِيرٌ ضَرِيرٌ، فَقِيرٌ مَفْتُونٌ، اَصَابَتْنِي دَعْوَةُ سَعْدٍ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: اَبُو سَعْدَةَ هُوَ جَدُّ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ

تقسیم میں برابری نہیں کرتے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! اگر یہ جھوٹا ہے تو اس کی آنکھ کو نابینا کر دے' اس کی محتاجی لمبی کر دے' اس کو فتنے میں ڈال۔ حضرت عبدالملک فرماتے ہیں کہ میں نے اس آدمی کو دیکھا گلیوں میں لڑکیوں کو چھیڑتا تھا' جب اس سے پوچھا جاتا: اے ابوسعدہ! آپ کیسے ہیں؟ وہ کہتا: بہت زیادہ نابینا ہو گیا ہوں' فتنے میں ڈالا گیا ہوں' مجھے حضرت سعد کی بددعا لگی ہے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: ابوسعدہ' ابوبکر بن ابی شیبہ کا دادا تھا۔

313 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: خَرَجَتْ جَارِيَةٌ لِسَعْدٍ يُقَالُ لَهَا: زِيرَا، وَعَلَيْهَا قَمِيصٌ جَدِيدٌ، فَكَشَفَتْهَا الرِّيحُ، فَشَدَّ عَلَيْهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالدِّرَّةِ، وَجَاءَ سَعْدٌ لِيَمْنَعَهُ، فَتَنَاوَلَهُ بِالدِّرَّةِ. فَذَهَبَ سَعْدٌ يَدْعُو عَلَى عُمَرَ، فَنَاوَلَهُ عُمَرُ الدِّرَّةَ، وَقَالَ: اقْتَصَّ، فَعَفَا عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی لونڈی نکلی' اس کا نام زِیرا تھا' اس نے نئی قمیص پہنی ہوئی تھی' ہوا کی وجہ سے اس کا جسم ننگا ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا دُرّہ اُٹھایا اور اس پر سختی کرنے لگے' اس حالت میں حضرت سعد آئے تا کہ آپ کو روکیں' اُنہوں نے ان پر بھی اپنا دُرّہ پکڑ لیا' حضرت سعد' حضرت عمر کے لیے بددعا کرنے لگے' حضرت عمر نے دُرّہ پکڑا اور فرمایا: آپ قصاص لے لیں' حضرت سعد نے حضرت عمر کو معاف کر دیا۔

314 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: هَجَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ سَعْدًا، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

يُقَاتِلُ حَتَّى يُنْزِلَ اللّٰهُ نَصْرَهُ... وَسَعْدٌ بِبَابِ

حضرت عبدالملک بن عمیر فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے ایک آدمی حضرت سعد کی ہجو کرتا تھا' وہ کہتا:

''ہم لڑیں گے یہاں تک کہ اللہ اپنی مدد نازل کرے' سعد قادسیہ کے دروازے پر بند ہوا' ہم لوٹے اور بہت زیادہ عورتیں بیوہ ہوئیں' سعد کی عورتیں ان میں

الْقَادِسِيَّةِ مُعْصِمُ

فَأُبْنَا وَقَدْ آمَتْ نِسَاءٌ كَثِيرَةٌ... وَنِسْوَةُ سَعْدٍ لَيْسَ فِيهِنَّ أَيِّمُ

فَبَلَغَ ذَلِكَ سَعْدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَفَعَ يَدَهُ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اقْطَعْ لِسَانَهُ وَيَدَهُ عَنِّي بِمَا شِئْتَ فَرُمِيَ يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ، وَقُطِعَ لِسَانُهُ وَقُطِعَتْ يَدُهُ، وَقُتِلَ

315 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ جَابِرٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَمٍّ لَنَا يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ:

(البحر الطويل)

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ نَصْرَهُ... وَسَعْدٌ بِبَابِ الْقَادِسِيَّةِ مُعْصِمُ

فَأُبْنَا وَقَدْ آمَتْ نِسَاءٌ كَثِيرَةٌ... وَنِسْوَةُ سَعْدٍ لَيْسَ فِيهِنَّ أَيِّمُ

فَلَمَّا بَلَغَ سَعْدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَوْلُهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ اقْطَعْ عَنِّي لِسَانَهُ وَيَدَهُ فَجَاءَتْ نُشَّابَةٌ فَأَصَابَتْ فَاهُ فَخَرِسَ، ثُمَّ قُطِعَتْ يَدُهُ فِي الْقِتَالِ، فَقَالَ سَعْدٌ: احْمِلُونِي عَلَى بَابٍ فَخُرِجَ بِهِ مَحْمُولًا، ثُمَّ كَشَفَ عَنْ ظَهْرِهِ وَبِهِ قُرُوحٌ فِي ظَهْرِهِ، فَأَخْبَرَ النَّاسَ بِعُذْرِهِ فَعَذَرُوهُ، وَكَانَ سَعْدٌ لَا يَجْبُنُ، وَقَالَ: إِنَّمَا فَعَلْتُ هَذَا لِمَا بَلَغَنِي مِنْ قَوْلِكُمْ

316 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

بیوہ نہیں ہیں''۔

یہ بات حضرت سعد رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے ہاتھ اُٹھائے' عرض کی: اے اللہ! اس کی زبان اور ہاتھ کاٹ دے! میری طرف سے جس طرح چاہے۔ قادسیہ کے دن اس کو تیر مارا گیا' اس کی زبان اور ہاتھ کاٹا گیا اور مار دیا گیا۔

حضرت قبیصہ بن جابر اسدی فرماتے ہیں کہ ہمارے چچا کے بیٹے نے قادسیہ کے دن ہمیں کہا:

''کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ اللہ نے مدد نازل کی ہے' سعد قادسیہ کے ایک دروازے پر بند ہے' ہم لوٹے' بہت زیادہ عورتیں بیوہ ہوئیں' سعد کی عورتیں ان میں بیوہ نہیں ہیں''۔

جب یہ بات حضرت سعد رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے عرض کی: اے اللہ! میری طرف سے اس کی زبان اور ہاتھ کاٹ دے۔ تیر آ کر اس کے منہ پر لگا' وہ گونگا ہو گیا' پھر جنگ میں اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس کے دروازے پر لے چلو! آپ کو لے جایا گیا' پھر اس کی پشت ننگی کی' اس کی پشت پر زخم تھے' لوگوں نے اس کا عذر بتایا تو آپ نے عذر قبول کیا' حضرت سعد بزدلی کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے۔ فرماتے تھے: میں نے ایسے اس لیے کیا کہ اس کی بات مجھ تک پہنچی۔

حضرت عکرمہ بن خالد فرماتے ہیں کہ حضرت سعد

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، اَنَّ سَعْدًا قَالَ لِابْنِهِ حِينَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ: يَا بُنَيَّ اِنَّكَ لَنْ تَلْقَى اَحَدًا هُوَ اَنْصَحُ لَكَ مِنِّي، اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تُصَلِّيَ فَاَحْسِنْ وُضُوءَكَ، ثُمَّ صَلِّ صَلَاةً لَا تَرَى اَنَّكَ تُصَلِّي بَعْدَهَا، وَاِيَّاكَ وَالطَّمَعَ، فَاِنَّهُ فَقْرٌ حَاضِرٌ، وَعَلَيْكَ بِالْيَاْسِ فَاِنَّهُ الْغِنَى، وَاِيَّاكَ وَمَا يُعْتَذَرُ مِنْهُ مِنَ الْعَمَلِ وَالْقَوْلِ، وَاعْمَلْ مَا بَدَا لَكَ

رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے سے کہا جس وقت ان کی موت کا وقت آیا: اے بیٹے! میرے جیسی نصیحت تمہیں نہیں ملے گی' جب تُو نماز کا ارادہ کرے تو اچھا وضو کر' تُو اس خیال سے نماز پڑھ کہ اس کے بعد نماز نہیں ہے' لالچ سے بچ کیونکہ یہ محتاجی ہے' اُمید کو پکڑو کیونکہ یہ مال داری ہے' ایسے کام اور عمل سے بچ جس سے معذرت کرنی پڑے' جو تُو عمل کر سکے وہ کر۔

317 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُولُ: قَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ: مَا اَسْلَمَ اَحَدٌ اِلَّا فِي الْيَوْمِ الَّذِي اَسْلَمْتُ فِيهِ، وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ اَيَّامٍ، وَاِنِّي لَثُلُثُ الْاِسْلَامِ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد کو فرماتے ہوئے سنا: جس دن میں اسلام لایا' اس دن کوئی اسلام نہیں لایا' میں سات دن ٹھہرا رہا' میں اسلام لانے میں تیسرے نمبر پر تھا۔

318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ، يَقُولُ: اِنِّي لَاَوَّلُ رَجُلٍ مُسْلِمٍ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں وہ پہلا آدمی ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا ہے۔

319 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے والدین کو جمع کیا' فرمایا: مشرکوں میں سے ایک آدمی تھا' اس نے

318- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد4صفحه514 رقم الحديث: 2966' والبخاری بنحوه جلد3صفحه1364 رقم الحديث: 3522' جلد5صفحه2371 رقم الحديث: 6088 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن سعد به .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ لَهُ اَبَوَيْهِ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَدْ اَحْرَقَ الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدٍ: ارْمِ فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي، قَالَ: فَنَزَعْتُ بِسَهْمٍ لَيْسَ فِيهِ نَصْلٌ، فَاَصَبْتُ جَنْبَهُ، فَوَقَعَ وَانْكَشَفَتْ عَوْرَتُهُ، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَظَرْتُ اِلَى نَوَاجِذِهِ

مسلمانوں کو جلایا' حضور ﷺ نے حضرت سعد سے فرمایا: آپ تیر پھینکیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان! میں نے تیر نکالا' اس کا پھل نکلا ہوا تھا' میں نے اس کی کروٹ پر مارا' اس کو لگا' اس کی شرمگاہ برہنہ ہوگئی' حضور ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ میں نے آپ کی داڑھیں مبارک دیکھیں۔

320 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَقِيلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ، لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِخِلَقِ جُبَّةِ صُوفٍ، فَقَالَ: كَفِّنُونِي فِيهَا، فَاِنِّي لَقِيتُ فِيهَا الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ، وَاِنَّمَا كُنْتُ اُخَبِّؤُهَا لِهَذَا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ کی موت کا وقت آیا تو آپ نے صوف کا پرانا جبّہ منگوایا' فرمایا: اس میں مجھے کفن دینا کیونکہ میں اس کو پہن کر بدر کے دن مشرکوں سے لڑا تھا' میں نے کفن کے لیے سنبھال کر رکھا تھا۔

321 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ اَبِي اِذَا صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ تَجَوَّزَ وَاَتَمَّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَاِذَا صَلَّى فِي الْبَيْتِ اَطَالَ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ وَالصَّلَاةَ، قُلْتُ: يَا اَبَتَاهُ اِذَا صَلَّيْتَ فِي الْمَسْجِدِ جَوَّزْتَ، وَاِذَا خَلَوْتَ فِي الْبَيْتِ اَطَلْتَ. قَالَ: يَا بُنَيَّ اِنَّنَا اَئِمَّةٌ يُقْتَدَى بِنَا

حضرت مصعب بن سعد فرماتے ہیں کہ میرے والد جب مسجد میں نماز پڑھتے تو مختصر لیکن رکوع وسجود مکمل کرتے' جب گھر میں نماز پڑھتے تو رکوع وسجود لمبا کرتے۔ میں نے عرض کی: اے ابوجان! جب آپ مسجد میں نماز پڑھتے ہیں تو مختصر اور جب گھر میں پڑھتے ہیں تو لمبی نماز کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے بیٹے! ہم امام ہیں' لوگ ہماری اقتداء کرتے ہیں۔

322 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي الْمُجَالِدُ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: قِيلَ لِسَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ: مَتَى اَصَبْتَ الدَّعْوَةَ؟ قَالَ: يَوْمَ بَدْرٍ كُنْتُ

حضرت عامر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابووقاص سے کہا گیا: آپ کی دعا کب قبول ہوئی ہے؟ آپ نے فرمایا: بدر کے دن میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے تیر پھینک رہا تھا' میں تیر کمان میں رکھتا' میں کہتا:

اَرْمِی بَیْنَ یَدَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَاَضَعُ السَّهْمَ فِی کَبِدِ الْقَوْسِ، اَقُولُ: اللّٰهُمَّ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ، وَاَرْعِبْ قُلُوبَهُمْ، وَافْعَلْ بِهِمْ وَافْعَلْ، فَیَقُولُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ

اے اللہ! ان کے قدم اکھاڑ دے! ان کے دلوں میں رعب ڈال دے! ان کے ساتھ ایسے ایسے کر! حضور ﷺ فرماتے: اے اللہ! سعد کی دعا قبول فرما!

323 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الطُّوسِیُّ، حَدَّثَنَا الزُّبَیْرُ بْنُ بَکَّارٍ، حَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْحِزَامِیُّ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: قَامَ عَلِیُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَی مِنْبَرِ الْکُوفَةِ حِینَ اخْتَلَفَ الْحَکَمَانِ، فَقَالَ: قَدْ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ هَذِهِ الْحُکُومَةِ فَعَصَیْتُمُونِی فَقَامَ اِلَیْهِ فَتًی آدَمُ فَقَالَ: اِنَّكَ وَاللّٰهِ مَا نَهَیْتَنَا، وَلٰکِنَّكَ اَمَرْتَنَا وَدَمَّرْتَنَا، فَلَمَّا کَانَ فِیهَا مَا تَکْرَهُ بَرَّاْتَ نَفْسَكَ، وَنَحَلْتَنَا ذَنْبَكَ، فَقَالَ لَهُ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَمَا اَنْتَ وَهٰذَا الْکَلَامُ قَبَّحَكَ اللّٰهُ، وَاللّٰهِ لَقَدْ کَانَتِ الْجَمَاعَةُ فَکُنْتَ فِیهَا خَامِلًا، فَلَمَّا ظَهَرَتِ الْفِتْنَةُ نَجَّمْتَ فِیهَا نُجُومَ قَرْنِ الْمَاعِزَةِ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَی النَّاسِ، فَقَالَ: لِلّٰهِ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاللّٰهِ لَئِنْ کَانَ ذَنْبًا اِنَّهُ لَصَغِیرٌ مَغْفُورٌ، وَلَئِنْ کَانَ حَسَنًا اِنَّهُ لَعَظِیمٌ مَشْکُورٌ

حضرت یحییٰ بن محمد بن ضحاک حزامی فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کوفہ کی مسجد کے منبر پر کھڑے ہوئے، جس وقت دو ثالثوں کا اختلاف ہوا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو اس حکومت سے منع کرتا تھا، تم نے میری نافرمانی کی ہے۔ آدم نامی ایک نوجوان کھڑا ہوا، اس نے عرض کی: اللہ کی قسم! آپ نے ہم کو منع نہیں کیا، آپ نے ہم کو حکم دیا تھا اور ہمیں برباد کیا، جب آپ نے یہ ناپسندیدہ معاملہ دیکھا تو اپنے آپ کو بری کر رہے ہیں اور ہم کو اس میں ملوث کر رہے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا: یہ کیا بات تم نے کہی ہے، اللہ تمہیں ہلاک کرے! اللہ کی قسم! جماعت تھی، تو اس میں نہیں تھا، جب فتنے ظاہر ہوئے تو نے اس میں بکھرے لوگ اکٹھے کر لئے۔ پھر آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، فرمایا: اللہ کے ہاں حضرت سعد بن مالک اور عبداللہ بن عمر کا مقام و مرتبہ ہے! اگر گناہ ہو تو وہ چھوٹا ہوتا ہے، اس کو بخش دیا جاتا ہے، اگر نیکی ہو تو وہ بڑی ہوتی ہے، اس کی قدر کی جاتی ہے۔

324 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ، ثنا

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ، قَالَ: لَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَخَذَ يُوصِي لِأَهْلِ الشُّورَى: إِنْ أَصَابَ سَعْدًا فَذَلِكَ، وَإِلَّا فَلْيَسْتَعِنْ بِهِ الَّذِي اسْتَخْلَفَ، فَإِنِّي لَمْ أَنْزِعْهُ مِنْ عَجْزٍ وَلَا خِيَانَةٍ

جب حضرت عمر کو زخمی کیا گیا تو آپ نے شوریٰ والوں سے وصیت کرنے لگے کہ اگر سعد کو خلیفہ بناؤ تو وہ اس کے لیے مناسب ہیں' ورنہ ان سے مدد مانگے' جس کو خلیفہ بنانا ہے' میں تم سے نہ عاجزی لیتا ہوں اور نہ آپ سے خیانت کرتا ہوں۔

325 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبَايَةَ بْنَ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ سَعْدًا اتَّخَذَ بَابًا، ثُمَّ قَالَ: انْقَطَعَ الصُّوَيْتُ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَحَرَّقَهُ ثُمَّ أَخَذَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ بِيَدِهِ فَأَخْرَجَهُ، وَقَالَ: هَهُنَا اجْلِسْ لِلنَّاسِ، فَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ سَعْدٌ وَحَلَفَ مَا تَكَلَّمَ بِالْكَلِمَةِ الَّتِي بَلَغَتْ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ

حضرت عبایہ بن رفاعہ بن رافع فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خبر معلوم ہوئی کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دروازہ بنایا ہے' پھر فرمایا: بلند جگہ لوگوں کے لیے بیٹھنا منقطع ہوا' حضرت عمر نے ان کی طرف کسی کو بھیجا' پس آپ نے اس دروازے کو جلا دیا' پھر محمد بن مسلمہ نے آپ کے ہاتھ سے پکڑ کر آپ کو نکال دیا اور فرمایا: لوگوں کے لیے یہاں بیٹھیں! حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان سے معذرت کی اور قسم اُٹھائی کہ جو امیر المؤمنین کو بات پہنچی ہے' اس کے متعلق گفتگو نہیں کروں گا۔

326 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: قِيلَ لِسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ: أَلَا تُقَاتِلُ؟ فَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِ الشُّورَى، وَأَنْتَ أَحَقُّ بِهَذَا الْأَمْرِ مِنْ غَيْرِكَ، فَقَالَ: لَا أُقَاتِلُ حَتَّى تَأْتُونِي بِسَيْفٍ لَهُ عَيْنَانِ وَلِسَانٌ وَشَفَتَانِ يَعْرِفُ الْمُؤْمِنَ مِنَ الْكَافِرِ، فَقَدْ جَاهَدْتُ وَأَنَا أَعْرِفُ الْجِهَادَ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: آپ لڑائی نہیں کرتے حالانکہ آپ مجلس شوریٰ والے ہیں' آپ اس کے زیادہ حق دار ہیں دوسروں سے' آپ نے فرمایا: میں نہیں لڑوں گا یہاں تک کہ میرے پاس ایسی تلوار لاؤ جس کی دو آنکھیں اور زبان اور دو ہونٹ ہوں' جس کے ذریعے معلوم ہو جائے کہ مؤمن کون ہے' کافر کون ہے؟ میں جہاد کرتا تھا' مجھے جہاد کے متعلق معلومات ہیں۔

327 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا خَالِي فَلْيُرِنِي امْرُؤٌ خَالَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے فرمایا: یہ میرا خالو ہے' جس آدمی کا اس طرح کا خالو ہو' وہ دکھائے۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بَابُ النَّهْيِ وَالتَّغْلِيظِ عَلَى سِبَابِ الْمُسْلِمِينَ، وَهُجْرَانِهِمْ وَقِتَالِهِمْ، وَغَيْرِ ذٰلِكَ

وہ حدیثیں جو حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں' یہ باب ہے کہ منع ہے اور سختی ہے مسلمانوں کو گالیاں دینا اور ان سے لاتعلقی کرنا اور ان سے لڑنا' اس کے علاوہ کے بیان میں

328 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: ثنا سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ:

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے' اس کو گالی دینا فسق ہے' کسی مسلمان بھائی سے لاتعلقی

327- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 569 رقم الحديث: 6113' وأخرجه الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 649 رقم الحديث: 3752' وذكره أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 168 رقم الحديث: 211 كلهمعن الشعبي عن جابر به .

328- أخرج نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد 2 صفحه 313 رقم الحديث: 3567' وذكر نحوه أبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 3 صفحه 218 رقم الحديث: 1021' جلد 3 صفحه 219 رقم الحديث: 1023' وذكره أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 176 رقم الحديث: 1519 كلهم عن أبي اسحاق عن عمر بن سعد عن سعد بن أبي وقاص به .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَتْلُ الْمُسْلِمِ كُفْرٌ وَسِبَابُهُ فُسُوقٌ، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

تین دن سے زیادہ منع ہے۔

329 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا رَوْحُ بْنُ مُسَافِرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

330 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اَبِي كَانَ يَصِلُ الرَّحِمَ، وَكَانَ وَكَانَ، فَاَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِي النَّارِ، فَكَاَنَّ الْاَعْرَابِيَّ وُجِدَ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَيْنَ اَبُوكَ؟ قَالَ: حَيْثُ مَا مَرَرْتَ بِقَبْرِ كَافِرٍ فَبَشِّرْهُ بِالنَّارِ قَالَ: فَاَسْلَمَ الْاَعْرَابِيُّ بَعْدُ، فَقَالَ: لَقَدْ كَلَّفَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَبًا، مَا مَرَرْتُ بِقَبْرِ كَافِرٍ اِلَّا بَشَّرْتُهُ بِالنَّارِ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرا والد صلہ رحمی کرتا تھا اور ایسے نیک کام کرتا تھا' وہ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: جہنم میں! دیہاتی نے اپنے دل میں کوئی بات پائی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے والد کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا: تُو جس کافر کی قبر کے پاس سے گزرے اس کو جہنم کی خوشخبری دے۔ وہ دیہاتی اس کے بعد مسلمان ہو گیا' اس نے کہا: مجھے حضور ﷺ نے سخت چیز کا مکلّف بنایا ہے کہ میں جب قبر کے پاس سے گزروں تو اس کو جہنم کی خوشخبری دوں۔

بَابٌ فِي اِكْرَامِ قُرَيْشٍ، وَغَيْرِ ذَلِكَ

یہ باب ہے کہ قریش کی عزت اور اس کے علاوہ کے بیان میں

331 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَرَادَ هَوَانَ قُرَيْشٍ اَهَانَهُ اللّٰهُ

قریش کو ہلاک کرنے کا ارادہ کیا' اللہ اس کو ہلاک کرے گا۔

332 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا۔

333 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ: الزَّوْجَةَ الصَّالِحَةَ، وَالْمَسْكَنَ الصَّالِحَ، وَالْمَرْكَبَ الصَّالِحَ، وَاِنَّ مِنَ الشَّقَاءِ: الزَّوْجَةَ السُّوءَ، وَالْمَسْكَنَ السُّوءَ، وَالْمَرْكَبَ السُّوءَ

حضرت محمد بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے لیے سعادت مندی یہ ہے کہ نیک بیوی ہو' اچھا گھر ہو' اچھی سواری ہو اور آدمی کی بدبختی یہ ہے کہ بُری عورت' بُرا گھر (یعنی فیملی زیادہ' گھر تنگ' یا مراد پڑوسی بُرا ہو)' بُری سواری۔

334 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الطَّاعُونُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت یحییٰ بن سعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس طاعون کا ذکر کیا گیا' آپ نے فرمایا: یہ عذاب تم سے پہلے لوگوں کو پہنچا جب کسی ملک میں ہو اور تم وہاں ہو تو وہاں سے نہ نکلو' اگر کسی شہر میں ہو اور تم وہاں نہ ہو تو وہاں داخل نہ ہو۔

باب فی اکرام قریش وغیرہ ذلک

332- أخرج نحوه مسلم فی صحیحه جلد 4 صفحه 1871,1870 رقم الحدیث: 2404' وأخرج نحوه ابن حبان فی صحیحه جلد 15 صفحه 369 رقم الحدیث: 6926' ونحوه الحاکم فی مستدرکه جلد 3 صفحه 117 رقم الحدیث: 4575 کلهم عن عامر بن سعد عن أبیه به .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: رِجْزٌ اَصَابَ مَنْ قَبْلَكُمْ، اِذَا كَانَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجْ مِنْهَا، وَاِنْ كَانَ بِهَا فَلَا تَدْخُلْهَا

335 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، كَاتِبُ سَلَمَةَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: نَزَلَتْ فِيَّ ثَلَاثُ آيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، نَادَمْتُ رَجُلًا فَعَارَضْتُهُ وَعَارَضَنِي، فَعَرَبَدْتُ عَلَيْهِ فَشَجَجْتُهُ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ) (المائدة:90) اِلَى قَوْلِهِ: (فَهَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُونَ) (المائدة:91)، وَنَزَلَتْ فِيَّ: (وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا حَمَلَتْهُ اُمُّهُ كُرْهًا) (الاحقاف:15) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً) (المجادلة:12) فَقَدَّمْتُ شَعِيرَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ لَزَهِيدٌ فَنَزَلَتِ الْاُخْرَى: (آاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ) (المجادلة:13) الْآيَةَ كُلَّهَا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کی تین آیات میرے متعلق نازل ہوئی ہیں: شراب کی حرمت' میں نے ایک آدمی کو ندامت دلائی' میں نے اس سے مقابلہ کیا' اس نے مجھ سے کہا: میں اس پر غالب آیا' میں نے اس کو زخمی کیا' اللہ عزوجل نے یہ آیات نازل فرمائیں: ''اے ایمان والو! شراب اور جوا..... کیا تم باز نہیں آؤ گے'' یہ بھی میرے متعلق نازل ہوئی: ''ہم نے انسان کو وصیت کی والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی' اس کی ماں نے اس کو اُٹھائے رکھا تکلیف'' ..... اور یہ بھی: ''اے ایمان والو! جب تم رسول اللہ ﷺ سے کوئی بات آہستہ عرض کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو''۔ میں نے جو پیش کیے تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ زیادہ ہیں۔ دوسری آیت نازل ہوئی: ''کیا تم اس سے ڈرے کہ تم اپنی عرض سے پہلے صدقہ دو''۔

باب فی اکرام قریش وغیرہ ذلک

336 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، حَدَّثَتْنَا عَبِيدَةُ بِنْتُ نَابِلٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي

حضرت سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میری قبر اور منبر کے درمیان والی جگہ جنت کے باغوں میں سے

وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمُصَلَّاي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

ایک باغ ہے۔

337 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، ثنا عَبِيدَةُ بِنْتُ نَابِلٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَشْرَبُ قَائِمًا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر (کسی عذر کی بناء پر) پانی نوش کرتے تھے۔

338 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، قَالَا: ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا۔

339 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ الرَّازِيُّ، ثنا اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا' لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

نِسْبَةُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا نسب

340 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ،

حضرت شباب عصفری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

ثنا شَبَابُ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: سَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطِ بْنِ رَزَاحِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ يُكْنَى اَبَا الْاَعْوَرِ، وَاُمُّهُ: فَاطِمَةُ بِنْتُ نَعْجَةَ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ خُوَيْلِدٍ مِنْ خُزَاعَةَ

کہ حضرت سعید کا نسب اس طرح ہے: سعید بن زید بن عمرو بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب' آپ کی کنیت ابوالاعور ہے' آپ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت نعجہ بن امیہ بن خویلد قبیلہ خزاعہ سے تھیں۔

صِفَةُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا حلیہ

341 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: كَانَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ طُوَالًا آدَمَ اَشْعَرَ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید لمبے قد اور لمبے بالوں والے تھے۔

342 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِيٍّ يَقُولُ: كَانَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ آدَمَ طُوَالًا اَشْعَرَ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید لمبے قد اور لمبے بالوں والے تھے۔

343 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرَو بنَ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: سَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَدِمَ مِنَ الشَّامِ بَعْدَ مَا رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَدْرٍ، فَكَلَّمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ لَهُ بِسَهْمِهِ، قَالَ: وَاَجْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ زَعَمُوا؟ قَالَ: وَاَجْرُكَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل' حضور ﷺ کے بدر سے واپسی پر ملک شام سے آئے' حضور ﷺ نے ان کے لیے حصہ مقرر کیا۔ عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے ثواب بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرے لیے ثواب بھی ہے۔

344 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ،

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل' حضور ﷺ کے بدر سے واپسی پر ملک شام سے آئے' حضور ﷺ نے ان کے

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَدِمَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ مِنَ الشَّامِ بَعْدَ مَقْدِمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَدْرٍ، فَكَلَّمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَهْمِهِ فَقَالَ لَهُ: سَهْمُكَ . قَالَ: فَأَجْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَأَجْرُكَ

لیے حصہ مقرر کیا۔ عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے ثواب بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرے لیے ثواب بھی ہے۔

سِنُّ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کی وفات کے متعلق

345 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ سَنَةَ إِحْدَى وَخَمْسِينَ وَسَنَةَ بِضْعٍ وَسَبْعِينَ، وَدُفِنَ بِالْمَدِينَةِ، وَمَاتَ بِالْعَقِيقِ، وَنَزَلَ فِي قَبْرِهِ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ، وَابْنُ عُمَرَ وَيُكَنَّى أَبَا الْأَعْوَرِ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کا 51 ہجری میں وصال ہوا' آپ کی عمر 70 سال سے اوپر تھی' مدینہ میں دفن کیا گیا' آپ کا وصال مقامِ عقیق میں ہوا' آپ کی قبر میں حضرت سعد بن ابووقاص اور ابن عمر رضی اللہ عنہم اُترے' آپ کی کنیت ابوالاعور تھی۔

346 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، أَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ غَسَّلَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ بِالسَّجَرَةِ

حضرت زید بن عبدالرحمٰن بن سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن ابووقاص نے حضرت سعید بن زید کو غسل دیا' سیلاب کے پانی کے ساتھ۔

347 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ أَرْوَى بِنْتَ أُوَيْسٍ اسْتَعْدَتْ مَرْوَانَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اروٰی بنت اویس نے مروان سے مدد مانگی' حضرت سعید بن زید کے حوالہ سے اس

سن سعید بن زید ووفاتہ رضی اللہ عنہ

347- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 1231 رقم الحديث: 1610' والبخاری نحوه فی صحيحه جلد 3 صفحه 1168 رقم الحديث: 3026 كلاهما عن هشام بن عروة عن أبيه عن سعيد بن زيد به .

عَلَى سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَتْ: سَرَقَ مِنِّي أَرْضِي، فَأَدْخَلَهَا فِي أَرْضِهِ، فَقَالَ سَعِيدٌ: مَا كُنْتُ لِأَسْرِقَ مِنْهَا بَعْدَمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَقَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَ إِلَى سَبْعِ الْأَرْضِينَ فَقَالَ: لَا أَسْأَلُكَ بَعْدَ هَذَا . فَقَالَ سَعِيدٌ: اللَّهُمَّ إِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَأَذْهِبْ بَصَرَهَا وَاقْتُلْهَا فِي أَرْضِهَا، فَذَهَبَ بَصَرُهَا وَوَقَعَتْ فِي حُفْرَةٍ فِي أَرْضِهَا فَمَاتَتْ

نے کہا: سعید نے میری زمین غصب کی ہے' اس کو اپنی زمین میں داخل کیا ہے۔ حضرت سعید نے فرمایا: جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے ایک بالشت کے برابر زمین کسی کی غصب کی' اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق بنا کر ڈالا جائے گا' میں نے چوری نہیں کی ہے۔ مروان نے کہا: میں آپ سے اس کے بعد نہیں پوچھوں گا۔ حضرت سعید نے عرض کی: اے اللہ! اگر یہ جھوٹی ہے تو اس کی آنکھ کی بینائی لے جا' اس کو اس زمین میں مار۔ اس کی آنکھ کی بینائی بھی چلی گئی' وہ اپنی زمین کے گڑھے میں گری اور مر گئی۔

348 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ سَنَةَ إِحْدَى وَخَمْسِينَ بِالْمَدِينَةِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید کا وصال مدینہ میں 51 ہجری میں ہوا۔

349 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، قَالَتْ: غَسَّلَ سَعْدٌ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ بِالْعَقِيقِ، ثُمَّ حَمَلُوهُ، فَجَاءُوا بِهِ، فَجَاءَ سَعْدٌ يَمْشِي حَتَّى إِذَا حَاذَى بِدَارِهِ دَخَلَ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَقَالَ: إِنِّي لَمْ أَغْتَسِلْ مِنْ غُسْلِ سَعِيدٍ إِنَّمَا اغْتَسَلْتُ مِنَ الْحَرِّ

حضرت عائشہ بنت سعد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سعید کو حضرت سعد نے مقامِ عقیق میں غسل دیا' پھر ان کو اُٹھایا گیا' حضرت سعد آگے چلتے ہوئے آئے' جب اپنے گھر کے قریب آئے تو گھر آئے اور غسل کیا' پھر نکلے' فرمایا: میں نے غسل اس لیے نہیں کیا کہ میں نے سعید کو غسل دیا ہے' بلکہ میں نے گرمی کی وجہ سے غسل کیا ہے۔

350 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ،

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل فرماتے ہیں

ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: بَعَثَ مُعَاوِيَةُ اِلَى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ بِالْمَدِينَةِ لِيُبَايِعَ لِابْنِهِ يَزِيدَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ: مَا يَحْبِسُكَ؟ قَالَ: حَتَّى يَجِيءَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ فَيُبَايِعَ، فَاِنَّهُ اَنْبَلُ اَهْلِ الْبَلَدِ، فَاِذَا بَايَعَ النَّاسَ بَايَعَ النَّاسُ

کہ حضرت معاویہ نے مروان کی طرف مدینہ میں کسی کو بھیجا تا کہ ان کے بیٹے یزید کی بیعت کریں' شام میں سے ایک آدمی نے کہا: آپ یہاں ٹھہریں گے؟ تا کہ حضرت سعید بن زید آئے' اس کی بیعت کر کیونکہ وہ شہر کا شریف آدمی ہے' جب حضرت سعید مدینہ آئے تو لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔

351 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ بَعْدِي فِتَنٌ يَكُونُ فِيهَا وَيَكُونُ فَقُلْنَا: اِنْ اَدْرَكْنَا ذٰلِكَ هَلَكْنَا؟ قَالَ: بِحَسْبِ اَصْحَابِي الْقَتْلُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد فتنے ہوں گے' ان میں یہ ہوگا اور وہ ہوگا۔ ہم نے عرض کی: اگر ہم نے انہیں پایا تو ہم ہلاک ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: میرے صحابی کو قتل کافی ہو۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ فُلَانِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سعید بن زید' حضور ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

352 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسٌ الْاَشْعَرِيُّ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ،

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتنے کا ذکر کیا' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہر فتنے والا اس میں ہلاک ہوگا؟ آپ نے فرمایا: تم

351- اخرج نحوه النسائی فی السنن الکبری جلد 5صفحه58 رقم الحدیث: 8206' وفی فضائل الصحابة للنسائی جلد1صفحه31 رقم الحدیث: 102 عن سعید بن زید به .

عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ ابْنِ ظَالِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفِتَنَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُلُّ مَفْتُونٍ فِيهَا هَالِكٌ؟ قَالَ: حَسْبُكُمُ الْقَتْلُ

کو قتل ہی کافی ہوگا۔

353 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: ذَكَرَ فِتْنَةً - يَعْنِي - النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، فَقَالَ: يَذْهَبُ النَّاسُ فِيهَا اَسْرَعَ ذَهَابٍ . فَقِيلَ: كُلُّهُمْ هَالِكٌ؟ قَالَ: حَسْبُهُمُ الْقَتْلُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتنے کا ذکر کیا' فرمایا: فتنے ایسے ہوں گے جس طرح رات کا اندھیرا ہوتا ہے' لوگ ان فتنوں میں جلدی ہلاک ہوں گے۔ عرض کی گئی: سارے ہلاک ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: قتل ہی ان کو کافی ہوگا۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں

354 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنْبَاَ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ نُفَيْلِ بْنِ هِشَامِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجَ وَرَقَةُ بْنُ نَوْفَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ عَمْرٍو يَطْلُبَانِ الدِّينَ، حَتَّى مَرَّا بِالشَّامِ، فَاَمَّا وَرَقَةُ فَتَنَصَّرَ، وَاَمَّا زَيْدٌ فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ الَّذِي تَطْلُبُ اَمَامَكَ، فَانْطَلَقَ حَتَّى اَتَى الْمَوْصِلَ، فَاِذَا هُوَ بِرَاهِبٍ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ اَقْبَلَ صَاحِبُ الْمَرْحَلَةِ؟ قَالَ: مِنْ بَيْتِ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: مَا تَطْلُبُ؟

حضرت نفیل بن ہشام بن سعید بن زید اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ورقہ بن نوفل اور زید بن عمر دونوں دین کی تلاش میں نکلے' جب ملک شام سے گزرے تو ورقہ تو نصرانی ہو گئے' زید سے کہا گیا: آپ جو طلب کر رہے ہیں وہ آگے ہے۔ حضرت زید چلے یہاں تک کہ موصل آئے' وہاں ایک راہب تھا' اس نے کہا: یہ سواری والا کہاں سے آیا ہے؟ کہا: ابراہیم کے

قَالَ: الدِّينَ، فَعَرَضَ عَلَيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ، وَقَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ، قَالَ: أَمَا إِنَّ الَّذِي تَطْلُبُ سَيَظْهَرُ بِأَرْضِكَ، فَأَقْبَلَ وَهُوَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ حَقًّا حَقًّا، تَعَبُّدًا وَرِقًّا، الْبِرَّ أَبْغِي لَا الْحَالَ، وَهَلْ مُهَاجِرٌ كَمَنْ قَالَ، عُذْتُ بِمَا عَاذَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ وَهُوَ قَائِمٌ، وَأَنْفِي لَكَ اللَّهُمَّ عَانٍ رَاغِمٍ مَهْمَا تَجَشَّمْنِي، فَإِنِّي جَاشِمٌ، ثُمَّ يَخِرُّ فَيَسْجُدُ لِلْكَعْبَةِ. قَالَ: فَمَرَّ زَيْدُ بْنُ عَمْرٍو بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَهُمَا يَأْكُلَانِ مِنْ سُفْرَةٍ لَهُمَا، فَدَعَيَاهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِي، لَا آكُلُ مِمَّا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ، قَالَ: فَمَا رُؤِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مِمَّا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ حَتَّى بُعِثَ، قَالَ: وَجَاءَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ زَيْدًا كَانَ كَمَا رَأَيْتَ - أَوْ كَمَا بَلَغَكَ - فَاسْتَغْفِرْ لَهُ قَالَ: نَعَمْ، فَاسْتَغْفَرَ لَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أُمَّةً وَحْدَهُ

شہر سے۔ اس نے کہا: کیا تلاش کر رہے ہیں؟ کہا: دین! اس نے کہا: نصرانی مذہب قبول کریں۔ زید نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' کہا: مجھے اس میں کوئی ضرورت نہیں ہے' اس نے کہا: جس کو تُو تلاش کر رہا ہے' عنقریب تیرے شہر میں آنے والا ہے۔ پس وہ تشریف لائے اس حال میں کہ وہ نعرے لگا رہے تھے: میں حاضر ہوں' حق ہے' حق ہے' عبادت کرنا اور نرمی کرنا ہے' مجھے نیکی کی تلاش ہے لیکن فوراً نہیں ملی' کیا میں ہجرت کرنے والا ہوں اس آدمی کی طرح جس نے کہا تھا: میں نے پناہ لی اس سے جس سے ابراہیم علیہ السلام نے پناہ لی اس حال میں کہ وہ کھڑے تھے' تیرے لیے میں نے ہر چیز کی نفی کی' اے اللہ! تُو مدد کرنے والا ہے' دشمن کو برباد کرنے والا ہے' جب تُو نے مجھے مشکل اُٹھانے پر مجبور کیا ہے تو میں مشکل اُٹھاؤں گا' پھر گرے اور کعبہ کو سجدہ کر رہے تھے۔ راوی کا بیان ہے: زید بن عمرو' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زید بن حارثہ کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ دونوں اپنے دسترخوان سے کھا رہے تھے' اُنہوں نے اسے دعوت دی' اُس نے جواب دیا: جو چیز بتوں کے نام پر ذبح کی گئی ہو' میں اس سے نہیں کھاتا' اے میرے بھائی کے بیٹے! نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتوں کے نام پر ذبح کی ہوئی چیز کھاتے نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ مبعوث ہوئے۔ راوی کہتے ہیں: اور سعید بن زید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! زید اسی طرح تھا جس

طرح آپ نے دیکھ لیا جیسے آپ کو خبر پہنچی' اس کے لیے استغفار کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! پس آپ نے اس کے لیے استغفار کی کیونکہ وہ قیامت کے دن ایک اکیلا اُمت بنا کر اُٹھائے جائے گا۔

355 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يُحَنَّسَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ نُفَيْلٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَضَنَ حَسَنًا فَقَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي قَدْ أَحْبَبْتُهُ فَأَحِبَّهُ

حضرت سعید بن زید بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اپنی گود میں اُٹھایا' عرض کی: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تُو بھی اس سے محبت کر۔

356 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْرُوقٍ الْكُوفِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جُمَيْعٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

357 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ جَدِّهِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَاتَلَ دُونَ مَالِهِ حَتَّى يُقْتَلَ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

358 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اپنے

زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا غَطَفَانَ بْنَ طَرِيفٍ الْمُرِّيَّ يُخْبِرُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

359 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ انْتَقَصَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا طَوَّقَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی کی زمین ایک بالشت کے برابر بھی ظلماً لی' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق پہنائے گا۔

360 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جُمَيْعٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي أَبُو الطُّفَيْلِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى حِرَاءٍ فَتَحَرَّكَ، فَضَرَبَ بِرِجْلِهِ، ثُمَّ قَالَ: اسْكُنْ حِرَاءُ فَإِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيقٌ أَوْ شَهِيدٌ وَهَؤُلَاءِ الْقَوْمُ مَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَأَنَا يَعْنِي نَفْسَهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آپ حراء پہاڑ پر تشریف فرما تھے' وہ آپ کی موجودگی میں خوشی سے جھومنے لگا۔ آپ نے اپنا پاؤں مبارک مارا' پھر فرمایا: حراء خاموش ہو جا! تیرے اوپر ایک نبی اور صدیق اور شہید ہے۔ اس وقت اس کے اوپر آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر' عمر' عثمان' علی' طلحہ' زبیر' سعد' عبدالرحمٰن بن عوف اور میں تھا۔

361 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، وَأَبُو زُرْعَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو الْيَمَانِ، أَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، ثنا

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سود لیا اور کسی مسلمان کا ناحق مال لیا اور یہ رشتہ داری رحمٰن سے ہے' جس نے

نَوْفَلُ بْنُ مُسَاحِقٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ اَرْبَى الرِّبَا: اسْتِطَالَةُ الْمَرْءِ فِي عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ، وَاِنَّ هٰذِهِ الرَّحِمَ شَجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ، مَنْ قَطَعَهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

اس کو توڑا اس پر اللہ عزوجل جنت حرام کر دے گا۔

نِسْبَةُ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا نسب

362 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ هُوَ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ بْنِ هِلَالِ بْنِ وُهَيْبِ بْنِ ضَبَّةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ، لَمْ يُعَقِّبْ، وَاُمُّ اَبِي عُبَيْدَةَ: اُمُّ غَنْمٍ بِنْتُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمِيرَةَ بْنِ وَدِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ (حضرت ابوعبیدہ کا نسب) عامر بن عبداللہ بن جراح بن ہلال بن وہیب بن ضبہ بن حارث بن فہر' حضرت ابوعبیدہ کی والدہ اُم غنم بنت جابر بن عبد بن علاء بن عامر بن عمیرہ بن ودیعہ بن حارث بن فہر ہیں۔

363 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: اَبُو عُبَيْدٍ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ عامر بن عبداللہ بن جراح۔

قَتْلُ اَبِي عُبَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبَاهُ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کو بدر کے دن قتل کیا

364 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، قَالَ: جَعَلَ

حضرت ابن شوذب فرماتے ہیں کہ ابی عبیدہ کا باپ بدر کے دن ایک بار ابوعبیدہ کے سامنے آیا'

اَبُو اَبِی عُبَیْدَةَ یَتَصَدّٰی لِاَبِی عُبَیْدَةَ یَوْمَ بَدْرٍ، فَجَعَلَ اَبُو عُبَیْدَةَ یَحِیدُ عَنْهُ، فَلَمَّا اَکْثَرَ، قَصَدَهُ اَبُو عُبَیْدَةَ فَقَتَلَهُ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِیهِ هٰذِهِ الْآیَةَ حِینَ قَتَلَ اَبَاهُ: (لَا تَجِدُ قَوْمًا یُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ) (المجادلة: 22) اِلٰی آخِرِ الْآیَةِ

حضرت ابوعبیدہ نے اس سے کنارہ کیا' جب اس نے کثرت سے سامنے آنا شروع کیا تو حضرت ابوعبیدہ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا' اس کو قتل کر دیا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی جس وقت آپ نے اپنے والد کو قتل کیا: ''تم نہ پاؤ گے ایسی قوم کو جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہے''۔

365 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: شَهِدَ بَدْرًا مِنْ بَنِی الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ: اَبُو عُبَیْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بنی حارث بن فہر سے جو بدر میں شریک ہوا وہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے۔

366 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِیَاضٍ الْاَشْعَرِیِّ، قَالَ: قَالَ اَبُو عُبَیْدَةَ: مَنْ یُرَاهِنُنِی؟ فَقَالَ شَابٌّ: اَنَا، اِنْ لَمْ تَغْضَبْ. قَالَ: فَسَبَقَهُ فَلَقَدْ رَاَیْتُ عَقِیصَتَیْ اَبِی عُبَیْدَةَ یَقْفِزَانِ، وَهُوَ خَلْفَهُ عَلٰی فَرَسٍ عَرَبِیٍّ

حضرت عیاض اشعری فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے ساتھ دوڑ کون لگائے گا؟ ایک نوجوان نے عرض کی: میں! اگر آپ غصہ نہ کریں۔ اس نے آپ سے دوڑ لگائی' میں نے دیکھا' حضرت ابوعبیدہ آگے نکل گئے' وہ آپ کے پیچھے رہا عربی گھوڑے پر۔

سِنُّ اَبِی عُبَیْدَةَ، وَوَفَاتُهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کی وفات

367 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، قَالَ: مَاتَ اَبُو عُبَیْدَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِی طَاعُونِ عَمْوَاسٍ، سَنَةَ ثَمَانَ عَشْرَةَ، وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِینَ سَنَةً، وَشَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ ابْنُ اِحْدٰی وَاَرْبَعِینَ سَنَةً، وَیُقَالُ صَلّٰی عَلَیْهِ مُعَاذُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا طاعون عمواس میں 18 ہجری میں' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی' آپ بدر میں شریک ہوئے' اُس وقت آپ کی عمر 41 سال تھی' ایک قول کے مطابق آپ کی نمازِ جنازہ حضرت

جَبَلٍ

368 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمِيرَةَ الْحَارِثِيِّ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ طُعِنَ، فَجَعَلَ يُرْسِلُ الْحَارِثَ بْنَ عَمِيرَةَ اِلَى اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ يَسْاَلُهُ كَيْفَ هُوَ؟ فَاَرَاهُ اَبُو عُبَيْدَةَ طَعْنَةً خَرَجَتْ فِي كَفِّهِ، فَتَكَابَرَ شَانُهَا فِي نَفْسِ الْحَارِثِ، فَفَرَقَ مِنْهَا حِينَ رَآهَا فَاَقْسَمَ لَهُ اَبُو عُبَيْدَةَ بِاللّٰهِ مَا يُحِبُّ اَنَّ لَهُ بِهَا حُمْرَ النَّعَمِ

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

حضرت حارث بن عمیرہ حارثی فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا' حضرت حارث بن عمیرہ کو ابوعبیدہ بن جراح کی طرف یہ پوچھنے کے لیے بھیجا کہ وہ کیسے ہیں؟ حضرت ابوعبیدہ نے اپنا زخم دکھایا' اپنی ہتھیلی میں جو آر پار ہو گیا تھا۔ حضرت حارث نے اس کو بُرا سمجھا' جس وقت دیکھا فوراً جدا ہوئے۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے ان کے سامنے قسم اُٹھائی کہ وہ پسند نہیں کرتے ہیں کہ ان کے لیے سرخ اونٹ ہوں' اسے پسند ہے کہ اللہ کی راہ میں زخم کا لگنا۔

369 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: كَانَتِ الشَّامُ عَلَى اَمِيرَيْنِ: عَلَى اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، وَيَزِيدَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، فَتُوُفِّيَ اَبُو عُبَيْدَةَ، وَاسْتَخْلَفَ خَالَهُ عِيَاضَ بْنَ غَنْمٍ اَحَدَ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ، فَاَقَرَّهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ تُوُفِّيَ عِيَاضٌ فَاَمَّرَ مَكَانَهُ سَعِيدَ بْنَ عَامِرِ بْنِ جُذَيْمٍ، ثُمَّ تُوُفِّيَ سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ فَاَمَّرَ مَكَانَهُ عُمَيْرَ بْنَ سَعْدٍ

حضرت یزید بن ابوسفیان فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' ان کے خالو عیاض بن غنم کو بنی حارث بن فہر پر خلیفہ مقرر کیا' حضرت ابوعمر نے ان کو برقرار رکھا' پھر حضرت عیاض کا وصال ہوا' ان کی جگہ پہ سعید بن عامر بن جزیم کو امیر مقرر کیا' پھر حضرت سعید بن عامر فوت ہوئے' ان کی جگہ عمیر بن سعد کو امیر مقرر کیا۔

وَمَا اَسْنَدَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بَابٌ فِي تَوَقُّعِ الْمَغْفِرَةِ

وہ حدیثیں جو حضرت ابوعبیدہ بن جراح سے منقول ہیں' یہ باب ہے کہ جو آدمی فجر کی نماز باجماعت

لِمُصَلِّي صَلَاةِ الصُّبْحِ فِي الْجَمَاعَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن پڑھتا ہے' اس کی بخشش کی اُمید میں

370 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنَ الصَّلَوَاتِ صَلَاةٌ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي الْجَمَاعَةِ، وَمَا أَحْسَبُ مَنْ شَهِدَهَا مِنْكُمْ إِلَّا مَغْفُورًا لَهُ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نمازوں میں سے افضل نماز' فجر کی نماز ہے' جمعہ کے دن جو باجماعت پڑھی جائے' میرا یقین ہے جو تم میں سے باجماعت نماز پڑھنے میں شریک ہوا' اس کی بخشش ہوگی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي فَسَادِ النَّاسِ عِنْدَ إِظْهَارِ الْخُمُورِ، وَاسْتِحْلَالِ الْحَرِيرِ وَالْفُرُوجِ

وہ حدیثیں جو شراب اور ریشم کے حلال اور شرمگاہ کو حلال جاننے کے متعلق آئی ہیں اور اس وقت لوگوں میں فساد ہوگا

371 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، عَنْ مُعَاذٍ، وَأَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ بَدَأَ رَحْمَةً وَنُبُوَّةً، ثُمَّ يَكُونُ رَحْمَةً وَخِلَافَةً، ثُمَّ كَائِنًا مُلْكًا عَضُوضًا، ثُمَّ كَائِنًا عُتُوًّا وَجَبَرِيَّةً، وَفَسَادًا فِي الْأَرْضِ يَسْتَحِلُّونَ

حضرت معاذ اور ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس معاملہ میں رحمت اور نبوت ظاہر ہے' پھر رحمت اور خلافت ہوگی' پھر ملک ٹکڑے ٹکڑے ہوگا' پھر سرکشی اور جبریت اور زمین میں فساد ہوگا' ریشم' شرمگاہ اور شراب کو حلال سمجھا جائے گا' پھر بھی لوگوں کو رزق دیا جائے گا اور مدد کی جائے گی یہاں تک کہ وہ اللہ عزوجل سے ملیں گے۔

الْحَرِيرَ، وَالْفُرُوجَ، وَالْخُمُورَ يُرْزَقُونَ عَلَى ذَلِكَ، وَيُنْصَرُونَ حَتَّى يَلْقَوُا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

372 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسٌ الْاَشْعَرِيُّ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قُرَيْشٍ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ، قَالَ: لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْفَعْنِي اِلَى رَجُلٍ حَسَنِ التَّعْلِيمِ، فَدَفَعَنِي اِلَى اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ ثُمَّ قَالَ: قَدْ دَفَعْتُكَ اِلَى رَجُلٍ يُحْسِنُ تَعْلِيمَكَ وَاَدَبَكَ، فَاَتَيْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَهُوَ وَبَشِيرُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو النُّعْمَانِ بْنُ بَشِيرٍ يَتَحَدَّثَانِ، فَلَمَّا رَاَيَانِي سَكَتَا، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عُبَيْدَةَ، وَاللّٰهِ مَا هَكَذَا حَدَّثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّكَ جِئْتَ وَنَحْنُ نَتَحَدَّثُ حَدِيثًا سَمِعْنَاهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْلِسْ حَتَّى نُحَدِّثَكَ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيكُمُ النُّبُوَّةَ، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا وَجَبَرِيَّةً

حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایک ایسا آدمی دیں جو اچھی تعلیم والا ہو۔ آپ نے مجھے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ دیئے' پھر فرمایا: میں نے تمہیں ایسا آدمی دیا ہے جو تجھے اچھی تعلیم اور ادب سکھائے گا۔ میں آیا تو ابوعبیدہ بن جراح اور بشیر بن سعد ابونعمان بن بشیر دونوں گفتگو کر رہے تھے' جب مجھے دیکھا تو دونوں خاموش ہو گئے۔ میں نے کہا: اے ابوعبیدہ! اللہ کی قسم! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایسے بیان نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا: تُو آیا تو ہم حدیث بیان کر رہے تھے جو ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے' تُو بیٹھ! ہم تجھے بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں نبوت ہے' پھر خلافت ہوگی نبوت کے طریقے پر' پھر بادشاہی اور جبریت ہوگی۔

بَابُ الْاَلِفِ

مَنِ اسْمُهُ اُسَامَةُ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ حِبُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

باب الف

اس سے جس کا نام اسامہ ہے' اسامہ بن زید بن حارثہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوب ہیں' ان کی

وَسَلَّمَ، يُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ وَيُقَالُ اَبُو زَيْدٍ

کنیت ابومحمد ہے اور ابوزید بھی کہا جاتا ہے

373 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: مَرَرْتُ بِالْمَسْجِدِ، فَاِذَا عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَاعِدَانِ، فَقَالَا: يَا اُسَامَةُ، اسْتَاْذِنْ لَنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا عَلِيٌّ، وَالْعَبَّاسُ بِالْبَابِ، يُرِيدَانِ الدُّخُولَ عَلَيْكَ، قَالَ: تَدْرِي مَا جَاءَ بِهِمَا؟ قُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَدْرِي وَمَا جَاءَ بِهِمَا. قَالَ: وَلٰكِنِّي قَدْ عَلِمْتُ مَا جَاءَ بِهِمَا، ائْذَنْ لَهُمَا فَدَخَلَا عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ جِئْنَا نَسْاَلُكَ: اَيُّ اَهْلِكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ: فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ عَلِيٌّ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عَنْ اَهْلِكَ اَسْاَلُكَ. قَالَ: فَاَحَبُّ اَهْلِي اِلَيَّ مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْهِ: اُسَامَةُ. قَالَ: ثُمَّ مَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ثُمَّ اَنْتَ. قَالَ الْعَبَّاسُ: اَجَعَلْتَ عَمَّكَ آخِرَهُمْ؟ قَالَ: اِنَّ عَلِيًّا سَبَقَكَ بِالْهِجْرَةِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے پاس سے گزرا' وہاں حضرت علی و عباس رضی اللہ عنہما تشریف فرما تھے' دونوں نے کہا: اے اسامہ! ہمارے لیے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ دروازہ پر علی اور عباس ہیں! دونوں آپ کے پاس آنا چاہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ یہ دونوں کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! مجھے معلوم نہیں ہے کہ دونوں کیوں آئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ دونوں کیسے آئے ہیں؟ ان دونوں کو اجازت دو۔ دونوں داخل ہوئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ سے پوچھنے آئے ہیں کہ آپ کے گھر والوں میں کون زیادہ پسندیدہ ہے؟ آپ نے فرمایا: فاطمہ بنت محمد ﷺ! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میں نے آپ کے گھر والوں کے متعلق نہیں پوچھا' آپ نے فرمایا: مجھے میرے گھر والوں میں سے زیادہ پسند وہ ہے جس پر اللہ نے اور میں نے انعام کیا ہے' وہ اسامہ بن زید ہے۔ آپ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول

373- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه4532 رقم الحديث: 3562' والترمذي في سننه جلد 5 صفحه678 رقم الحديث: 3819' وذكره أبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد4صفحه161 رقم الحديث: 1379 كلهم عن عمر بن أبي سلمة عن أبيه عن أسامة به .

اللہ! پھر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تُو! حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا آپ نے اپنے چچا کو آخر میں رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: علی آپ سے ہجرت میں سبقت لے گیا ہے۔

374 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: بَلَغَتِ النَّخْلَةُ عَلَى عَهْدِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلْفَ دِرْهَمٍ، قَالَ: فَعَمَدَ اُسَامَةُ اِلَى نَخْلَةٍ فَنَقَرَهَا وَاَخْرَجَ جُمَّارَهَا، فَاَطْعَمَهَا اُمَّهُ، فَقَالُوا لَهُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى هَذَا، وَاَنْتَ تَرَى النَّخْلَةَ قَدْ بَلَغَتْ اَلْفًا؟ فَقَالَ: اِنَّ اُمِّي سَاَلَتْنِيهِ، وَلَا تَسْاَلُنِي شَيْئًا اَقْدِرُ عَلَيْهِ اِلَّا اَعْطَيْتُهَا

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ کھجور کی قیمت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک ہزار درہم تک پہنچی' حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے کھجور لی' اس سے گٹھلی نکالی' اپنی والدہ کو کھلائی' لوگوں نے آپ سے کہا: آپ کو ایسے کرنے پر کس نے اُبھارا ہے حالانکہ آپ کو معلوم ہے کہ کھجور کی قیمت ہزار درہم تک پہنچی ہے؟ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری والدہ نے مجھ سے مانگی تھی' مجھ سے آپ نے کوئی شی مانگی ہے' جس پر میں طاقت رکھتا ہوں تو میں نے ان کو دی ہے۔

375 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: كَانَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ يُدْعَى بِالْاِمْرَةِ، حَتَّى مَاتَ، يَقُولُونَ: بَعَثَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَمْ يَنْزِعْهُ حَتَّى مَاتَ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ وصال تک ایک عورت کا دعویٰ کرتے رہے' لوگ کہتے: حضور ﷺ نے بھیجا تھا' پھر آپ نے لیا نہیں اپنے وصال تک۔

376 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسامہ لوگوں میں مجھے زیادہ پسند ہے۔

374- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه689 رقم الحديث: **6531** عن قرة بن خالد عن محمد بن سيرين به .

376- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه689 رقم الحديث: **6530**' وذكره الطيالسي في مسنده جلد 1 صفحه 249 رقم الحديث: **1812**' وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1صفحه325 رقم الحديث: **446** كلهم عن موسى بن عقبة عن سالم عن أبيه به .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُسَامَةُ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ

نِسْبَةُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَسِنُّهُ وَوَفَاتُهُ

حضرت اسامہ کا نسب اور آپ کی عمر اور آپ کی وفات کے متعلق

377 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، بِنَسَبِهِ: اُسَامَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ يَزِيدَ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ الْكَلْبِيُّ، وَاَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَرَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ کا نسب یہ ہے: اسامہ بن زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب بن عبدالعزیٰ بن یزید بن امرء القیس الکلبی' ان پر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعام تھا۔

378 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَشْيَاخَنَا، يَقُولُونَ: كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: حِبُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبکر بن شعیب بن الحجاب فرماتے ہیں: ہم نے اپنے شیوخ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی کا نقش حُبّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھا۔

379 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَيْتُ اُنَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتَزِرُونَ عَلَى اَنْصَافِ سُوقِهِمْ، فَذَكَرَ ابْنَ عُمَرَ، وَزَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَالْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو دیکھا' ان کے تہبند نصف پنڈلی تک ہوتے تھے۔ حضرت ابن عمر' زید بن ارقم' اسامہ بن زید' براء بن عازب رضی اللہ عنہم کا ذکر کیا۔

وَمَا اَسْنَدَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی حدیثیں

380 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَسَاهُ قِبْطِيَّةً مِمَّا اَهْدَاهُ لَهُ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَكَسَوْتُهَا امْرَاَتِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ لَا تَلْبَسُ الْقِبْطِيَّةَ؟ قُلْتُ: كَسَوْتُهَا امْرَاَتِي، قَالَ: مُرْهَا اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهَا غِلَالَةً، فَاِنِّي اَخَافُ اَنْ تَصِفَ عِظَامَهَا

حضرت محمد بن اسامہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے قبطی چادر پہنائی تھی جو آپ کو حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے دی تھی' میں نے اپنی بیوی کو پہنائی' حضور ﷺ نے فرمایا: تم نے قبطی لباس پہنا نہیں؟ میں نے عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو پہنچائی' آپ نے فرمایا: اپنی بیوی کو حکم دے کہ اس کے نیچے بنیان رکھ لے کیونکہ میں خوف کرتا ہوں کہ اس کی ہڈیوں کو نہ لگے۔

381 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَبَطْتُ وَهَبَطَ النَّاسُ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَقَدْ اَصْمَتَ وَهُوَ لَا يَتَكَلَّمُ فَجَعَلَ يَرْفَعُ يَدَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَيَصُبُّهَا عَلَيَّ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ يَدْعُو لِي

حضرت محمد بن اسامہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بیمار ہوئے تو میں اُترا' لوگ مدینہ آئے' میں آپ کے پاس آیا' آپ خاموش تھے گفتگو نہیں کر رہے تھے' آپ آسمان کی طرف اپنے ہاتھ اُٹھانے لگے اور مجھ پر ڈالنے لگے' میں نے پہچان لیا کہ آپ میرے لیے دعا کر رہے ہیں۔

382 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عِقَالٍ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ

حضرت محمد بن اسامہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارا اخلاق میرے اخلاق کی طرح ہے' تم مجھ سے ہو' اے علی! تُو مجھ سے ہے اور میرے

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَعْفَرٍ: خَلْقُكَ كَخَلْقِي، وَأَنْتَ مِنِّي، وَأَنْتَ يَا عَلِيُّ، فَمِنِّي وَأَبُو وَلَدِي

بچوں کا باپ۔

حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

383 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الشِّبَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ، مَوْلَى سِبَاعٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى جَمْعًا صَلَّى بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب مزدلفہ آتے تو وہاں مغرب و عشاء اکٹھی پڑھتے۔

384 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، أَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً إِلَى الْحُرُقَاتِ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حرقات کی طرف مختصر قافلہ بھیجا' آگے مکمل حدیث ہے۔

385 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

383- أخرج نحوه أبو نعيم الأصبهاني في المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم جلد 3 صفحه 369 رقم الحديث: 2966' وأورد نحوه المزي في تهذيب الكمال جلد 20 صفحه 128 رقم الحديث: 3947 كلاهما عن الزهري عن عطاء مولى سباع عن أسامة بن زيد به .

384- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه 44 رقم الحديث: 2643' وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 207 رقم الحديث: 21850' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 8 صفحه 195,191 كلهم عن الأعمش عن أبي ظبيان عن أسامة بن زيد به .

385- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 1067 رقم الحديث: 1443 عن أبي النضر عن عامر بن سعد عن أسامة

بْنُ يَزِيدَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ، اَنَّ اَبَا النَّضْرِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَعْزِلُ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں عزل کرتا ہوں اور حدیث ذکر کی۔

386 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذَا الْوَبَاءَ رِجْزٌ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ طاعون بیماری ہے۔

387 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اُسَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ هَذَا الْوَبَاءَ رِجْزٌ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ طاعون بیماری ہے۔

388 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَقِيلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ، قَالَ: رَكِبْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ ایسے دراز گوش پر سوار تھا کہ جس پر چمڑے کا پالان تھا۔

بن زيد به .

386- أخرجه في مسنده جلد **5** صفحه **207** رقم الحديث: **21855**' وذكره معمر بن راشد في الجامع جلد **11** صفحه **146** كلاهما عن الزهري عن عامر بن سعد عن أسامة بن زيد به .

388- أخرجه البخاري في صحيحه جلد **3** صفحه **1089** رقم الحديث: **2825**' جلد **5** صفحه **2143** رقم الحديث: **5339**' جلد **5** صفحه **2223** رقم الحديث: **5619**' والبيهقي في سننه الكبرى جلد **9** صفحه **10** كلاهما عن الزهري عن عروة عن أسامة بن زيد به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حِمَارٍ عَلَى اِكَافٍ عَلَى قَطِيفَةٍ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

389 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّهُ دَفَعَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ، فَصَارَ اِلَى الْمَضِيقِ، فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَقَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ جَاءَ فَجَعَلَ يَتَوَضَّأُ وَاُسَامَةُ يَصُبُّ عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الصَّلَاةَ، قَالَ: الْمُصَلَّى اَمَامَكَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ عرفہ کی رات گیا' آپ ایک جگہ کی طرف گئے' آپ نے سواری بٹھائی' قضاء حاجت فرمائی' آپ وضو کر رہے تھے اور میں آپ پر پانی ڈال رہا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز کا وقت ہوگیا ہے' آپ نے فرمایا: نماز آگے پڑھنی ہے۔

390 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ اُسَامَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَآبَةُ، فَقُلْتُ: مَا لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَدَنِي اَنْ يَاْتِيَنِي وَلَمْ يَاْتِنِي مُنْذُ ثَلَاثٍ. قَالَ: وَاِذَا كَلْبٌ، قَالَ اُسَامَةُ: فَوَضَعْتُ يَدِي عَلَى رَاْسِي فَصِحْتُ، فَقَالَ: مَا لَكَ يَا اُسَامَةُ؟ فَقُلْتُ: كَلْبٌ. فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُتِلَ، ثُمَّ اَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: مَا لَكَ لَمْ تَاْتِنِي، وَكُنْتَ اِذَا وَعَدْتَنِي لَمْ تُخْلِفْنِي، فَقَالَ: اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا تَصَاوِيرُ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ ﷺ پریشان دکھائی دے رہے تھے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا: جبریل نے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا لیکن تین دن سے میرے پاس نہیں آئے۔ آپ نے فرمایا: ایک کتے کی وجہ سے۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنا ہاتھ اپنے سر کے اوپر رکھا' میں چیخا' آپ نے فرمایا: اے اسامہ! کیا ہوا؟ میں نے عرض کی: کتا! حضور ﷺ نے اس کے متعلق حکم دیا تو اس کو مارا گیا' پھر آپ ﷺ کے پاس جبریل علیہ السلام آئے' آپ نے فرمایا: تمہیں میرے پاس نہ آنے کی کیا وجہ تھی؟ تم نے جب بھی مجھ سے وعدہ کیا تو وعدہ خلافی نہیں کی۔ حضرت جبریل علیہ

389- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد 2 صفحه 934 رقم الحديث: 1280' وكذلك البخاری فی صحيحه جلد 1 صفحه 78 رقم الحديث: 179 كلاهما عن موسى بن عقبة عن كريب عن أسامة بن زيد به .

السلام نے عرض کی: ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

391 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، حَدَّثَنِي كُرَيْبٌ، اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اَلَا مُشَمِّرٌ لِلْجَنَّةِ؟ هِيَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ نُورٌ يَتَلَالَأُ، وَرَيْحَانَةٌ تَهْتَزُّ، وَنَهَرٌ مُطَّرِدٌ، وَزَوْجَةٌ حَسْنَاءُ جَمِيلَةٌ فِي رَوْضَةٍ، وَحِبْرَةٍ فِي اِقَامَةِ الْاَبَدِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کو سجایا گیا' ربِ کعبہ کی قسم! اس کا نور جگمگا رہا ہے' اس کی خوشبو مہک رہی ہے اور اس کی نہر جاری ہے اور باغوں میں خوبصورت بیویاں ہیں اور اس میں رہنے والا ہمیشہ رہے گا۔

392 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، اَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ يَاْخُذُونَ الْعَفْوَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، وَاَهْلِ الْكِتَابِ كَمَا اَمَرَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَيَصْبِرُوا عَلَى الْاَذَى قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ اُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ، وَمِنَ الَّذِينَ اَشْرَكُوا اَذًى كَثِيرًا) (آل عمران:

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ مشرکین اور اہل کتاب کو معاف کرتے ہیں اور ان کی تکلیفوں پر صبر کرتے ہیں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: بے شک ضرور تم اگلے کتاب والوں اور مشرکوں سے بہت کچھ بُرا سنو گے۔ حضور ﷺ ان کو معاف کرتے رہے جب تک اللہ نے حکم دیا' جب ان کو اجازت ملی تو حضور ﷺ نے جنگ بدر کی تو اللہ تعالیٰ نے قریش سے بڑے بڑے کافروں کو ہلاک کیا۔ عبداللہ بن ابی کے بیٹے نے کہا اور

391- أخرج نحوه ابن حبان فی صحيحه جلد 16 صفحه 389 رقم الحديث: 7381' وذكر نحوه أبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 132 رقم الحديث: 1343' جلد 4 صفحه 133 رقم الحديث: 1345,1344' وأخرج نحوه ابن ماجه فی سننه جلد 2 صفحه 1448 رقم الحديث: 4332 كلهم عن سليمان بن موسى عن كريب عن أسامة بن زيد به .

392- أخرج نحوه البخاری فی صحيحه جلد 4 صفحه 1663 رقم الحديث: 4290' جلد 5 صفحه 2292 رقم الحديث: 5854' ونحوه البيهقی فی سننه الكبرى جلد 9 صفحه 10 كلاهما عن الزهری عن عروة عن أسامة به' وانظر فتح البارى جلد 8 صفحه 232 .

186) الْآيَةَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَأَوَّلُ فِي الْعَفْوِ مَا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهِ، حَتَّى أَذِنَ اللّٰهُ فِيهِمْ، فَلَمَّا غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا فَقَتَلَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَ مِنَ الْكُفَّارِ مِنْ صَنَادِيدِ قُرَيْشٍ قَالَ ابْنُ أُبَيٍّ، وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ: هَذَا أَمْرٌ قَدْ تَوَجَّهَ لَهُ، فَبَايِعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَأَسْلَمُوا

جو اس کے ساتھ مشرک تھے: یہ حکم ہو گیا ہے۔ انہوں نے حضور ﷺ کی بیعت کی اسلام پر اور وہ مسلمان ہو گئے۔

393 - حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ أَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا أَبُو الْأَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، وَأَنَا مَعَهُ، فَعَرَفَ فِيهِ الْمَوْتَ، فَقَالَ: كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُودِ قَالَ أَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ: مَاتَ فَمُهُ؟ فَلَمَّا مَاتَ أَتَاهُ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مَاتَ، فَأَعْطِنِي قَمِيصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيهِ، فَنَزَعَ قَمِيصَهُ فَأَلْبَسَهُ إِيَّاهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عبداللہ بن ابی کی بیماری کے دوران اس کی عیادت کرنے کے لیے نکلے' جس بیماری میں وہ مرا تھا' میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس میں موت کے اثرات پہچان لیے۔ آپ نے فرمایا: میں تمہیں یہود کی محبت سے منع کرتا تھا۔ حضرت اسعد بن زرارہ فرماتے ہیں: عبداللہ مر گیا' جب مرا تو اس کا بیٹا آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: عبداللہ مر گیا ہے' آپ مجھے اپنی قمیص دیں تاکہ میں اس میں اُسے کفن دوں۔ آپ نے اپنی قمیص اُتاری اور اس کو پہنائی۔

394 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنِ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کافر مسلمان کا اور مسلمان کافر کا اور دو دینوں والے ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے

393- أخرج نحوه الحاكم فی مستدركه جلد 1 صفحه 491 رقم الحديث: 1262' وذكره أبو عبد الله الحنبلی جلد 4 صفحه 119 رقم الحديث: 1330 كلاهما عن الزهری عن عروة عن أسامة بن زيد به .

394- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 2 صفحه 262 رقم الحديث: 2944' وذكره عبد الرزاق فی مصنفه جلد 10 صفحه 341 كلاهما عن علی بن الحسين عن عمرو بن عثمان عن أسامة بن زيد به .

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ، وَلَا الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ

ہیں۔

395 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا خَالِدٌ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُسَامَةَ، قَالَ: اَوْجَرْتُ رَجُلًا الرُّمْحَ وَهُوَ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُسَامَةَ: كَيْفَ لَكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتّٰى وَدِدْتُ اَنِّي لَمْ اَكُنْ اَسْلَمْتُ قَبْلَ تِلْكَ السَّاعَةِ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو نیزہ مارا اس حالت میں کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھ رہا تھا' حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: قیامت کے دن تیرا کیا حال ہوگا جب وہ لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ آئے گا؟ آپ نے یہ کئی مرتبہ فرمایا یہاں تک کہ میں نے خواہش کی کہ کاش! میں اس وقت سے پہلے مسلمان ہی نہ ہوتا۔

396 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ كُلْثُومٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: اسْتَاْذَنْتُ لِاُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاِذَا هُوَ مُقَنِّعٌ رَاْسَهُ بِبُرْدٍ لَهُ مَعَافِرِيٍّ، فَكَشَفَ الْقِنَاعَ عَنْ رَاْسِهِ ثُمَّ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ سے ان کے پاس آنے کی اجازت مانگی' آپ نے اجازت دی' وہ چادروں کے ساتھ اپنے سر ڈھانپے ہوئے تھے' آپ نے اپنے سر سے چادر اُتاری' پھر فرمایا: اللہ کی لعنت ہو یہود پر! اُنہوں نے اپنے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو مسجدیں بنالیا۔

397 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ اُسَامَةَ، بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْحُرُقَاتِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حرقات کی طرف سریہ (یعنی چھوٹا قافلہ) بھیجا' اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی۔

398 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اُسَامَةَ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک آدمی کو لایا جائے گا' اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی۔

يُؤْتَى بِالرَّجُلِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

399 - ثنا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اُسَامَةَ، اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْبَيْتَ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو ایک گھر میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

400 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اُسَامَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں پر مسح کرتے تھے۔

401 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ، قَالَ: بُعِثَ بَنَاتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی صاحبزادیوں کو بھیجا گیا۔

402 - حَدَّثَنَا اَبُو الْحُصَيْنِ، ثنا يَحْيَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنِ ابْنِ اَفْلَحَ، مَوْلَى اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اُسَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل بے حیائی اور بے حیائی پھیلانے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

403 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ، اَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُغِيرَ عَلَى اَبْنَاءِ صُبَاحٍ وَاُحَرِّقَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے بدلنے اور جلانے کا حکم دیا۔

404 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

404- أخرجه أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 207 رقم الحديث: 21852' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 127 رقم الحديث: 1338' جلد 4 صفحه 128 رقم الحديث: 1339 كلاهما عن أسامة به

الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي ابْنُ ضِمْرَى مَوْلَى أُسَامَةَ، عَنْ أُسَامَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَدِمَ مِنْ بَعْضِ الْأَرْيَافِ، فَأَخَذَهُ الْوَجَعُ، فَرَجَعَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ لَا يَطْلُعَ عَلَيْنَا نِقَابُهَا يَعْنِي نِقَابَ الْمَدِينَةِ

ایک آدمی کسی بستی سے آیا' اس کو بیماری لگی تو وہ واپس چلا گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں یقین رکھتا ہوں کہ ہمارے پاس ایسا کوئی نہ آئے گا جو کھوجی ہو' یعنی مدینہ کی کھوج کرے۔

405 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أُسَامَةَ، قَالَ: أَمَا إِنِّي لَا أَقُولُ لِرَجُلٍ: أَنْتَ خَيْرُ النَّاسِ، بَعْدَ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُجَاءُ بِرَجُلٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں کسی آدمی کو نہیں کہتا ہوں کہ تُو لوگوں سے افضل ہے' اس کے بعد جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا ہے' آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک آدمی کو لایا جائے گا۔

406 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أُسَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الطَّاعُونَ رِجْزٌ وَعَذَابٌ، عُذِّبَ بِهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَإِذَا كَانَ بِأَرْضٍ فَلَا تَخْرُجُوا مِنْهَا، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَدْخُلُوهَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ بیماری ہے اس کے ذریعے اللہ عزوجل نے تم سے پہلے بعض لوگوں کو ہلاک کیا ہے' جب یہ کسی شہر میں ہو اور تم وہاں ہو تو اس شہر سے نہ نکلو' جب تم سنو کہ یہ کسی شہر میں آیا ہے تو تم وہاں نہ جاؤ۔

407 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَرْبَهَارِيُّ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل بے حیائی اور بے

406- أخرج نحوه النسائی فی السنن الكبرىٰ جلد4صفحه362 رقم الحديث: 7523' ونحوه أحمد فی مسنده جلد 1 صفحه182 رقم الحديث: 21909,1577' جلد 5صفحه213' وأخرج نحوه البيهقی فی سننه الكبرى جلد3صفحه376 رقم الحديث: 6351 كلهم عن حبيب بن ثابت عن ابراهيم بن سعد عن أسامة بن زيد به .

دَ وُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فَلَحَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ

حیائی پھیلانے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

408 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ عِنْدَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ يَدْعُو، فَجَاءَ مَرْوَانُ فَاَسْمَعَهُ كَلَامًا، فَقَالَ اُسَامَةُ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل بے حیائی کا کام کرنے والے' فضول اور بُری بات کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے۔

409 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا مُحَاضِرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلَ الْبَيْتَ فَمَشَى حَتَّى تَوَسَّطَ، فَدَنَا اِلَى الْحَائِطِ، وَدَخَلَ بَيْنَ اُسَامَةَ، وَبِلَالٍ الْحَدِيثَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خانہ کعبہ میں داخل ہوئے' آپ چلے' درمیان میں آئے' ہم دیوار کے قریب ہوئے' آپ میرے اور بلال کے درمیان داخل ہوئے۔

410 - حَدَّثَنَا الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلَ الْبَيْتَ فَرَاَى صُوَرًا فَدَعَا بِمَاءٍ، فَجَعَلَ يَمْحُوهَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' آپ نے تصویریں دیکھیں' آپ نے پانی منگوایا اور ان تصاویر کو مٹانے لگے اور فرمانے لگے: اللہ ایسی قوم کو ہلاک کرے جو ایسی تصویریں بناتے ہیں جو پیدا نہیں کر

وَيَقُولُ: قَاتَلَ اللّٰهُ قَوْمًا يُصَوِّرُونَ مَا لَا يَخْلُقُونَ

سکتے ہیں۔

411 - وَعَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ زِبْرِقَانَ، عَنْ زُهْرَةَ، عَنْ اُسَامَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْهَجِيرِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر سورج کے ڈھلنے کے بعد پڑھائی۔

412 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا اَبِي، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ، فَيَغْفِرُ اللّٰهُ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ مُشَاحِنَيْنِ، اَوْ قَاطِعِ رَحِمٍ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پیر اور جمعرات کو اللہ کی بارگاہ میں اعمال پیش کیے جاتے ہیں' ہر ایک کو بخش دیا جاتا ہے سوائے ان کے جن کے درمیان قطع کلامی ہو اور صلہ رحمی نہ ہو۔

413 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الرَّازِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ: (فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ) (فاطر: 32) الْآيَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّهُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ' اس آیت کی تفسیر: ''ان میں سے کچھ اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہوں گے' ان میں کچھ میانہ روی کرنے والے ہیں'' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سارے اس اُمت سے ہیں۔

414 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ غُرَابٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ كُلْثُومٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اپنی اس بیماری کے دنوں میں جس میں آپ نے وصال فرمایا' ارشاد فرمایا: اللہ کی لعنت ہو یہود پر! اُنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔

415 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح وَحَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَقِيلُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، ثنا اَبِي، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ زَادَ مَعْمَرٌ، وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، وَصَالِحُ بْنُ

ﷺ نے فرمایا: کافر مسلمان کا اور مسلمان کافر کا اور دو دینوں والے ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے ہیں۔ اور سفیان بن حسین اور صالح بن کیسان نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر چھوڑا ہے؟ (نوٹ: اس ایک مختصر حدیث کی مختلف بہت ساری اسناد کا مصنف نے ذکر کیا ہے' عربی دان آدمی ان کو خود سمجھ سکتا ہے اور عام آدمی کو ان اسناد کی ضرورت نہیں ہے' اس لیے ان کا ترجمہ نہیں کیا گیا)۔

كَيْسَانَ فِي حَدِيثِهِمْ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيلٌ مِنْ دَارٍ؟

416 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الشِّبَامِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيْنَ مَنْزِلُنَا غَدًا؟ قَالَ: وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيلٌ مِنْ دَارٍ اَوْ رِبَاعٍ؟ مَنْزِلُنَا بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کل ہم کہاں رہیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیا عقیل نے ہمارے لیے گھر چھوڑا ہے؟ ہمارا ٹھکانہ بنی کنانہ کے پہاڑ پر ہوگا' یہاں قریش کفر پر تقسیم ہوئے تھے۔

417 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ عَلَى هَيْأَتِهِ حِينَ اَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیشہ اپنی حالت پہ چلتے تھے' جس وقت آپ مزدلفہ سے واپس آتے تھے۔

بَابٌ مَا جَاءَ فِي الْمَرْاَةِ السُّوءِ وَاَنَّهَا فِتْنَةٌ، وَمَضَرَّةٌ عَلَى زَوْجِهَا

یہ باب ہے حضرت اسامہ سے عورت کے بُرا ہونے اور فتنہ اور مرد کے لیے نقصان دِہ ہونے کے متعلق جو حدیثیں مروی ہیں' اس کے بیان میں

418 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هَوْذَةُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت

416- أخرج نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد6صفحه34 رقم الحديث: 10960 عن علي بن الحسين عن عمرو بن عثمان عن أسامة به' وانظر فتح الباري جلد8صفحه15' شرح النووي على صحيح مسلم جلد9صفحه120 .

417- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه936 رقم الحديث: 1286 عن عطاء عن ابن عباس عن أسامة به .

418- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2097 رقم الحديث: 2740' جلد4صفحه2098 رقم

بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً فِي النَّاسِ أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

419 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

420 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

421 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي لَمْ أَتْرُكْ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

422 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا أَبِي، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

الحديث: **2741**، والبخاری فی صحيحه جلد **5** صفحه **1959** رقم الحديث: **4808** كلاهما عن سليمان التيمی عن أبی عثمان عن أسامة بن زيد به .

وَسَلَّمَ: مَا تَرَكْتُ فِي النَّاسِ بَعْدِي فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد لوگوں میں سے مردوں پر سب سے زیادہ نقصان دِہ فتنہ عورتیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

ہوئے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے انہیں کہتے ہوئے سنا: کیا ہم پر حرج ہے اس طرح کرنے میں؟ کیا ہم پر حرج ہے اس طرح کرنے میں؟ آپ نے فرمایا. اے لوگو! اللہ نے حرج معاف کی ہے سوائے اس آدمی کے جس نے ظلم کیا ہے' اس پر حرج اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں' اس بیماری کے لیے؟ کیا ہم دواء لیں اس بیماری کے لیے؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے جو بیماری بھی نازل کی ہے اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے موت کے۔ اُنہوں نے عرض کی: بندہ مسلمان کو دنیا میں سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

483 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ الثَّعْلَبِیِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِیكٍ، قَالَ: قَالَ اَعْرَابِیٌّ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِی مَا لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں کہ مسلمان کے لیے کیا بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

484 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَامِرِ بْنِ اِبْرَاهِیمَ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، وَغَیْرِ وَاحِدٍ، ثنا زِیَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِیكٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنَ الْاَعْرَابِ یَسْاَلُونَهُ عَنْ یَمِینِهِ، وَعَنْ یَسَارِهِ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ عَلَیْنَا حَرَجٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' دیہات کے کچھ لوگ آپ کے پاس آئے' آپ سے دائیں بائیں جانب سے پوچھنے لگے' عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! کیا ہم پر حرج ہے اس اس طرح کرنے میں؟ دو مرتبہ کہا' حضور ﷺ نے فرمایا: حرج اللہ نے معاف کر دی ہے مگر سوائے اس کے کہ جس نے مسلمان پر ظلم کیا ہو' یہ حرج

فِی کَذَا وَکَذَا؟ مَرَّتَیْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَضَعَ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ امْرَأً مُسْلِمًا ظُلْمًا اَوْ قَالَ: بِظُلْمٍ فَذٰلِكَ حَرِجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَی مِنْ کَذَا وَکَذَا؟ مَرَّتَیْنِ، قَالَ: نَعَمْ، تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ یُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً غَیْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ، الْهَرَمُ، قَالُوا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَیْرُ مَا اُعْطِیَ النَّاسُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اس بیماری میں سواء لیں؟ دو مرتبہ عرض کیا' آپ نے فرمایا: ہاں! دواء لو کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء نازل کی ہے سوائے ایک شی کے اور وہ موت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: لوگوں کو سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

485 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَیْرٍ التُّسْتَرِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ کَرَامَةَ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی، ثنا شَیْبَانُ، عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِیكٍ، قَالَ: کُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْاَعْرَابُ مِنْ کُلِّ نَحْوٍ حَتَّی کَثُرُوا عَلَیْهِ، وَسَکَتَ النَّاسُ، فَنَادَوْا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَی؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ یَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً غَیْرَ وَاحِدٍ قَالُوا: مَا هُوَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْهَرَمُ، قَالُوا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَیْرُ مَا اُعْطِیَ لِلْاِنْسَانُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ، فَنَادَوْا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَیْنَا حَرَجٌ فِی کَذَا وَکَذَا؟ مِمَّا یَکُونُ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: یَا عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ امْرِءٍ فَذٰلِكَ الَّذِی حَرِجَ وَهَلَكَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' دیہات کے لوگ ہر طرف سے آئے یہاں تک کہ بہت زیادہ ہو گئے' صحابہ کرام خاموش ہو گئے' اُنہوں نے بلند آواز میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں لو! اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے ایک کے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: موت! اُنہوں نے عرض کی: لوگوں کو سب سے بہتر کون سی شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھے اخلاق! اُنہوں نے آپ کو آواز دی اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے فرمایا: اے اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج معاف کی ہے سوائے اس کے کہ جس نے کسی مسلمان بندے پر ظلم کیا ہو تو یہ حرج اور ہلاکت ہے۔

486 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثنا أَبُو الْعَوَّامِ عِمْرَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقُولُ: أُمَّكَ وَأَبَاكَ، وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ، ثُمَّ أَدْنَاكَ قَالَ: فَجَاءَ قَوْمٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ قَتَلَنَا بَنُو يَرْبُوعٍ؟ فَقَالَ: لَا تَجْنِي نَفْسٌ عَلَى أُخْرَى قَالَ: ثُمَّ سَأَلَهُ رَجُلٌ نَسِيَ أَنْ يَرْمِيَ الْجِمَارَ، قَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ أَتَاهُ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ نَسِيتُ الطَّوَافَ، فَقَالَ: طُفْ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ أَتَاهُ آخَرُ: حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَذْبَحَ . قَالَ: اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ قَالَ: فَمَا سَأَلُوهُ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا قَالَ: لَا حَرَجَ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ قَالَ: أَذْهَبَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ الْحَرَجَ إِلَّا رَجُلٌ اقْتَرَضَ مُسْلِمًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، وَقَالَ: مَا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْهَرَمَ

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر فرماتے ہوئے سنا' آپ فرما رہے تھے: تیری ماں تیرا باپ اور تیری بہن اور تیرا بھائی' پھر اس کے بعد جو تیرے قریب ہے' وہ زیادہ لائق ہیں صلہ رحمی کے۔ کچھ لوگ آپ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے بنو یربوع کو مارا ہے؟ آپ نے فرمایا: کوئی ایک جان' دوسری جان پر زیادتی نہ کرے۔ پھر دوسرے نے پوچھا: ایک آدمی کنکری مارنا بھول جائے تو؟ آپ نے فرمایا: مارو! کوئی حرج نہیں۔ پھر ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں طواف کرنا بھول گیا ہوں؟ آپ نے فرمایا: طواف کرو! کوئی حرج نہیں ہے۔ پھر تیسرا آیا' اُس نے عرض کی: میں نے ذبح سے پہلے حلق کروا لیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ذبح کر! کوئی حرج نہیں ہے۔ اس دن آپ سے جس شی کے متعلق بھی پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے! کوئی حرج نہیں ہے! پھر آپ نے فرمایا: اللہ نے حرج معاف کر دی سوائے اس آدمی کے کہ جس نے ظلم کیا ہو کسی مسلمان پر' تو یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے موت کے۔

487 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَحْمَسِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَسَدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ، قَالَ: كَانَ الْأَعْرَابُ إِذَا جَاءُوا

حضرت قطبہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے' ہم ان کی جفا کی وجہ سے ان کو موقعۂ غنیمت کہتے' وہ آئے اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَنَمْنَاهُمْ لِجَفَائِهِمْ، فَجَاءُوا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ قَالَ: لَا حَرَجَ، وُضِعَ الْحَرَجُ عِبَادَ اللّٰهِ، إِلَّا مَنِ افْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ أَخِيهِ بِظُلْمٍ فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْإِنْسَانُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ هَكَذَا رَوَاهُ وَهْبُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ وَهِمَ فِيهِ، وَالصَّوَابُ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ

فرمایا: اے اللہ کے بندو! کوئی حرج نہیں ہے! اللہ عزوجل نے حرج معاف کر دی ہے سوائے اس کے کہ جس نے اپنے مسلمان بھائی پر ظلم کیا ہو' یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! انسان کو سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔ اسی طرح جناب وہب بن اسماعیل نے محمد بن قیس سے اسے روایت کیا' انہیں اس میں وہم ہوا' صحیح عن اسامہ بن شریک ہے۔

488 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا أَصْحَابُهُ كَأَنَّ عَلَى رُءُوسِهِمُ الطَّيْرَ

حضرت اسامہ بن شریک فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو صحابہ کرام آپ کے پاس ایسے بیٹھے تھے جس طرح ان کے سروں پر پرندے ہوتے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي لُزُومِ الْجَمَاعَةِ، وَالنَّهْيِ عَنْ مُفَارَقَتِهَا وَغَيْرِ ذَلِكَ

یہ باب ہے جماعت کو لازماً پکڑنے اور ان سے علیحدگی کی نہی وغیرہ اور اس کے علاوہ کے متعلق حدیثیں آئی ہیں

489 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی نکلے میری اُمت میں تفریق کرے' اس کی گردن اُڑا دو۔ اس حدیث کو

489- أخرج نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد2صفحه293 رقم الحديث: 3486' وفي سنن النسائي (المجتبى) جلد 7صفحه93' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد4صفحه176 رقم الحديث: 1391

أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا رَجُلٍ خَرَجَ يُفَرِّقُ بَيْنَ أُمَّتِي فَاضْرِبُوا عُنُقَهُ هَكَذَا رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ، وَالصَّوَابُ عَنْ عَرْفَجَةَ، وَكَذَلِكَ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ

زید بن عطاء بن سائب نے زیاد بن علاقہ سے' وہ اسامہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہ عرفجہ سے روایت ہے۔ اسی طرح اس حدیث کو محمد بن بشیر' مجالد سے روایت کرتے ہیں۔

490 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ أُمَّتِي وَهُمْ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوا رَأْسَهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میری اُمت میں تفریق کرے اس حالت میں کہ وہ اکٹھی تھی تو اس کی گردن اُڑا دو' وہ جو بھی ہو۔

491 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، فَإِذَا شَذَّ الشَّاذُّ مِنْهُمُ اخْتَطَفَهُ الشَّيْطَانُ كَمَا يَخْتَطِفُ الذِّئْبُ الشَّاةَ مِنَ الْغَنَمِ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا دستِ قدرت جماعت پر ہے' جب کوئی جماعت سے علیحدہ ہو تو شیطان اُس کو ایسے اُچک لیتا ہے جس طرح بھیڑیا' بکریوں کو اُچک لیتا ہے۔

492 - ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنِ أَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: وُزِنَ أَصْحَابِي اللَّيْلَةَ فَوُزِنَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ وُزِنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا: آج رات میرے صحابہ کا وزن کیا گیا' ابوبکر صدیق کا وزن کیا گیا' پھر عمر کا وزن کیا گیا' پھر عثمان کا وزن کیا گیا۔ یہ حدیث اسی طرح یزید بن ہارون اور سعد و یہ روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبدالاعلیٰ بن ابومساور سے' وہ زیاد بن علاقہ سے'

عَنْهُ، ثُمَّ وُزِنَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰكَذَا رَوَاهُ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَرَوَاهُ سَعْدَوَيْهِ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَرْفَجَةَ

وہ قطبہ بن مالک سے' وہ عرفجہ سے روایت کرتے ہیں۔

493 - ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کالے دانہ (زیرہ) میں سوائے موت کے ہر بیماری کی شفاء ہے۔

494 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، ثنا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَعَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةٌ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مقیم موزوں پر ایک دن و رات مسح کرے گا اور مسافر تین دن و رات کرے گا۔

495 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَالِحٍ الدَّهَّانُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِعَمَلٍ . قُلْنَا: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى رَاْسِهِ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی بھی جنت میں اپنے عمل کی وجہ سے داخل نہیں ہوگا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں! مگر یہ ہے کہ اللہ نے مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لیا ہے' آپ نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھا۔

496 - وَبِاِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَمَعَهُ شَيْطَانٌ قُلْنَا: وَاَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاَنَا، اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے ہر ایک کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی مگر یہ کہ اللہ عزوجل نے اُس پر میری مدد کی' وہ مسلمان ہوگیا ہے۔

497 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْاَقْمَرِ، حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ شَرِيكٍ الثَّعْلَبِيُّ، قَالَ: اِنِّي لَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قُرِّبَتْ اِلَيْهِ جِنَازَةٌ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَالْتَفَتَ فَبَصُرَ بِامْرَاَةٍ مُقْبِلَةٍ، فَقَالَ: رُدُّوهَا فَرَدُّوهَا مِرَارًا حَتَّى تَوَارَتْ، فَلَمَّا رَآهَا تَوَارَتْ كَبَّرَ عَلَيْهَا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ تھے' اچانک آپ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا نمازِ جنازہ پڑھانے کے لیے' آپ نے دیکھا تو ایک عورت رو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: اس کو واپس کرو! اس کو واپس کرو! یہاں تک کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہوگئی۔ جب آپ نے دیکھا کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہوگئی ہے تو آپ نے تکبیر کہی۔

اُسَامَةُ بْنُ عُمَيْرٍ الْهُذَلِيُّ ابْنِ عَامِرِ بْنِ الْاَشْتَرِ مِنْ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ ثُمَّ مِنْ بَنِي لِحْيَانَ

حضرت اسامہ بن عمیر الہذلی ابن عامر بن اشتر' قبیلہ ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر اور بنی لحیان سے

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اِقَامَةِ الصَّلَاةِ فِي الرَّوَاحِلِ فِي السَّفَرِ فِي الْيَوْمِ الْمَطِرِ

باب

498 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت ابوالملیح بن اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

498- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 3 صفحه 80 رقم الحديث: 1657' وذكره أبو عبد الله الحنبلي في

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، قَالَ: صَلَّيْنَا الْعِشَاءَ بِالْبَصْرَةِ وَمُطِرْنَا، ثُمَّ جِئْتُ اَسْتَفْتِحُ، فَقَالَ لِي اَبِي اُسَامَةُ: رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُطِرْنَا فَلَمْ تَبُلَّ السَّمَاءُ اَسْفَلَ نِعَالِنَا، فَنَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

کہ ہم نے نمازِ عشاء بصرہ میں پڑھی اس حالت میں کہ بارش ہو رہی تھی، پھر میں نماز شروع کرنے کے لیے آیا تو مجھے ابواسامہ نے کہا: جب ہم حضور ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے اور آسمان سے بارش برس رہی ہوتی تھی تو ہمارے پاؤں نیچے نہیں لگتے تھے، حضور ﷺ کا اعلان کرنے والا اعلان کرتا کہ تم نماز اپنے گھر پڑھ لو۔

499 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هَمَّامٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، كُلُّهُمْ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: اِنَّ الصَّلَاةَ فِي الرِّحَالِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے جس دن بارش ہوتی تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا کہ نماز گھروں میں پڑھ لو۔

الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 189 رقم الحديث: 1404، وأخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد 5 صفحه 435 رقم الحديث: 2079، جلد 5 صفحه 438 رقم الحديث: 2083 كلهم عن أبي قلابة عن أبي المليح عن أسامة .

500 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجْنَا اِلَى حُنَيْنٍ لِسَبْعَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، فَوَافَقَنَا يَوْمُ جُمُعَةٍ يَوْمٌ مَطِيرٌ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَنَادَى فِي النَّاسِ: اِنَّ الصَّلَاةَ فِي الرِّحَالِ

حضرت ابوملیح الہذلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کرتا تھا' ہم حنین کی طرف گئے' رمضان شریف کے سترہ دن گزر گئے تھے' جمعہ کے دن ہم پر بارش ہونے لگی' حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اعلان کرو لوگوں میں کہ نماز گھروں میں پڑھ لو۔

501 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عُبَيْدَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، فَاَصَابَنَا بَغْشٌ- يَعْنِي مَطَرًا- فَنَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَاءَ اَنْ يُصَلِّيَ فِي رَحْلِهِ فَلْيُصَلِّ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ حنین میں تھا کہ ہم پر بارش برسنے لگی' حضور ﷺ کے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ جو اپنے گھر میں نماز پڑھنا چاہے' وہ پڑھے۔

502 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، قَالَ: خَرَجْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ مَطِيرَةٍ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا رَجَعْتُ اسْتَفْتَحْتُ، فَقَالَ لِي اَبِي: لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ فَاَصَابَنَا سَمَاءٌ لَمْ تَبُلَّ اَسَافِلَ نِعَالِنَا، فَاِذَا مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابوملیح فرماتے ہیں کہ میں ایک رات بارش کے دوران مسجد کی طرف نکلا' جب میں واپس آیا اور میں نے نماز شروع کی تو میرے والد نے مجھے کہا: ہم نے حضور ﷺ کو حدیبیہ کے دن دیکھا' ہم پر آسمان سے بارش برسی' پانی کی وجہ سے ہمارے پاؤں زمین پر نہیں لگ رہے تھے' حضور ﷺ کے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ گھر میں نماز پڑھ لو۔

503 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ،

حضرت اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السَّكَنِ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَزِيَادِ بْنِ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ، يَوْمَ جُمُعَةٍ اَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: اَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

میں حضور ﷺ کے ساتھ بارش کے دن موجود تھا' وہ جمعہ کا دن تھا' ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ گھروں میں نماز پڑھ لو۔

بَابٌ فِي تَجَاوُزِ اللّٰهِ لِعَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ بِصَلَاةِ الْمُسْلِمِينَ عَلَيْهِ، وَعَفْوِهِ عَنْهُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ

اللہ عزوجل مؤمن بندے کے ان گناہوں کو جو اس کے اور بندہ کے درمیان ہوتے ہیں' اس پر مسلمانوں کے نمازِ جنازہ پڑھنے کی وجہ سے معاف کر دیتا ہے

504 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا سَوَادَةُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، ثنا صَالِحُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ الْهُذَلِيِّ، حَدَّثَنِي اَبِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا شَهِدَتْ اُمَّةٌ مِنَ الْاُمَمِ وَهُمْ اَرْبَعُونَ فَصَاعِدًا اَجَازَ اللّٰهُ شَهَادَتَهُمْ- اَوْ قَالَ: صَدَّقَ شَهَادَتَهُمْ -

حضرت ابوملیح بن اسامہ الہذلی فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب (میری) اُمت کے چالیس بندے یا اس سے زیادہ لوگ جنازہ پڑھیں تو اللہ عزوجل ان کی گواہی قبول کرتا ہے' اس وجہ سے اُس کو معاف کر دیتا ہے۔

505 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا شُعْبَةُ، ثنا مُبَشِّرٌ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَلِّي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس (مسلمان) بندہ کے جنازہ میں ایک سو آدمی شریک ہوں' اُس کو بخش دیا جاتا ہے۔

عَلَيْهِ مِائَةٌ اِلَّا غُفِرَ لَهُ

بَابٌ

باب

506 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو قُتَيْبَةَ، ثنا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا مِنْ وَضَحٍ اِلَى وَضَحٍ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے طلوعِ فجر سے لے کر غروبِ شمس تک روزہ رکھو۔

507 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَبْنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل بغیر وضو کے نماز قبول نہیں کرتا اور خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا ہے۔

508 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل بغیر وضو کے نماز قبول نہیں کرتا

507- أخرجه ابن حبان فی صحيحه جلد4صفحه604 رقم الحديث: 1705، وأبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد4صفحه187 رقم الحديث: 1402، جلد4صفحه188 رقم الحديث: 1403، وأخرجه الدارمی فی سننه جلد 1صفحه185 رقم الحديث: 686، وأبو داؤد فی سننه جلد 1صفحه16 رقم الحديث: 59، والنسائی فی السنن الكبرىٰ جلد1صفحه80 رقم الحديث: 76، جلد1صفحه102 رقم الحديث: 172، وابن ماجه فی سننه جلد 1صفحه100 رقم الحديث: 271، وأحمد فی مسنده جلد 5صفحه75,74 كلهم عن قتادة عن أبی الملیح عن أبيه به

الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالُوا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

اور خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا ہے۔

509 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، وَهَانِي بْنُ يَحْيَى، قَالَا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ شِقْصًا مِنْ مَمْلُوكٍ، فَأَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِتْقَهُ، وَقَالَ: لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيكٌ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنے حصے کا غلام آزاد کیا' حضور ﷺ نے اس کی آزادی کو جائز رکھا اور فرمایا: اللہ کا کوئی شریک نہیں ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّهْيِ فِي افْتِرَاشِ جُلُودِ السِّبَاعِ

یہ باب ہے کہ منع ہے درندے کی کھال کو بچھانا

510 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ جُلُودِ السِّبَاعِ زَادَ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ: أَنْ تُفْتَرَشَ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔ یزید بن ہارون نے ''اَنْ تُفْتَرَشَ'' کے الفاظ کا اضافہ کیا۔

511 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

512 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، اُرَاهُ عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

513 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

بَابٌ فِيمَا يُقَالُ عِنْدَ الْوَسْوَسَةِ

جب کسی کو وسوسے آتے ہوں تو کیا پڑھے؟

514 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَنْبَسَةَ الْقَطَّانُ، ثنا الْمُهَاجِرُ بْنُ الْمُنِيبِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَجُلًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَشْكُو اِلَيْكَ وَسْوَسَةً اَجِدُهَا فِي صَدْرِي، اِنِّي اَدْخُلُ فِي صَلَاتِي فَمَا اَدْرِي عَلَى شَفْعٍ انْفَتِلُ، اَمْ عَلَى وِتْرٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِذَا وَجَدْتَ ذٰلِكَ فَارْفَعْ اِصْبَعَكَ السَّبَّابَةَ الْيُمْنَى فَاطْعَنْهُ فِي فَخِذِكَ الْيُسْرَى، وَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّهَا سِكِّينُ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوملیح بن اسامہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی بارگاہ میں ان وسوسوں کا ذکر کرتا ہوں جو میں اپنے سینے میں پاتا ہوں' جب میں نماز پڑھتا ہوں تو مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ میں نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا ایک؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو ایسی حالت پائے تو اپنے دائیں ہاتھ کی سبابہ انگلی اُٹھا' اس کو اپنی بائیں ران پر گاڑ اور پڑھ: اللہ کے نام سے' یہ شیطان کو (دور کرنے کے لیے) چھری کی حیثیت رکھتی ہے۔

بَابٌ فِي الدِّيَةِ

باب دیت کے بارے میں

515 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ قَدْ صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَتْ فِيهَا امْرَاَتَانِ ضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى بِعَمُودٍ فَقَتَلَهَا وَقَتَلَتْ مَا فِي بَطْنِهَا فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَرْاَةِ بِالْعَقْلِ، وَفِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ، اَوْ اَمَةٍ، اَوْ بِفَرَسٍ، اَوْ بَعِيرَيْنِ مِنَ الْاِبِلِ، اَوْ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْغَنَمِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ رَهْطِ الْقَاتِلَةِ: كَيْفَ نَعْقِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ لَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ؟ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسَجَاعَةٌ اَنْتَ؟ وَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ مِيرَاثَ الْمَرْاَةِ لِزَوْجِهَا وَوَلَدِهَا، وَاَنَّ الْعَقْلَ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ

حضرت ایوب سختیانی فرماتے ہیں: میں نے ابوالملیح سے سنا' انہوں نے اپنے والد گرامی سے روایت کیا' انہیں شرفِ صحابیت حاصل تھا' فرماتے ہیں: دوعورتوں میں سے ایک عورت نے دوسری سے گڈی یا لاٹ (جسے کھانے کے برتنوں میں سے ایک کو دوسرے پر عموداً رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں) ماری تو اس عورت اور اس کے پیٹ والے بچہ کو مار دیا۔ پس نبی کریم ﷺ عورت کے بارے میں دیت اور بچے کے لیے چٹی کا فیصلہ فرمایا۔ غلام' یا لونڈی' یا گھوڑا' یا دو اونٹ' یا اتنی اور اتنی بکریاں۔ قتل کرنے والی عورت کے گروہ سے ایک آدمی بول پڑا: جس بچے نے کھایا پیا نہیں' چیخا نہیں کہ روئے' اس کی دیت ہم کیسے ادا کریں؟ اے اللہ کے رسول! اسی کی مثل تو رائیگاں ہوتی ہے' تو رسول کریم ﷺ نے جواب فرمایا: کیا تُو سجع ساز ہے؟ اور فیصلہ سنایا کہ عورت کی میراث اس کے خاوند اور اس کے بیٹے کے لیے ہے اور دیت' قتل کرنے والی کے عصبہ پر ہے۔ (نوٹ: عصبہ وہ رشتہ دار ہوتا ہے جو اصحابِ فروض کی عدم موجودگی میں کُل مال کا اور ان کی موجودگی میں مابقیہ کا مالک ہوتا ہے)

516 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمُرِّيُّ، ثنا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: فِينَا رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: حَمَلُ بْنُ مَالِكٍ، لَهُ امْرَاَتَانِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: ہم میں حمل بن مالک نامی ایک آدمی تھا جس کی دو بیویاں تھیں' ان میں سے ایک ہذلیہ تھی دوسری کا تعلق بنو عامر قبیلہ سے تھا' ہذلیہ نے عامریہ کے پیٹ پر خیمے کی

اِحْدَاهُمَا هُذَلِيَّةٌ، وَالْاُخْرَى عَامِرِيَّةٌ، فَضَرَبَتِ الْهُذَلِيَّةُ بَطْنَ الْعَامِرِيَّةِ بِعَمُودِ خِبَاءٍ - اَوْ فُسْطَاطٍ - فَاَلْقَتْ جَنِينًا مَيِّتًا، فَانْطَلَقَ بِالضَّارِبَةِ اِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا اَخٌ لَهَا يُقَالُ لَهُ: عِمْرَانُ بْنُ عُوَيْمِرٍ، فَلَمَّا قَصُّوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِصَّةَ قَالَ: دُوهُ . فَقَالَ عِمْرَانُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَنَدِي مَنْ لَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ؟ مِثْلُ هَذَا يُطَلُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْنِي مِنْ رِجْزِ الْاَعْرَابِ، فِيهِ غُرَّةٌ: عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ، اَوْ خَمْسُمِائَةٍ اَوْ فَرَسٌ، اَوْ عِشْرُونَ وَمِئَةُ شَاةٍ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّ لَهَا ابْنَيْنِ هُمَا سَادَةُ الْحَيِّ، وَهُمْ اَحَقُّ اَنْ يَعْقِلُوا عَنْ اُمِّهِمْ، قَالَ: اَنْتَ اَحَقُّ اَنْ تَعْقِلَ عَنْ اُخْتِكَ مِنْ وَلَدِهَا . قَالَ: مَا لِي شَيْءٌ اَعْقِلُ فِيهِ . قَالَ: يَا حَمَلُ بْنَ مَالِكٍ - وَهُوَ يَوْمَئِذٍ عَلَى صَدَقَاتِ هُذَيْلٍ، وَهُوَ زَوْجُ الْمَرْاَتَيْنِ، وَاَبُو الْجَنِينِ الْمَقْتُولِ - اقْبِضْ مِنْ تَحْتِ يَدِكَ مِنْ صَدَقَاتِ هُذَيْلٍ عِشْرِينَ وَمِئَةَ شَاةٍ فَفَعَلَ

چوب ماری تو اس کے پیٹ کا بچہ مر گیا اور اس عورت کے پیٹ سے باہر آ گیا۔ وہ آدمی مارنے والی بیوی کو ساتھ لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' مارنے والی کا بھائی بھی ساتھ تھا جس کا نام عمران بن عویمر تھا' پس جب اُنہوں نے سارا قصہ رسول کریم ﷺ کو سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی دیت دو۔ (عمران (عورت کا بھائی) بولا: جس نے کھایا نہیں' پیا نہیں' چیخا چلایا نہیں' کیا اس کی دیت دیں؟ اس کی مثل تو ضائع ہوتی ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: دیہاتیوں والے رجز پڑھنا چھوڑو! اس میں چھٹی ہے' ایک غلام یا ایک لونڈی یا پانچ سو درہم یا گھوڑا یا ایک سو بیس بکریاں۔ اس نے کہا: اے اللہ کے نبی! اس عورت کے دو بیٹے قبیلے کے سردار ہیں' وہ اپنی جان کی طرف سے دیت دینے کے زیادہ حقدار ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی اولاد کی نسبت تُو اپنی بہن کی دیت دینے کا زیادہ حقدار ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس تو دیت دینے کو کچھ نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے حمل بن مالک! وہ ان دنوں بنو ہذیل قبیلہ سے صدقات وصول کرنے پر مقرر تھا' وہی ان دونوں عورتوں کا خاوند اور مقتول بچے کا باپ تھا۔ بنو ہذیل کے صدقات میں سے اپنے قبضے سے ہی ایک سو بیس بکریاں لے لے' پس اس نے ایسا ہی کیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا

حضرت ابوملیح سے روایت ہے' انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی' انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اس

سَلَمَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

جیسی حدیث روایت کی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی لُبْسِ الْعَمَائِمِ وَالدُّعَاءِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

وہ حدیثیں جو آپ سے عمامہ پہننے اور دعا اور اس کے علاوہ کے حوالہ سے مروی ہیں

517 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالُوا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِی تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ اَبِی الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ اُسَامَةَ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَثَرَ بَعِيرُنَا، فَقُلْتُ: تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُلْ: تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَاِنَّهُ يَعْظُمُ حَتَّى يَصِيرَ مِثْلَ الْبَيْتِ، وَيَقُولَ: بِقُوَّتِی، قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّهُ يَصِيرُ مِثْلَ الذُّبَابِ

حضرت ابوملیح اپنے والد اسامہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھا' ہمارا اونٹ بدکا؟ میں نے کہا: شیطان ہلاک ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ نہ کہو کہ شیطان نے ہلاک کیا' کیونکہ یہ بڑا ہوسکتا ہے گھر کی مثل' میری قوت کے ساتھ وہ کہتا ہے اور تو کہہ: بسم اللہ! کیونکہ وہ مکھی کی طرح ہو جائے گا۔

518 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِیُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، ثنا اَبُو

حضرت ابوملیح بن اسامہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عمامہ باندھو کیونکہ

517- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد **4** صفحه **325** رقم الحديث: **7793**' وذكره أبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد**4** صفحه **197** رقم الحديث: **1412** كلاهما عن أبی تميمة عن أبی مليح عن أبيه به .

518- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد**4** صفحه **214** رقم الحديث: **7411**' وذكره أبو يعلى فی معجمه جلد **1** صفحه **151** رقم الحديث: **165** كلاهما عن عبيد الله بن أبی حميد عن أبی المليح عن أبيه به .

الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي ابْنِي عِيسَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتِمُوا تَزْدَادُوا حِلْمًا

اس کے ساتھ بُردباری میں اضافہ ہوتا ہے۔

519 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:: نَزَلَتِ الْمَلَائِكَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَعَلَيْهَا الْعَمَائِمُ، وَكَانَتْ عَلَى الزُّبَيْرِ يَوْمَئِذٍ عِمَامَةٌ صَفْرَاءُ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: بدر کے دن جو فرشتے آئے' اُنہوں نے عمامے پہنے ہوئے تھے' حضرت زبیر نے اس دن زرد رنگ کا عمامہ پہنا ہوا تھا۔

520 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سُمَيْنَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيسَى التَّمَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا، ثنا عَبَّادُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ اُسَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَشْكُرُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے' وہ اللہ کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے۔

521 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرُّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ، حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اُسَامَةَ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّهُ

حضرت مبشر بن ابوملیح اپنے والد سے' وہ ان کے دادا اسامہ بن عمیر سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ ﷺ نے دو مختصر رکعتیں پڑھیں' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اے جبریل' میکائیل' اسرافیل اور محمد کے رب! میں جہنم

521- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 721 رقم الحديث: 6610' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 205 رقم الحديث: 1422' جلد 4 صفحه 206 رقم الحديث: 1423 كلاهما عن مبشر بن أبي المليح عن أبي المليح عن أبيه به .

صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَصَلَّى قَرِيبًا مِنْهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ، وَمُحَمَّدٍ أَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ تین مرتبہ آپ نے یہ دعا کی۔

522 - حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ السُّكَّرِيُّ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ حَكِيمٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَاحِبِ الْبُقْعَةِ الَّتِي زِيدَتْ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَكَانَ صَاحِبُهَا رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ بِهَا بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ. فَقَالَ: فَجَاءَ عُثْمَانُ فَقَالَ لَهُ: لَكَ بِهَا عَشْرَةُ آلَافٍ فَاشْتَرَاهَا مِنْهُ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرِ مِنِّي الْبُقْعَةَ الَّتِي اشْتَرَيْتُهَا مِنَ الْأَنْصَارِيِّ، فَاشْتَرَاهَا مِنْهُ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ. فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنِّي اشْتَرَيْتُهَا بِعَشَرَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ، فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِنَةً، ثُمَّ دَعَا أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ دَعَا عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ: ضَعُوا فَوَضَعُوا

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس وقت آپ نے مسجد نبوی شریف کو کشادہ کرنے کا ارادہ کیا ساتھ والے گھر کے مالک سے کہا' وہ انصار میں سے ایک آدمی تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: (اگر تُو دے گا) تو تیرے لیے جنت ہے۔ اس نے عرض کی: نہیں! حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے' اُنہوں نے اس آدمی کو کہا: میں تمہیں دس ہزار (درہم) دیتا ہوں' تم مجھے فروخت کر دو۔ پھر اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے آپ وہ گھر خریدیں جو میں نے انصاری سے خریدا ہے۔ حضرت عثمان نے اس کے بدلے جنت میں گھر خریدا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے دس ہزار درہم کا خریدا ہے۔ حضور ﷺ نے ایک اینٹ رکھی پھر حضرت ابوبکر کو بلوایا' اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی پھر حضرت عمر کو بلوایا تو اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی' پھر حضرت عثمان کو بلوایا تو اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی' پھر لوگوں سے کہا: تم رکھو' اُنہوں نے رکھنی شروع کیں۔

523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے

الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اسْمُ أَبِي الْمَلِيحِ عَامِرُ بْنُ أُسَامَةَ

ہیں کہ ابوملیح کا نام عامر بن اسامہ تھا۔

أُسَامَةُ بْنُ أَخْدَرِيٍّ

حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ

524 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَمِّهِ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي شَقْرَةَ يُقَالُ لَهُ: أَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَتَاهُ بِغُلَامٍ لَهُ حَبَشِيٍّ اشْتَرَاهُ بِتِلْكَ الْبِلَادِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرَيْتُ هَذَا فَأَحْبَبْتُ أَنْ تُسَمِّيَهُ وَتَدْعُوَ لَهُ بِالْبَرَكَةِ، قَالَ: مَا اسْمُكَ أَنْتَ؟ قَالَ: قَالَ: أَصْرَمُ. قَالَ: بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ. قَالَ: فَمَا تُرِيدُهُ؟ قَالَ: أُرِيدُهُ رَاعِيًا، قَالَ: فَهُوَ عَاصِمٌ وَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّهُ

حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنی شقرہ سے ایک آدمی جسے اصرم کہا جاتا تھا' وہ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آنے والے ایک وفد میں تھا۔ وہ کہتے ہیں: انہیں غلاموں سے خریدے ہوئے ایک حبشی غلام کو وہ آپ کے پاس لائے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے اسے خریدا ہے' پس مجھے پسند ہے کہ آپ اس کا نام رکھیں اور اس کے لیے دعا بھی کریں۔ آپ نے فرمایا: تیرا نام کیا ہے؟ راوی کہتے ہیں کہ اس نے کہا: اصرم (کاٹنے والا)۔ آپ نے فرمایا: بلکہ تُو تو زرعہ ہے۔ فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے کہ اس کا نام کیا ہو؟ اس نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ راعی ہو' آپ نے فرمایا: یہ عاصم ہے اور حضور ﷺ نے اس کی ہتھیلی کو پکڑ لیا۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ أُبَيٌّ نِسْبَةُ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

یہ باب ہے جس کا نام اُبی ہے' حضرت اُبی بن کعب

524- أخرج نحوه أبو داؤد فی سننه جلد4صفحه288 رقم الحديث: 4954' أورده أبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد 4صفحه89 رقم الحديث: 1306' جلد 4صفحه 311 رقم الحديث: 1494' والرويانی فی مسنده جلد2صفحه469 رقم الحديث: 1490' وأبو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد 2صفحه427 رقم الحديث: 1220 كلهم عن بشر بن المفضل عن بشير بن ميمون عن أسامة بن أخدری به .

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

525 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا، اُبَيُّ بْنُ كَعْبِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ

رضی اللہ عنہ کا نسب

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ آپ بدر میں شریک ہوئے' آپ کا نسب اُبی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک بن نجار ہے۔

صِفَةُ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَكُنْيَتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

526 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يُونُسَ، وَمُبَارَكٍ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَا عُتَيُّ السَّعْدِيُّ، قَالَ: رَاَيْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ مَا يَخْضِبُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا حلیہ اور آپ کی کنیت

حضرت عتی السعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے' آپ ان کو خضاب نہیں لگاتے تھے۔

527 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجَرِيرِيِّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لِيَهْنِكَ الْعِلْمُ اَبَا الْمُنْذِرِ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! آپ کو علم مبارک ہو!

528 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابَ، ثنا

زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ میں جھگڑالو پن اور سخت کلامی تھی۔

527- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه556 رقم الحديث: 810' ونحوه أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 141 رقم الحديث: 21315' وأخرج نحوه أبو بكر البيهقي في السنن الصغرى جلد 1صفحه548 رقم الحديث:1000' وانظر شرح النووي على صحيح مسلم جلد6صفحه93 .

مُحَمَّدُ بْنُ كُنَاسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: كَانَتْ فِی اُبَيٍّ شَرَاسَةٌ

529 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ الْقَضَاءِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةٌ: عُمَرُ، وَعَلِيٌّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ، وَاُبَيٌّ، وَزَيْدٌ، وَاَبُو مُوسَى

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلہ کرنے والے صحابہ چھ تھے: حضرت عمرؓ علیؓ عبداللہؓ اُبیؓ زید اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہم۔

سِنُّ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کا وصال

530 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُكَنَّى اَبَا الْمُنْذِرِ بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ، وَقَائِلٌ يَقُولُ: سَنَةَ ثَلَاثِينَ فِی خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مدینہ میں 22 ہجری میں وصال ہوا۔ بعض کہنے والے کہتے ہیں: 30 ہجری میں حضرت عثمان کی خلافت میں (وصال ہوا)۔ آپ کی کنیت ابوالمنذر تھی۔

531 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِی خِلَافَةِ عُمَرَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: وَيَقُولُ بَعْضُهُمْ: فِی خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا وصال حضرت عمر کی خلافت میں 22 ہجری میں ہوا۔ ابن نمیر فرماتے ہیں کہ بعض کہتے ہیں کہ حضرت عثمان کی خلافت میں ہوا۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ

وہ حدیثیں جو حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے

اللّٰهُ عَنْهُ

مروی ہیں

532 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مَطْعَمَ ابْنِ آدَمَ قَدْ ضُرِبَ لِلدُّنْيَا مَثَلًا، فَانْظُرْ مَا يَخْرُجُ مِنَ ابْنِ آدَمَ وَإِنْ قَزَّحَهُ وَمَلَّحَهُ قَدْ عَلِمَ إِلَى مَا يَصِيرُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انسان کے کھانے کی مثال دنیا کی مثال کو قرار دیا گیا ہے کہ اس میں جتنا مرضی نمک وغیرہ ڈالا جائے تو دیکھو! انسان کے پیٹ سے کیا نکلتا ہے' آپ کو علم ہوگا کہ وہ کیا ہو جاتا ہے۔

533 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَتَعَزَّى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَعِضُّوهُ وَلَا تُكَنُّوا

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ وہ جاہلیت والی عزت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کو ظاہر کرو' اس کو چھپاؤ نہیں۔

534 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آخری آیت جو حضور ﷺ پر نازل ہوئی' وہ یہ ہے: ''لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ''۔

532- أخرجه ابن حبان فی صحيحه جلد**2**صفحه**476** رقم الحديث: **402**' وأحمد فی مسنده جلد**5**صفحه**136** رقم الحديث: **21277**' وأورده أبو الحسن الهيثمی فی موارد الظمآن جلد**1**صفحه**616** رقم الحديث: **2489** كلهم عن الحسن عن عتی عن أبی بن كعب به .

533- أخرج نحوه النسائی فی السنن الكبرى جلد**6**صفحه**242** رقم الحديث: **10812**' والنسائی فی عمل اليوم والليلة جلد**1**صفحه**540** رقم الحديث: **976** عن الحسن عن عتی عن أبی بن كعب به .

534- أخرجه أحمد فی مسنده جلد**5**صفحه**117** رقم الحديث: **21151** عن يوسف عن ابن عباس عن أبی بن كعب

به

اَنْفُسِكُمْ) (التوبة:128) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

535 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُشْرَفَ لَهُ بُنْيَانٌ، وَاَنْ تُرْفَعَ لَهُ دَرَجَاتٌ، فَلْيَعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَهُ، وَيُعْطِ مَنْ حَرَمَهُ، وَيَصِلْ مَنْ قَطَعَهُ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی عزت زیادہ ہو اور درجات بلند ہوں تو وہ اس کو معاف کرے جو اُس پر ظلم کرے، وہ اُس کو دے جو اس کو محروم رکھے، وہ اُس سے جوڑے جو اس سے توڑے۔

536 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهُوَ بِاَضَاةِ بَنِي غِفَارٍ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَاْمُرُكَ اَنْ تُقْرِءَ اُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ قَالَ: عَلَى حَرْفَيْنِ حَتَّى انْتَهَى اِلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ، فَمَنْ قَرَاَ حَرْفًا مِنْهَا فَهُوَ كَمَا قَالَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام، حضور ﷺ کے پاس آئے، آپ اُس وقت بنی غفار کے قبیلہ میں تھے، حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اے محمد ﷺ! اللہ عزوجل آپ کو حکم دیتا ہے کہ اپنی اُمت کو ایک قرات پر قرآن پڑھنے کا حکم دیں۔ پھر عرض کی: دو پر، یہ سلسلہ سات پر رُکا، جس نے جس قرات میں پڑھا اس کو ثواب ہوگا۔

537 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت طفیل بن اُبی اپنے والد سے روایت

535- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 2صفحه323 رقم الحديث: 3161، وأورده الطبرانی فی الأوسط جلد 3 صفحه88 رقم الحديث:2579 كلاهما عن عبادة بن الصامت عن أبی بن كعب به .

536- أخرج نحوه أحمد فی مسنده جلد5صفحه127 رقم الحديث: 21210، جلد5صفحه128 رقم الحديث:21214 عن مجاهد عن عبد الرحمٰن بن أبی ليلىٰ عن أبی به .

537- أخرجه الترمذی فی سننه جلد5صفحه386 رقم الحديث: 3265، وأحمد فی مسنده جلد 5صفحه138 رقم الحديث: 21291، وأبو يعلىٰ فی معجمه جلد 1صفحه133 رقم الحديث: 142 كلهم عن الطفيل بن أبی عن أبيه به .

حَدَّثَنِی الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ اَبِی فَاخِتَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: (وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى) (الفتح: 26)، قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ کو ''وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى'' پڑھتے ہوئے سنا' اس سے مراد: لا الٰہ الا اللہ ہے۔

اَنَا سَمِعْتُ اَبَا الْاَشْعَثِ يُحَدِّثُ بِهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: لَهُ بِكُلِّ قَدَمٍ عَمَلُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا ، قَالَ ابْنُ جَابِرٍ: فَحَفِظَ يَحْيَى وَنَسِيتُ قَالَ الْوَلِيدُ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِاَبِي عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ، فَقَالَ: ثَبَتَ الْحَدِيثُ اَنَّ لَهُ بِكُلِّ قَدَمٍ عَمَلَ سَنَةٍ

ہوئے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے' پھر فرمایا: ہر قدم کے بدلے ایک سال روزہ رکھنے اور قیام کرنے کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔ حضرت ابن جابر فرماتے ہیں: یحییٰ نے یاد رکھا اور میں بھول گیا۔ حضرت ولید فرماتے ہیں کہ میں نے اس بات کا ذکر ابوعمرو اوزاعی سے کیا' فرمایا: یہ حدیث سے ثابت ہے کہ ہر قدم کے بدلے ایک سال کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔

584 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، وَعُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَوْسُ بْنُ اَوْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ، وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ، وَلَمْ يَلْغُ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا عَمَلُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' سوار ہو کر نہیں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے لیے ایک سال کے روزوں اور قیام کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

585 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ وَغَدَا، وَابْتَكَرَ وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ، وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ اَجْرُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' سوار ہو کر نہیں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے لیے ایک سال کے روزوں اور قیام کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

586 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَغَسَلَ اَحَدُكُمْ رَاْسَهُ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ غَدَا وَابْتَكَرَ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا صِيَامُ سَنَةٍ، وَقِيَامُ سَنَةٍ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' امام کے قریب ہو کر بیٹھا اور خطبہ غور سے سنا تو اس کے لیے ایک سال کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

587 - حَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيدَ بْنَ اَبِي هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ غَدَا، اَوْ رَاحَ، اَوِ ابْتَكَرَ، ثُمَّ دَنَا وَاَنْصَتَ وَاسْتَمَعَ، كَانَ لَهُ بِقَدْرِ كُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا كَاَجْرِ قِيَامِ سَنَةٍ، وَصِيَامِ سَنَةٍ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' پھر خطیب کے قریب ہوا' خاموش رہا اور غور سے خطبہ سنا تو اس کے لیے ایک سال کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

بَابُ فَضْلِ الْجُمُعَةِ

یہ باب ہے جمعہ کی فضیلت میں

588 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

باب فضل الجمعة

588- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 3صفحه118 رقم الحديث: 1733' والحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 413 رقم الحديث: 1029' والدارمي في سننه جلد 1صفحه445 رقم الحديث: 1572' وأحمد في مسنده جلد4صفحه8' والنسائي في سنن النسائي (المجتبى) جلد 3صفحه91 رقم الحديث: 1374' وأبو داؤد في سننه جلد 1صفحه275 رقم الحديث: 1047' جلد2صفحه88 رقم الحديث: 1531' وابن ماجه في سننه جلد1 صفحه345 رقم الحديث: 1085' جلد1صفحه524 رقم الحديث: 1636 .

شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيهِ النَّفْخَةُ، وَفِيهِ الصَّعْقَةُ، فَاَكْثِرُوا عَلَيَّ فِيهِ مِنَ الصَّلَاةِ، اِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوضَةٌ عَلَيَّ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ؟ قَالَ: يَقُولُ: بَلِيتَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

حضور ﷺ نے فرمایا: تمام دنوں سے افضل دن جمعہ کا دن ہے کیونکہ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کی گئی' اسی دن میں روح پھونکی کی گئی' اسی دن صور پھونکا جائے گا' اس دن مجھ پر زیادہ درود پڑھو کیونکہ تمام درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ کی بارگاہ میں کیسے درود پیش کریں حالانکہ آپ کا وصال مبارک ہوگیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین پر انبیاء علیہ السلام کے اجسام کو کھانا حرام کردیا ہے۔

بَابٌ

باب

589 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ الْقَاضِي، ثنا هِشَامُ بْنُ عُمَارَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے سفید مشرقی منارہ کے پاس اُتریں گے۔

590 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَى نَبِيِّهِ، اَوْ عَلَى

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے نبی پر' یا آنکھ پر' یا اپنے والدین پر جھوٹ باندھا' وہ جنت کی خوشبو نہیں پا سکے گا۔

عَيْنَيْهِ، اَوْ عَلَى وَالِدَيْهِ، لَمْ يُرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

بَابُ تَعْظِيمِ قَوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

یہ باب ہے کہ لا الٰہ الا اللّٰہ وان محمداً رسول اللّٰہ ﷺ کی تعظیم کرنے کے بیان میں

591 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَوْسَ بْنَ اَوْسٍ الثَّقَفِيَّ يَقُولُ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ، قَالَ: وَكُنْتُ فِي اَسْفَلِ الْقِبْلَةِ لَيْسَ فِيهَا اَحَدٌ اِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَائِمٌ، اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ، ثُمَّ قَالَ: اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَيَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ؟، قَالَ: بَلَى، قَالَ: اِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوا، حُرِّمَتْ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس ثقیف کے وفد میں آیا' میں قبلہ کی نیچی طرف میں تھا' اس طرف میں حضور ﷺ کے علاوہ کوئی نہ تھا' اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ سے آہستہ بات کی' پھر فرمایا: جاؤ اور اس کو قتل کرو۔ پھر فرمایا: کیا تُو گواہی دیتا ہے لا الٰہ الا اللہ ان محمد رسول اللہ کی؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ پڑھیں: لا الٰہ الا اللہ! جب وہ یہ پڑھ لیں تو ان کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ۔

592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَوْسٍ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي قُبَّةٍ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَاَخَذَ بِشَيْءٍ مِنَ الْقُبَّةِ،

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم مدینہ کی مسجد کے ایک قبہ میں تھے' آپ نے قبہ سے کوئی شی لی' آپ کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' میں نہیں جانتا کہ کیا کہا۔ آپ نے فرمایا: جاؤ اور ان کو قتل کرو!

باب' باب تعظیم قول لا الٰہ الا اللہ' وان محمد رسول اللہ

591- أخرجه الدارمي في سننه جلد2صفحه287 رقم الحديث: 2446 عن شعبة عن النعمان بن سالم عن أوس بن أوس به .

فَاتَاهُ بِشَيْءٍ مِنَ الْقُبَّةِ، فَاتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهُ بِشَيْءٍ لَا يُدْرَى مَا يَقُولُ، فَقَالَ: اذْهَبْ، فَقُلْ لَهُمْ: يَقْتُلُوهُ ثُمَّ قَالَ: لَعَلَّهُ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبْ فَقُلْ لَهُمْ: يُرْسِلُوهُ، فَاِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا حُرِّمَتْ عَلَيَّ دِمَائُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ، اِلَّا بِاَمْرٍ حَقٍّ، وَكَانَ حِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دیتے ہوں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جاؤ! ان سے کہو کہ ان کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

593 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَوْسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَارُّهُ وَاَنَا اَسْمَعُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ اِلَيْهِمْ، فَقُلْ لَهُمْ: اقْتُلُوهُ، ثُمَّ دَعَاهُ، فَرَجَعَ اِلَيْهِ بَعْدَمَا ذَهَبَ فَقَالَ: لَعَلَّهُ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقُلْ لَهُمْ: يُرْسِلُوهُ فَاِنَّهُ اُوحِيَ اِلَيَّ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا، حُرِّمَتْ عَلَيَّ اَمْوَالُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' میں سن رہا تھا آپ نے اس سے فرمایا: ان کی طرف جاؤ اور ان کو کہو کہ اسے قتل کرو! پھر اسے بلایا' پس وہ ایک بار جانے کے بعد لوٹ کر آیا' پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دیتا ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جاؤ! ان سے کہو کہ اس کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

594 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اَبِي صَغِيرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ اَوْسٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ اَوْسًا اَخْبَرَهُ، قَالَ: اِنَّا لَقُعُودٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَقُصُّ عَلَيْنَا، وَيُذَكِّرُنَا اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے' آپ ہم پر قصے بیان کر رہے تھے اور وعظ و نصیحت فرما رہے تھے کہ اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' آپ نے فرمایا: جاؤ اور اس کو قتل کرو! پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دیتا ہو؟ اس نے عرض کی: جی

فَسَارَّهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا فَاقْتُلُوهُ فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ، دَعَاهُ، فَقَالَ: يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبُوا بِهِ فَخَلُّوا سَبِيلَهُ، فَاِنَّمَا اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ، حُرِّمَ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ بِحَقِّهَا، وَكَانَ حِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

ہاں! آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ! اس کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

بَابٌ

باب

595 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: اَقَمْنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِصْفَ شَهْرٍ، فَرَاَيْتُهُ يَنْفَتِلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَرَاَيْتُهُ يَنْفَتِلُ عَنْ يَسَارِهِ، وَرَاَيْتُ نَعْلَيْهِ، لَهُ قِبَالَانِ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آدھا مہینہ رہے' میں نے آپ کو دائیں جانب لعاب ڈالتے ہوئے دیکھا اور میں نے آپ کو بائیں جانب لعاب ڈالتے ہوئے دیکھا اور میں نے آپ کے نعلین مبارک کو دیکھا' وہ نعلین شریف دو تسموں والے تھے۔

596 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: اَخْبَرَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَثْعَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: اَقَمْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِصْفَ شَهْرٍ، فَرَاَيْتُهُ يُصَلِّي، وَعَلَيْهِ نِعَالَانِ مُقَابِلَتَانِ، وَرَاَيْتُهُ يَبْزُقُ عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آدھا مہینہ ٹھہرا' میں نے آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حالت میں کہ آپ نے دو نعلین تسموں والے پہنے ہوئے تھے' میں نے آپ کو دائیں اور بائیں جانب لعاب دہن ڈالتے ہوئے دیکھا۔

بَابٌ فِيمَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْجَنَّةِ

یہ باب ہے اس کے بیان میں کہ اللہ عزوجل نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے لیے جنت میں کیا تیار کر کے رکھا ہے

597 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَوَّارٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَنِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمَلَنِي فَاَدْخَلَنِي جَنَّةَ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جُعِلَتْ فِي يَدِي تُفَّاحَةٌ، فَانْفَلَقَتِ التُّفَّاحَةُ بِنِصْفَيْنِ، فَخَرَجَتْ مِنْهَا جَارِيَةٌ لَمْ اَرَ جَارِيَةً اَحْسَنَ مِنْهَا حُسْنًا، وَلَا اَجْمَلَ مِنْهَا جَمَالًا، تُسَبِّحُ تَسْبِيحًا لَمْ يَسْمَعِ الْاَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ بِمِثْلِهِ، فَقُلْتُ: مَنْ اَنْتِ يَا جَارِيَةُ؟ قَالَتْ: اَنَا مِنَ الْحُورِ الْعِينِ خَلَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ نُورِ عَرْشِهِ. فَقُلْتُ: لِمَنْ اَنْتِ؟ قَالَتْ: لِلْخَلِيفَةِ الْمَظْلُومِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے' مجھے اُٹھایا اور مجھے میرے رب کی جنت میں داخل کیا' میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میرے آگے سیب رکھا گیا' اس سیب کے دو حصے کیے گئے' اس سے لونڈی نکلی' اس لونڈی جیسی حسن و جمال والی میں نے نہیں دیکھی' اس نے ایسی تسبیح کی ایسی تسبیح اوّلین و آخرین میں سے کسی نے نہیں سنی۔ میں نے کہا: اے لونڈی! تُو کون ہے؟ اُس نے کہا: میں حور العین سے ہوں' مجھے اللہ عزوجل نے اپنے عرش کے نور سے پیدا کیا ہے۔ میں نے کہا: تُو کس کے لیے ہے؟ اُس نے کہا: مظلوم خلیفہ عثمان بن عفان کے لیے ہوں۔

اَوْسُ بْنُ حُذَيْفَةَ الثَّقَفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن حذیفہ ثقفی رضی اللہ عنہ

بَابٌ فِي فَضْلِ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ

598 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّائِفِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ اِسْحَاقُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ جَدِّهِ اَوْسِ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدَ ثَقِيفٍ، فَاُنْزِلْنَا عَلَيْهِ فِي قُبَّةٍ لَهُ، فَنَزَلَ اِخْوَانُنَا مِنَ الْاَحْلَافِ عَلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِينَا بَعْدَ الْعِشَاءِ فَيُحَدِّثُنَا، وَكَانَ اَكْثَرُ حَدِيثِهِ تَشْكِيَةَ قُرَيْشٍ، وَيَقُولُ: وَلَا سَوَاءٌ كُنَّا بِمَكَّةَ مُسْتَذَلِّينَ مُسْتَضْعَفِينَ، فَلَمَّا اَتَيْنَا الْمَدِينَةَ كَانَتِ الْحَرْبُ سِجَالًا عَلَيْنَا وَلَنَا فَاَبْطَاَ عَلَيْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَاَطْوَلَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ اَبْطَاْتَ، فَقَالَ: اِنَّهُ طَرَاَ عَلَيَّ حِزْبِي مِنَ الْقُرْآنِ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَخْرُجَ حَتّٰى اَقْضِيَهُ فَسَاَلْنَا اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَزِّبُ الْقُرْآنَ؟ فَقَالُوا: كَانَ يُحَزِّبُهُ ثَلَاثًا، وَخَمْسًا، وَسَبْعًا، وَتِسْعًا، وَاِحْدَى عَشْرَةَ، وَثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَحِزْبَ الْمُفَصَّلِ

یہ باب ہے قرآن پڑھنے کی فضیلت کے بیان میں

حضرت اوس بن حذیفہ ثقفی نے فرمایا کہ ہم وفد ثقیف نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے' ہمارے بھائی احلافیون حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے پاس ٹھہرے اور مالکین اپنے قبہ میں ٹھہرے' اور رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس عشاء کے بعد آتے' سو ہم سے آپ گفتگو فرماتے' آپ ہم کو وہ سناتے جو قریش نے آپ کے ساتھ سلوک کیا تھا اور فرماتے' ہم مکہ میں گھٹیا اور کمزور سمجھے جاتے تھے' پھر جب مدینہ آئے تو لوگ دو حصوں میں بٹ گئے' پس جنگ کا ڈول ہمارے اور اُن کے درمیان رہا' ایک رات آپ اس وقت سے دیر سے آئے جس وقت پر پہلے آتے تھے' پھر جب ہمارے پاس آئے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ اس وقت سے دیر سے آئے ہیں جس وقت پر پہلے آپ ہمارے پاس آتے تھے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج کچھ قراءۃ القرآن کا کچھ حصہ رہ گیا تھا' میں نے پسند کیا کہ اس حصہ کو پڑھے بغیر نہ نکلوں' تو ہم نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے آپ ﷺ کی تلاوت کے حصہ کے متعلق پوچھا کہ قرآن کی تلاوت کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟ تو صحابہ نے بتایا: تین (سورۂ فاتحہ' البقرہ' آل عمران' النساء) و پانچ (مائدہ سے سورۃ التوبہ تک) سات (سورۂ یونس سے سورۂ نمل تک) نو (بنی اسرائیل

سے سورۂ فرقان تک) گیارہ (سورۂ شعراء سے لے کر سورۂ یٰسین تک اور والصافات سے حجرات تک)' آخری حزب مفصل ہے۔

599 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ، ثنا اَبِي، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِينَا كُلَّ لَيْلَةٍ فَيُحَدِّثُنَا، فَاَبْطَاَ عَلَيْنَا لَيْلَةً، فَقُلْنَا لَهُ: مَا شَاْنُكَ؟ فَقَالَ: طُرِاَ عَلَيَّ جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا اَخْرُجَ حَتَّى اَقْضِيَهُ

حضرت اوس بن حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر رات ہمارے پاس آتے اور ہم سے گفتگو کرتے' ایک رات آپ ہمارے پاس دیر سے آئے تو ہم نے عرض کی: کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا: میرا قرآن کا ایک حصہ پڑھنے سے رہ گیا تھا تو میں نے پسند کیا کہ میں پڑھ کر نکلوں۔

600 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا اَبُو سَعِيدِ بْنُ عَوْنٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِرَاءَةُ الرَّجُلِ الْقُرْآنَ فِي غَيْرِ الْمُصْحَفِ اَلْفُ دَرَجَةٍ، وَقِرَاءَتُهُ فِي الْمُصْحَفِ يُضَاعَفُ عَلَى ذٰلِكَ اِلَى اَلْفَيْ دَرَجَةٍ

حضرت عثمان بن عبداللہ بن اوس ثقفی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قرآن دیکھ کر نہ پڑھنے سے ایک ہزار درجہ ثواب ہوتا ہے' اور دیکھ کر پڑھنے سے ایک ہزار سے دو ہزار تک اضافہ ہوتا ہے۔

اَوْسُ بْنُ اَبِي اَوْسٍ مِمَّا اَسْنَدَ بَابُ الْوُضُوءِ ثَلَاثًا

حضرت اوس بن ابی اوس رضی اللہ عنہ کی مروی حدیثیں وضو کے وقت ہر عضو تین بار دھونے

وَالصَّلَاةِ فِي النَّعْلَيْنِ

اور نعلین میں نماز پڑھنے کا باب

601 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ أَوْسٍ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَاسْتَوْكَفَ ثَلَاثًا قَالَ شُعْبَةُ وَكَانَ رَجُلًا عَرَبِيًّا: فَقُلْتُ لَهُ: مَا اسْتَوْكَفَ؟ قَالَ: غَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا

حضرت عمر بن اوس اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کیا اور اپنے ہاتھ تین مرتبہ دھوئے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ ''اسْتَوْكَفَ'' کا کیا معنی ہے؟ تو کہا: اس کا مطلب ہے کہ ہاتھوں کو تین مرتبہ دھونا۔ حضرت شعبہ دیہاتی آدمی تھے۔

602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَبِي أَوْسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى كِظَامَةً - يَعْنِي مَطْهَرَةً - فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى قَدَمَيْهِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے پاس وضو کے لیے پانی لایا گیا تو آپ نے وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔

603 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا جَدُّهُ أَوْسُ بْنُ أَوْسٍ، عَنْ جَدِّهِ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، قَالَ: نَاوِلْنِي نَعْلِي، فَيَنْتَعِلُ وَيُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ، وَيَقُولُ: رَأَيْتُ

حضرت نعمان بن سالم فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ایسے آدمی سے سنا جن کے دادا اوس بن اوس ہیں اور وہ اپنے دادا اوس بن اوس سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ نماز کے لیے ارادہ کرتے تو کہتے: مجھے میری نعل پکڑاؤ! وہ اس کو پہنتے اور وہ اس میں نماز پڑھتے اور کہتے: میں نے حضور ﷺ کو نعل میں نماز پڑھتے دیکھا

601- أخرجه الدارمی فی سننه جلد 1 صفحه 187 رقم الحديث: 692' والبيهقی فی سنن البيهقی الكبری جلد 1 صفحه 46 رقم الحديث: 211' وأحمد فی مسنده جلد 4 صفحه 10,9 كلهم عن النعمان بن سالم عن عمر بن أوس عن جده به .

602- أخرجه أبو داؤد فی سننه جلد 1 صفحه 41 رقم الحديث: 160' وأحمد فی مسنده جلد 4 صفحه 8 كلاهما عن يعلى بن عطاء عن أبيه عن أوس بن أبی أوس به .

603- أخرجه ابن ماجه فی سننه جلد 1 صفحه 330 رقم الحديث: 1037' وأحمد فی مسنده جلد 4 صفحه 10,9,8 كلاهما عن النعمان عن رجل جده أوس بن أوس عن جده به .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ

ہے۔

604 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَبِي أَوْسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبِي يَمْسَحُ عَلَى النَّعْلَيْنِ فَقُلْتُ: أَتَمْسَحُ عَلَيْهَا؟ فَقَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت اوس بن ابواوس فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو دیکھا کہ وہ نعلین پر مسح کرتے' میں نے کہا: کیا آپ ان دونوں پر مسح کرتے ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

605 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَبِي أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَرَرْنَا عَلَى مَاءٍ مِنْ مِيَاهِ الْأَعْرَابِ، فَقَامَ أَبِي فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى نَعْلَيْهِ قُلْتُ: أَلَا تَخْلَعُهُمَا؟ قَالَ: لَا أَزِيدُكَ عَلَى مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت اوس بن ابواوس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: آپ دیہات کے پانیوں میں سے کسی پانی کے پاس سے گزرے تو میرے والد کھڑے ہوئے' پیشاب کیا پھر وضو کیا اور اپنے دونوں نعلین پر مسح کیا' میں نے کہا: کیا آپ ان دونوں کو اُتاریں گے نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں اس پر اضافہ نہ کرتا اگر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے نہ دیکھتا۔

606 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى نَعْلَيْهِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور آپ نے دونوں نعلین پر مسح کیا۔

607 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَوْسِ بْنِ أَبِي أَوْسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى نَعْلَيْهِ، وَقَامَ إِلَى الصَّلَاةِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور آپ نے دونوں نعلین پر مسح کیا۔

608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْسٍ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي نَعْلَيْهِ

حضرت ابن ابواوس اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نعلین میں نماز پڑھی۔

609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ

حضرت ابن ابواوس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نعلین میں نماز پڑھتے تھے۔

اَوْسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُجْرٍ الْاَسْلَمِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اوس بن عبداللہ بن حجر اسلمی رضی اللہ عنہ

بَابُ سِمَةُ الْاِبِلِ، وَاَيْنَ مَوْضِعُهُ مِنْهَا

اونٹ کونشان کہاں لگانا چاہیے' اس کے متعلق باب

610 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا الْفَيْضُ بْنُ الْوَثِيقِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنِي صَخْرُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اِيَاسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَجَرٍ الْاَسْلَمِيُّ، شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْعَرْجِ، اَخْبَرَنِي اَبِي مَالِكُ بْنُ اِيَاسَ، اَنَّ اَبَاهُ اِيَاسَ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ مَالِكَ بْنَ اَوْسٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ اَوْسَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَجَرٍ الْاَسْلَمِيَّ، قَالَ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن عبداللہ بن حجر اسلمی فرماتے ہیں: جحفہ اور ھرش کے درمیان خذوات کے مقام پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ تھے' دونوں حضرات ایک ہی اونٹ پر سوار تھے' مدینہ کی طرف جارہے تھے۔ ابن رداء نے انہیں اپنے اونٹ پر سوار نہ کیا اور اپنے مسعود نامی غلام کو ان کے ساتھ بھیجا۔ اس سے کہا: مخازم طریق والا راستہ جو تو جانتا ہے' ان حضرات کو اسی سے

بِخَذَوَاتَ بَيْنَ الْجُحْفَةِ، وَهَرْشَا، وَهُمَا عَلَى جَمَلٍ وَاحِدٍ، وَهُمَا مُتَوَجِّهَانِ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَحَمَلَهُمَا عَلَى فَحْلِ اِبِلِهِ ابْنُ الرِّدَاءِ، وَبَعَثَ مَعَهُمَا غُلَامًا لَهُ يُقَالُ لَهُ: مَسْعُودٌ، فَقَالَ لَهُ: اسْلُكْ بِهِمَا حَيْثُ تَعْلَمُ مِنْ مَخَازِمِ الطُّرُقِ، وَلَا تُفَارِقْهُمَا حَتَّى يَقْضِيَا حَاجَتَهُمَا مِنْكَ، وَمِنْ جَمَلِكَ، فَسَلَكَ بِهِمَا ثَنِيَّةَ الزَّمْحَاءِ، ثُمَّ سَلَكَ بِهِمَا ثَنِيَّةَ الْكُوبَةِ، ثُمَّ قَبِلَ بِهِمَا اَحْيَاءَ، ثُمَّ سَلَكَ بِهِمَا ثَنِيَّةَ الْمُرَّةِ، ثُمَّ اَتَى بِهِمَا مِنْ شُعْبَةِ ذَاتِ كَشْطٍ، ثُمَّ سَلَكَ بِهِمَا الْمُدْلَجَةَ، ثُمَّ سَلَكَ بِهِمَا الْعِشَالَةَ، ثُمَّ سَلَكَ بِهِمَا ثَنِيَّةَ الْمُرَّةِ، ثُمَّ اَدْخَلَهُمَا الْمَدِينَةَ، وَقَدْ قَضَيَا حَاجَتَهُمَا مِنْهُ وَمِنْ جَمَلِهِ، ثُمَّ رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْعُودًا اِلَى سَيِّدِهِ اَوْسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَكَانَ مُغَفَّلًا لَا يَسِمُ الْاِبِلَ فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْمُرَ اَوْسًا اَنْ يَسِمَهَا فِي اَعْنَاقِهَا قَيْدَ الْفَرَسِ قَالَ صَخْرُ بْنُ مَالِكٍ: وَهُوَ وَاللّٰهِ سَمْتُنَا الْيَوْمَ، وَقَيْدُ الْفَرَسِ فِيمَا اَرَى حَلْقُ حَلْقَتَيْنِ، وَمَدُّ بَيْنَهُمَا مَدًّا

لے چل۔ جب تک تجھ سے اور تیرے اونٹ سے ان کی ضرورت پوری نہ ہو جائے' تُو ان سے جدا نہ ہوتا۔ وہ ان دونوں کو زمحا کے ثنیہ سے لے چلا' پھر ثنیہ کوبہ سے لے گیا' پھر وہ ان دونوں کو مختلف قبیلوں کے پاس سے لایا پھر ثنیہ مرّہ سے' پھر مُدلجہ سے' پھر عشالہ سے چلا' پھر ثنیہ مرہ سے ہو کر مدینہ منورہ میں لے کر آیا اور ان دونوں حضرات نے اس سے اور اس کے اونٹ سے ضرورت پوری کر لی تو رسول کریم ﷺ نے مسعود کو اس کے آقا اوس بن عبداللہ کی طرف واپس بھیج دیا' اس کے اونٹ پر کوئی نشان وغیرہ نہیں لگا ہوا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے اسے حکم دیا کہ اوس کو اس کے گلے میں نشان لگانے کا کہے' گھوڑے کی پیڑی کی طرح۔ صخر بن مالک نے کہا: قسم بخدا! وہ آج ہمارا راستہ ہے۔ میرے خیال میں قید الفرس سے مراد دو دائروں کو ایک بنا دینا ہے اور ان کے درمیان لکیر کھینچ دینا۔

اَوْسُ بْنُ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيُّ اَبُو مَالِكِ بْنُ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اوس بن حدثان نصری ابو مالک بن اوس رضی اللہ عنہ

وَهُوَ اَوْسُ بْنُ الْحَدَثَانِ بْنِ عَوْفِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَرْبُوعِ بْنِ وَاثِلَةَ بْنِ دُهْمَانَ بْنِ

یہ اوس بن حدثان بن عوف بن ربیعہ بن سعد بن یربوع بن واثلہ بن دھمان بن نصر بن

نَصْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ بَكْرٍ

611 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَرْبَهَارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَاَوْسَ بْنَ الْحَدَثَانِ فِي اَيَّامِ التَّشْرِيقِ، فَنَادَيَا اَنْ: لَا يَدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَاَيَّامُ مِنًى اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

معاویہ بن بکر ہیں

حضرت ابن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے اور اوس بن حدثان کو تشریق کے دنوں میں بھیجا کہ تم دونوں اعلان کرو کہ جنت میں صرف مؤمن داخل ہوگا اور منیٰ کے دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

612 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَعْثَمُ بْنُ اَصِيلٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَصْبَهَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَخْرِجُوا صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الْبُرَّ وَالتَّمْرَ وَالزَّبِيبَ هٰذَا لَفْظُ زَيْدِ بْنِ اَخْزَمَ، وَقَالَ شَعْثَمٌ: وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ التَّمْرَ وَالزَّبِيبَ وَالْاَقِطَ

حضرت اوس بن حدثان سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کھانے کا ایک صاع (ساڑھے چار کلو) صدقۂ فطر نکالو اُس وقت ہمارا کھانا گندم، کھجور اور کشمش تھا۔ یہ زید بن اخزم کے الفاظ ہیں اور حضرت شعثم نے کہا: اُن دنوں ہمارا کھانا گندم، کھجور، کشمش اور پنیر تھا۔

اَوْسُ بْنُ الصَّامِتِ الْاَنْصَارِيُّ اَخُو عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، بَدْرِيٌّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن صامت انصاری کے بھائی عبادہ بن صامت بدری رضی اللہ عنہ

613 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر

اوس بن الصامت الانصاری اخو عبادہ بن الصامت بدری رضی اللہ عنہ

611- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد 2 صفحه 800 رقم الحديث: 1142، والبيهقی فی سنن البيهقی الكبری جلد 4 صفحه 260 رقم الحديث: 8040، والطبرانی فی الأوسط جلد 2 صفحه 223 رقم الحديث: 1804 كلهم هم أبی الزبير عن ابن كعب بن مالك عن أبيه به .

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ أَصْرَمَ بْنِ فِهْرِ بْنِ غَنْمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: أَوْسُ بْنُ الصَّامِتِ، وَأَخُوهُ عُبَادَةُ

میں شامل ہوئے تھے' پھر اصرم بن فہر بن غنم بن عوف بن حارث بن خزرج سے ایک نام اوس بن صامت کا ہے اور اُن کے بھائی عبادہ ہیں۔

614 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ أَوْسُ بْنُ الصَّامِتِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی عوف بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' ان ناموں میں سے اوس بن صامت بھی ہیں۔

بَابٌ فِي كَفَّارَةِ الظِّهَارِ

یہ باب ہے ظہار کے کفارے کے بارے میں

615 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَّامٍ، حَدَّثَتْنِي خُوَيْلَةُ بِنْتُ ثَعْلَبَةَ، وَكَانَتْ عِنْدَ أَوْسِ بْنِ الصَّامِتِ أَخِي عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ ذَاتَ يَوْمٍ، وَكَلَّمَنِي بِشَيْءٍ، وَهُوَ فِيهِ كَالضَّجِرِ، فَرَادَدْتُهُ، فَقَالَ: أَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ أُمِّي، ثُمَّ خَرَجَ فَجَلَسَ فِي نَادِي قَوْمِهِ،

حضرت خویلہ بنت ثعلبہ' حضرت اوس بن صامت جو حضرت عبادہ بن صامت کے بھائی ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ یہ ایک دن میرے پاس آئے' مجھ سے کسی شے کی بات کی کہ غصے کی حالت میں تھے' میں نے ان کی بات ردّ کر دی' اُنہوں نے کہا: تُو میری ماں کی مثل ہے! پھر نکلے اور اپنی قوم کے پاس جا کر بیٹھے' پھر واپس میرے پاس آئے تو اُنہوں نے مجھ سے جماع کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے اُن کو روک دیا' اُنہوں نے مجھ پر سختی کی اور میں نے بھی سختی کی' لہٰذا میں اُن پر غالب آ گئی' جس طرح ایک عورت کمزور مرد پر غالب آ جاتی ہے۔ میں

ثُمَّ رَجَعَ اِلَیَّ، فَاَرَادَنِی عَلَی نَفْسِی، فَامْتَنَعْتُ مِنْهُ فَشَادَدَنِی فَشَادَدْتُهُ، فَغَلَبْتُهُ بِمَا تَغْلِبُ بِهِ الْمَرْاَةُ الرَّجُلَ الضَّعِیفَ، فَقُلْتُ: كَلَّا وَالَّذِی نَفْسُ خُوَیْلَةَ بِیَدِهِ، لَا تَصِلُ اِلَیْهَا حَتّٰی یَحْكُمَ اللّٰهُ فِیَّ وَفِیكَ حُكْمَهُ، فَاَتَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَشْكُو اِلَیْهِ مَا لَقِیتُ مِنْهُ، فَقَالَ: زَوْجُكِ، وَابْنُ عَمِّكِ فَاتَّقِی اللّٰهَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِی تُجَادِلُكَ فِی زَوْجِهَا) (المجادلة: 1)، حَتّٰی بَلَغَ الْكَفَّارَةَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مُرِیهِ فَلْیُعْتِقْ رَقَبَةً قَالَتْ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا عِنْدَهُ رَقَبَةٌ یُعْتِقُهَا، قَالَ: فَلْیَصُمْ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ قَالَتْ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، شَیْخٌ كَبِیرٌ، وَاللّٰهِ مَا بِهِ مِنْ صِیَامٍ، قَالَ: فَلْیُطْعِمْ سِتِّینَ مِسْكِینًا قَالَتْ: وَاللّٰهِ یَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عِنْدَهُ مَا یُطْعِمُ، قَالَ: سَنُعِینُهُ بِعَرَقٍ مِنْ تَمْرٍ - وَالْعَرَقُ یَسَعُ ثَلَاثِینَ صَاعًا- قُلْتُ: وَاَنَا اُعِینُهُ بِعَرَقٍ آخَرَ، قَالَ: اَحْسَنْتِ، مُرِیهِ فَلْیَتَصَدَّقْ بِهِ

نے کہا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں خویلہ کی جان ہے! تُو میرے پاس نہیں آ سکتا یہاں تک کہ اللہ میرے اور تیرے درمیان فیصلہ نہ فرما دے۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئی ان کی شکایت کرنے کے لیے' جو مجھے ان کی طرف سے آئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تیرا شوہر ہے! تیرا چچازاد ہے! تُو اللہ سے ڈر! اللہ پاک نے یہ آیت کریمہ اُتاری: ''بے شک اللہ نے سن لی اس عورت کی بات جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑ رہی تھی'' کفارے تک آیت' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو ایک غلام آزاد کرنے کا حکم دو۔ میں نے عرض کی: اس کے پاس غلام آزاد کرنے کے لیے نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کو دو ماہ لگاتار روزے رکھنے کا حکم دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ بہت بوڑھا ہے' آپ نے فرمایا: اس کو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے پاس کوئی چیز نہیں ہے جو کھلا سکے۔ آپ نے فرمایا: ہم اس کی مدد کریں گے ایک کھجور کے عرق کے ساتھ۔ عرق وہ ہے جس میں تیس صاع آئیں۔ میں نے عرض کی: میں دوسرے عرق کے ساتھ مدد کروں گی۔ آپ نے فرمایا: تُو نے اچھا کیا! تُو اسے حکم دے کہ اسے صدقہ کر دے۔

اوس الانصاری غیر منسوب

اَوْسُ الْاَنْصَارِیُّ غَیْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت اوس انصاری رضی اللہ عنہ' جن کا نسب نامہ معلوم نہیں

بَابٌ فِيمَا اَعَدَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ الْفِطْرِ مِنَ الْكَرَامَةِ

یہ باب ہے کہ اللہ عزوجل نے ایمان والوں کے لیے عیدالفطر کے دن کیا عزت تیار کر کے رکھی ہے؟

616 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ شِمْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْفِطْرِ وَقَفَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلَى اَبْوَابِ الطُّرُقِ، فَنَادَوْا: اغْدُوا يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ اِلَى رَبٍّ كَرِيمٍ يَمُنُّ بِالْخَيْرِ، ثُمَّ يُثِيبُ عَلَيْهِ الْجَزِيلَ، لَقَدْ اُمِرْتُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَقُمْتُمْ، وَاُمِرْتُمْ بِصِيَامِ النَّهَارِ فَصُمْتُمْ، وَاَطَعْتُمْ رَبَّكُمْ، فَاقْبِضُوا جَوَائِزَكُمْ، فَاِذَا صَلَّوْا، نَادَى مُنَادٍ: اَلَا اِنَّ رَبَّكُمْ قَدْ غَفَرَ لَكُمْ، فَارْجِعُوا رَاشِدِينَ اِلَى رِحَالِكُمْ، فَهُوَ يَوْمُ الْجَائِزَةِ، وَيُسَمَّى ذَلِكَ الْيَوْمُ فِي السَّمَاءِ يَوْمَ الْجَائِزَةِ

حضرت سعید بن اوس انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب عیدالفطر کا دن ہوتا ہے تو فرشتے راستوں کے دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں' اعلان کرتے ہیں: اے مسلمانوں کے گروہ! کریم رب سے صبح بابرکت بھلائی کے ساتھ کرو' پھر اس پر ثواب حاصل کرو' تمہیں رات کو قیام کرنے کا حکم دیا تو تم نے قیام کیا' تم کو دن کے وقت روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا تو تم نے روزہ رکھا اور تم نے اپنے رب کی اطاعت کی' تم اپنا عطیہ سمیٹ لو' جب نماز پڑھتے ہیں تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: تمہارے رب نے تم کو بخش دیا ہے' ہدایت یافتہ ہو کر اپنے گھروں کو واپس جاؤ' یہ انعام وعطیہ کا دن ہے' اس دن کا نام آسمان میں عطیہ وانعام وعطیہ والا رکھا جاتا ہے۔

617 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ تَوْبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ غَدَاةُ الْفِطْرِ، وَقَفَتِ

حضرت سعید بن اوس انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب عیدالفطر کا دن ہوتا ہے تو فرشتے راستوں کے دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں' اعلان کرتے ہیں: اے مسلمانوں کے گروہ! کریم ربّ سے صبح بابرکت بھلائی کے ساتھ

الْمَلَائِكَةُ فِي أَفْوَاهِ الطُّرُقِ، فَنَادَوْا: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ اغْدُوا إِلَى رَبٍّ رَحِيمٍ يَمُنُّ بِالْخَيْرِ، وَيُثِيبُ عَلَيْهِ الْجَزِيلَ، أُمِرْتُمْ بِصِيَامِ النَّهَارِ فَصُمْتُمْ، وَأَطَعْتُمْ رَبَّكُمْ، فَاقْبِضُوا جَوَائِزَكُمْ، فَإِذَا صَلَّوُا الْعِيدَ نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: ارْجِعُوا إِلَى مَنَازِلِكُمْ رَاشِدِينَ، قَدْ غَفَرْتُ ذُنُوبَكُمْ كُلَّهَا، وَيُسَمَّى ذَلِكَ الْيَوْمُ فِي السَّمَاءِ يَوْمَ الْجَائِزَةِ

کرو' پھر اس پر ثواب حاصل کرو' تمہیں رات کو قیام کرنے کا حکم دیا تو تم نے قیام کیا' تم کو دن کے وقت روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا تو تم نے روزہ رکھا اور تم نے اپنے رب کی اطاعت کی' تم اپنا عطیہ سمیٹ لو' جب نماز پڑھتے ہیں تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: تمہارے رب نے تم کو بخش دیا ہے' ہدایت یافتہ ہو کر اپنے گھروں کو واپس جاؤ' یہ انعام وعطیہ کا دن ہے' اس دن کا نام آسمان پر عطیہ وانعام وعطیہ والا رکھا جاتا ہے۔

اَوْسُ بْنُ شُرَحْبِيلَ اَحَدُ بَنِي الْمُجَمِّعِ بَابٌ لِمَنْ اَعَانَ ظَالِمًا مِنَ الْعُقُوبَةِ

حضرت اوس بن شرحبیل بنی مجمع کا ایک آدمی رضی اللہ عنہ' یہ باب ہے کہ جو ظلم کرنے پر کسی کی مدد کرے

618 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ مُؤْنِسٍ، أَنَّ أَبَا الْحَسَنِ نِمْرَانَ بْنَ مِخْمَرٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَوْسَ بْنَ شُرَحْبِيلَ أَحَدَ بَنِي الْمُجَمِّعِ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَشَى مَعَ ظَالِمٍ لِيُعِينَهُ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ ظَالِمٌ، فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْإِسْلَامِ

بنو مجمع کے ایک آدمی حضرت اوس بن شرحبیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو ظالم کے ساتھ چلا تا کہ وہ اس کی مدد کرے تو وہ جانتا ہی ہے کہ ظلم کرنے والا ہے' وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔

619 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو

حضرت شرحبیل بن اوس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اوس بن شرحبیل احد بنی المجمع' باب لمن اعان ظالما من العقوبة

619- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد4صفحه414 رقم الحديث: 8121' وأحمد فی مسنده جلد 4صفحه234 كلاهما عن شراحبيل بن أوس به' وذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد6صفحه277 عن شرحبيل بن أوس .

يْمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، وَعَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَا: ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا نِمْرَانُ بْنُ مِخْمَرٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ عَادَ - قَالَهَا ثَلَاثًا - فِي الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوهُ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جوشراب پیے اس کو کوڑے مارو' اگر تین دفعہ تک پیے تو اس کو کوڑے مارو' اگر چوتھی مرتبہ پیے تو اس کو قتل کر دو۔

اَوْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن معاذ بن اوس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

620 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ اَوْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ ان ناموں میں سے جو بئر معونہ کے دن شہید کیے گئے' اوس بن معاذ بن اوس انصاری بھی ہیں۔

621 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ: اَوْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسٍ لَا عَقِبَ لَهُ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان ناموں میں سے اوس بن معاذ بن اوس بھی ہیں' آپ کی اولاد نہیں ہے۔

اَوْسُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَقَبِيٌّ، بَدْرِيٌّ

حضرت اوس بن ثابت انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

622 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عمرو بن مالک بن نجار میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' ان ناموں میں سے حضرت اوس بن ثابت بن منذر بدری

الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، وَشَهِدَ بَدْرًا: اَوْسُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْمُنْذِرِ بَدْرِيٌّ

بھی ہیں۔

623 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ: اَوْسُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْمُنْذِرِ لَا عَقِبَ لَهُ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ جو انصار میں سے بدر میں شریک ہوئے ہیں' ان ناموں میں سے اوس بن ثابت بن منذر ہیں' ان کی اولاد نہیں ہے۔

اَوْسُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت اوس بن منذر انصاری رضی اللہ عنہ

624 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: اَوْسُ بْنُ الْمُنْذِرِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے حضرت اوس بن منذر بھی ہیں۔

اَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ يُكَنَّى اَبَا لَيْلَى، بَدْرِيٌّ

حضرت اوس بن خولی انصاری رضی اللہ عنہ' ان کی کنیت ابولیلیٰ بدری ہے

625 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ: اَوْسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ خَوْلِيٍّ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عوف بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے اوس بن عبداللہ بن حارث بن خولی بھی ہیں۔

626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، اَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الَّذِينَ نَزَلُوا قَبْرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَضْلُ، وَقُثَمُ، وَشُقْرَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (جو خوش بخت حضرات) جانِ کائنات رحمت عالم شفیع المذنبین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر انور شریف میں اُترے، وہ حضرت فضل، قثم، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام شقران اور اوس بن خولی رضی اللہ عنہم ہیں۔

627 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: نَزَلَ فِي حُفْرَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَالْفَضْلُ، وَقُثَمُ ابْنَا الْعَبَّاسِ، وَشُقْرَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَبُو لَيْلَى اَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ وَحَظَّنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: انْزِلْ، فَنَزَلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (جو خوش بخت حضرات) جانِ کائنات رحمت عالم شفیع المذنبین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر انور شریف میں اُترے، وہ حضرت فضل، قثم، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام شقران اور اوس بن خولی رضی اللہ عنہم ہیں۔ حضرت ابولیلیٰ اوس بن خولی نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ہم آپ کو اللہ کا واسطہ دیتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہم کو حصہ دیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ بھی (قبر انور شریف میں) اُتریں۔ تو میں بھی اُترا۔

بَابٌ فِي وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ باب ہے جانِ کائنات شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین قائد الانبیاء والی کائنات جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال مبارک

628 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ السُّكَّرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا ثَقُلَ وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ، وَحَفْصَةُ، اِذْ دَخَلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَفَعَ رَاْسَهُ، ثُمَّ قَالَ: ادْنُ مِنِّي فَاسْتَنَدَ اِلَيْهِ، فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَهُ حَتَّى تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى قَامَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَغْلَقَ الْبَابَ، فَجَاءَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَعَهُ بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَامُوا عَلَى الْبَابِ، فَجَعَلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: بِاَبِي اَنْتَ طَيِّبًا حَيًّا، وَطَيِّبًا مَيِّتًا، وَسَطَعَتْ رِيحٌ طَيِّبَةٌ لَمْ يَجِدُوا مِثْلَهَا قَطُّ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَدْخِلُوا عَلَيَّ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: نَشَدْنَاكُمْ بِاللّٰهِ فِي نَصِيبِنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَدْخَلُوا رَجُلًا مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ: اَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ يَحْمِلُ جَرَّةً بِاِحْدَى يَدَيْهِ، فَسَمِعُوا صَوْتًا فِي الْبَيْتِ: لَا تُجَرِّدُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاغْسِلُوهُ كَمَا هُوَ فِي قَمِيصِهِ، فَغَسَّلَهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُدْخِلُ يَدَهُ تَحْتَ الْقَمِيصِ، وَالْفَضْلُ يُمْسِكُ الثَّوْبَ عَنْهُ، وَالْاَنْصَارِيُّ يَنْقُلُ الْمَاءَ، وَعَلَى يَدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خِرْقَةٌ وَيُدْخِلُ يَدَهُ

کے بیان میں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیمار ہوئے تو آپ کے پاس حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما تھیں' اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دیکھا تو آپ نے اپنا سر اُٹھایا' پھر فرمایا: میرے قریب ہو جاؤ! میرے قریب ہو جاؤ! آپ نے اُن کے ساتھ ٹیک لگائی' وصال تک آپ نے ٹیک لگائے رکھی' جب آپ کا وصال ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' دروازہ بند کر دیا' حضرت عباس آئے اور آپ کے ساتھ عبدالمطلب کے بیٹے تھے' وہ دروازہ پر کھڑے رہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: آپ کی زندگی اور وصال مبارک میں خوشبو مہکتی رہی' اس کی مثل لوگوں نے نہیں پائی ہے' آپ سے خوشبو مہک رہی تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوئے' حضرت علی نے فرمایا: میرے پاس فضل بن عباس داخل ہو جائیں! انصار کہنے لگے: ہم آپ کو اللہ کی قسم دیتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آنے کا ہمارا بھی حصہ ہے' انصار میں سے ایک آدمی داخل ہوا' اس کو اوس بن خولی کہا جاتا تھا' اس نے اپنے ہاتھ میں ایک گھڑا اُٹھایا' اس نے گھر کے اندر آواز سنی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے نہ اُتارو' آپ کو غسل دو اس قمیص میں جو آپ پر ہے۔ حضرت علی نے غسل دیا' آپ نے اپنا ہاتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قمیص کے نیچے سے ڈالا اور فضل نے

آپ سے کپڑا پکڑا ہوا تھا' انصاری پانی بہا رہے تھے حضرت علی کے ہاتھ میں کپڑا تھا' وہ آپ کی قمیص کے نیچے داخل کرتے تھے۔

اَوْسُ بْنُ اَرْقَمَ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت اوس بن ارقم انصاری رضی اللہ عنہ

629 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: اَوْسُ بْنُ اَرْقَمَ، وَيُقَالُ: سُلَيْمُ اَبُو كَبْشَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ دَوْسٍ، ذَكَرَهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جو اُحد کے دن شریک ہوئے تھے' ان ناموں میں سے حضرت اوس بن ارقم بھی ہیں' بنودوس قبیلہ سے ہیں' ان کو سُلیم ابوکبشہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام بھی کہا جاتا ہے' ان کا ذکر محمد بن اسحاق نے بدر والوں میں کیا ہے۔

اَوْسُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَصْرَمَ الْاَنْصَارِیُّ عَقَبِیٌّ

حضرت اوس بن یزید بن اصرم انصاری عقبی رضی اللہ عنہ

630 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: اَوْسُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَصْرَمَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ جو انصار اور بنی نجار میں سے عقبہ میں شریک ہوئے تھے' ان ناموں میں سے اوس بن یزید بن اصرم کا بھی ہے۔

اَوْسُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیُّ عَقَبِیٌّ وَهُوَ اَخُو حَسَّانَ

حضرت اوس بن ثابت انصاری عقبی' حضرت حسان بن ثابت

اوس بن ارقم الانصاری' اوس بن یزید' اوس بن ثابت الانصاری عقبی

بْنِ ثَابِتٍ، وَهُوَ اَبُو شَدَّادِ بْنُ اَوْسٍ

رضی اللہ عنہ کے بھائی' آپ کا نام ابوشداد بن اوس بھی ہے

631 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: اَوْسُ بْنُ ثَابِتٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی نجار میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے اوس بن ثابت کا بھی ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اَبَانُ

یہ باب ہے جن کا نام ابان ہے

اَبَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ بْنِ اُمَيَّةَ الْقُرَشِيُّ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ

حضرت ابن سعید بن عاص بن امیہ قرشی رضی اللہ عنہ' آپ کو اجنادین کے دن شہید کیا گیا تھا

632 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ بِاَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ: اَبَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ قریش اور بنی عبد شمس بن عبد مناف میں سے جن کو اجنادین کے دن شہید کیا گیا تھا' اُن ناموں میں سے حضرت ابان بن سعید بن عاص کا بھی ہے۔

633 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَتَشٍ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ وَهْبٍ الْجَنَدِيُّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بُزُرْجَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، اَنَّهُ خَطَبَ فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابان بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے خطبہ دیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جاہلیت کے زمانہ میں کسی نے خون بہایا' وہ معاف ہے۔

633- أخرج نحوه البخاری فی التاریخ الکبیر جلد6صفحه293 رقم الحدیث: 1439 عن أبان بن سعید به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وَضَعَ كُلَّ دَمٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

اَبَانُ الْمُحَارِبِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

634 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِي عَيَّاشٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ حَيَّانَ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ اَبَانَ الْمُحَارِبِيِّ، وَكَانَ مِنَ الْوَفْدِ الَّذِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُ اِذَا اَصْبَحَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّي لَا اُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اِلَّا ظَلَّ يُغْفَرُ لَهُ ذُنُوبُهُ حَتَّى يُمْسِيَ، وَاِنْ قَالَهَا اِذَا اَمْسَى بَاتَ يُغْفَرُ لَهُ ذُنُوبُهُ حَتَّى يُصْبِحَ

حضرت ابان محاربی رضی اللہ عنہ

حضرت ابان محاربی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبدالقیس میں سے جو وفد حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں اُس وفد میں شریک تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی بندہ جب صبح کرتا ہے اور وہ یہ کلمات پڑھتا ہے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الیٰ آخرہٖ'' تو شام تک اس سے جو گناہ ہوتے ہیں اس کو بخش دیا جاتا ہے' جب شام کو پڑھ لے گا تو صبح تک ہونے والے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ الْاَشْعَثُ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ وَيُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ

635 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْمَنِيجِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، اَنَّ مَعْدَانَ، كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُومَةٌ فِي اَرْضٍ، فَارْتَفَعَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَضَى بِالْيَمِينِ عَلَى اَحَدِهِمَا، فَقَالَ الْآخَرُ: يَذْهَبُ بِاَرْضِي؟ قَالَ: فَاِنَّهُ اِنْ حَلَفَ

یہ باب ہے جس کا نام اشعث ہے حضرت اشعث بن قیس الکندی رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابومحمد ہے

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ اور ایک آدمی کے درمیان جھگڑا ہوا' دونوں اپنا جھگڑا نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لائے' آپ نے اُن دونوں میں سے ایک سے قسم لے کر فیصلہ کیا تو دوسرے نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ قسم اُٹھا کر میری زمین لے جائے گا' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ جھوٹی قسم اُٹھائے گا تو اس نے بہت سخت

بِاللّٰهِ كَاذِبًا قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: فَقَالَ قَوْلًا شَدِيدًا

بات کی۔

بَابٌ فِيمَا اَعَدَّ اللّٰهُ مِنْ عِقَابِهِ، وَغَضَبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِمَنِ اغْتَصَبَ مَالَ مُسْلِمٍ، اَوْ حَلَفَ عَلَيْهِ بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ

یہ باب ہے کہ اللہ عزوجل نے اپنا عذاب اور غضب قیامت کے دن اُس شخص کے لیے تیار کیا ہے جو کسی مسلمان کا مال غصب کرے یا جھوٹی قسم اُٹھا کر لے

636 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا كُرْدُوسٌ التَّغْلِبِيُّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيِّ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ كِنْدَةَ، وَرَجُلًا مِنْ حَضْرَمَوْتَ، اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَرْضٍ بِالْيَمَنِ، فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرْضِي اغْتَصَبَهَا اَبُو هَذَا؟ فَقَالَ لِلْكِنْدِيِّ: مَا تَقُولُ؟ قَالَ: اَقُولُ: اِنَّ اَرْضِي فِي يَدِي وَرِثْتُهَا مِنْ اَبِي، فَقَالَ لِلْحَضْرَمِيِّ: هَلْ لَكَ مِنْ بَيِّنَةٍ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ يَحْلِفُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِالَّذِي لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ، مَا يَعْلَمُ اَنَّهَا اَرْضِي اغْتَصَبَهَا اَبُوهُ، فَتَهَيَّاَ الْكِنْدِيُّ لِلْيَمِينِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَا يَقْتَطِعُ رَجُلٌ مَالًا اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ اَجْذَمُ فَرَدَّهَا الْكِنْدِيُّ

حضرت اشعث بن قیس الکندی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی کندہ کا اور ایک آدمی حضرموت کا' دونوں اپنا یمن کی زمین کا جھگڑا رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لائے۔ حضرمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے باپ نے میری زمین غصب کی ہے۔ آپ ﷺ نے کندی سے فرمایا: تُو کیا کہتا ہے؟ کندی نے عرض کی: اس کی زمین میرے قبضہ میں ہے اور میں نے اپنے والد کی وراثت سے پائی ہے۔ آپ نے حضرمی سے فرمایا: کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ حضرمی نے عرض کی: نہیں! لیکن میں اس خدا کی قسم اُٹھاتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' یارسول اللہ! اس کو علم ہے کہ اس کے باپ نے زمین غصب کی ہے۔ کندی قسم کے لیے تیار ہوا تو حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی کسی کا مال (جھوٹی قسم کھا کر لے) وہ قیامت کے دن اللہ عزوجل سے ملے گا اس حالت میں کہ اس کو جذام ہو گا۔ کندی نے قسم اُٹھانی چھوڑ دی۔

637 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: خَاصَمَ رَجُلٌ مِنَ الْحَضْرَمِيِّينَ رَجُلًا مِنَّا، يُقَالُ لَهُ: الْحَفْشِيشُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَرْضٍ لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ: جِئْ بِشُهُودِكَ عَلَى حَقِّكَ، وَإِلَّا حَلَفَ لَكَ قَالَ لَهُ: أَرْضِي أَعْظَمُ شَأْنًا مِنْ أَنْ لَا يَحْلِفَ عَلَيْهَا. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ يَمِينَ الْمُسْلِمِ مِنْ وَرَاءِ مَا هُوَ أَعْظَمُ مِنْ ذَلِكَ فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ هُوَ حَلَفَ كَاذِبًا، أَدْخَلَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ النَّارَ، فَانْطَلَقَ الْأَشْعَثُ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: أَصْلِحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُ، فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمَا

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرمیین میں سے ایک آدمی اور ایک آدمی ہم میں سے جسے حفشیش کہا جاتا تھا' دونوں اپنا زمین کا جھگڑا لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' حضور ﷺ نے حضرمی سے فرمایا: تجھ پر لازم ہے کہ گواہ لاؤ' ورنہ یہ قسم اُٹھائے۔ حضرمی نے عرض کی: میری زمین بڑی ہے' قسم نہ اُٹھائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان کی قسم کا گناہ زمین سے بڑا ہے۔ وہ قسم اُٹھانے کے لیے چلا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر یہ جھوٹی قسم اُٹھائے گا تو اللہ عزوجل اس کو جہنم میں ڈالے گا' اشعث کو بتانے کے لیے گیا' اُس نے عرض کی: میرے اور اس کے درمیان صلح کروا دیں۔ ان دونوں کے درمیان صلح کروا دی گئی۔

638 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ هُبَيْرَةَ، ثنا عِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ الْبَجَلِيُّ الْقَاضِي، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: لَقَدِ اشْتَرَيْتُ يَمِينِي مَرَّةً بِسَبْعِينَ أَلْفًا، وَذَلِكَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ لَقِيَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قسم سے ایک مرتبہ ستّر ہزار خریدا کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی مسلمان کا حق جھوٹی قسم اُٹھا کر لیا وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا۔

639 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي

حضرت اشعث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ

639- أخرجه مسلم في صحيحه جلد1صفحه122 رقم الحديث:138' والبخاري في صحيحه جلد4صفحه1656

سُوَيْدٍ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: فِيَّ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: كَانَتْ لِي اَرْضٌ فِي يَدِ عَمٍّ لِي، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بَيِّنَتُكَ اَوْ يَمِينُهُ قُلْتُ: يَحْلِفُ اِذًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ صَبْرٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، وَهُوَ فِيهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْآيَةَ: (اِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 77) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

آیت میرے متعلق نازل ہوئی ہے' میری زمین میرے چچا کے قبضہ میں تھی' میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم گواہ لاؤ یا قسم دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس وقت یہ قسم اُٹھا کر میرا مال لے لے گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیتا ہے تو وہ قسم اُٹھانے میں جھوٹا بھی ہے اور وہ اس حالت میں اللہ عزوجل سے ملے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑے دام لیتے ہیں''۔

640 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: نَزَلَتْ فِيَّ هٰذِهِ الْآيَةُ، خَاصَمْتُ رَجُلًا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ: (اِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 77)

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے متعلق نازل ہوئی' میں ایک آدمی کے ساتھ اپنے جھگڑے کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لے کر گیا تو یہ آیت نازل ہوئی: ''جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے کم دام لیتے ہیں''۔

641 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ صَبْرٍ لِيَقْتَطِعَ بِهِ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَدَخَلَ الْاَشْعَثُ، فَقَالَ: مَا حَدَّثَكُمَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھائی تاکہ اس کے ساتھ اپنے مسلمان بھائی کا مال ہتھیا لے' تو وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملاقات کرے گا کہ اللہ اس پر غضب ناک ہوگا۔ پس حضرت اشعث بن قیس کندی ہمارے پاس آئے' انہوں نے کہا: ابوعبدالرحمٰن

رقم الحديث: 4275' جلد6صفحه2458 رقم الحديث: 6299' جلد6صفحه2627 رقم الحديث: 6761

كلاهما عن الأعمش عن أبي وائل عن الأشعث بن قيس به .

فَقُلْنَا: بِكَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: فِيَّ نَزَلَتْ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُومَةٌ فِي أَرْضٍ لَنَا خَاصَمْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ لِي بَيِّنَةٌ، فَقَالَ: أُحَلِّفُهُ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِذًا يَحْلِفُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ وَهُوَ فِيهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ وَنَزَلَتْ: (إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 77) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

نے تم سے کیا بیان کیا؟ ہم نے بتایا کہ ایسے ایسے (حضرت اشعث نے) کہا کہ انہوں نے سچ کہا ہے یہ آیت میرے متعلق نازل ہوئی ہے' میں ایک آدمی کے ساتھ کنویں کا جھگڑا لے کر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں گیا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: تجھ پر گواہ لازم ہیں' یا یہ قسم اُٹھائے گا۔ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اس طرح تو یہ قسم اُٹھا لے گا اور گنہ گار ہو گا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے قسم اُٹھائی اور وہ اس میں جھوٹا ہے تا کہ اس کے ذریعے مال ہتھیا لے تو وہ اللہ عزوجل سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ اس پر غضب ناک ہو گا اور یہ آیت نازل ہوئی: ''بے شک وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو اور اپنی قسموں کو تھوڑے مال کے عوض فروخت کرتے ہیں'' آخر آیت تک۔

642 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: فِيَّ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ، كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ تَدَارٍ فِي مَالٍ- أَوْ أَرْضٍ- فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: لَكَ بَيِّنَةٌ؟ فَقُلْتُ: لَا، قَالَ: فَسَيُسْتَحْلَفُ صَاحِبُكَ قَالَ: إِذًا يَحْلِفُ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا) (آل عمران: 77) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے متعلق نازل ہوئی' میرے اور ایک آدمی کے درمیان مال یا زمین کا جھگڑا ہوا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کی بارگاہ میں اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تیرے پاس گواہ ہیں؟ میں نے عرض کی: نہیں! تو آپ نے فرمایا: اپنے ساتھی سے قسم لو! میں نے عرض کی: یہ قسم اُٹھا کر لے جائے گا۔ تو یہ آیت نازل ہوئی: ''جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے قلیل دام لیتے ہیں''۔

643 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِي

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جس

عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، اَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ، اَنَّ الْاَشْعَثَ بْنَ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينِ صَبْرٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، عَفَا عَنْهُ، اَوْ عَاقَبَهُ

نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا حق لیا' وہ اس حالت میں اللہ عزوجل سے ملے گا کہ اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا' پھر اللہ چاہے تو اس کو معاف کر دے یا عذاب دے۔

بَابٌ

باب

644 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، وَعَارِمٌ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا عَقِيلُ بْنُ طَلْحَةَ السُّلَمِيُّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ هَيْضَمٍ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ مِنْ كِنْدَةَ لَا يَرَوْنِي بِاَفْضَلِهِمْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا نَزْعُمُ اَنَّكَ مِنَّا، قَالَ: لَا، نَحْنُ بَنُو النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ لَا نَقْفُوا اُمَّنَا، وَلَا نَنْتَفِي مِنْ اَبِينَا قَالَ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَا اَسْمَعُ اَحَدًا نَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ اِلَّا جَلَدْتُهُ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس قبیلہ کندہ کے ایک گروہ میں آئے' میں اپنے کو ان سے افضل نہیں دیکھتا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم خیال کرتے ہیں کہ آپ ہم سے ہیں۔ آپ نے فرمایا: نہیں! ہم بنونضر بن کنانہ کے ہیں' نہ ہم اپنی ماں پر تہمت لگاتے ہیں اور نہ ہم اپنے باپ کی نفی کرتے ہیں۔ حضرت اشعث بن قیس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کسی سے بھی قریش کی نفی کرتے ہوئے سنوں گا تو اس کو کوڑے ماروں گا۔

645 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، اَنَّهُ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدِ كِنْدَةَ، فَقَالَ لَهُ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس قبیلہ کندہ کے وفد میں آیا' حضور ﷺ نے (مجھے) فرمایا: کیا تمہاری اولاد ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! ہاں مگر ایک بچہ پیدا ہوا

644- أخرجه البخاری فی التاریخ الکبیر جلد **7** صفحه **174** رقم الحدیث: **1162**' وکذلك فی التاریخ الصغیر جلد **1** صفحه **11** رقم الحدیث: **26**' وذکره أبو عبد الله الحنبلی فی الأحادیث المختارة جلد **4** صفحه **303** رقم الحدیث: **1487**' جلد **4** صفحه **304** رقم الحدیث: **1488**' وأخرجه ابن ماجه فی سننه جلد **2** صفحه **871** رقم الحدیث: **2612**' وأحمد فی مسنده جلد **5** صفحه **211** رقم الحدیث: **21888**' جلد **5** صفحه **211** رقم الحدیث: **21894** کلهم عن عقیل بن طلحة عن مسلم بن هیضم عن الأشعث بن قیس به.

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مِنْ وَلَدٍ؟ قَالَ: لَا، اِلَّا مَوْلُودٌ وُلِدَ لِي مَخْرَجِي اِلَيْكَ، وَلَوَدِدْتُ اَنَّ لِي مَكَانَهُ شَبِعَ الْقَوْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُلْ ذَاكَ، فَاِنَّ فِيهِمْ قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَاَجْرًا اِذَا قُبِضُوا، وَلَئِنْ قُلْتَ ذَلِكَ، فَاِنَّهُمْ لَمَجْبَنَةٌ، وَمَحْزَنَةٌ، وَمَبْخَلَةٌ

ہے (جسے میں) آپ کے پاس لے کر آنے لگا تھا' میں پسند کرتا تھا کہ میرے لیے اس کی جگہ وہ چیز ہوتی جس سے قوم سیراب ہوتی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ نہ کہو! اولاد میں وہ بھی ہوتی ہے جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہوتی ہے' جب فوت ہو جائے تو اس کے جانے پر ثواب ملتا ہے' اگر تُو نے کہنا ہی ہے تو یہ کہہ کہ اولاد پریشانی' بزدلی اور بخل کا سبب بنتی ہے۔

646 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُلِدَ لِي مِنْ بِنْتِ جَمْدِ بْنِ وَلِيعَةَ الْكِنْدِيِّ، وَدِدْتُ لَوْ كَانَ لَنَا بِهِ قَصْعَةُ ثَرِيدٍ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّ الْاَوْلَادَ مَبْخَلَةٌ، مَجْبَنَةٌ، مَحْزَنَةٌ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی. یارسول اللہ! میرے جمد بن ولیعہ کندی کی بیٹی سے بچہ ہوا' میں چاہتا ہوں کہ اگر میرے پاس اس کے بجائے ثرید کا پیالہ ہوتا۔ (آپ ﷺ نے فرمایا: یہ نہ کہو!) ہاں یہ کہو کہ اولاد بخل' بزدلی اور پریشانی کا سبب ہوتی ہے۔

647 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْكَرُكُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَشْكَرُكُمْ لِلنَّاسِ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا زیادہ شکریہ ادا کرنے والا وہ ہوتا ہے جو لوگوں کا زیادہ شکریہ ادا کرنے والا ہوتا ہے۔

وَمِنْ اَخْبَارِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ کی مرویات

648 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت

الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: لَمَّا قُدِمَ بِالْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ اَسِيرًا عَلَى اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَطْلَقَ وِثَاقَهُ وَزَوَّجَهُ اُخْتَهُ، فَاخْتَرَطَ سَيْفَهُ، وَدَخَلَ سُوقَ الْاِبِلِ، فَجَعَلَ لَا يَرَى جَمَلًا وَلَا نَاقَةً اِلَّا عَرْقَبَهُ، وَصَاحَ النَّاسُ: كَفَرَ الْاَشْعَثُ، فَلَمَّا فَرَغَ، طَرَحَ سَيْفَهُ، وَقَالَ: اِنِّي وَاللّٰهِ مَا كَفَرْتُ، وَلٰكِنْ زَوَّجَنِي هٰذَا الرَّجُلُ اُخْتَهُ، وَلَوْ كُنَّا فِي بِلَادِنَا كَانَتْ لَنَا وَلِيمَةٌ غَيْرَ هٰذِهِ، يَا اَهْلَ الْمَدِينَةِ، انْحَرُوا وَكُلُوا، وَيَا اَصْحَابَ الْاِبِلِ، تَعَالَوْا خُذُوا شَرْوَاهَا

اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ کو قیدی بنا کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا' اس بے اطبے قندء جو آزاد کر کے اس کی بہن سے شادی کر لی' اس نے تلوار سونتی' اونٹوں کے بازار میں داخل ہوا' اونٹ یا اونٹنی کو دیکھتا تو اس کی کونچیں کاٹتا' لوگوں نے شور مچایا' اشعث نے انکار کیا' جب وہ فارغ ہوا تو اس نے تلوار پھینکی اور کہنے لگا: اللہ کی قسم! میں نے انکار نہیں کیا' اس آدمی نے میری شادی اپنی بہن سے کی' اگر ہم اپنی شہر میں ہوتے تو ہم اس کے علاوہ سے ولیمہ کرتے' اے اہل مدینہ! نحر کرو اور کھاؤ! اے اونٹوں کے مالکو! آؤ اور اس کی قیمت لو۔

649 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَ لِي عَلَى رَجُلٍ مِنْ كِنْدَةَ دَيْنٌ، وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلَيْهِ بِالْاَسْحَارِ، فَاَدْرَكَتْنِي صَلَاةُ الْفَجْرِ فِي مَسْجِدِ الْاَشْعَثِ فَصَلَّيْتُ، فَلَمَّا سَلَّمَ الْاِمَامُ وَضَعَ قُدَّامَ كُلِّ اِنْسَانٍ حُلَّةً، وَنَعْلًا، وَخَمْسَمِائَةِ دِرْهَمٍ قُلْتُ: اِنِّي لَسْتُ مِنْ اَهْلِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: وَاِنْ كُنْتَ لَسْتَ مِنْ اَهْلِ الْمَسْجِدِ، قُلْتُ: مَا هٰذِهِ؟ قَالُوا: قَدِمَ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ مِنْ مَكَّةَ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ بنوکندہ کے ایک آدمی پر میرا قرض تھا' میں اس کے پیچھے سحری کے وقت گیا' میں نے نمازِ فجر اشعث کی مسجد میں پائی' میں نے نماز پڑھی' جب امام نے سلام پھیرا تو ہر آدمی کے سامنے حُلّہ' نعل اور پانچ سو درہم رکھا۔ میں نے کہا: اس مسجد کے پکے نمازیوں سے نہیں ہوں۔ اس نے کہا: اگر چہ اس مسجد کا نہیں ہے۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: اشعث بن قیس مکہ سے آئے ہیں۔

650 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ،

حضرت اُم حکیم بنت عمرو بن سنان جدلیہ فرماتی ہیں کہ حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے حضرت

عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اُمِّ حَكِيمٍ بِنْتِ عَمْرِو بْنِ سِنَانٍ الْجَدَلِيَّةِ، قَالَتْ: اسْتَاْذَنَ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَرَدَّهُ قَنْبَرٌ، فَاَدْمَى اَنْفَهُ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَقَالَ: مَا لَكَ وَمَا لَهُ يَا اَشْعَثُ؟ اَمْ وَاللّٰهِ لَوْ بِعَبْدِ ثَقِيفٍ تَمَرَّسْتَ، اقْشَعَرَّتْ شُعَيْرَاتُ اسْتِكَ قِيلَ لَهُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، وَمَنْ عَبْدُ ثَقِيفٍ؟ قَالَ: غُلَامٌ يَلِيهِمْ لَا يَبْقَى اَهْلُ بَيْتٍ مِنَ الْعَرَبِ اِلَّا اَدْخَلَهُمْ ذُلًّا قِيلَ: كَمْ يَمْلِكُ؟ قَالَ: عِشْرِينَ اِنْ بَلَغَ

علی رضی اللہ عنہ کے پاس آنے کی اجازت مانگی۔ قنبر نے آپ کو واپس کر دیا' اشعث نے قنبر کی ناک پر مارا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ باہر نکلے' فرمایا: اے اشعث! آپ کو اور اس کو کیا ہوا؟ اللہ کی قسم! اگر قبیلہ ثقیف کا غلام ہوتا تو تجھے مارتا جس سے تیری سرین کے بال اکھڑ جاتے۔ عرض کی گئی: اے امیر المؤمنین! قبیلہ ثقیف کے غلام کون؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کو غلام ملا' عرب میں کوئی گھر والا نہیں ان کو ذلیل کر کے داخل کرے گا' کتنے مالک ہو؟ کہا: بیس اگر پہنچ جائے۔

651 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ: اِنَّمَا يُعَدُّ الشَّرَفُ مَا كَانَ قُبَيْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى عَهْدِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَاتَّصَلَ فِي الْاِسْلَامِ، فَبَيْتُ الْيَمَنِ الَّذِي فِي الصُّفَّةِ عِنْدَ الْعِزِّ فِي كِنْدَةَ: الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَفَارِسُهَا فِي بَنِي زُبَيْدٍ: عَمْرُو بْنُ مَعْدِ يكْرِبَ، وَشَاعِرُهَا امْرُؤُ الْقَيْسِ مِنْ كِنْدَةَ لَا يُخْتَلَفُ فِي هَذَا

حضرت محمد بن سلام فرماتے ہیں: جو حضور ﷺ سے تھوڑا پہلے سے لے کر حضور ﷺ کے عہد تک اور وہ اسلام میں مل گئی جو چیز شرف شمار کی جاتی تھی' پس وہ یمنی گھر جو صفہ میں تھا' قبیلہ بنو کندہ میں عز کے پاس آئے' وہ اشعث بن قیس تھے' بنی زبید میں گھڑ سوار عمرو بن معد یکرب تھے' شاعر قبیلہ کندہ میں سے امرؤ القیس تھے' اس میں اختلاف نہیں ہے۔

652 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْهِلَالِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: اسْتَاْذَنَ الْاَشْعَثُ عَلَى مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ بِالْكُوفَةِ، فَحَجَبَهُ مَلِيًّا، وَعِنْدَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: اَعَنْ هَذَيْنِ حَجَبْتَنِي يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ تَعْلَمُ اَنَّ صَاحِبَهُمَا

حضرت عیسیٰ بن یزید رضی اللہ عنہ نے کہا: حضرت اشعث رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ سے کوفہ سے اجازت مانگی' ان کو کچھ دیر کے لیے ٹھہرایا گیا' ان کے پاس حضرت ابن عباس اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم تھے۔ کہا: اے امیر المؤمنین! کیا ان دونوں کو آپ نے روکا؟ تو جانتا ہے کہ دونوں کا ساتھی ہمارے پاس آیا' اس کے دل میں جھوٹ بھرا ہوا ہے' یعنی علی رضی اللہ

جَاءَ نَا فَمَلَانَا كَذِبًا - يَعْنِي عَلِيًّا - فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَتُرَانِي اَسُبُّكَ بِابْنِ اَبِي طَالِبٍ؟ قَالَ: مَا سُبَّ عَرَبِيٌّ خَيْرٌ مِنِّي، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: عَبْدُ مَهْرَةَ قَتَلَ جَدَّكَ، وَطَعَنَ فِي اسْتِ اَبِيكَ. فَقَالَ: اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ لِي اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ: اَنْتَ بَدَاْتَ

عنہ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا تم مجھے دیکھتے ہو کہ حضرت ابن ابوطالب کی وجہ سے تجھ کو گالیاں دوں گا؟ اس نے کہا: مجھ سے بہتر کسی عربی کو کبھی گالی نہیں دی گئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مہرہ کے غلام نے تیرے دادا کو قتل کیا تھا اور تیرے باپ کی سرین پر نیزہ مارا تھا۔ کہا: کیا آپ سن رہے ہیں جو مجھے اے امیرالمؤمنین اس نے کہا؟ کہا: آپ نے ہی تو آغاز کیا ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اَنَسٌ

اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ خَادِمُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُكَنَّى اَبَا حَمْزَةَ

یہ باب ہے جس کا نام انس ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم حضرت انس بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوحمزہ ہے

653 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِي حَمْزَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری کنیت ابوحمزہ رکھی۔

654 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، ثنا مَكْحُولٌ، قَالَ: سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَقُلْتُ: يَا اَبَا حَمْزَةَ

حضرت مکحول فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا' میں نے کہا: اے ابوحمزہ!

655 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَنَّادٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ قَالَ: وَكَنَّانِي بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اَجْتَنِبُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری کنیت اس حالت میں رکھی کہ میں بچہ تھا' میری کنیت بقلہ تھی' میں اس سے پرہیز کرتا تھا۔

صِفَةُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَهَيْاَتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا حلیہ اور حالت

656 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَبْيَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ، يَصْبُغُ رَاْسَهُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے' اپنے سر کو مہندی سے رنگتے تھے۔

657 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت اسماعیل بن خالد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ مہندی لگاتے تھے۔

658 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ خَالِدٍ، ثنا اَبِي، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، قَالَ: كَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْوَرْسِ

حضرت اسماعیل بن ابوخالد فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو ورس کے ساتھ رنگتے تھے۔

659 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ سرخ مہندی

655- أخرجه الترمذی فی سننه جلد 5 صفحه 682 رقم الحديث: 3830' وأحمد فی مسنده جلد 3 صفحه 127 رقم الحديث: 12308' جلد 3 صفحه 161 رقم الحديث: 12658' جلد 3 صفحه 232 رقم الحديث: 13457 كلاهما عن جابر عن أبي نصر عن أنس به

بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحُمْرَةِ

لگاتے تھے۔

660 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَتْنِي اُمِّي، قَالَتْ: زُرْتُ ضَرَّةً كَانَتْ لِي فَتَزَوَّجَهَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، فَرَاَيْتُ اَنَسًا مُخَلَّقًا بِخَلُوقٍ، وَكَانَ بِهِ بَيَاضٌ، وَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا لِي

حضرت یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں کہ میری والدہ نے کہا: میں نے ضرہ اپنی سوکن کو دیکھا جو میری پہلے ہوا کرتی تھی' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اس سے شادی کی' میں نے حضرت انس کو خلوق لگائے ہوئے دیکھا' جبکہ آپ کے بال سفید تھے۔ اور فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لیے دعا کی۔

661 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے دو کانوں والے!

662 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِي: يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے دو کانوں والے!

663 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي سَاسَانَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ كَثِيرٍ، قَالَ:

حضرت فضیل بن کثیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ اپنی دو بازوؤں کو خلوق لگاتے تھے سفید ہونے کی وجہ سے۔

662- أخرجه الترمذي في سننه جلد**4**صفحه**358** رقم الحديث: **1992**' والبيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد**10** صفحه**248** رقم الحديث: **82**' وأبو داؤد في سننه جلد**4**صفحه **301** رقم الحديث: **5002**' وأحمد في مسنده جلد**3**صفحه**117** رقم الحديث: **12185**' جلد**3**صفحه**127** رقم الحديث: **12307**' جلد**3**صفحه**260** رقم الحديث: **13764** كلهم عن شريك عن عاصم عن أنس به .

رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ مَسَّ ذِرَاعَيْهِ بِخَلُوقٍ مِنْ بَيَاضٍ كَانَ بِهِ

664 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِنَّائِيُّ، ثنا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَلَيْهِ جُبَّةُ خَزٍّ دَكْنَاءُ، وَمِطْرَفُ خَزٍّ اَدْكَنُ، وَعِمَامَتُهُ سَوْدَاءُ، لَهُ ذُؤَابَةٌ مِنْ خَلْفِهِ، يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ

حضرت سالم بن عبداللہ عتکی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے ریشم اور اُون کا جبّہ پہنا ہوا تھا اور سیاہ عمامہ شریف اس شملہ کے پیچھے سے لٹک رہا تھا اور آپ نے زرد رنگ کا خضاب لگایا ہوا تھا۔

665 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي سَاسَانَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ كَثِيرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ خَزًّا اَصْفَرَ

حضرت فضیل بن کثیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے زرد رنگ کا ریشم کے تانے اور اُن کے بانے والا کپڑا پہنا ہوا تھا۔

666 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْقَزَّازُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدَانَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَطُوفُ بِهِ بَنُوهُ حَوْلَ الْبَيْتِ عَلَى سَوَاعِدِهِمْ، وَقَدْ شَدُّوا اَسْنَانَهُ بِذَهَبٍ

حضرت محمد بن سعدان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا، آپ اپنے بچوں کے ساتھ طوافِ کعبہ کر رہے تھے، آپ نے اپنے دانتوں کو سونے کے تاروں سے باندھا ہوا تھا۔

667 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، اَنَّهُ رَاَى اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، وَجَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، وَسَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، وَاَبَا اُسَيْدٍ الْبَدْرِيَّ، وَرَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ، وَاَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَاْخُذُونَ مِنَ الشَّوَارِبِ كَاَخْذِ الْحَلْقِ، وَيُعْفُونَ اللِّحَى، وَيَنْتِفُونَ الْاِبَاطَ

حضرت عثمان بن عبیداللہ بن رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری، جابر بن عبداللہ، عبداللہ بن عمر، سلمہ بن اکوع، ابواُسید بدری، رافع بن خدیج اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم کو دیکھا، جس طرح بال مونڈتے تھے اسی طرح مونچھیں مونڈتے تھے اور داڑھی بڑھاتے اور بغلوں کے بال اکھیڑتے تھے۔

668 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَتَوَكَّأُ عَلَى عَصًا عَلَى رَأْسِهَا ضَبَّةُ فِضَّةٍ

حضرت مروان بن نعمان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ اپنے عصا کا سہارا لیے ہوئے تھے' آپ کے سر پر چاندی کا تاج تھا۔

669 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنِي عَمِّي ثُمَامَةُ، قَالَ: صَحِبْتُ جَدِّي أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ثَلَاثِينَ سَنَةً فَمَا رَأَيْتُهُ يَشْرَبُ نَبِيذًا قَطُّ

حضرت ثمامہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے دادا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی صحبت میں تیس سال رہا ہوں' میں نے آپ کو کبھی نبیذ تک بھی پیتے ہوئے نہیں دیکھا۔

670 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الصَّفَّارُ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ النَّجَّارِ قَاضِي الْيَمَامَةِ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ نَبِيذُ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حُلْوًا تَلْصَقُ مِنْهُ الشَّفَتَانِ

حضرت اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس میٹھی نبیذ ہوتی تھی' جسے استعمال کرنے سے ہونٹ چمٹتے تھے۔

671 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا سَعْدُ بْنُ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ يَشْرَبُ الطِّلَاءَ

حضرت سعد بن شعبہ بن حجاج فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے اور اُنہوں نے اپنے والد سے روایت کیا' وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو طلاء پیتے ہوئے دیکھا۔

672 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ السِّمْسَارُ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو تَقِيٍّ الْحِمْصِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ الْحِمْصِيُّ، ثنا رَاشِدُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: كَانَ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ غُلَامٌ يَعْمَلُ لَهُ النَّقَانِقَ، وَيَطْبُخُ لَهُ لَوْنَيْنِ طَعَامًا، وَيَخْبِزُ لَهُ الْحَوَارِيَّ، وَيَعْجِنُهُ

حضرت راشد بن راشد فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا جو ان کے لیے نرشتر مرغ پکڑ کے لاتا تھا اور وہ آپ کے لیے دو رنگ کے کھانے بناتا اور آپ کو سفید گول روٹی دیتا اور وہ اسے گھی کے ساتھ گوندتا تھا۔

بِسَمْنٍ

673 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، كَانَ اِذَا خَتَمَ الْقُرْآنَ جَمَعَ اَهْلَهُ وَوَلَدَهُ، فَدَعَا لَهُمْ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن پاک ختم کرتے تو اپنے اہل خانہ اور بچوں کو جمع کرتے اور ان کے لیے دعا کرتے۔

674 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، ثنا قَتَادَةُ، اَنَّ اَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ضَعُفَ عَنِ الصَّوْمِ قَبْلَ مَوْتِهِ عَامًا، فَاَفْطَرَ، وَاَطْعَمَ كُلَّ يَوْمٍ مِسْكِينًا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی وفات سے ایک سال پہلے روزہ نہیں رکھ سکتے تھے' آپ روزہ نہ رکھتے اور ہر روز ایک مسکین کو کھانا کھلاتے۔

675 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا هِلَالُ بْنُ يَسَارِ بْنِ بَوْلَا، قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَرَاَيْتُهُ قَطَعَ التَّلْبِيَةَ حِينَ هَبَطَ مِنَ الثَّنِيَّةِ حِينَ رَاَى بُيُوتَ مَكَّةَ

حضرت ہلال بن یسار بن بولا فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا' میں نے آپ کو دیکھا کہ جس وقت آپ مقامِ ثنیہ سے نیچے اُترتے اور جس وقت مکہ کے گھر دیکھتے تو تلبیہ چھوڑ دیتے۔

676 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا اَبُو شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، اَنَّ اَنَسًا، كَانَ يُعَجِّلُ الْاِفْطَارَ، وَلَا يَنْتَظِرُ الْمُؤَذِّنَ

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ روزہ جلدی افطار کرتے' موذن کا انتظار نہ کرتے۔

677 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا اَبُو شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَعُثْمَانَ الْبَتِّيِّ، قَالَا: صَلَّيْنَا خَلْفَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الظُّهْرَ، وَالْعَصْرَ، فَسَمِعْنَاهُ يَقْرَاُ: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى

حضرت حمید اور عثمان بتی دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پیچھے ظہر اور عصر کی نماز پڑھی' ہم نے سنا کہ آپ پڑھ رہے تھے: ''سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى''۔

678 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ،

حضرت ثمامہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیٹھتے' آپ کے لیے بستر بچھایا جاتا' آپ اس پر

قَالَ: كَانَ اَنَسٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَجْلِسُ، وَيُطْرَحُ لَهُ فِرَاشٌ يَجْلِسُ عَلَيْهِ، وَيَرْمِي وَلَدَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا يَوْمًا وَنَحْنُ نَرْمِي، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ، بِئْسَ مَا تَرْمُونَ ثُمَّ اَخَذَ فَرَمَى فَمَا اَخْطَاَ الْقِرْطَاسَ

بیٹھتے اور اپنے بچوں کو اپنے آگے رکھ لیتے۔ ایک دن آپ ہمارے پاس آئے تو ہم کنکریاں مار رہے تھے۔ آپ فرماتے: اے میرے بچو! جو کنکریاں تم مار رہے ہو' بُرا کر رہے ہو' پھر آپ پکڑتے اور مارتے اور آپ کا نشانہ غلط نہ ہوتا۔

679 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: اَقْبَلْنَا مَعَ اَنَسٍ مِنَ الْكُوفَةِ، حَتَّى اِذَا كُنَّا بِاَطَّطٍ اَصْبَحْنَا وَالْاَرْضُ طِينٌ وَمَاءٌ، فَصَلَّى الْمَكْتُوبَةَ عَلَى دَابَّتِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ الْمَكْتُوبَةَ قَطُّ عَلَى دَابَّتِي قَبْلَ الْيَوْمِ

حضرت انس بن سیرین فرماتے ہیں کہ ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ سے آئے' جب ہم مقام باطط میں صبح کی تو اس زمین میں مٹی اور پانی بھی تھا' آپ نے فرض نماز اپنی سواری پر پڑھی' پھر فرمایا: میں نے کبھی بھی اس سے پہلے فرض نماز سواری پر نہیں پڑھی۔

680 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ اَنَسٍ اِلَى اَرْضِ بَيْثَقَ سِيرِينَ، حَتَّى اِذَا كُنَّا بِدِجْلَةَ حَضَرَتِ الظُّهْرُ، فَاَمَّنَا قَاعِدًا عَلَى بِسَاطٍ فِي السَّفِينَةِ، وَاِنَّ السَّفِينَةَ لَتَجُرُّ بِنَا جَرًّا

حضرت انس بن سیرین فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ سیرین کی زمین کی طرف گیا' جب ہم دجلہ کے پاس آئے تو ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا' آپ نے ہمیں کشتی کے تختوں پر ہی بیٹھ کر امامت کروائی اور کشتی ہم کو لیے چل رہی تھی۔

681 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّهُ قَامَ مَعَ اَنَسٍ بِنَيْسَابُورَ سَنَتَيْنِ، فَكَانَ يُصَلِّي

حضرت امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ نیشاپور میں دو سال رہا' آپ دو دو رکعتیں پڑھتے رہے۔

رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ

682 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ اَنَّهُ رَاَى اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَطُوفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ عَلَى حِمَارٍ

حضرت احوص بن حکیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو صفا اور مروہ کے درمیان گدھے پر سواری کرتے دیکھا۔

683 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، ثنا قَتَادَةُ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُصَلِّي يَوْمَ الْعِيدِ اَرْبَعًا قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ الْاِمَامُ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ عید کے دن چار رکعت نفل پڑھتے تھے' امام کے نماز پڑھنے سے پہلے پہلے۔

684 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، ثنا قَتَادَةُ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَعُقُّ عَنْ بَنِيهِ الْجَزُورَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کا عقیقہ اونٹ ذبح کر کے کرتے تھے۔

685 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا هِشَامٌ، ثنا قَتَادَةُ، اَنَّ اَنَسًا كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ جرابوں پر مسح کرتے تھے (مراد یہ ہے کہ وہ جرابیں' موزوں کی طرح موٹی ہوتی تھیں' جرابوں پر مسح کرنا درست نہیں' صرف موزوں پر مسح درست ہے)۔

686 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا هِشَامٌ، ثنا قَتَادَةُ، اَنَّ اَنَسًا دَفَنَ ابْنًا لَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبِهِ، وَافْتَحْ اَبْوَابَ السَّمَاءِ لِرُوحِهِ، وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے بچے کو دفن کیا' اس کے بعد یہ دعا کی: ''اللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ الٰی آخرہٖ''۔

687 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا كَثِيرُ بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَسْجُدُ عَلَى عِمَامَتِهِ

حضرت کثیر بن سلیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو عمامہ کے کپڑے پر سجدہ کرتے ہوئے دیکھا۔

688 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، اَنَّ اَنَسًا جَهَرَ فِي الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ فَلَمْ يَسْجُدْ

اللہ عنہ ظہر یا عصر میں قرات جہراً کرتے اور اس کے بعد سجدہ سہو نہیں کرتے تھے (مطلب یہ ہے کہ اتنی آواز میں کہ دوسرا سن سنے نہ کہ جہری نماز کی طرح)۔

689 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَبِي الْيَمَانِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَتَطَوَّعُ فِي السَّفَرِ

حضرت ابو یمان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو سفر میں نفل پڑھتے ہوئے دیکھا۔

690 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، دَخَلَ عَلَى الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ وَهُوَ يَقُولُ الشِّعْرَ، فَقَالَ لَهُ: اَخِي، اَمَا عَلَّمَكَ اللّٰهُ مَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ هَذَا؟ ، زَادَ مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ فِي حَدِيثِهِ: فَقَالَ لَهُ الْبَرَاءُ: اَتَخْشَى عَلَيَّ اَنْ اَمُوتَ عَلَى فِرَاشِي، وَاللّٰهِ لَا يَكُونُ ذٰلِكَ بَلَاءَ اللّٰهِ اِيَّايَ، فَقَدْ قَتَلْتُ مِائَةً مِنَ الْمُشْرِكِينَ، مِنْهُمْ مَنْ تَفَرَّدْتُ بِقَتْلِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ شَارَكْتُ فِيهِ

حضرت محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس اس حالت میں آئے کہ وہ شعر پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا: میرے بھائی! کیا آپ کو اللہ نے اس سے بہتر کلام نہیں سکھایا؟ حضرت موسیٰ بن اسماعیل نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ حضرت براء نے آپ سے عرض کی کہ آپ مجھ پر خوف کرتے ہیں کہ میں بستر پر مروں گا' اللہ کی قسم! یہ اللہ کی کوئی بڑی آزمائش نہیں ہے' میں نے سو مشرکوں کو مارا ہے اور اُن میں سے کسی کو میں نے اکیلے مارا ہے اور کسی کو مارنے میں کوئی اور بھی شریک ہو جاتا تھا۔

691 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اسْتَلْقَى الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ عَلَى ظَهْرِهِ، ثُمَّ تَرَنَّمَ، فَقَالَ لَهُ اَنَسٌ: اذْكُرِ اللّٰهَ اَيْ اَخِي فَاسْتَوَى جَالِسًا، وَقَالَ: اَيْ اَنَسُ اَتُرَانِي اَمُوتُ عَلَى فِرَاشِي، وَقَدْ قَتَلْتُ مِائَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت براء سے سواری مانگی' پھر آواز دی تو حضرت انس نے براء سے کہا: اے میرے بھائی! اللہ کا ذکر کر! سیدھا بیٹھ جا! حضرت براء نے کہا: اے انس! کیا تُو میرے بارے میں یہ خیال کرتا ہے کہ میں بستر پر مروں گا' میں نے سو مشرکوں کو اکیلے مارا ہے اور اس کے

مِنَ الْمُشْرِكِينَ مُبَارَزَةً، سِوَى مَنْ شَارَكْتُ فِي قَتْلِهِ

علاوہ دوسروں کے ساتھ شریک ہو کر بھی میں نے مارا ہے۔

692 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا غَالِبُ بْنُ فَرْقَدٍ الطَّحَّانُ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ شَهْرَيْنِ، فَلَمْ يَقْنُتْ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت غالب بن فرقد طحان فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس دو ماہ رہا' آپ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

693 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا غَالِبُ بْنُ فَرْقَدٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

حضرت غالب بن فرقد فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نماز میں دائیں اور بائیں جانب اس طرح سلام پھیرتے تھے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

694 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، اَنْبَاَ خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ النُّعْمَانِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ جُشَمٍ، قَالَ: سَقَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ دَوَاءَ الْمَشْيِ

حضرت واہب بن جشم فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو چلنے کی دوائی پلاتا تھا۔

695 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَتْنَا اُمُّ نَهَارٍ بِنْتُ الدِّفَاعِ، قَالَتْ: كَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَمُرُّ بِنَا وَكُنَّ نِسْوَةً فَلَمْ يُسَلِّمْ عَلَيْنَا

حضرت اُم نہار بنت دفاع فرماتی ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سے گزرتے' وہاں عورتیں ہوتیں تو آپ ہم کو سلام نہیں کرتے تھے۔

696 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَعْيَنُ الْجَرَامِيزِيُّ، قَالَ: اَتَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ فِي دِهْلِيزِهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، قُلْتُ: اَاَدْخُلُ؟ قَالَ: هَذَا مَكَانٌ لَا يُسْتَاْذَنُ فِيهِ

حضرت اعین جرامیزی فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس اس حال میں کہ آیا کہ آپ اپنے گھر کی دہلیز میں تھے' میں نے آپ کو سلام کیا' میں نے عرض کی: کیا میں داخل ہو جاؤں؟ آپ نے فرمایا: یہ ایسی جگہ ہے جہاں پر اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔

697 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ كَانَ عَامِلًا عَلَى نَيْسَابُورَ، وَأَتَاهُ دِهْقَانٌ بِخَبِيصٍ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَكَرِهَهُ، فَرَدَّ إِلَيْهِ، فَحَوَّلَهُ، ثُمَّ جَاءَ بِهِ فَأَكَلَهُ

حضرت ابن سیرین سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نیشاپور میں گورنر تھے' آپ کے پاس آپ کا خادم چاندی کے برتن میں خبیص (کھجور اور گھی سے تیار کردہ مٹھائی) لے کر آیا' آپ نے اس کو ناپسند کیا اور واپس کر دیا' وہ کسی اور برتن میں ڈال کر لایا تو پھر آپ نے اس کو کھایا۔

698 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا أَبُو شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا كُلُّ مَا نُحَدِّثُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْنَاهُ مِنْهُ، وَلَكِنْ لَمْ يَكُنْ يَكْذِبُ بَعْضُنَا بَعْضًا

حضرت حمید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوتے تو آپ فرماتے: جو بھی ہمیں حضور ﷺ کے حوالے سے حدیث بیان کرتے ہیں' ہم نے آپ سے سنی ہوئی ہے لیکن ہم ایک دوسرے کو جھٹلاتے نہیں ہیں۔

699 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُثَنَّى الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي ثُمَامَةُ قَالَ: قَالَ لَنَا أَنَسٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ

حضرت ثمامہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہمیں فرماتے: علم کو لکھ کر قید کر لو۔

700 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ أَنَّ أَكَّارًا لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ كَانَ يَعْمَلُ عَلَى زُرْنُوقٍ، فَاسْتَعْدَتْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ أَنَسًا أَنَّهُ لَا يَدَعُهَا لَيْلًا وَلَا نَهَارًا، فَأَصْلَحَ أَنَسٌ بَيْنَهُمْ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ عَلَى سِتَّةٍ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا خادم زرنوق پر کام کرتا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اس کی بیوی بتاتی کہ وہ اسے نہ رات کو چھوڑتا ہے اور نہ دن کو' پس حضرت انس رضی اللہ عنہ ان کے درمیان ہر دن اور رات میں چھ مرتبہ صلح کرواتے۔

701 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى الرَّامَهُرْمُزِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی اُم ولد

698- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه665 رقم الحديث: 6458 عن حميد عن أنس به

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ اَبِی نَافِعٍ، حَدَّثَتْنِی رَيْطَةُ اُمُّ وَلَدِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يَغْتَسِلَ بِنِصْفِ النَّهَارِ، وَعِنْدَ الْعَتَمَةِ

حضرت ریطہ فرماتی ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ دوپہر کے وقت اور عشاء کے وقت غسل کرنے کو ناپسند فرماتے تھے۔

702 - حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقَاضِی الرَّامَهُرْمُزِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَوَّاتِ بْنِ شُعْبَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلْتُ دَارَ اَبِی طَلْحَةَ، وَهُوَ مُغْلِقُ الْبَابِ عَلَى اُمِّ سُلَيْمٍ وَهُوَ يَضْرِبُهَا، وَهِیَ اُمُّ اَنَسٍ، فَنَادَيْتُ مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ مَا تُرِيدُ اِلَى هٰذِهِ الْعَجُوزِ تَضْرِبُهَا، فَنَادَتْنِی مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ، فَقَالَتْ: تَقُولُ لِیَ: الْعَجُوزُ، عَجَّزَ اللّٰهُ رُكْنَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوطلحہ کے گھر اس حال میں آیا کہ آپ کمرہ بند کر کے حضرت اُم سلیم کو مار رہے تھے' وہ انس کی ماں تھیں' میں نے دروازے کے باہر سے آواز دی: اس بوڑھی عورت کو آپ مار کر کیا چاہتے ہیں؟ تو حضرت اُم سلیم نے مجھے کہا: تُو مجھے بوڑھی کہتا ہے' اللہ تیرے رکن کو عاجز کرے۔

703 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِیُّ، ثنا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الذِّرَاعُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: كُنْتُ فِی الْقَصْرِ مَعَ الْحَجَّاجِ، وَهُوَ يَعْرِضُ النَّاسَ مِنْ اَجْلِ ابْنِ الْاَشْعَثِ، فَجَاءَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ حَتّٰى دَنَا، فَقَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ: هِيهِ يَا خِبْثَةُ، جَوَّالٌ فِی الْفِتْنَةِ مَرَّةً مَعَ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، وَمَرَّةً مَعَ ابْنِ الزُّبَيْرِ، وَمَرَّةً مَعَ ابْنِ الْاَشْعَثِ، اَمَا وَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهِ لَاَسْتَاصِلَنَّكَ كَمَا تُسْتَاصَلُ الصَّمْغَةُ، وَلَاُجَرِّدَنَّكَ كَمَا يُجَرَّدُ الضَّبُّ، فَقَالَ: مَنْ يَعْنِی الْاَمِيرُ اَصْلَحَهُ اللّٰهُ؟ قَالَ الْحَجَّاجُ: اِيَّاكَ اَعْنِی، اَصَمَّ اللّٰهُ سَمْعَكَ، فَاسْتَرْجَعَ

حضرت علی بن زید فرماتے ہیں کہ میں حجاج کے ساتھ محل میں تھا' وہ ابن اشعث کے حوالے سے لوگوں کو کچھ پیش کر رہا تھا' پس حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ آئے' یہاں تک کہ قریب ہو گئے' پس حجاج نے آپ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: پیچھے ہو جاؤ! اے اندر کے وہ۔ فتنہ کے دوران گھومنے والے کبھی علی بن ابوطالب' کبھی ابن زبیر اور کبھی ابن اشعث کے ساتھ لیکن قسم بخدا! جس کے قبضے میں میری جان ہے! میں تمہیں چمٹا دیتا ہوں جیسے گوند چمٹایا جاتا ہے' اور تمہیں گوہ کی طرح ننگا کر دوں گا۔ آپ نے فرمایا: اللہ امیر کی اصلاح فرمائے! اس کی مراد کیا ہے؟ حجاج بولا: میری مراد تُو ہی ہے' اللہ

اَنَسٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّا لِلّٰهِ، وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ ثُمَّ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّی ذَكَرْتُ وَلَدِی فَخَشِيتُهُ عَلَيْهِمْ، لَكَلَّمْتُهُ فِی مَقَامِی بِكَلَامٍ لَا يَسْتَجِيبُنِی بَعْدَهُ اَبَدًا

تیری قوتِ سماعت ختم کر دے! تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھا' پھر اس کے پاس سے اُٹھ کر باہر تشریف لے گئے اور فرمایا: اگر مجھے اپنی اولاد کی یاد نہ ہوتی اور اُن پر اس کا خوف نہ ہوتا (کہ یہ ان کو نقصان پہنچائے گا) تو میں اسی مقام پر اس سے ایسی کلام کرتا کہ وہ اس کے بعد مجھے کبھی دعوت نہ دیتا۔

سِنُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَوَفَاتُهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی عمر اور وفات کے بیان میں

704 - حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَاَنَا ابْنُ عَشْرِ سِنِينَ، وَتُوُفِّیَ وَاَنَا ابْنُ عِشْرِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے' اُس وقت میری عمر دس سال تھی' آپ کا وصال مبارک ہوا تو اُس وقت میری عمر بیس سال تھی۔

705 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِیُّ، ثنا اَبُو خَلَدَةَ، عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دس سال خدمت کرنے کا موقع نصیب ہوا۔

706 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، ثنا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دس سال خدمت کرنے کا موقع نصیب ہوا۔

705- أخرج نحوه البخاری فی صحيحه جلد 5صفحه2245 رقم الحديث: 5691 من طريق سلام بن مسكين عن ثابت عن أنس به

خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ

707 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دس سال خدمت کرنے کا موقع نصیب ہوا۔

708 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ سِنِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دس سال خدمت کرنے کا موقع نصیب ہوا۔

709 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ لِاَنَسٍ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيهِ، قَالَ اَنَسٌ: فَلَقَدْ دَفَنْتُ مِنْ صُلْبِي سِوَى وَلَدِ وَلَدِي خَمْسًا وَعِشْرِينَ وَمِائَةً، وَاِنَّ اَرْضِي لَيُثْمِرُ فِي السَّنَةِ مَرَّتَيْنِ، وَمَا فِي الْبَلَدِ شَيْءٌ يُثْمِرُ مَرَّتَيْنِ غَيْرَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! انس کے لیے اللہ سے دعا کریں! آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کے مال اور اولاد میں کثرت دے اور اس میں برکت دے! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے صلبی بیٹیوں کے علاوہ 125 دفن کر چکا ہوں اور میرا باغ سال میں دو مرتبہ پھل دیتا ہے، کسی شہر میں کوئی باغ سال میں دو مرتبہ پھل نہیں دیتا ہے (ماسوائے میرے باغ کے)۔

710 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ابوسعید اور حضرت انس، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کم جانتے ہیں

709- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 457 رقم الحديث: 660، جلد 4 صفحه 1929 رقم الحديث: 2481، والبخاری فی صحيحه جلد 5 صفحه 2333 رقم الحديث: 5975، جلد 5 صفحه 2336 رقم الحديث: 5984، جلد 5 صفحه 2345 رقم الحديث: 6018 كلاهما عن أنس به .

مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: وَمَا عِلْمُ اَبِي سَعِيدٍ، وَاَنَسٍ بِاَحَادِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنَّمَا كَانَا غُلَامَيْنِ صَغِيرَيْنِ

کیونکہ یہ دونوں چھوٹے تھے۔

711 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مَيْمُونٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَتْ لِي ذُؤَابَةٌ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُ بِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری زلفیں تھیں' میرے بالوں کو حضور ﷺ کھینچتے اور پکڑتے تھے۔

712 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبُو مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، قَالَ يَزِيدُ: دُلَّنِي عَلَى هَذَا الشَّيْخِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ کی خدمت کا موقع نصیب ہوا' میری عمر اُس وقت 18 سال تھی۔ حضرت یزید فرماتے ہیں: مجھے یہ استاذ حماد بن سلمہ نے بتایا۔

713 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِي، ثنا شَرِيكٌ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: غَسَّلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَلَمَّا بَلَغْتُ عَوْرَتَهُ، قُلْتُ لِبَنِيهِ: اَنْتُمْ اَحَقُّ بِغَسْلِ عَوْرَتِهِ، دُونَكُمْ فَاغْسِلُوهَا، فَجَعَلَ الَّذِي يَغْسِلُهَا عَلَى يَدِهِ خِرْقَةً وَعَلَيْهَا ثَوْبٌ، ثُمَّ غَسَلَ الْعَوْرَةَ مِنْ تَحْتِ الثَّوْبِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو غسل دیا' جب میں آپ کی شرمگاہ کے پاس پہنچا تو میں نے ان کے بیٹوں سے کہا: تم زیادہ حق دار ہو آپ کی شرمگاہ دھونے کے' تم اس کو دھوؤ! وہ اپنے ہاتھ پر کپڑا باندھ کر اس کو دھونے لگے' پھر شرمگاہ کو کپڑے کے نیچے ہاتھ داخل کر کے دھویا۔

714 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَجُعِلَ فِي حَنُوطِهِ

حضرت حمید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو آپ کو حنوط کی شیشی سے حنوط لگایا گیا' اس شیشی میں حضور ﷺ کا

سُكَّةٌ، اَوْ سُكٌّ وَمِسْكَةٌ فِيهَا مِنْ عَرَقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پسینہ مبارک تھا۔

715 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا هَانِي بْنُ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: آخِرُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْتًا بِالْكُوفَةِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي اَوْفَى، وَبِالْبَصْرَةِ: اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ کوفہ میں جس آخری صحابی کا وصال ہوا وہ حضرت عبداللہ بن ابواوفی تھے اور بصرہ میں جس آخری صحابی کا وصال ہوا وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ تھے۔

716 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: مَاتَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِينَ

حضرت سری بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا وصال 83 ہجری میں ہوا۔

717 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، قَالَ: قُلْتُ لِشُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ: مَتَى مَاتَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ؟ فَقَالَ: سَنَةَ تِسْعِينَ

حضرت جریر بن حازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت شعیب بن حجاب سے کہا: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا ہے؟ فرمایا: 90 ہجری میں۔

718 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ مُوَرِّقٌ الْعِجْلِيُّ: ذَهَبَ الْيَوْمَ نِصْفُ الْعِلْمِ فَقِيلَ: وَكَيْفَ ذَاكَ يَا اَبَا الْمُعْتَمِرِ؟ فَقَالَ: كَانَ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْاَهْوَاءِ اِذَا خَالَفَنَا فِي الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْنَا لَهُ: تَعَالَ اِلَى مَنْ سَمِعَهُ مِنْهُ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت مورق عجلی نے فرمایا: آج آدھا علم چلا گیا۔ عرض کی گئی: اے ابو معتمر! کیسے؟ فرمایا: جب خواہشات کی پیروی کرنے والا کوئی آدمی ہم سے حضور ﷺ کی حدیث میں اختلاف کرتا تو ہم اس کو کہتے کہ آؤ اس کے پاس جس نے آپ ﷺ سے سنا ہے۔

وَمِمَّا اَسْنَدَ اَنَسُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی

مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روایات کردہ احادیث

719 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عِيسَى بْنِ مُوسَى بْنِ إِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوا الْخَيْرَ دَهْرَكُمْ، وَتَعَرَّضُوا لِنَفَحَاتِ رَحْمَةِ اللّٰهِ، فَإِنَّ لِلّٰهِ نَفَحَاتٍ مِنْ رَحْمَتِهِ يُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَسَلُوا اللّٰهَ أَنْ يَسْتُرَ عَوْرَاتِكُمْ، وَأَنْ يُؤَمِّنَ رَوْعَاتِكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمام زمانہ نیکیاں کرو اور اللہ کی رحمت حاصل کرنے کے لیے کوشش کرو کیونکہ اللہ کی رحمت جس کو چاہتا ہے اللہ دیتا ہے اپنے بندوں میں سے' اللہ سے مانگو کہ تمہاری شرمگاہوں کو ستر عطا فرمائے رکھے اور تمہارے ڈر اور خوف دور فرمائے۔

720 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي هِلَالُ بْنُ زَيْدِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: ثنا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدَائِنِ: الْعَقِيقَ، وَلِأَهْلِ الْبَصْرَةِ: ذَاتَ عِرْقٍ، وَلِأَهْلِ الْمَدِينَةِ: ذَا الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ: الْجُحْفَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدائن والوں کے لیے عقیق اور بصرہ والوں کے لیے ذاتِ عرق اور مدینہ والوں کے لیے ذی الحلیفہ اور شام والوں کے لیے جحفہ میقات مقرر کیا۔

721 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا هِلَالُ بْنُ يَسَارٍ، أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ كَحَجَّةٍ مَعِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رمضان میں عمرہ ایسے ہے جس طرح میرے ساتھ حج کرنا ہے۔

722 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا هِلَالُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فِي السَّعْيِ حَوْلَ الْبَيْتِ

حضرت ہلال بن زید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے پہلے تین چکروں میں رکن یمانی سے رکن اسود تک

فِی الطَّوَافِ الثَّلَاثَةِ، يَمْشِی مَا بَيْنَ الرُّكْنِ الْيَمَانِی اِلَی الرُّكْنِ الْاَسْوَدِ فِی الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ ثُمَّ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: هَكَذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

طواف کرنے میں سعی کی حج وعمرہ میں۔ پھر میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

723 - حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، وَعَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، ثنا مُوسَی بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِیُّ، اَخْبَرَنِی اَبُو الْحُوَيْرِثِ، اَخْبَرَنِی نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجَمِّرُ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ فَقَدْ ذَاقَ طَعْمَ الْاِيمَانِ: مَنْ كَانَ لَا شَیْءَ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ، وَمَنْ كَانَ اَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَرْتَدَّ عَنْ دِينِهِ، وَمَنْ كَانَ يُحِبُّ لِلّٰهِ وَيُبْغِضُ لِلّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میں تین باتیں ہوں' اس نے ایمان کا ذائقہ پالیا' کوئی شی اس کو اللہ اور اس کے رسول سے زیادہ پسند نہ ہو' وہ دین سے پھرنے سے آگ میں جلنا زیادہ پسند کرے' وہ محبت اور بغض اللہ کے لیے رکھے۔

724 - حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنِی ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِی ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِی بَيْتٍ، فَكُلُّ اِنْسَانٍ مِنَّا تَاَخَّرَ عَنْ مَجْلِسِهِ لِيَجْلِسَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ عَلَی الْبَابِ، فَقَالَ: الْاَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَلَهُمْ حَقٌّ، وَلِی حَقٌّ مَا فَعَلُوا ثَلَاثًا: اِنْ حَكَمُوا عَدَلُوا، وَاِنْ عَاهَدُوا وَفَّوْا، وَاِنِ اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو ہم گھر میں تھے' ہم سے ایک اپنی جگہ سے پیچھے ہونے لگا تاکہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہوں' آپ دروازہ پر کھڑے ہوئے' فرمایا: ائمہ قریش سے ہیں' ان کے لیے حق ہے' میرے لیے حق ہے' جو وہ کریں۔ تین مرتبہ فرمایا' آپ نے فرمایا' اگر فیصلہ کریں تو عدل کریں' اگر وعدہ کریں تو پورا کریں' اگر ان سے رحم مانگا جائے تو رحم کریں' جو ان میں سے یہ نہ کرتے اُس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت!

725 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوخٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِي اِتْمَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ مکمل اور مختصر نماز پڑھتے تھے۔

726 - وَبِاِسْنَادِهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ سَاعَةً يُسَلِّمُ يَقُومُ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ اِذَا سَلَّمَ وَثَبَ كَاَنَّهُ يَقُومُ عَنْ رَضْفَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ کچھ دیر کے لیے سلام پھیرتے کھڑے ہوکر' پھر میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ بھی جب سلام پھیرتے تو آپ جلدی سے کھڑے ہوتے' ایسے محسوس ہوتا کہ آپ گرم چیز پر کھڑے ہیں۔

727 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، وَاَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْاَنْصَارِ، آخَى بَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، وَبَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: اِنَّ لِي مَالًا فَهُوَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شَطْرَانِ، وَلِي امْرَاَتَانِ، فَانْظُرْ اَيَّتَهُمَا اَحْبَبْتَ حَتَّى اُطَلِّقَهَا، فَاِذَا خَلَتْ فَتَزَوَّجْهَا، قَالَ: لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مہاجرین و انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا' آپ نے حضرت سعد بن ربیع اور عبدالرحمٰن کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا' حضرت سعد نے عبدالرحمٰن سے کہا: یہ میرا مال ہے' یہ میرے اور آپ کے درمیان آدھا آدھا ہے' یہ میری دو بیویاں ہیں ان دونوں میں سے جو کوئی آپ پسند کریں وہ آپ لے لیں' میں اس کو طلاق دوں گا' جب عدت ختم ہو جائے تو آپ شادی کر لیں۔ حضرت عبدالرحمٰن نے فرمایا: مجھے

725- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد3صفحه107 رقم الحديث: 1717 عن ابن جريج عن عطاء عن أنس به .

726- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد3صفحه107 رقم الحديث: 1717 عن ابن جريج عن عطاء عن أنس به .

727- أخرجه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2258 رقم الحديث: 5732' والنسائي في المجتبى جلد6 صفحه 129 رقم الحديث: 3374' جلد6صفحه137 رقم الحديث: 3388 كلاهما عن يحيى عن حميد عن أنس به .

حَاجَةَ لِي بِمَالِكَ وَاَهْلِكَ، دُلَّنِي عَلَى السُّوقِ، فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ بِتَمْرٍ وَاَقِطٍ قَدْ اَفْضَلَهُ، فَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهِ اَثَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ: مَيْهَمْ؟ قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ اِلَيْهَا؟ قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ - اَوْ نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ- قَالَ: اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

آپ کے مال اور گھر والوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے' مجھے بازار کے متعلق بتائیں! حضرت عبدالرحمٰن گئے' پھر کھجوریں اور پنیر بچا لائے' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ پر زرد رنگ کا نشان تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: میں نے انصار کی ایک عورت سے شادی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کو کیا مہر دیا ہے؟ عرض کی: سونے کی ایک ڈلی۔ آپ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ بکری ذبح کر کے ہی ہو۔

728 - وَبِاِسْنَادِهِ قَالَ: حَضَرْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيمَةً لَيْسَ فِيهَا خُبْزٌ وَلَا لَحْمٌ قُلْتُ: فَاَيُّ شَيْءٍ هُوَ يَا اَبَا حَمْزَةَ؟ قَالَ: سَوِيقٌ وَتَمْرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں ولیمہ کا کھانا لایا' اس میں گوشت اور روٹیاں نہیں تھیں۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: اے ابوحمزہ! کس شی کا؟ آپ نے فرمایا: جَو اور کھجور۔

729 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَائِرٌ، فَوَضَعَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ يَاْكُلُ مَعِي فَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَدَقَّ الْبَابَ، فَقُلْتُ: ذَا؟ فَقَالَ: اَنَا عَلِيٌّ، فَقُلْتُ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَاجَةٍ، فَرَجَعَ ثَلَاثَ مِرَارٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَجِيءُ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بھنا ہوا پرندہ ہدیہ دیا گیا' آپ کے آگے رکھا گیا تو آپ نے عرض کی: اے اللہ! میرے پاس اُس کو لے آ جو تجھے مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب ہے' تاکہ وہ میرے ساتھ کھائے۔ تو حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ آئے' آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا' میں نے کہا: کون ہے؟ فرمایا: علی! میں نے کہا: حضور ﷺ کسی کام میں ہیں۔ آپ تین مرتبہ واپس گئے' جب پھر آئے تو اس کے بعد آپ نے دروازہ کو

وصبا اسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ

729- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 141 رقم الحديث: 4650' والترمذی فی سننه جلد 5 صفحه 636 رقم الحديث: 3721 كلاهما عن أنس به .

قَالَ: فَضَرَبَ الْبَابَ بِرِجْلِهِ فَدَخَلَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَبَسَكَ؟ قَالَ: قَدْ جِئْتُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذٰلِكَ يَقُولُ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَاجَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: كُنْتُ اَرَدْتُ اَنْ يَكُونَ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِي

ٹھوکر ماری اور اندر داخل ہوئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں کس نے روکا تھا؟ عرض کی: میں تین مرتبہ آیا تھا' ہر مرتبہ مجھے کہا گیا کہ حضور ﷺ کام میں مصروف ہیں۔ حضور ﷺ نے مجھے (یعنی حضرت انس سے) فرمایا: تمہیں ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ میں نے عرض کی: میرا ارادہ تھا کہ میری قوم کا آدمی ہو۔

730 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَلْقَمَ عَيْنَهُ خُصًّا، فَبَصُرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَخَّاهُ بِعُودٍ، اَوْ حَدِيدَةٍ لِيَفْقَأَ بِهَا عَيْنَهُ، فَلَمَّا اَبْصَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْقَمَعَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ ثَبَتَّ لَفَقَأْتُ عَيْنَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کے پاس آیا' وہ جھانک کر دیکھ رہا تھا' حضور ﷺ نے اس کو دیکھا تو آپ نے لکڑی یا ٹھیکری پکڑی تاکہ اس کی آنکھو پھوڑیں' پھر حضور ﷺ نے اس کو دیکھا کہ وہ پیچھے ہو گیا ہے' حضور ﷺ نے اسے فرمایا: اگر میں تیری آنکھ پھوڑنا چاہتا تو پھوڑ سکتا تھا۔

731 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَرْجُفُ الْمَدِينَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ فَيَخْرُجُ مِنْهَا كُلُّ مُنَافِقٍ وَكَافِرٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مدینہ تین دفعہ لرزے گا اور اس سے ہر منافق اور کافر نکل جائے گا۔

732 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں

730- أخرجه النسائی فی المجتبی جلد 8 صفحه 60 رقم الحديث: 4858' والبيهقی فی سننه الكبری جلد 8 صفحه 338 رقم الحديث: 37' والبخری فی الأدب المفرد جلد 1 صفحه 374 رقم الحديث: 1091 كلهم عن يحيى بن أبی كثير عن اسحاق بن عبد الله عن أنس به .

731- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد 6 صفحه 2607 رقم الحديث: 6706 عن يحيى عن اسحاق بن عبد الله عن أنس به' وانظر فتح الباری جلد 13 صفحه 94 .

732- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 4 صفحه 458 رقم الحديث: 8271' وأبو داؤد فی سننه جلد 4 صفحه 11

مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، رَفَعَهُ، قَالَ: لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ، اَوْ حُمَّةٍ، اَوْ دَمٍ لَا يَرْقَأُ

کہ آپ ﷺ نے فرمایا: دَم صرف نظر یا بخار کا ہے' یا ایسے خون کا جو بند نہ ہو۔

733 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا سُلَيْمَانُ اَبُو دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ قُدَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ اَحَبُّ الرَّيْحَانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَاغِيَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو خوشبوؤں میں سب سے زیادہ فاغیہ خوشبو پسند تھی۔

734 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَحْيَى الْقُرَشِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو اَبُو سَهْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ، وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ، وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ، وَلِلْكَنَائِنِ وَالْجِيرَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! انصار اور انصار کے بیٹوں اور پوتوں کو بخش دے! ان کی بہوؤں اور پڑوسیوں کو بھی!

735 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُوا عَلَى النِّسَاءِ وَاِنْ كُنَّ كَنَائِنَ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم غیر محرم عورتوں کے پاس نہ جاؤ' اگرچہ وہ بہو ہو۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! دیور کے بارے میں بتائیں؟ آپ نے فرمایا: دیور موت ہے۔

رقم الحديث: **3889** كلاهما عن العباس بن ذريح عن الشعبى عن أنس به .

735- أخرجه ابن حبان فى صحيحه جلد **12** صفحه **401** رقم الحديث: **5588**' والدارمى فى سننه جلد **2** صفحه **361** رقم الحديث: **2642** كلاهما عن يزيد بن أبى حبيب عن مرثد عن عقبة بن عامر به' وانظر فتح البارى جلد **9** صفحه **331**

اَفَرَاَيْتَ الْحَمْوَ؟ قَالَ: حَمْوُهُنَّ الْمَوْتُ

736 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِالْقُدُورِ يَوْمَ خَيْبَرٍ، فَاُكْفِئَتْ مِنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں خیبر کے دن حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! پالتو گدھے کم ہو رہے ہیں' حضور ﷺ نے ابوطلحہ کو حکم دیا کہ اعلان کرو کہ اللہ اور اس کے رسول نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا ہے کیونکہ یہ ناپاک ہیں۔

737 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقُرْآنُ غَنِيٌّ لَا فَقْرَ بَعْدَهُ، وَلَا غِنًى دُونَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن غنی ہے' اس کے بعد فقر نہیں ہے' اس کے بغیر مال داری نہیں ہے۔

738 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسِرُّ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آہستہ پڑھتے تھے۔

739 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَاجِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ الْمُؤَدِّبُ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْرُجُ مَعَكَ اِلَى الْغَزْوِ؟ قَالَ: يَا اُمَّ سَلَمَةَ، اِنَّهُ لَمْ يُكْتَبْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ جہاد کے لیے عورتیں بھی نکلیں؟ آپ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! عورتوں کے ذمہ جہاد فرض نہیں ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: زخم پر پٹی باندھنے اور علاج کرنے اور پانی پلانے کے

عَلَى النِّسَاءِ الْجِهَادُ قَالَتْ: اُدَاوِي الْجَرْحَى، وَاُعَالِجُ الْعَيْنَ، وَاَسْقِي الْمَاءَ، قَالَ: فَنَعَمْ اِذًا

لیے؟ آپ نے فرمایا: پھر ٹھیک ہے! نکل سکتی ہیں۔

740 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَدَمِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا الْعَوَّامُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعٌ لَا يُصَبْنَ اِلَّا بِعَجَبٍ: الصَّبْرُ وَهُوَ اَوَّلُ الْعِبَادَةِ، وَالتَّوَاضُعُ، وَذِكْرُ اللّٰهِ، وَقِلَّةُ الشَّيْءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چار چیزیں بغیر شوق کے حاصل نہیں ہوتی ہیں: صبر وہ اوّل عبادت ہے' عاجزی' اللہ کا ذکر اور تھوڑی شی۔

741 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُخَرِّمِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى مِثْلِ نِصْفِ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے سے آدھا ثواب ملتا ہے کھڑے ہو کر پڑھنے کی بہ نسبت۔

742 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں کو اکٹھے ہی بھیجا گیا ہے۔

743 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے میرا دل سونے کے ایک تھال میں نکالا' اس کو دھویا'

740- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه346 رقم الحديث: 7864 .

741- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1صفحه388 رقم الحديث: 1230' وذكره ابن أبي شيبة في مصنفه جلد 1 صفحه 404 رقم الحديث: 4639' وأحمد في مسنده جلد3صفحه240 رقم الحديث: 13541 كلهم عن

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرِیلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَخْرَجَ حَشْوَتَهُ فِی طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَغَسَلَهَا، ثُمَّ کَبَسَهَا حِکْمَةً وَنُورًا۔ اَوْ حِکْمَةً وَعِلْمًا۔

پھر اس میں حکمت اور نور' یا شاید حکمت اور علم بھرا۔

744 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَبِی الرُّطَیْلِ، ثنا حَبِیبُ بْنُ خَالِدٍ الْاَسَدِیُّ، عَنْ سُلَیْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِیرَةِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: تُوُفِّیَتْ زَیْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْنَا مَعَهُ، فَرَاَیْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُهْتَمًّا شَدِیدَ الْحُزْنِ، فَجَعَلْنَا لَا نُکَلِّمُهُ حَتّٰی انْتَهَیْنَا اِلَی الْقَبْرِ، فَاِذَا هُوَ لَمْ یَفْرُغْ مِنْ لَحْدِهِ، فَقَعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ، فَحَدَّثَ نَفْسَهُ هُنَیْهَةً وَجَعَلَ یَنْظُرُ اِلَی السَّمَاءِ، ثُمَّ فَرَغَ مِنَ الْقَبْرِ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیهِ، فَرَاَیْتُهُ یَزْدَادُ حُزْنًا، ثُمَّ اِنَّهُ فَرَغَ فَخَرَجَ، فَرَاَیْتُهُ سُرِّیَ عَنْهُ وَتَبَسَّمَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَاَیْنَاكَ مُهْتَمًّا حَزِینًا لَمْ نَسْتَطِعْ اَنْ نُکَلِّمَكَ، ثُمَّ رَاَیْنَاكَ سُرِّیَ عَنْكَ فَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: کُنْتُ اَذْکُرُ ضِیقَ الْقَبْرِ وَغَمِّهِ وَضَعْفَ زَیْنَبَ، فَکَانَ ذٰلِكَ یَشُقُّ عَلَیَّ، فَدَعَوْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یُخَفِّفَ عَنْهَا فَفَعَلَ، وَلَقَدْ ضَغَطَهَا ضَغْطَةً سَمِعَهَا مَنْ بَیْنَ الْخَافِقَیْنِ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو ہم آپ کے ساتھ نکلے' ہم نے رسول اللہ ﷺ کو سخت پریشان دیکھا' ہم آپ سے گفتگو نہیں کرتے تھے' جب ہم قبر کے پاس گئے تو ابھی قبر تیار نہیں ہوئی تھی' ہم آپ ﷺ کے اردگرد بیٹھ گئے' آپ نے اپنے ربّ سے گفتگو کی اور آسمان کی طرف دیکھنے لگے' جب قبر تیار ہوئی تو ہم اُس میں اُترے' میں نے آپ ﷺ کو اور زیادہ پریشان دیکھا' پھر دفن کر کے باہر نکلے' میں نے آپ کو خوش اور تبسم کرتے ہوئے دیکھا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو سخت پریشان دیکھا' ہم آپ سے گفتگو کرنے کی طاقت نہیں رکھتے' پھر ہم نے آپ کو خوش دیکھا' آپ نے ایسے کیوں کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے قبر کی تنگی اور پریشانی اور زینب کی کمزوری یاد آئی تھی' یہ مجھ پر دشوار تھا تو میں نے اللہ عزوجل سے دعا کی کہ وہ اس سے تخفیف کر دے' سو اللہ نے کر دی حالانکہ (میری دعا نہ ہوتی تو) قبر اسے اس طرح دباتی (اور اس کی وجہ سے آواز نکالتی) جس کو زمین و آسمان کے درمیان والے سب سنتے' سوائے انسان اور جن کے۔

ومما اسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ

745 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُذِّنَ فِي قَرْيَةٍ أَمَّنَهَا اللَّهُ مِنْ عَذَابِهِ ذَلِكَ الْيَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی بستی میں اذان ہوتی ہے تو اس دن اللہ عزوجل اس بستی کو عذاب سے محفوظ رکھتا ہے۔

746 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ابْتَغُوا السَّاعَةَ الَّتِي تُرْجَى فِي الْجُمُعَةِ بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى غُيُوبَةِ الشَّمْسِ، وَهِيَ قَدْرُ هَذَا يَقُولُ: قَبْضَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم جمعہ کے دن قبولیت والی والی گھڑی کو تلاش کرو' وہ گھڑی عصر کی نماز سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک ہوتی ہے اور اس کا اندازہ یہ ہے' یعنی تیری مٹھی بند کرنے کی مقدار۔

747 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أَبِي مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَى أَبِيكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ، أَقُضِيَ عَنْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَحُجَّ عَنْ أَبِيكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرا باپ فوت ہو گیا ہے' اس نے حج نہیں کیا تھا' تو کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تیرے باپ کے ذمہ قرض ہوتا تو تُو اس کو ادا کرتا تو کیا اس کا قرض ادا نہ ہوتا؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! (ادا ہو جاتا)' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اپنے باپ کی طرف سے حج کر۔

748 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِأَهْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والے کے لیے ہوگی۔

الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي

749 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سُورَةَ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو هَاشِمٍ، صَاحِبُ الزَّعْفَرَانِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا جَاءَتْ بِكِسْرَةٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَتْ: قُرْصٌ خَبَزْتُهُ، فَلَمْ تَطِبْ نَفْسِي حَتَّى آتِيَكَ بِهَذِهِ الْكِسْرَةِ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُ أَوَّلُ طَعَامٍ دَخَلَ فَمَ أَبِيكِ مُنْذُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی بارگاہ میں ایک ٹکڑا لائیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: روٹی کا ٹکڑا ہے' میں نے خود کھانے کو پسند نہیں کیا یہاں تک کہ آپ کے پاس لائی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پہلا کھانا ہے' جو تیرے باپ کے منہ میں داخل ہوا تین دن کے بعد۔

750 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَثْرَمُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، ثنا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا آمَنَ بِي مَنْ بَاتَ شَبْعَانًا وَجَارُهُ جَائِعٌ إِلَى جَنْبِهِ وَهُوَ يَعْلَمُ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا پڑوسی بھوکا رہا اور اُس نے خود سیر ہو کر کھایا جبکہ اُسے اس کا علم بھی ہے تو وہ مجھ پر ایمان ہی نہیں لایا۔

751 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَبَاهَى النَّاسُ بِالْمَسَاجِدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے قریب لوگ مسجدوں پر فخر کریں گے۔

752 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا أَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قریش کی توہین کی' اُس کو اللہ اُس کی موت سے پہلے ہلاک کرے گا۔

ومما اسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ

751- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 2 صفحه 281 رقم الحديث: 1322' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 6 صفحه 223 رقم الحديث: 2238' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 2 صفحه 439 رقم الحديث: 4097 كلهم عن أيوب عن أبي قلابة عن أنس به.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَهَانَ قُرَيْشًا اَهَانَهُ اللّٰهُ قَبْلَ مَوْتِهِ

753 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا نُوحُ بْنُ عَبَّادٍ الْقُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ لَيَبْلُغُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ عَظِيمَ دَرَجَاتِ الْآخِرَةِ، وَشَرَفَ الْمَنَازِلِ، وَاِنَّهُ لَضَعِيفُ الْعِبَادَةِ، وَاِنَّهُ لَيَبْلُغُ بِسُوءِ خُلُقِهِ اَسْفَلَ دَرَجَةٍ فِي جَهَنَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اچھے اخلاق کے ذریعے آخرت کے کئی درجات اور منزلیں حاصل کر لیتا ہے باوجود اس کے کہ وہ عبادت میں کمزور ہوتا ہے اور بداخلاقی سے جہنم کے نیچے والے درجہ کو حاصل کرتا ہے۔

754 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ صُبَيْحٍ الْيَحْمِدِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اغْتَسَلَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ حَيْضِهَا نَقَضَتْ شَعْرَهَا وَغَسَلَتْهُ بِخَطْمِيٍّ وَاُشْنَانٍ، وَاِذَا اغْتَسَلَتْ مِنْ جَنَابَةٍ صَبَّتْ عَلَى رَاْسِهَا الْمَاءَ وَعَصَرَتْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو اس کے بال گرتے ہیں، وہ خطمی اور اشنان کے ساتھ دھوئے، جب غسل جنابت کرے تو اپنے سر پر پانی بہائے اور اس کو نچوڑے۔

755 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَزْرَقُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا، وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض اشعار حکمت والے ہوتے ہیں۔

756 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجَمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ لوگوں کے درمیان صلہ رحمی کے لیے ہدیہ دینے کا حکم دیتے تھے اور فرماتے: اگر لوگ مسلمان ہوں تو وہ بغیر

يَأْمُرُ بِالْهَدِيَّةِ صِلَةً بَيْنَ النَّاسِ، وَيَقُولُ: لَوْ قَدْ اَسْلَمَ النَّاسُ تَهَادَوْا مِنْ غَيْرِ جُوعٍ

بھوک کے ایک دوسرے کو ہدیہ دیں۔

757 - حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ اَنَسٌ: وَكَانَ دِحْيَةُ رَجُلًا جَمِيلًا اَبْيَضَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

758 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ!

759 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ الْقَزَّازُ، ثنا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے امانت رکھی اس کو ادا کرے' امانت میں خیانت نہ کرے۔

760 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ اُنَاسًا اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں غلہ مہنگا ہو گیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے نرخ مقرر کریں' آپ نے فرمایا: نرخ اللہ عزوجل مقرر کرنے والا ہے'

758- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد1صفحه707 رقم الحديث: 1927 عن أنس به .

760- أخرجه الترمذی فی سننه جلد3صفحه605 رقم الحديث: 1314 عن أنس به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: سَعِّرْ لَنَا اَسْعَارًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ غَلَاءَ اَسْعَارِكُمْ وَرُخْصِهَا بِيَدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَيْسَ لِاَحَدٍ مِنْكُمْ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فِي مَالٍ وَلَا دَمٍ

میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل سے اس حال میں ملاقات کروں کہ تم میں سے کوئی مجھ سے مطالبہ نہ کر سکے' اپنی زیادتی کا' نہ مال اور نہ خون میں۔

اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْقُشَيْرِيُّ يُكَنّٰى اَبَا اُمَيَّةَ وَيُقَالُ اَبُو مَيَّةَ، كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

حضرت انس بن مالک قشیری رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابوامیہ' آپ کو ابومیہ بھی کہا جاتا ہے' آپ بصرہ میں اُترے

761 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ، فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَغَدَّ فَقُلْتُ: اِنِّي صَائِمٌ، وَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ عَنِ الْمُسَافِرِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنْهُ الصَّوْمَ، وَنِصْفَ الصَّلَاةِ

حضرت ابواُمیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سفر سے واپسی پر حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے مجھے فرمایا: کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں سفر کے متعلق علم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز کی۔

762 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ، اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ لَهُ فَوَجَدَ النَّبِيَّ

حضرت ابوقلابہ رضی اللہ عنہ' بنی عامر کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' جن کا نام انس بن مالک ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس مدینہ میں کسی کام کے لیے آئے' آپ نے حضور ﷺ کو کھانا کھاتے ہوئے پایا' آپ ﷺ نے ان کو فرمایا: قریب

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْنُ فَقَالَ الرَّجُلُ: إِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُسَافِرَ قَدْ وَضَعَ اللّٰهُ عَنْهُ الصَّوْمَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الْحَامِلِ وَالْمُرْضِعِ

ہو! اس آدمی نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مسافر کو اللہ عزوجل نے روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز رکھی ہے اور حاملہ اور دودھ پلانے والی کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے۔

763 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ - قَالَ أَيُّوبُ: قَالَ لِي أَبُو قِلَابَةَ: هُوَ حَيٌّ فَالْقَهُ، وَاسْمَعْ مِنْهُ الْحَدِيثَ، قَالَ أَيُّوبُ: فَلَقِيتُ الْعَامِرِيَّ، فَحَدَّثَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ خَيْلًا فَأَغَارَتْ عَلَى إِبِلِ جَارٍ لَنَا، فَذَهَبَتْ بِهَا، فَانْطَلَقَ فِي ذَلِكَ، إِمَّا قَالَ: أَبِي، وَإِمَّا قَالَ: عَمِّي، أَوْ قَالَ: قَرَابَةٌ قَرِيبَةٌ مِنْهُ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَاكَ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ يَأْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ الْغَدَاءَ فَقُلْتُ: إِنِّي صَائِمٌ، قَالَ: هَلُمَّ أُحَدِّثْكَ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الْحُبْلَى - أَوْ قَالَ: الْمُرْضِعِ - وَأَمَرَ بِالْإِبِلِ فَرُدَّتْ، فَكَانَ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ تَلَهَّفَ، وَيَقُولُ: أَلَا كُنْتُ أَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوقلابہ بنی عامر کے قبیلہ کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' حضرت ایوب نے فرمایا: مجھے حضرت ابوقلابہ نے بیان کیا: وہ آدمی زندہ ہے' ان سے ملو' ان سے آپ حدیث سنیں۔ حضرت ایوب فرماتے ہیں کہ میں عامری سے ملا' مجھے حدیث بیان کی کہ حضور ﷺ نے ایک گھڑسوار قافلہ بھیجا' اس نے ہمارے پڑوسی کے اونٹوں پر حملہ کیا' اس کو لے گیا اس کو لے کر چلا۔ میرے والد یا میرے چچا یا کسی قریبی نے کہا: وہ اس معاملہ میں حضور ﷺ کے پاس آئے' وہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! کیونکہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے اور حاملہ کو بھی روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے۔ آپ نے اونٹوں کے متعلق حکم دیا کہ ان کو واپس کر دے۔ یہ حدیث جب بھی بیان کرتے تو افسوس کرتے' کہتے: میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

764 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمَكِّيِّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَجُلٍ مِنْ بَنِي كَعْبٍ قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا هَذَا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي صَائِمٌ، قَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصَّوْمِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ- اَوْ نِصْفَ- الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصَّوْمَ- اَوِ الصِّيَامَ- عَنِ الْمُسَافِرِ، وَالْمَرِيضِ، وَالْحَامِلِ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَهَا جَمِيعًا، اَوْ اِحْدَاهَا، فَلُمْتُ نَفْسِي اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بنی کعب کے ایک آدمی نے کہا: حضور ﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر غارت کی ہے' میں آپ ﷺ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! میں تمہیں نماز اور روزہ کے بارے بتاتا ہوں' بے شک اللہ عزوجل نے مسافر' بیمار اور حاملہ عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے تو بعد میں افسوس کرتے' کہتے: میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

765 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ سَوَادَةَ الْقُشَيْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر حملہ کیا' میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! ابھی میں نماز اور روزے کے متعلق تجھے بتاتا ہوں' اللہ نے مسافر کو آدھی نماز معاف کی ہے'

764- أخرج نحوه الترمذی فی سننه جلد 3 صفحه 94 رقم الحديث: 715 عن أبی هلال عن عبد الله سوادة عن أنس بن مالك رجل من بنی كعب به.

فَقُلْتُ: اِنِّی صَائِمٌ، فَقَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصِّيَامِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصِّيَامَ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَعَنِ الْمُرْضِعِ فَلُمْتُ نَفْسِی اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسافر اور دودھ پلانے والی عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے' میں نے اپنے آپ کو ملامت کیا کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ فَقَالَ: اِنِّی صَائِمٌ، فَقَالَ: هَلُمَّ اُحَدِّثْكَ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ

حضرت زرارہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کھانا تناول فرمارہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھاؤ! اس نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز معاف کی ہے۔

اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ الْاَنْصَارِیُّ عَمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے چچا حضرت انس بن نضر انصاری رضی اللہ عنہ

767 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ، عَمَّتَهُ لَطَمَتْ جَارِيَةً وَكَسَرَتْ سِنَّهَا، فَعَرَضُوا عَلَيْهِمُ الْاَرْشَ فَاَبَوْا، فَطَلَبُوا الْعَفْوَ، فَاَبَوْا، فَاَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ، فَجَاءَ اَخُوهَا اَنَسُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع بنت نضر نے (میری پھوپھی) اپنی لونڈی کو تھپڑ مارا تو اس کے دانت ٹوٹ گئے' اسے اس کی دیت دی گئی تو اس نے لینے سے انکار کر دیا' ان سے معافی مانگی تو اُنہوں نے انکار کر دیا' وہ لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نے قصاص کا حکم دے دیا۔ بنو ربیع

767- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد 2 صفحه 961 رقم الحديث: 2556 عن محمد بن عبد الله عن حميد عن أنس به.

النَّضْرِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتُكْسَرُ سِنُّ الرُّبَيِّعِ؟ لَا، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا تُكْسَرُ سِنُّهَا، فَقَالَ: يَا اَنَسُ، كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ، فَعَفَا الْقَوْمُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

حضرت اھبان بن صیفی غفاری رضی اللہ عنہ' آپ کا وصال بصرہ میں ہوا تھا

859 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ اُهْبَانَ، قَالَتْ: حَيْثُ حَضَرَ اَبِي الْوَفَاةُ، قَالَ: لَا

حضرت عدیسہ بن اھبان فرماتی ہیں کہ میرے والد کی وفات کا وقت قریب ہوا تو اُنہوں نے فرمایا: مجھے سلے ہوئے کپڑے میں کفن نہ دینا' جس وقت ان کا

تُكَفِّنُونِي فِي ثَوْبٍ مَخِيطٍ فَحَيْثُ قُبِضَ وَغُسِّلَ اَرْسَلُوا اِلَيَّ اَنْ اَرْسِلِي الْكَفَنَ، فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِمْ بِالْكَفَنِ، قَالُوا: قَمِيصٌ، قُلْتُ: اِنَّ اَبِي قَدْ نَهَانِي اَنْ اُكَفِّنَهُ فِي قَمِيصٍ مَخِيطٍ فَاَرْسَلْتُ اِلَى الْقَصَّارِ، وَلَابِي قَمِيصٌ فِي الْقَصَّارِ، فَاُتِيَ بِهِ فَاُلْبِسَ وَذُهِبَ بِهِ، فَاَغْلَقْتُ بَابِي وَتَبِعْتُهُ، وَرَجَعْتُ، وَالْقَمِيصُ فِي الْبَيْتِ فَاَرْسَلْتُ اِلَى الَّذِينَ غَسَّلُوا اَبِي، فَقُلْتُ: كَفَّنْتُمُوهُ فِي قَمِيصٍ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قُلْتُ: هُوَ هَذَا؟ قَالُوا: نَعَمْ

وصال ہو گیا تو غسل دینے والوں نے میری طرف کفن کا پیغام بھیجا' میں نے اُن کی طرف کفن بھیجا' اُنہوں نے کہا: قمیص! میں نے کہا: میرے والد نے مجھے سلی ہوئی قمیص کا کفن دینے سے منع کیا تھا' میں نے دھوبی کی طرف پیغام بھیجا' میرے والد کی قمیص دھوبی کے پاس تھی' وہ لائی گئی اور پہنائی گئی اور لے جایا گیا' میرے والد صاحب کو اس قمیص میں لپٹا دیا' میں ان کے پیچھے گئی اور واپس آئی (دیکھا) تو قمیص گھر میں ہے' میں نے ان کی طرف قمیص بھیجی جنہوں نے میرے والد کو غسل دیا تھا' میں نے کہا: اس قمیص میں کفن دیا تھا؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! میں نے کہا: کیا یہ وہی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں!

860 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ اُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، قَالَتْ: حَيْثُ قَدِمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ الْبَصْرَةَ، جَاءَ اِلَى اَبِي فَقَامَ عَلَى الْبَابِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَ: اَلَا تَخْرُجُ فَتُعِينَنِي عَلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ؟ قَالَ: بَلَى اِنْ شِئْتَ، يَا جَارِيَةُ نَاوِلِينِي السَّيْفَ، فَنَاوَلَتْهُ السَّيْفَ فَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ، ثُمَّ اسْتَلَّهُ، قَالَ: اِنَّ خَلِيلِي وَابْنَ عَمِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي اِذَا كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ قَبِيلَتَيْنِ مِنَ

حضرت عدیسہ بنت اھبان بن صیفی فرماتی ہیں: اس وقت جب حضرت علی بن ابوطالب بصرہ تشریف لائے تو میرے باپ کے پاس بھی آئے۔ آپ آ کر دروازے پر کھڑے ہو گئے' فرمایا: السلام علیکم! کیا آپ نہیں نکلیں گے کہ اس قوم کے خلاف میری مدد کریں؟ میرے باپ نے جواب دیا: کیوں نہیں! اگر آپ چاہیں' اے بیٹی! مجھے تلوار پکڑاؤ' میں نے تلوار پیش کی' اسے اپنی گود میں رکھ کو سونتا۔ عرض کی: میرے خلیل اور آپ کے چچازاد بھائی ﷺ نے مجھے حکم دیا تھا کہ جب مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان جنگ ہو تو تو

860- اخرجه ابن ماجة فی سننه جلد 2صفحه1309 رقم الحديث: 3960' واحمد فی مسنده جلد 5صفحه69' جلد6صفحه393 رقم الحديث: 27243 كلاهما عن عبد الله بن عبيد عن عديسة بن اهبان عن ابيها به .

الْمُسْلِمِينَ، اَنِ اتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَاسْتَلَّ بَعْضَهُ وَهُوَ فِي حِجْرِهِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ مَعَكَ بِهٰذَا، قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيكَ

تلوار لکڑی کی بنالینا' آپ نے اس تلوار کا کچھ حصہ باہر نکالا تھا' وہ ابھی ان کی گود میں تھی' عرض کی: اگر آپ چاہیں تو یہ تلوار ہاتھ میں لے کر آپ کے ساتھ نکلوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے تیری ضرورت نہیں ہے۔

861 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الْقَسْمَلِيِّ، عَنْ بِنْتِ اُهْبَانَ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَى اُهْبَانَ، فَقَالَ: مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اتِّبَاعِي؟ فَقَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي، يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ وَفُرْقَةٌ، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَاكْسِرْ سَيْفَكَ، وَاتَّخِذْ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ وَاَمَرَ اَهْلَهُ حِينَ ثَقُلَ اَنْ يُكَفِّنُوهُ، وَلَا يُلْبِسُوهُ قَمِيصًا، فَاَلْبَسْنَاهُ قَمِيصًا، فَاَصْبَحْنَا وَالْقَمِيصُ عَلَى الْمِشْجَبِ

حضرت عدیسہ بنت اھبان فرماتی ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اھبان کے پاس آئے' فرمایا: تمہیں میری اتباع کرنے سے کون سی شی رکاوٹ ہے؟ اھبان نے عرض کی: میرے دوست حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وصیت کی تھی کہ عنقریب فتنے اور فرقے ہوں گے' جب یہ معاملہ ہو تو تم اپنی تلوار توڑ دینا اور لکڑی کی تلوار بنالینا۔ آپ نے اپنے گھر والوں کو حکم دیا جس وقت بیمار ہوئے کہ کفن میں قمیص نہ پہنانا' ہم نے قمیص پہنائی' پھر ہم نے اس حالت میں صبح کی کہ قمیص کھونٹی پر موجود تھی۔

862 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ اُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ الْغِفَارِيِّ، عَنْ اَبِيهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا رَاَيْتَ رَجُلَيْنِ مِنْ اُمَّتِي يَقْتَتِلَانِ عَلَى الْمَالِ، فَاَعِدَّ عِنْدَ ذٰلِكَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ

حضرت عدیسہ بنت اھبان بن صیفی غفاری اپنے والد سے روایت کرتی ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میری اُمت کے دو آدمیوں کو مال کے لیے لڑتے ہوئے دیکھو تو اس وقت اپنی تلوار لکڑی کی بنالینا۔

863 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ

حضرت عدیسہ بنت اھبان بن صیفی فرماتی ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ بصرہ تشریف لائے تو آپ

مُؤَذِّنُ مَسْجِدِ جَرَادَانَ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْبَصْرَةَ جَاءَنَا إِلَى الْمَنْزِلِ، فَقَالَ: هَهُنَا أَبُو مُسْلِمٍ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: أَلَا تُعِينُنَا عَلَى هَذَا الْأَمْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا جَارِيَةُ، ائْتِينِي بِذَاكَ السَّيْفِ، فَجَاءَتْ بِسَيْفِهِ فَسَلَّهُ، فَإِذَا سَيْفٌ مِنْ خَشَبٍ، فَقَالَ لَهُ أَبُو مُسْلِمٍ: إِنَّ ابْنَ عَمِّكَ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ: إِذَا كَانَتْ فِتْنَةٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَوَلَّى عَلِيٌّ غَضْبَانَ، فَقَالَ: لَيْسَ لَنَا فِيكَ حَاجَةٌ، وَلَا فِي سَيْفِكَ، قَالَ يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ: فَحَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ هَذَا الشَّيْخِ قَبْلَ أَنْ أَلْقَاهُ

ہمارے گھر آئے' آپ نے فرمایا: یہاں ابومسلم ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! میرے والد نکلے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ سے فرمایا: کیا آپ ہماری اس حوالہ سے مدد نہیں کریں گے؟ میرے والد نے عرض کی: جی ہاں! کریں گے' اے بیٹی! میرے پاس میری تلوار لاؤ۔ وہ تلوار لے کر آئی' اس کو سونتا تو وہ لکڑی کی تلوار تھی۔ ابومسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ کے چچازاد یعنی حضور پُرنور ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ جب مسلمانوں کے درمیان فتنہ ہو تو تم لکڑی کی تلوار بنا لوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حالتِ غصہ میں واپس گئے' فرمایا: ہمیں آپ کی اور آپ کی تلوار کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت یزید بن زریع فرماتے ہیں کہ یہ حدیث یونس بن عبید نے مجھے بتائی' اس شیخ سے روایت کر کے ان سے ملاقات کرنے سے پہلے۔

864 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَبِيرِ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عُدَيْسَةُ بِنْتُ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَتَى أَبَاهَا، فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَاسْتَأْذَنَ، وَقَالَ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ، مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَجِدَّ فِي هَذَا الْأَمْرِ وَتَأْخُذَ مِنْهُ بِنَصِيبِكَ؟ قَالَ: يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ عَهْدٌ عَهِدَهُ إِلَيَّ خَلِيلِي وَابْنُ عَمِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي إِذَا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَهَا هُوَ ذَا عِنْدِي، فَإِنْ شِئْتَ

حضرت عدیسہ بنت اھبان بن صیفی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے والد کے پاس آئے' دروازہ پر کھڑے ہوئے' اجازت چاہی' فرمایا: اے ابومسلم! آپ کو اس معاملہ میں شامل ہونے سے کیا رکاوٹ ہے؟ آپ بھی اس سے اپنا حصہ لیں۔ میرے والد نے کہا: مجھے اس میں حصہ ڈالنے سے رکاوٹ یہ ہے کہ میرے دوست اور آپ کے چچازاد بھائی ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا اور مجھے حکم دیا کہ جب فتنے آئیں تو تم لکڑی کی تلوار بنا لینا' تو یہ میرے پاس ہے'

قَاتَلْتُ بِهِ

اگر آپ چاہیں تو میں اس کے ساتھ لڑوں گا۔

865 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَهْدَمِ بْنِ الْحَارِثِ الْغِفَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: قَالَ لِي اُهْبَانُ بْنُ صَيْفِيٍّ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُهْبَانُ، اَمَا اِنَّكَ اِنْ بَقِيتَ بَعْدِي فَسَتَرَى فِي اَصْحَابِي اخْتِلَافًا، فَاِنْ بَقِيتَ اِلَى ذٰلِكَ الْيَوْمِ، فَاجْعَلْ سَيْفَكَ مِنْ عَرَاجِينَ قَالَ: فَجَعَلْتُ سَيْفِي مِنْ عَرَاجِينَ، فَاَتَانِي عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اُهْبَانُ، اَلَا تَخْرُجُ؟ فَقُلْتُ: بِاَبِي وَاُمِّي يَا اَبَا الْحَسَنِ، قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اَوْ اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ اَوْصَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ تَقَدَّمَ اِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - شَكَّ ابْنُ زَهْدَمٍ - فَقَالَ: يَا اُهْبَانُ، اَمَا اِنَّكَ اِنْ بَقِيتَ بَعْدِي فَسَتَرَى فِي اَصْحَابِي اخْتِلَافًا، فَاِنْ بَقِيتَ اِلَى ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَاجْعَلْ سَيْفَكَ مِنْ عَرَاجِينَ فَاَخْرَجْتُ اِلَيْهِ سَيْفِي فَوَلَّى عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت یحییٰ بن بن زھدم بن حارث غفاری فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بیان کیا کہ مجھے حضرت اھبان بن صیفی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اھبان! تُو میرے بعد زندہ رہے گا' میرے صحابہ میں اختلاف دیکھے گا' اگر تُو ان دنوں موجود ہو تو اپنی تلوار کھجور کی لکڑی سے بنالینا' تو میں نے اپنی تلوار کھجور کی لکڑی کی بنالی۔ میرے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' میرے دروازے کی چوکھٹ پکڑی' پھر سلام کیا۔ فرمایا: اے اھبان! کیا نکلیں گے؟ میں نے کہا: اے ابوالحسن! میرے ماں باپ آپ پر قربان! مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا' یا شاید مجھے وصیت کی تھی' یا شاید مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے وعدہ لیا تھا' ابن زھدم کو شک ہے' فرمایا: اے اھبان! تُو میرے بعد زندہ رہے گا' میرے صحابہ میں اختلاف دیکھے گا' اگر تُو ان دنوں زندہ رہا تو تُو اپنی تلوار کھجور کی لکڑی سے بنا کر رکھنا' میں نے اپنی تلوار رکھ لی۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس تشریف لے گئے۔

اَسْمَاءُ بْنُ حَارِثَةَ الْاَسْلَمِيُّ

حضرت اسماء بن حارث اسلمی رضی اللہ عنہ

866 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو

حضرت اسماء بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے عاشوراء کے دن حکم دیا' فرمایا: تُو اپنی قوم کے پاس جا اور ان کو آج کے دن کا روزہ

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا وَهْبٌ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ هِنْدَ بْنِ حَارِثَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَسْمَاءَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: ائْتِ قَوْمَكَ فَمُرْهُمْ اَنْ يَصُومُوا هَذَا الْيَوْمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اُرَانِي آتِيهِمْ حَتَّى يَطْعَمُوا، قَالَ: مُرْ مَنْ طَعِمَ مِنْهُمْ اَنْ يَصُومَ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

رکھنے کا حکم دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا خیال ہے کہ اُنہوں نے کھانا کھالیا ہے' آپ نے فرمایا: ان کو حکم دو کہ جس نے کھانا کھایا ہے' وہ بقیہ دن روزہ رکھے۔

867 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا اَبُوكَ غَيْلَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَسْمَاءَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا يَدَهُ اُرَاهُ عَلَى فَخِذِهِ، يُشِيرُ بِاُصْبُعِهِ فِي التَّشَهُّدِ

حضرت اسماء بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنا ہاتھ ران پر رکھا تھا اور اپنی انگلی کے ساتھ التحیات میں اشارہ کررہے تھے۔

868 - وَبِاِسْنَادِهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْصَرِفُ عَنْ شِمَالِهِ اِلَى مَنْزِلِهِ اِذَا سَلَّمَ

حضرت اسماء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ سلام پھیر لیتے تو اپنے گھر کی طرف بائیں جانب پھر کرتے۔

اَكْثَمُ بْنُ اَبِي الْجَوْنِ

حضرت اکثم بن ابوالجون رضی اللہ عنہ

869 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اَبِي نَهِيكٍ، عَنْ شِبْلِ بْنِ خُلَيْدٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَكْثَمَ بْنِ اَبِي جَوْنٍ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فُلَانٌ يَجْرِي فِي الْقِتَالِ؟ قَالَ: هُوَ فِي النَّارِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت اکثم بن ابوجون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں آدمی جنگ میں شہید ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ جہنم میں ہے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! جب فلاں اپنی عبادت اور کوشش اور اپنے پہلو میں نرمی کے باوجود جہنم میں ہے تو ہم کہاں ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: وہ منافق تھا لہٰذا وہ

اِذَا كَانَ فُلَانٌ فِي عِبَادَتِهِ وَاجْتِهَادِهِ وَلِينِ جَانِبِهِ فِي النَّارِ، فَأَيْنَ نَحْنُ؟ قَالَ: إِنَّمَا ذَلِكَ اِخْبَاتُ النِّفَاقِ، وَهُوَ فِي النَّارِ قَالَ: كُنَّا نَتَحَفَّظُ عَلَيْهِ فِي الْقِتَالِ، كَانَ لَا يَمُرُّ بِهِ فَارِسٌ، وَلَا رَاجِلٌ إِلَّا وَثَبَ عَلَيْهِ، فَكَثُرَ عَلَيْهِ جِرَاحُهُ، فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتُشْهِدَ فُلَانٌ، قَالَ: هُوَ فِي النَّارِ فَلَمَّا اشْتَدَّ بِهِ أَلَمُ الْجِرَاحِ أَخَذَ سَيْفَهُ فَوَضَعَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ اتَّكَأَ عَلَيْهِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ ظَهْرِهِ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ تُدْرِكُهُ الشِّقْوَةُ أَوِ السَّعَادَةُ عِنْدَ خُرُوجِ نَفْسِهِ، فَيُخْتَمُ لَهُ بِهَا

جہنم میں ہے' ہم نے اس کی لڑائی میں حفاظت کی' اس کے پاس سے کوئی گھوڑے والا' کوئی پیدل گزرتا تو اس پر گرتا' اس کو زیادہ زخم آئے۔ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں شہید ہوا ہے' آپ نے فرمایا: وہ جہنم میں ہے۔ میں نے اس کے زخم کی شدت محسوس کی' اس نے تلوار پکڑی اور اسے اپنے سینہ پر رکھا' اس کو زور دیا تو وہ اس کی پشت کی طرف سے نکل گئی۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی جنت والے عمل کرتا ہے لیکن وہ جہنم والوں میں سے ہوتا ہے اور ایک آدمی جہنم والے عمل کرتا ہے لیکن وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے' یا تو اس کی بدبختی یا سعادتمندی روح نکلتے وقت آتی ہے' اسی پر اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

أُذَيْنَةُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ اللَّيْثِيُّ وَهُوَ أُذَيْنَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ يَعْمَرَ بْنِ عَوْفِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لَيْثٍ

حضرت اذنیہ ابوعبدالرحمٰن لیثی رضی اللہ عنہ' آپ کا نسب اذینہ بن حارث بن یعمر بن عوف بن کعب بن عامر بن لیث ہے

870 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا دَاوُدُ

حضرت عبدالرحمن بن اذینہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کام کے نہ کرنے پر قسم اٹھائی' پھر اس کے کرنے میں بہتری دیکھی تو وہ کام کرے جو بہتر

بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، وَمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أُذَيْنَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

أَصْرَمُ

حضرت اصرم رضی اللہ عنہ

871 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا بَشِيرُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ، عَنْ أَصْرَمَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي اشْتَرَيْتُ عَبْدًا فَادْعُ اللَّهَ لَهُ بِالْبَرَكَةِ وَسَمِّهِ، فَقَالَ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: أَصْرَمُ، قَالَ: بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ قَالَ: فَمَا تُرِيدُهُ؟ قَالَ: زَرَّاعًا، قَالَ: فَهُوَ عَاصِمٌ

حضرت اصرم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے غلام خریدا ہے' اللہ عزوجل سے اس کے لیے دعا کریں اور اس کے نام کے لیے۔ آپ نے فرمایا: تیرا نام کیا ہے؟ عرض کی: اصرم! آپ نے فرمایا: تمہارا نام زرعہ ہے' آپ نے فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے؟ عرض کی: زرّاعا! آپ نے فرمایا: اس کا نام عاصم ہے۔

الْأَسْلَعُ بْنُ شَرِيكٍ الْأَشْجَعِيُّ

حضرت اسلع بن شریک اشجعی

872 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَا: ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَجُلٍ مِنَّا، يُقَالُ لَهُ: الْأَسْلَعُ، قَالَ: كُنْتُ أَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَرْحَلُ لَهُ، فَقَالَ لِي ذَاتَ لَيْلَةٍ يَا أَسْلَعُ، قُمْ فَارْحَلْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ،

حضرت ربیع بن بدر فرماتے ہیں کہ میرے والد نے اپنے والد سے روایت کیا' انہوں نے ہم میں سے ایک آدمی سے روایت کیا' ان کا نام اسلع ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کا خادم تھا اور آپ کی سواری تیار کرتا تھا' مجھے ایک رات آپ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو! سواری تیار کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر غسل فرض ہے۔ حضرت اسلع رضی اللہ عنہ فرماتے

اَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِآيَةِ الصَّعِيدِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا اَسْلَعُ فَتَيَمَّمْ قَالَ: فَقُمْتُ، فَتَيَمَّمْتُ، ثُمَّ رَحَلْتُ لَهُ، فَسَارَ حَتَّى مَرَّ بِمَاءٍ، فَقَالَ لِي: يَا اَسْلَعُ مِسَّ - اَوْ اَمِسَّ - هَذَا جِلْدَكَ، قَالَ: وَاَرَانِي اَبِي التَّيَمُّمَ كَمَا اَرَاهُ اَبُوهُ: ضَرْبَةٌ لِلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

ہیں: حضور ﷺ خاموش ہو گئے' آپ کی بارگاہ میں حضرت جبریل علیہ السلام تیمّم کے حکم والی آیت لائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو اور تیمّم کرو۔ حضرت اسلع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُٹھا اور میں نے تیمّم کیا۔ پھر میں نے آپ کی سواری تیار کی' تھوڑی دیر چلے' پانی کے پاس سے گزرے۔ مجھے فرمایا: اے اسلع! یہ پانی کے ساتھ غسل کرو۔ حضرت ربیع فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے تیمّم کا طریقہ سکھایا جس طرح ان کے والد نے ان کو سکھایا تھا' ایک ضرب چہرے کے لیے اور ایک ضرب دونوں ہاتھوں کے لیے کہنیوں تک۔

873 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْاَسْلَعِ رَجُلٍ مِنْ بَنِي الْاَعْرَجِ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كُنْتُ اَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: يَا اَسْلَعُ، قُمْ اَرِنِي كَيْفَ كَذَا وَكَذَا؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، فَسَكَتَ عَنِّي سَاعَةً، حَتَّى جَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالصَّعِيدِ التَّيَمُّمِ، قَالَ: قُمْ يَا اَسْلَعُ فَتَيَمَّمْ قَالَ: ثُمَّ اَرَانِي الْاَسْلَعَ كَيْفَ عَلَّمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّيَمُّمَ، قَالَ: ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّيْهِ الْاَرْضَ، ثُمَّ نَفَضَهُمَا، ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ حَتَّى اَمَرَّ عَلَى لِحْيَتِهِ، ثُمَّ اَعَادَهُمَا اِلَى الْاَرْضِ،

حضرت اسلع رضی اللہ عنہ بنی اعرج بن کعب کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی خدمت کرتا تھا' مجھے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو! مجھے بتاؤ کہ تم نے ایسے ایسے کیوں کیا؟ میں نے عرض کی: مجھ پر غسل فرض تھا' آپ مجھ سے تھوڑی دیر گفتگو کر کے خاموش ہو گئے' آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام مٹی کے ساتھ تیمّم کا حکم لے کر آئے تو آپ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو اور تیمّم کرو۔ اسلع نے تیمّم کیا' اسلع نے مجھے بتایا کہ حضور ﷺ نے تیمّم کرنے کا طریقہ کیسے بتایا تھا؟ فرمایا: حضور ﷺ نے اپنی ہتھیلی زمین پر ماری پھر اس کو جھاڑا' پھر دونوں ہاتھوں کے ساتھ چہرے پر مسح کیا یہاں تک کہ داڑھی کے اوپر سے ملا' پھر دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور

فَمَسَحَ بِكَفَّيْهِ الْاَرْضَ، فَذَلَكَ اِحْدَاهُمَا بِالْاُخْرَى، ثُمَّ نَفَضَهُمَا، ثُمَّ مَسَحَ ذِرَاعَيْهِ ظَاهِرَهُمَا وَبَاطِنَهُمَا

دونوں کو زمین سے رگڑا' ایک کو دوسرے پر ملا' پھر دونوں کو جھاڑا' دونوں ہاتھوں کو آگے پیچھے سے مسح کیا۔

874 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ اَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ رُزَيْقٍ الْمَالِكِيُّ، مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدٍ، عَاشَ مِائَةً وَسَبْعَ عَشْرَةَ سَنَةً، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَسْلَعِ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنْتُ اُرَحِّلُ نَاقَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ فِي لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ، وَاَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرِّحْلَةَ، وَكَرِهْتُ اَنْ اَرْحَلَ نَاقَتَهُ، وَاَنَا جُنُبٌ، وَخَشِيتُ اَنْ اَغْتَسِلَ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ فَاَمُوتَ اَوْ اُمَرِّضَ، فَاَمَرْتُ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَرَحَلَّهَا، وَوَضَعْتُ اَحْجَارًا، فَاَسْخَنْتُ بِهَا مَاءً فَاغْتَسَلْتُ، ثُمَّ لَحِقْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ، فَقَالَ: يَا اَسْلَعُ، مَا لِي اَرَى رِحْلَتَكَ تَغَيَّرَتْ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ اَرْحَلْهَا، رَحَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: وَلِمَ؟ فَقُلْتُ: اِنِّي اَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ فَخَشِيتُ الْقُرَّ عَلَى نَفْسِي، فَاَمَرْتُهُ اَنْ يَرْحَلَهَا، وَوَضَعْتُ اَحْجَارًا فَاَسْخَنْتُ مَاءً وَاغْتَسَلْتُ بِهِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُكَارَى) (النساء: 43) اِلَى: (اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا) (النساء: 43)

حضرت اسلع بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی اونٹنی تیار کرتا تھا' مجھ پر سرد رات میں غسل فرض ہو گیا' حضور ﷺ نے سفر کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے حالتِ جنابت میں آپ کی اونٹنی کو تیار کرنا ناپسند کیا اور میں لوٹ گیا کہ اگر ٹھنڈے پانی سے غسل کروں گا تو مر جاؤں گا' یا بیمار ہو جاؤں گا۔ میں نے انصار کے ایک آدمی کو حکم دیا تو اُس نے (سواری) تیار کی' میں نے پتھر نما (برتن) رکھا اس میں پانی گرم کیا اور میں نے غسل کیا' پھر حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ سے ملا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے اسلع! میں نے دیکھا کہ سواری جو تیار کی ہے درست نہیں کی ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں نے تیار نہیں کی' انصار میں سے ایک آدمی نے کی ہے۔ آپ نے فرمایا: تُو نے کیوں نہیں کی؟ میں نے عرض کی: مجھ پر غسل فرض ہوا تھا تو میں نے حالتِ جنابت میں تیار کرنے کو ناپسند کیا' اس لیے میں نے کسی کو تیار کرنے کا حکم دیا' میں نے پتھر نما برتن رکھا اور اس میں پانی گرم کیا پھر اس کے ساتھ غسل کیا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اے ایمان والو! نماز کے قریب نہ جاؤ اس حالت میں کہ تم نشہ میں ہو' یہاں تک ''بے شک اللہ عزوجل معاف کرنے والا' بخشنے والا ہے''۔

الْاَقْرَعُ بْنُ

حضرت اقرع بن

حَابِسٌ التَّمِيمِيُّ الْمُجَاشِعِيُّ

875 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا وَهْبٌ، ثنا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْاَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ، اَنَّهُ نَادَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّ حَمْدِي زَيْنٌ، وَاِنَّ ذَمِّي شَيْنٌ فَقَالَ: ذَاكُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حابس تمیمی مجاشعی رضی اللہ عنہ

حضرت اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو آپ کے گھر کے باہر سے آواز دی' عرض کی: اے محمد ﷺ! میری حمد خوبصورت بنا دیتی ہے اور میری مذمت عیب دار بنا دیتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل قبول کرے!

الْاَغَرُّ الْمُزَنِيُّ

876 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ، اَنَّ الْاَغَرَّ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ مُزَيْنَةَ، كَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَتْ لَهُ اَوْسُقٌ مِنْ تَمْرٍ عَلَى رَجُلٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَاخْتَلَفَ اِلَيْهِ مِرَارًا، قَالَ: فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ مَعِي اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: وَكُلُّ مَنْ لَقِينَا سَلَّمُوا عَلَيْنَا، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلَا اَرَى النَّاسَ يَبْدَاُونَكَ بِالسَّلَامِ فَيَكُونَ لَهُمُ الْاَجْرُ، فَابْدَاْهُمْ بِالسَّلَامِ يَكُنْ لَكَ الْاَجْرُ

حضرت اغر مزنی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت اغر جو کہ مزینہ قبیلہ سے ایک آدمی ہیں' ان کو صحابیٔ رسول ﷺ ہونے کا شرف حاصل ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میری کھجوروں کا ایک اوسق بنی عمرو بن عوف کے ایک آدمی کے ذمہ تھا' اس سے کئی دفعہ اختلاف ہوا۔ حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے میرے ساتھ حضرت ابوبکر کو بھیجا۔ حضرت اغر فرماتے ہیں: جو بھی ہم کو ملتا وہ ہم کو سلام کرتا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ تجھے سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں' ان کے لیے ثواب ہے' تو بھی ان سے سلام کرنے میں ابتداء کر' تیرے لیے بھی ثواب ہوگا۔

877 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت اغر قبیلہ مزینہ والے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ الْاَغَرِّ، اَغَرِّ مُزَيْنَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ لِي بِجُزْءٍ مِنْ تَمْرٍ عِنْدَ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَمَطَلَنِي بِهِ، فَكَلَّمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اغْدُ مَعَهُ يَا اَبَا بَكْرٍ فَخُذْ لَهُ تَمْرَهُ فَوَعَدَنِي اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْمَسْجِدَ اِذَا صَلَّيْنَا الصُّبْحَ، فَوَجَدْتُهُ حَيْثُ وَعَدَنِي، فَانْطَلَقْنَا، فَكُلَّمَا رَاَى اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ مِنْ بَعِيدٍ سَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَمَا تَرَى مَا يُصِيبُ الْقَوْمُ عَلَيْكَ مِنَ الْفَضْلِ، لَا يَسْبِقُكَ اِلَى السَّلَامِ اَحَدٌ، فَكُنَّا اِذَا طَلَعَ الرَّجُلُ بَادَرْنَاهُ بِالسَّلَامِ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْنَا

نے میرے لیے حکم دیا انصار کے ایک آدمی کے پاس سے کھجوروں کے لینے کا' تو اُس نے دینے سے ٹال مٹول کی' میں نے رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کی تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر! صبح اس کے ساتھ جاؤ! اس کو کھجوریں لے کر دو۔ حضرت ابوبکر نے مجھ سے مسجد کا وعدہ کیا' جب ہم نے صبح کی نماز پڑھی تو میں نے ایسے ہی پایا جس طرح وعدہ کیا تھا۔ ہم دونوں چلے' جب حضرت ابوبکر کو دور سے کوئی آدمی دیکھتا تو آپ کو سلام کرتا' حضرت ابوبکر نے فرمایا: کیا بات ہے کہ لوگ آپ سے نیکیوں میں سبقت لے گئے ہیں' ہم پر کوئی سلام کرتا ہے جب بھی ہمارے پاس کوئی آدمی آئے گا تو ہم اُن کو سلام کریں گے اُس کے سلام کرنے سے پہلے۔

878 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ شَبِيبٍ اَبِي رَوْحٍ، عَنِ الْاَغَرِّ، مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَرَاَ سُورَةَ: الرُّومِ

حضرت اغر' حضور ﷺ کے صحابی سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی' آپ نے سورۂ روم پڑھی۔

879 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بُرْدَةَ يُحَدِّثُنَا، عَنِ الْاَغَرِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ يَقُولُ: اِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ

حضرت اغر صحابیٔ رسول ﷺ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں دن میں سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں (اُمت کے لیے)۔

اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ

880 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنِ الْاَغَرِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّهَا النَّاسُ، تُوبُوا اِلَى رَبِّكُمْ، فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَاَتُوبُ اِلَى رَبِّي فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ،

حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! تم اپنے رب سے توبہ کرو' اللہ کی قسم! میں اپنے رب سے ایک دن میں سو مرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت اغر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

881 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: جَلَسْتُ اِلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، تُوبُوا اِلَى اللّٰهِ وَاسْتَغْفِرُوا، فَاِنِّي اَتُوبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! تم اپنے رب سے توبہ کرو' اللہ کی قسم! میں اپنے رب سے ایک دن میں سو مرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

882 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابو بردہ' مہاجرین کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! اللہ سے بخشش مانگو اور توبہ

879- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2075 رقم الحديث: 2702 عن أبي بردة عن الأغر به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ وَتُوبُوا اِلَيْهِ، فَاِنِّي اَسْتَغْفِرُ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ، اَوْ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، اَوْ اَكْثَرَ مِنْ مَرَّةٍ

کرو کیونکہ میں دن سے سومرتبہ سے زیادہ بخشش اور توبہ کرتا ہوں۔

883 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شَاذَانَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلَى قَلْبِي حَتَّى اَسْتَغْفِرَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے دل میں میری اُمت کا غم آتا ہے' تو میں دن (میں اپنی اُمت کے لیے) سومرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

884 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ فَضَالَةَ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنِ الْاَغَرِّ الْمُزَنِيِّ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلَى قَلْبِي، وَاِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے دل میں میری اُمت کا غم آتا ہے' تو میں دن (میں اپنی اُمت کے لیے) سومرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

885 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ بَحْرٍ الْبَيْرُودِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنِ الْاَغَرِّ، قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلَى قَلْبِي وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت اغر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے دل میں میری اُمت کا غم آتا ہے' میں اللہ عزوجل سے سومرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ الْقَاضِي، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ الْوَلِيدِ النَّرْسِيَّ، يَقُولُ:

حضرت عباس بن ولید فرماتے ہیں کہ میں نے ابوعبیدہ معمر بن مثنیٰ سے ''اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلَى قَلْبِي'' کی

سَاَلْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ مَعْمَرَ بْنَ الْمُثَنّٰى، عَنْ تَفْسِيرِ قَوْلِهِ: اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِي فَلَمْ يُفَسِّرْهُ لِي، وَسَاَلْتُ الْاَصْمَعِيَّ عَنْهُ فَلَمْ يُفَسِّرْهُ

تفسیر پوچھی تو آپ نے میرے لیے کوئی تفسیر نہیں کی' میں نے اصمعی سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے بھی اس کی تفسیر نہیں کی۔

فائدہ: اس حدیث کی شرح حکیم الامت' سفیر عشق مصطفےٰ ﷺ مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں: حق یہ ہے کہ یہاں غین سے مراد اپنی اُمت کے گناہوں کو دیکھ کر غم فرمانا ہو اور استغفار سے مراد ان گنہگاروں کے لیے استغفار کرنا ہو۔ حضور انور ﷺ تا قیامت اپنی اُمت کے سارے حالات پر مطلع ہیں' ان گناہوں کو دیکھتے ہیں' دل کو صدمہ ہوتا ہے اور اس صدمے کے جوش میں انہیں دعائیں دیتے ہیں' اس کی تائید قرآن کی اس آیت سے ہوتی ہے: ''عزیز علیه ما عنتم'' اے مسلمانو! تمہاری تکلیفیں ان پر گراں ہیں۔ (مراۃ المناجیح جلد ۳ صفحہ ۳۵۳' مکتبہ اسلامیہ)

886 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا خَالِدُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ، عَنِ الْاَغَرِّ الْمُزَنِيِّ، اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي اَصْبَحْتُ وَلَمْ اُوتِرْ، فَقَالَ: اِنَّمَا الْوِتْرُ بِاللَّيْلِ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي اَصْبَحْتُ وَلَمْ اُوتِرْ، قَالَ: فَاَوْتِرْ

حضرت اغر مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے صبح کی اور میں نے وتر ادا نہیں کیے۔ آپ نے فرمایا. وتر رات کو ہیں۔ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے صبح کی اور میں نے وتر ادا نہیں کیے۔ آپ نے فرمایا: وتر پڑھ لو۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اَسْعَدُ اَسْعَدُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ لَوْذَانَ الْاَنْصَارِيُّ

یہ باب ہے جس کا نام سعد ہے' اسعد بن حارث بن لوذان انصاری رضی اللہ عنہ

887 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ: اَسْعَدُ بْنُ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ جسر کے دن انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام اسعد بن حارثہ بن لوذان کا بھی ہے۔

حَارِثَةَ بْنِ لَوْذَانَ

اَسْعَدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت اسعد بن زید انصاری بدری رضی اللہ عنہ

888 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: اَسْعَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْفَاكِهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خَلْدَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَجْلَانَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت اسعد بن زید بن فاکہ بن زید بن خلدہ بن عامر بن عجلان کا بھی ہے۔

اَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ وَيُكَنَّى اَبَا اُمَامَةَ، تُوُفِّيَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَنَةِ اِحْدَى مِنَ الْهِجْرَةِ

حضرت اسعد بن زرارہ انصاری بنی نجار سے' ان کی کنیت ابوامامہ ہے' آپ کا وصال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں یکم ہجری میں ہوا تھا

889 - حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا ابْنُ اِسْحَاقَ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: فِي سَنَةِ اِحْدَى هَلَكَ اَبُو اُمَامَةَ اَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ اَخَذَتْهُ الذُّبْحَةُ، وَالْمَسْجِدُ يُبْنَى

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ یکم ہجری میں ابوامامہ اسعد بن زرارہ کا وصال ہوا' ان کو خناق کی بیماری ہوئی تھی' اس حالت میں کہ مسجد بنائی جارہی تھی۔

890 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ

حضرت امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت اسعد بن زرارہ عقبہ کی رات نقباء میں سے

زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ كَانَ اَحَدَ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ

ایک تھے۔

891 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا عَمِّی، اَنَّ اَبَا اُمَامَةَ اَصَابَهُ وَجَعٌ يُسَمِّيهِ اَهْلُ الْمَدِينَةِ الذُّبَحَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاُبْلِيَنَّ- اَوْ لَاَبْلُغَنَّ- فِی اَبِی اُمَامَةَ عُذْرًا قَالَ: فَكَوَاهُ بِيَدِهِ فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِيَّةُ سُوءٍ لِلْيَهُودِ تَقُولُ: اَلَا رُفِعَ عَنْ صَاحِبِهِ، وَمَا اَمْلِكُ لَهُ وَلَا لِنَفْسِی مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن اسعد بن زرارہ سے روایت ہے کہ مجھے میرے چچا نے بیان کیا کہ حضرت ابوامامہ کو بیماری لگی' اہل مدینہ اس کا نام خناق رکھتے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوامامہ کے علاج کے لیے ضرور کوشش کروں گا۔ آپ نے اپنے دستِ مبارک سے داغا' وہ وصال کر گئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہود کے پاس بُرائی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اپنے ساتھی سے بیماری دور نہ کر سکا۔ آپ نے فرمایا: میں اپنے لیے اور کسی کے لیے اللہ کے ہاں کسی شی کا مالک نہیں ہوں۔

892 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِی النَّجَّارِ: اَبُو اُمَامَةَ اَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ، وَهُوَ نَقِيبٌ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ عقبہ کی رات انصار اور بنی نجار میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ابوامامہ اسعد بن زرارہ کا بھی ہے' یہ نقیب ہیں۔

893 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِیُّ، عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ النَّصْرِیِّ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ، قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّ النَّبِیَّ

حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب کو کہا گیا کہ حضور ﷺ نے ضحاک بن قیس کی طرف لکھا ہے کہ اشیم ضبابی کی بیوی اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہے۔

891- أخرجه ابن ماجه فی سننه جلد **2** صفحه **1155** رقم الحديث: **3492**' وأبو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد **4** صفحه **212** رقم الحديث: **2197** كلاهما عن شعبة عن محمد بن أسعد بن عبد الرحمٰن عن عمه به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ اَنْ: يُوَرِّثَ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضَّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

894 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَّانِي، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُظِلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ، فَلْيُيَسِّرْ عَلَى مُعْسِرٍ اَوْ لِيَضَعْ عَنْهُ

حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اللہ عزوجل اس کو اپنی رحمت کا سایہ عطا کرے، جس دن صرف اسی کی رحمت کا سایہ ہوگا، وہ تنگ دست کو مہلت دے دیا اُس کو معاف کردے۔

895 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ قَائِدَ اَبِي حِينَ خَفَّ بَصَرُهُ، فَاِذَا خَرَجْتُ بِهِ اِلَى الْجُمُعَةِ اسْتَغْفَرَ لِاَبِي اُمَامَةَ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، فَقُلْتُ: يَا اَبَتَاهُ، اَرَاَيْتَ اسْتِغْفَارَكَ لِاَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ كُلَّمَا سَمِعْتَ الْاَذَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟ فَقَالَ: يَا بُنَيَّ اِنَّ اَسْعَدَ اَوَّلُ مَنْ جَمَعَ بِنَا بِالْمَدِينَةِ قَبْلَ مَقْدِمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَزْمٍ مِنْ حَرَّةِ بَنِي بَيَاضَةَ فِي نَقِيعِ الْهَضَبَاتِ قُلْتُ: وَكَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: اَرْبَعِينَ رَجُلًا

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کا ہاتھ پکڑ کر چلتا تھا جس وقت ان کی بینائی چلی گئی تھی، جب میں ان کو لے کر جمعہ کے لیے نکلا تو میرے والد نے ابوامامہ اسعد بن زرارہ کے لیے بخشش مانگی، میں نے عرض کی: اے اباجان! میں نے آپ کو اسعد بن زرارہ کے لیے بخشش مانگتے ہوئے دیکھا ہے، جب بھی آپ جمعہ کے دن اذان سنتے ہیں؟ میرے والد نے فرمایا: اسعد وہ پہلا شخص ہے جس نے ہم کو ایک ہموار زمین پر پہاڑی سلسلہ کی صاف فضا میں، وہ جگہ حرہ بنی بیاضہ کے نام سے مشہور تھی، جمع کیا حضور ﷺ کے آنے سے پہلے۔ میں نے کہا: اس دن آپ کی تعداد کتنی تھی؟ فرمایا: چالیس آدمی تھے۔

895- أخرجه أبو داؤد فی سننه جلد1صفحه280 رقم الحديث: 1069، والحاكم فی مستدركه جلد 1صفحه417 رقم الحديث: 1039 .

اَسْعَدُ بْنُ سَلَامَةَ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت اسعد بن سلامہ انصاری رضی اللہ عنہ

896 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اَسْعَدُ بْنُ سَلَامَةَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ یمامہ کے دن انصار میں سے اور بنی عبدالاشہل میں سے جو شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے اسعد بن سلامہ کا نام بھی ہے۔

اَسْعَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَبُو اُمَامَةَ لَهُ رُؤْيَةٌ

حضرت اسعد بن سہل بن حنیف ابوامامہ رضی اللہ عنہ ان کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے

897 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ سَنَةَ مِائَةٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف کا وصال سو ہجری میں ہوا۔

898 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ صَلَّى الضُّحَى رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْنَى بِاَبِي الزَّوَائِدِ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے سب سے پہلے جس آدمی نے نمازِ چاشت پڑھی اُن کی کنیت ابوزوائد تھی۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اَقْرَمُ وَاحِدٌ
اَقْرَمُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ

899 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا اَبُو الْمُثَنّٰى سُلَيْمَانُ بْنُ يَزِيدَ الْكَعْبِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ اَقْرَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كُنْتُ اَرْعَى غَنَمًا بِالْقَاعِ مِنْ نَمِرَةَ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَهَا، فَاَقَامَ الصَّلَاةَ، فَصَلّٰى بِاَصْحَابِهِ فَصَلَّيْتُ مَعَهُمْ كَاَنِّي اَرَى عُفْرَةَ مَا تَحْتَ مَنْكِبَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَاجِدٌ

یہ باب ہے جن کا نام اقرم ہے' ایک ہیں اقرم ابوعبداللہ خزاعی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن اقرم اپنے والد اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں لقاع مقام نمرہ میں بکریاں چراتا تھا' میں نے حضور ﷺ کو اُترتے ہوئے دیکھا' آپ نے نماز پڑھائی' آپ کے صحابہ نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی تو میں نے ان کے ساتھ نماز پڑھی' گویا میں اب بھی آپ کے کندھوں کے نیچے کی سفیدی کو حالتِ سجدہ میں دیکھ رہا ہوں۔

اَلْاَرْقَمُ بْنُ اَبِي الْاَرْقَمِ الْمَخْزُومِيُّ بَدْرِيٌّ

900 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ ثُمَّ مِنْ بَنِي مَخْزُومِ بْنِ نُقْطَةَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ: اَلْاَرْقَمُ بْنُ اَبِي الْاَرْقَمِ، وَاسْمُ اَبِي الْاَرْقَمِ عَبْدُ مَنَافٍ، وَيُكْنَى اَبَا خِنْدِفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ

حضرت ارقم بن ابوارقم مخزومی بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ قریش اور بنی مخزوم بن نقطہ بن مرہ بن کعب میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' اُن کے ناموں میں سے ارقم بن ابوارقم کا بھی ہے' ابوارقم کا نام عبدمناف ہے' کنیت ابوخندف بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔

901 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَلْاَرْقَمُ بْنُ اَبِي

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ارقم بن ابوارقم کا بھی ہے۔

الْاَرْقَمِ

902 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ، عَنْ جَدِّهِ الْاَرْقَمِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آوَى فِي دَارِهِ عِنْدَ الصَّفَا حَتَّى تَكَامَلُوا اَرْبَعِينَ رَجُلًا مُسْلِمِينَ، وَكَانَ آخِرُهُمْ اِسْلَامًا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا كَانُوا اَرْبَعِينَ خَرَجُوا اِلَى الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُوَدِّعَهُ وَاَرَدْتُ الْخُرُوجَ اِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ قُلْتُ: اُرِيدُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، قَالَ: وَمَا يُخْرِجُكَ اِلَيْهِ، اَفِي تِجَارَةٍ؟ قُلْتُ: لَا، وَلٰكِنِّي اُصَلِّي فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ هٰهُنَا خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ ثَمَّ

حضرت عثمان بن عبداللہ بن ارقم اپنے دادا ارقم جو کہ بدری ہیں' سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے گھر صفاء کے پاس پناہ دی تھی یہاں تک کہ چالیس مسلمان مکمل ہوئے' ان میں سے سب سے آخر میں اسلام لانے والے حضرت عمر بن خطاب ہیں' جب چالیس ہو گئے تو مشرکین کی طرف نکلے۔ راوی کا بیان ہے: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تا کہ آپ سے اجازت لوں' میرا ارادہ بیت المقدس جانے کا تھا' پس رسول کریم ﷺ نے مجھ سے پوچھا: کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی: میں بیت المقدس جانا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہاں کوئی کام ہے' کیا تجارت کے سلسلے کا کام ہے؟ میں نے عرض کی: کوئی دنیاوی کام نہیں ہے لیکن میں بیت المقدس میں جا کر نماز ادا کروں گا' یہاں (مسجد نبوی میں) نماز پڑھنا' وہاں کی ایک ہزار نماز سے بہتر ہے۔

903 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ بْنِ اَبِي الْاَرْقَمِ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ اَبِيهِ الْاَرْقَمِ، وَكَانَ مِنْ

حضرت ارقم کا تعلق صحابہ کرام سے تھا' فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جو جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتا ہے اور ان کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے' وہ جہنم میں اپنی کمر کھینچنے والے کی طرح ہوگا۔

الارقم بن ابی الارقم المخزومی بدری

902- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه576 رقم الحديث: 6130 .

903- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه576 رقم الحديث: 6132 عن عمار بن سعد عن عثمان بن الأرقم عن أبيه به .

اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الَّذِى يَتَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيُفَرِّقُ بَيْنَهُمْ، كَالْجَارِّ قُصْبَهُ فِى النَّارِ

904 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْجَعْدِ الْوَشَّاءُ، ثنا اَبُو مُصْعَبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَدِّهِ عُثْمَانَ بْنِ الْاَرْقَمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ: ضَعُوا مَا كَانَ مَعَكُمْ مِنَ الْاَنْفَالِ

حضرت یحییٰ بن عمران اپنے دادا عثمان بن ارقم سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا: رکھ دو جو تمہارے پاس مالِ غنیمت ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اِبْرَاهِيمُ اَبُو رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْرَاهِيمُ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ اَسْلَمُ

یہ باب ہے جس کا نام ابراہیم ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ابورافع ابراہیم' ان کا نام اسلم بھی ہے

905 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَاتَ اَسْلَمُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ قَتْلِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت ہارون بن عبداللہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت اسلم' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد 35 ہجری میں فوت ہوئے۔

906 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَنَّ اسْمَ اَبِى رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمُ

حضرت عبداللہ بن محمد بن نمیر سے روایت ہے کہ اہل مدینہ میں سے ایک آدمی نے ہمیں حدیث بیان کی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ابورافع نام اسلم تھا۔

وَمَا رَوَى ابْنُ

وہ حدیث جو حضرت عبداللہ بن

عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

907 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَكُنْتُ قَدْ اَسْلَمْتُ، وَاَسْلَمَتْ اُمُّ الْفَضْلِ، وَاَسْلَمَ الْعَبَّاسُ، وَكَانَ يَكْتُمُ اِسْلَامَهُ مَخَافَةَ قَوْمِهِ، وَكَانَ اَبُو لَهَبٍ قَدْ تَخَلَّفَ عَنْ بَدْرٍ وَبَعَثَ مَكَانَهُ الْعَاصَ بْنَ هِشَامٍ، وَكَانَ لَهُ عَلَيْهِ دَيْنٌ، فَقَالَ لَهُ: اكْفِنِي هَذَا الْغَزْوَ، وَاَتْرُكُ لَكَ مَا عَلَيْكَ، فَفَعَلَ، فَلَمَّا جَاءَ الْخَبَرُ، وَكَبَتَ اللّٰهُ اَبَا لَهَبٍ، وَكُنْتُ رَجُلًا ضَعِيفًا اَنْحِتُ هَذِهِ الْاَقْدَاحَ فِي حُجْرَةٍ، وَمَرَّ بِي، فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَجَالِسٌ فِي الْحُجْرَةِ اَنْحِتُ اَقْدَاحِي وَعِنْدِي اُمُّ الْفَضْلِ، اِذِ الْفَاسِقُ اَبُو لَهَبٍ يَجُرُّ رِجْلَيْهِ- اُرَاهُ قَالَ: حَتَّى جَلَسَ عِنْدَ طُنُبِ الْحُجْرَةِ - فَكَانَ ظَهْرُهُ اِلَى ظَهْرِي، فَقَالَ النَّاسُ: هَذَا اَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ، فَقَالَ اَبُو لَهَبٍ: هَلُمَّ اِلَيَّ يَا ابْنَ اَخِي، فَجَاءَ اَبُو

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو دستیوں کے علاوہ بھی ہوتی ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو مجھے پکڑاتا رہتا تو مسلسل مجھے پکڑاتا ہی رہتا۔

958 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ صَاحِبُ الذِّرَاعِ، قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَلِلشَّاةِ غَيْرُ ذِرَاعَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ نَاوَلْتَنِي مَا زِلْتَ تُنَاوِلُنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو دستیوں کے علاوہ بھی ہوتی ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو مجھے پکڑاتا رہتا تو مسلسل مجھے پکڑاتا ہی رہتا۔

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ

حضرت عبیداللہ بن علی بن ابورافع اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

959 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا فَايِدٌ، مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: طَبَخْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ شَاةٍ فَاَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت عبیداللہ بن علی اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری بھونی' آپ نے اس سے کھایا' پھر آپ نے نمازِ عشاء پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

960 - وَبِاِسْنَادِهِ، قَالَ: ذَبَحْتُ شَاةً بِوَتَدٍ، فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي ذَبَحْتُ شَاةً بِوَتَدٍ، قَالَ: كُلُوهَا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کیل کے ساتھ بکری ذبح کی' میں حضور ﷺ کے پاس لے کر آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کیل کے ساتھ بکری ذبح کی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کو کھاؤ!

961 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ جنت البقیع میں چل رہا تھا' میں

مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبَادِلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِی فِی بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، وَاَنَا اَمْشِی خَلْفَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا هُدِيتَ لَا هُدِيتَ ثَلَاثًا، قَالَ اَبُو رَافِعٍ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِی؟ قَالَ: لَيْسَ اِيَّاكَ اُرِيدُ، اِنَّمَا اُرِيدُ صَاحِبَ هَذَا الْقَبْرِ، يُسْاَلُ عَنِّی، فَيَزْعُمُ اَنَّهُ لَا يَعْرِفُنِی فَاِذَا هُوَ قَبْرٌ قَدْ رُشَّ عَلَيْهِ الْمَاءُ حِينَ دُفِنَ صَاحِبُهُ

آپ کے پیچھے چل رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: تجھے ہدایت نہیں دی گئی' ہدایت نہیں دی گئی۔ تین مرتبہ فرمایا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے تجھے مراد نہیں لیا' میں نے یہ قبر والا مراد لیا ہے' اس سے میرے متعلق پوچھا گیا تو اس کا خیال تھا کہ وہ مجھے پہچانتا نہیں تھا' اچانک میری نظر پڑی تو وہ ایک قبر ہے اس پر پانی ڈالا گیا ہے' جس وقت اس کے مالک نے اس کو دفن کیا۔

962 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ فَائِدٍ، مَوْلَى عَبَادِلَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: اَمَرَنِی النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُصْلِیَ لَهُ شَاةً، فَصَلَيْتُهَا لَهُ، فَقَالَ: نَاوِلْنِی الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِی الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِی الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَمْ لَهَا مِنْ ذِرَاعٍ؟ فَقَالَ: اَمَا لَوْ سَكَتَّ لَوَجَدْتَهَا مَا دَعَوْتُكَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور نے بکری بھوننے کا حکم دیا' میں نے اس کو بھونا تو آپ نے مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو دستی دی' پھر آپ نے مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو دستی دی' پھر مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کتنی دستی ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: اگر تو خاموش رہتا تو میں تجھ سے مانگتا رہتا اور تو پاتا رہتا۔

سَلْمَى اُمُّ بَنِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

بنی رافع کی ماں سلمیٰ' حضرت ابورافع سے روایت کرتی ہیں

963 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ عَمَّتِهِ سَلْمَى، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ:

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے اس حالت میں کہ ہمارے پاس بھونی ہوئی بکری تھی' آپ نے فرمایا: اے

سلمیٰ ام بنی رافع عن ابی رافع

دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا شَاةٌ مَطْبُوخَةٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهَلْ لِلشَّاةِ اِلَّا ذِرَاعَانِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ سَكَتَّ لَاَعْطَيْتَنِي اَذْرُعًا مَا دَعَوْتُهَا

ابورافع! مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے پکڑائی تو آپ نے تناول فرمائی' پھر فرمایا: مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے پکڑائی تو آپ نے تناول فرمائی' پھر مجھے فرمایا: مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو ہی تو دستی ہوتی ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو خاموش رہتا تو مجھے دستی پہ دستی دیتا رہتا' جب تک میں اسے مانگتا رہتا۔

964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ سَلْمَى، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: جَاءَ نَاسٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِي اَمَرْتَ بِقَتْلِهَا؟ - يَعْنِي الْكِلَابَ - فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَسْاَلُونَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ) (المائدة: 4) الْآيَةَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس اُمت سے ہمارے لیے کیا ہے' جس کے مارنے کا آپ نے حکم دیا ہے؟ یعنی کتوں کے متعلق' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال ہے''۔

965 - وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ سَلْمَى اُمِّ رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ يَسْتَاْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهُ، فَاَبْطَاَ عَلَيْهِ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام آئے' رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی' آپ نے اجازت دی' اُنہوں نے آپ کے پاس آنے میں دیر کر دی تو رسول اللہ ﷺ نے چادر پکڑی' دیکھا تو حضرت جبریل دروازے پر کھڑے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم نے اجازت دے دی تھی' حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! لیکن ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ بِالْبَابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اِذِنَّا، فَقَالَ: اَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ فَوَجَدُوا جَرْوًا فِي بَعْضِ بُيُوتِهِمْ، قَالَ اَبُو رَافِعٍ: فَاَمَرَنِي حِينَ اَصْبَحْتُ فَلَمْ اَدَعْ بِالْمَدِينَةِ كَلْبًا اِلَّا قَتَلْتُهُ، فَاِذَا بِامْرَاَةٍ قَاصِيَةٍ لَهَا كَلْبٌ يَنْبَحُ عَلَيْهَا، فَرَحِمْتُهَا فَتَرَكْتُهُ وَجِئْتُ، فَاَمَرَنِي، فَرَجَعْتُ اِلَى الْكَلْبِ فَقَتَلْتُهُ، فَقَالَ النَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِي اَمَرْتَ بِقَتْلِهَا؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَسْاَلُونَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ) (المائدة: 4)

ہیں جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔ ایک کتے کا بچہ کسی گھر پایا گیا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس وقت صبح ہوئی تو مجھے حکم دیا کہ میں مدینہ میں جس کتے کو دیکھوں اس کو مار دوں۔ دور ایک عورت رہتی تھی' اس نے حفاظت کے لیے کتا رکھا تھا' مجھے رحم آیا تو میں نے اُس کو چھوڑ دیا۔ میں آیا تو آپ نے مجھے حکم دیا تو میں دوبارہ اس کتے کے پاس گیا اور میں نے اُس کو مارا۔ لوگوں نے عرض کی: جس کے مارنے کا حکم دیا اس اُمت میں سے کیا حلال ہے؟ تو اللہ عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا: ''آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال ہے! آپ فرمائیں تمہارے لیے پاک چیزیں حلال ہیں''۔

966 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَمَّتِهِ سَلْمَى، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ جَمِيعًا، فَاغْتَسَلَ عِنْدَ كُلِّ امْرَاَةٍ مِنْهُنَّ غُسْلًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا جَعَلْتَهُ غُسْلًا وَاحِدًا؟ قَالَ: هٰذَا اَزْكَى وَاَطْيَبُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اپنی ساری ازواج کے پاس گئے' ہر بیوی سے جماع کر کے غسل کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کے لیے ایک ہی غسل کافی نہیں تھا؟ آپ نے فرمایا: یہ زیادہ بہتر اور پاکیزہ ہے۔

سلمی ام بنی رافع عن ابی رافع

966- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 56 رقم الحديث: 219' وأحمد في مسنده جلد 6 صفحه 8 رقم الحديث: 23913' وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 338 رقم الحديث: 462 كلهم عن عبد الرحمن بن أبي رافع عن سلمى عن أبي رافع به .

967 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبَادِلَ، عَنْ جَدَّتِهِ، امْرَاَةِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ اَمْشِي خَلْفَهُ، اِذْ قَالَ: لَا هُدِيتَ، لَا هُدِيتَ قَالَ اَبُو رَافِعٍ: فَالْتَفَتُّ فَلَمْ اَرَ اَحَدًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا شَأْنِي؟ قَالَ: لَسْتُ اِيَّاكَ اُرِيدُ، وَلَكِنْ اُرِيدُ صَاحِبَ الْقَبْرِ، يُسْاَلُ عَنِّي فَيَزْعُمُ اَنَّهُ لَا يَعْرِفُنِي فَاِذَا قَبْرٌ مَرْشُوشٌ عَلَيْهِ حِينَ دُفِنَ صَاحِبُهُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ جنت البقیع میں چل رہا تھا' میں آپ کے پیچھے چل رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: تجھے ہدایت نہیں دی گئی ہدایت نہیں دی گئی۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے تجھے مراد نہیں لیا میں نے یہ قبر والا مراد لیا ہے' اس سے میرے متعلق پوچھا گیا تو اس کا خیال تھا کہ کیونکہ مجھے پہچانتا نہیں تھا' جب تک میں نے دیکھا ایک قبر ہے اس پر پانی ڈالا گیا ہے جس وقت اس کے مالک نے اس کو دفن کیا۔

مُوسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت موسیٰ بن عبداللہ بن قیس' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

968 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ حَوْلَهُ: لَا اَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى اَرِيكَتِهِ، يَقُولُ: مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَمِلْنَا بِهِ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اس حال میں کہ لوگ آپ کے اردگرد تھے: تم میں سے کوئی اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا' میری حدیث اس کے سامنے پیش کی جائے گی' جس کا میں نے حکم دیا ہوگا' یا جس سے میں نے منع کیا ہوگا تو وہ کہے گا: ہم نہیں جانتے ہیں' جو ہم کتاب اللہ میں بات پاتے ہیں' ہم اس کو مانتے ہیں۔

عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت عمرو بن شرید' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

969 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

970 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالُوا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الشَّرِيدِ، قَالَ: اَخَذَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ بِيَدِی، فَقَالَ: انْطَلِقْ بِنَا اِلَى سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ، فَخَرَجْتُ مَعَهُ وَاِنَّ يَدَهُ لَعَلَى اَحَدِ مَنْكِبَيَّ، فَجَاءَ اَبُو رَافِعٍ فَقَالَ لِلْمِسْوَرِ: اَلَا تَاْمُرُ هٰذَا - يَعْنِی سَعْدًا - يَشْرِی مِنِّی بَيْتَيَّ اللَّذَيْنِ فِی دَارِهِ؟ فَقَالَ سَعْدٌ: لَا وَاللّٰهِ اَزِيدُكَ عَلَى اَرْبَعِ مِئَةِ دِينَارٍ - اِمَّا قَالَ: مُقَطَّعَةً، اَوْ قَالَ: مُنَجَّمَةً - فَقَالَ اَبُو رَافِعٍ: وَاللّٰهِ، اِنْ كُنْتُ لَاَبِيعُهَا بِخَمْسِمِائَةِ دِينَارٍ نَقْدًا، وَلَوْلَا اَنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ مَا بِعْتُكَ وَاللَّفْظُ لِلْحَمِيدِيِّ

حضرت عمرو بن شرید فرماتے ہیں کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا' کہا: ہم سعد بن ابووقاص کے پاس چلتے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ نکلا' ان کا ہاتھ میرے ایک کندھے پر تھا' حضرت ابورافع آئے اور مسور سے فرمایا: کیا آپ سعد کو حکم دیں گے کہ میرے دو کمرے خریدے' جو اس گھر میں ہے؟ حضرت سعد نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! میں چار ہزار درہم سے زیادہ نہیں کروں گا' یا لے لوں گا یا نہیں لوں گا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں فروخت کروں گا تو میں پانچ سو دینار کا نقد فروخت کروں گا' اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے تو میں تجھ سے نہ بیچتا۔ یہ الفاظ حمیدی کے ہیں۔

970- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد2صفحه787 رقم الحديث: 2139' وأبو داؤد فی سننه جلد 3صفحه286 رقم الحديث: 3516' والنسائی فی المجتبیٰ جلد 7صفحه320 رقم الحديث: 4702' وابن ماجه جلد2صفحه833 رقم الحديث:2495 كلهم عن ابراهيم بن ميسرة عن عمرو بن الشريد عن أبی رافع .

971 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

اَبُو غَطَفَانَ بْنُ طَرِيفٍ الْمُرِّيُّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت ابوغطفان بن طریف مری، حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

972 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانِكٍ، عَنْ عَبَادِلَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ بْنِ طَرِيفٍ الْمُرِّيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ شَوَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمًا، وَاَكَلَ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے گوشت بھونا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کھایا' پھر نماز پڑھائی اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

973 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبَادِلَ، مِنْ وَلَدِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ بْنِ طَرِيفٍ الْمُرِّيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: ذَبَحْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً، فَاَمَرَنِي فَجَعَلْتُ لَهُ مِنْ بُطُونِهَا فَاَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بکری ذبح کی' مجھے آپ نے اس کو بھوننے کا حکم پھر دیا' آپ نے اس سے تناول فرمایا' پھر نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

974 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اَشْهَدُ لَكُنْتُ اَشْوِي لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ الشَّاةِ، فَيَاْكُلُ مِنْهُ، ثُمَّ يُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّاُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری بھونتا تھا' پھر آپ اس سے کھاتے تھے' پھر نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت محمد بن منکدر' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

975 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ لَحْمِ شَاةٍ وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بکری کا گوشت تناول فرمایا' آپ نے اس کے بعد وضو نہیں کیا۔

شُرَحْبِيلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت شرحبیل بن سعد' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

976 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ لَحْمًا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

977 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ ثُمَيْلٍ الْخَلَّالُ

محمد بن المنکدر عن ابی رافع' شرحبیل بن سعد عن ابی رافع

الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: شَوَيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ شَاةٍ فَاَكَلَ مِنْهَا فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بکری بھونتا تھا' پھر آپ اس سے کھاتے تھے' پھر نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

978 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِقِدْرٍ لِبَعْضِ اَهْلِهِ فِيهَا لَحْمٌ يُطْبَخُ، فَنَاوَلَهُ بَعْضُهُمْ مِنْهَا كَتِفًا، فَاَكَلَهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ اپنے گھر میں سے کسی گھر کے پاس سے گزرے' جس میں گوشت پکایا جا رہا تھا' آپ نے اس سے دستی لی' اس کو کھڑے ہونے کی حالت میں کھایا' پھر آپ نے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

979 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الْمُعَافَى الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ، فَشَوَيْتُ مِنْهَا، فَاَكَلَ مِنْهُ، فَقَامَ فَصَلَّى وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بکری ہدیہ دی گئی' میں نے اس کو بھونا' آپ نے اس سے کھایا' آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے نماز پڑھائی اور پانی کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔

سَعِيدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ مَوْلَى اَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت ابوبکر بن حزم کے غلام حضرت سعید بن ابوسعید' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

980 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ،

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی سَعِيدٍ، مَوْلَی اَبِی بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ: يَا عَمُّ، اَلَا اَصِلُكَ، اَلَا اَحْبُوكَ، اَلَا اَنْفَعُكَ؟ قَالَ: بَلَی يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: تُصَلِّی يَا عَمُّ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، تَقْرَاُ فِی كُلِّ رَكْعَةٍ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُورَةٍ، فَاِذَا انْقَضَتِ الْقِرَاءَةُ، فَقُلِ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَلَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً قَبْلَ اَنْ تَرْكَعَ، ثُمَّ ارْكَعْ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ ارْفَعْ رَاْسَكَ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ اسْجُدْ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ ارْفَعْ رَاْسَكَ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ اسْجُدْ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ ارْفَعْ رَاْسَكَ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثُمَّ قُمْ فَتِلْكَ خَمْسٌ وَسَبْعُونَ فِی كُلِّ رَكْعَةٍ وَهِیَ ثَلَاثُمِائَةٍ فِی اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ، فَلَوْ كَانَتْ ذُنُوبُكَ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَنْ يَسْتَطِيعُ اَنْ يَقُولَهَا فِی كُلِّ يَوْمٍ؟ قَالَ: فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ اَنْ تُصَلِّيَهَا فِی يَوْمٍ فَصَلِّهَا فِی جُمُعَةٍ حَتَّی قَالَ: صَلِّهَا فِی شَهْرٍ حَتَّی قَالَ: صَلِّهَا فِی سَنَةٍ

اے چچا! کیا میں آپ سے صلہ رحمی نہ کروں! کیا آپ سے محبت نہ کروں! کیا آپ کو نفع مند شی نہ بتاؤں! حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اے چچا! چار رکعت نفل پڑھو' ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورت پڑھو' جب قرات ختم کرلو تو کہو: ''اللّٰہ اکبر والحمد للّٰہ وسبحان اللّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ.'' پندرہ مرتبہ رکوع کرنے سے پہلے' پھر رکوع کرو اور رکوع میں دس مرتبہ پڑھو' پھر رکوع سے سر اُٹھاؤ تو دس مرتبہ پڑھو' پھر سجدہ میں دس مرتبہ پڑھو' پھر سجدہ سے سر اُٹھاؤ تو دس مرتبہ پڑھو' پھر سجدہ کرو تو سجدہ میں دس مرتبہ پڑھو' پھر سجدہ سے سر اُٹھاؤ تو دس مرتبہ پڑھو تو یہ ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ ہو جائے گا اور چار رکعتوں میں تین سو مرتبہ ہو جائے گا' اگر تیرے گناہ سمندر کی جاگ کے برابر بھی ہوں گے تو اللہ عزوجل تیرے لیے بخش دے گا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہر روز پڑھنے کی کون طاقت رکھتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر ہر روزہ پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا تو جمعہ کے دن پڑھ لیا کر' اگر یہ بھی نہ کر سکے تو ایک ماہ میں پڑھ لیا کر' اگر یہ بھی نہ کر سکے تو سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کر۔

الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت مطلب بن عبداللہ بن خطب' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

981 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

مُوسَى، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَقِيعِ، فَقَالَ: اُفٍّ، اُفٍّ، اُفٍّ وَلَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ غَيْرِي، فَرَاعَنِي فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، قَالَ: صَاحِبُ هٰذِهِ الْحُفْرَةِ اسْتَعْمَلْتُهُ عَلَى بَنِي فُلَانٍ، فَخَانَ بُرْدَةً، فَاُرِيتُهَا عَلَيْهِ تَلْتَهِبُ

غلام سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جنت البقیع سے گزرے' آپ نے فرمایا: اُف' اُف' اُف! آپ کے ساتھ میرے علاوہ کوئی نہ تھا' میں ڈر گیا' میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے فرمایا: اس قبر والے کو میں نے بنی فلاں پر امیر مقرر کیا تھا' اس نے چادر کی خیانت کی' مجھے دکھایا گیا کہ اس وجہ سے اسے عذاب ہو رہا ہے۔

يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت یزید بن عبداللہ بن قسیط' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

982 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اَضَافَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَيْفًا، فَلَمْ يَلْقَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُصْلِحُهُ، فَاَرْسَلَ اِلَى رَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ يَقُولُ لَكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلِفْنِي دَقِيقًا اِلَى هِلَالِ رَجَبٍ قَالَ: لَا اِلَّا بِرَهْنٍ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اَمْ وَاللّٰهِ، اِنِّي لَاَمِينٌ فِي السَّمَاءِ اَمِينٌ فِي الْاَرْضِ، وَلَوْ اَسْلَفَنِي، اَوْ بَاعَنِي لَاَدَّيْتُ اِلَيْهِ فَلَمَّا خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهِ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلَى مَا مَتَّعْنَا بِهِ اَزْوَاجًا مِنْهُمْ) (طه: **131**)

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مہمان نوازی کی' آپ کے پاس مہمان نوازی کے لیے (بظاہر ورنہ آپ کائنات کے مالک ومختار ہیں' باذنِ خدا واللہ معطی وانا قاسم' اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں) کچھ نہیں تھا' آپ نے ایک یہودی آدمی کی طرف بھیجا کہ اس کو کہنا کہ محمد ﷺ آپ کو فرماتے ہیں: رجب کی پہلی تک آٹا ادھار دے دو۔ اُس نے کہا: کسی شی کے بدلے کے بغیر نہیں دوں گا؟ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں آسمان اور زمین والوں کا امین ہوں' اگر مجھے ادھار دے گا یا مجھے فروخت کرے گا تو میں ضرور اس کو ادا کروں گا۔ جب میں آپ ﷺ کے پاس سے نکلا تو یہ آیت نازل

اِلَی آخِرِ الْآیَةِ، لِاَنَّهُ یُعَزِّیهِ عَنِ الدُّنْیَا

ہوئی: اے سننے والے! اپنی آنکھیں نہ پھیلا' اس کی طرف جو ہم نے کافروں کے جوڑوں کو برتنے کے لیے دی ہے''۔ آیت کے آخر تک' کیونکہ وہ آپ کو دنیا سے بلند تر بناتا ہے۔

اَبُو سَعِیدِ الطَّائِفِیُّ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت ابوسعید طائفی' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

983 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ مُخَوَّلِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُصَلِّیَ الرَّجُلُ وَرَاْسُهُ مَعْقُوصٌ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا کہ کوئی آدمی اس حالت میں نماز پڑھے کہ اس کا سر بندھا ہوا ہو (یعنی بالوں کا جونڈا بنایا ہو)۔

984 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا الرَّبِیعُ بْنُ یَحْیَی الْاُشْنَانِیُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُخَوَّلٍ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: مَرَّ بِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا سَاجِدٌ قَدْ عَقَصْتُ شَعْرِی فَحَلَّهُ، وَنَهَانِی عَنْ ذٰلِكَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے' میں سجدہ کی حالت میں تھا اور میں نے اپنے بال باندھے ہوئے تھے تو آپ نے ان کو کھولا اور مجھے ایسا کرنے سے منع کیا۔

985 - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ، ثنا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنْ مُخَوَّلِ بْنِ رَاشِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی شَیْخٌ مِنْ اَهْلِ الطَّائِفِ یُکَنَّی اَبَا سَعِیدٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، اَنَّهُ رَاَی الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ سَاجِدًا قَدْ عَقَصَ شَعْرَهُ، فَقَالَ اَبُو رَافِعٍ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَا یُصَلِّیَنَّ اَحَدُکُمْ وَهُوَ عَاقِصٌ شَعْرَهُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو حالتِ سجدہ میں دیکھا کہ ان کے بال بندھے ہوئے ہیں تو حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی نماز اس حالت میں نہ پڑھے کہ اس کے بال بندھے ہوئے ہوں۔

986 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ رَاَى اَبَا رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، وَحُسَيْنٌ يُصَلِّي قَائِمًا، وَقَدْ غَرَزَ ضَفْرَتَهُ فِي قَفَاهُ، فَحَلَّهَا اَبُو رَافِعٍ، فَالْتَفَتَ الْحُسَيْنُ مُغْضَبًا، فَقَالَ اَبُو رَافِعٍ: اَقْبِلْ عَلَى صَلَاتِكَ وَلَا تَغْضَبْ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ذٰلِكَ كِفْلُ الشَّيْطَانِ، يَقُولُ: مَقْعَدُ الشَّيْطَانِ، يَعْنِي مَغْرَزَ ضَفْرَتِهِ

حضرت سعید بن ابوسعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ حضرت ابورافع' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کھڑے ہوکر نماز پڑھ رہے تھے' آپ نے اپنے بالوں کو اکٹھا کر کے اپنی گدی پر باندھا ہوا تھا' حضرت ابورافع نے انہیں کھول دیا' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ حالت غصہ میں ان کی طرف متوجہ ہوئے تو حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اپنی نماز پڑھیں اور غصہ نہ فرمائیں کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ شیطان کا حصہ ہے۔ اور فرمایا: شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے' یعنی جہاں بال باندھے ہوتے ہیں۔

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلَى عَلِيٍّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت علی کے غلام حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

987 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا' آپ کو جھنڈا دیا' جب

986- أخرجه الترمذی فی سننه جلد 2صفحه223 رقم الحديث: 384' والحاكم فی مستدركه جلد 1صفحه393 رقم الحديث: 963' وابن خزيمة فی صحيحه جلد2صفحه58 رقم الحديث: 911 كلهم عن سعيد بن أبی سعيد عن أبيه عن أبی رافع به .

الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اِلَى الْيَمَنِ فَعَقَدَ لَهُ لِوَاءً، فَلَمَّا مَضَى قَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ، اَلْحِقْهُ وَلَا تَدَعْهُ مِنْ خَلْفِهِ، وَلْيَقِفْ وَلَا يَلْتَفِتْ حَتَّى اٰجِيئَهُ، وَاَتَاهُ فَاَوْصَاهُ بِاَشْيَاءَ، فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، لَاَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ عَلَى يَدِكَ رَجُلًا خَيْرٌ لَكَ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ گئے تو آپ نے فرمایا: رافع! اس کو ملو جو اس کے پیچھے ہے اس کو نہ چھوڑو اور ٹھہرو' متوجہ نہ ہونا یہاں تک کہ میں آؤں۔ آپ آئے' کچھ اشیاء کی وصیت کی۔ فرمایا: اے علی! اللہ عزوجل نے آپ کے ہاتھ پر کسی آدمی کو ہدایت دی تو تیرے لیے بہتر ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع ہوا۔

اَبُو اَسْمَاءَ مَوْلَى آلِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

آلِ جعفر کے غلام ابو اسماء' حضرت ابو رافع سے روایت کرتے ہیں

988 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي يَحْيَى الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، مَوْلَى آلِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: سَيَكُونُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا اَمْرٌ قَالَ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَنَا مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِي؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاَنَا اَشْقَاهُمْ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَارْدُدْهَا اِلَى مَاْمَنِهَا

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ اور عائشہ کے درمیان کچھ معاملہ ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یارسول اللہ! میرے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اپنے ساتھیوں کے درمیان سے ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں سب سے بڑا بدبخت ہوں گا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن ایسا معاملہ ہو جائے تو عائشہ کو امن کی جگہ واپس بھیج دینا۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَلَّادِ بْنِ سُوَيْدٍ الْخَزْرَجِيُّ

حضرت ابراہیم بن خلاد بن سوید خزرجی رضی اللہ عنہ

989 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا اَبِي، عَنِ ابْنِ

حضرت حارث بن خزرج کے بھائی ابراہیم بن خلاد بن سوید خزرجی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی لَبِیدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنِ اِبْرَاهِیمَ بْنِ خَلَّادِ بْنِ سُوَیْدٍ الْخَزْرَجِیِّ، اَخِی بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، قَالَ: اَتَی جِبْرِیلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا مُحَمَّدُ، کُنْ عَجَّاجًا ثَجَّاجًا

جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: اے محمد! بلند آواز سے اور پوری ہمت سے اپنے رب سے دعا کرنے والے ہو جائیں۔

اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَطَاءٍ الطَّائِفِیُّ

حضرت ابراہیم بن عطاء طائفی

990 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْاَیْذَجِیُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ، حَدَّثَنِی عَطَاءُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، رَجُلٌ مِنَ الطَّائِفِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًی یُکَلِّمُ النَّاسَ، یَقُولُ لَهُمْ: قَابِلُوا النِّعَالَ

حضرت عطاء بن ابراہیم' طائف کے ایک آدمی سے' وہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منیٰ میں لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے سنا: جوتیوں کا خیال رکھو۔

اَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ السَّکُونِیُّ، وَیُقَالُ لَقِیطُ بْنُ اَرْطَاةَ

حضرت ارطاۃ بن منذر السکونی' ان کو لقیط بن ارطاۃ بھی کہا جاتا ہے

991 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَیٍّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، عَنْ اَخِیهِ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ السَّکُونِیِّ، اَنَّ آتِیًا اَتَاهُ، فَقَالَ: اِنَّ لَنَا جَارًا یَشْرَبُ الْخَمْرَ، وَیَاْتِی الْقَبِیحَ، فَاُنْهِیَ اَمْرُهُ اِلَی السُّلْطَانِ؟ قَالَ: لَقَدْ قَتَلْتُ بَیْنَ یَدَیْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَةً وَتِسْعِینَ مِنَ الْمُشْرِکِینَ، مَا یَسُرُّنِی اَنِّی قَتَلْتُ مَثَلَهُمْ، وَاَنِّی کَشَفْتُ قِنَاعَ مُسْلِمٍ

حضرت ارطاۃ بن منذر السکونی سے روایت ہے کہ ایک آنے والا آیا' اُس نے کہا: ہمارا پڑوسی شراب پیتا ہے اور بُرائی کرتا ہے' اس کو منع کر سکتا ہوں' یا کیا اس کا معاملہ بادشاہ کے سپرد ہے؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے ننانوے مشرکوں کو قتل کیا' مجھے پسند نہیں ہے کہ میں ان کی مثل کروں' اور یہ پسند ہے کہ میں مسلمان کا پردہ کھولوں۔

الْاَسْقَعُ الْبَكْرِيُّ

992 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءٍ، اَنَّ مَوْلَى ابْنِ الْاَسْقَعِ رَجُلُ صِدْقٍ، اَخْبَرَهُ، عَنِ الْاَسْقَعِ الْبَكْرِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُمْ فِي صِفَةِ الْمُهَاجِرِينَ، فَسَاَلَهُ اِنْسَانٌ اَيُّ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ اَعْظَمُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَاْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ) (البقرة:255)

حضرت اسقع البکری رضی اللہ عنہ

حضرت اسقع البکری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ مہاجرین کے پاس آئے' آپ سے کچھ لوگوں نے پوچھا: قرآن کی بڑی آیت کون سی ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ''اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الی آخرہ''۔

اَسْلَمُ بْنُ بَجْرَةَ الْاَنْصَارِيُّ، ثُمَّ الْخَزْرَجِيُّ

993 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنِ ابْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْلَمَ بْنِ بَجْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَسْلَمَ بْنِ بَجْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ جَعَلَهُ عَلَى اُسَارَى قُرَيْظَةَ، فَكَانَ يَنْظُرُ اِلَى فَرْجِ الْغُلَامِ، فَاِذَا رَآهُ قَدْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ ضَرَبَ عُنُقَهُ، وَاَخَذَ مَنْ لَمْ يُنْبِتْ فَجَعَلَهُ فِي مَغَانِمِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت اسلم بن بجرہ انصاری' پھر خزرجی رضی اللہ عنہ

حضرت اسلم بن بجرہ سے روایت ہے' وہ رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے انہیں قبیلہ بنوقریظہ کے قیدیوں پر اس کام کے لیے مقرر کیا کہ وہ دیکھیں کس بچے کی شرمگاہ پر بال آئے ہیں اور کس کے نہیں اُگے' پس وہ ایسا کرتے رہے جس کے بال اُگے ہوئے ہوتے اُس کی گردن اُڑا دیتے اور جس کے نہ اُگے ہوتے اسے مسلمانوں کے مالِ غنیمت میں شمار کر دیتے۔

اَسَدُ بْنُ كُرْزٍ الْبَجَلِيُّ

حضرت اسد بن کرز بجلی

ثُمَّ الْقُشَيْرِيُّ

994 - حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْمُهَاصِرِ بْنِ حَبِيبٍ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ اَسَدِ بْنِ كُرْزٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَسَدُ بْنَ كُرْزٍ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِعَمَلٍ، وَلَكِنْ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ قُلْتُ: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا اَنَا، اِلَّا اَنْ يَتَلَافَانِي اللّٰهُ - اَوْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ - مِنْهُ بِرَحْمَةٍ

پھر قشیری رضی اللہ عنہ

حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اسد بن کرز! تم میں کوئی بھی جنت میں اپنے عمل کے ذریعے نہیں جائے گا بلکہ اللہ کی رحمت کے صدقہ جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں! فرق یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے مجھے اپنی رحمت کے ساتھ ڈھانپ لیا ہے۔

995 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَدْرَانَ، قَالُوا: ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَوْسَطَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَدِّهِ اَسَدِ بْنِ كُرْزٍ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْمَرَضَ لَيُذْهِبُ الْخَطَايَا كَمَا يَتَحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرِ

حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بیماری گناہوں کو اس طرح ختم کرتی ہے جس طرح موسم خزاں میں درختوں کے پتے جڑتے ہیں۔

اَزْهَرُ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ

حضرت ازھر ابوعبدالرحمٰن زہری رضی اللہ عنہ

996 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، قَالَ:

حضرت عبدالرحمٰن بن ازھر الزہری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس خیبر میں

وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَزْهَرَ الزُّهْرِيَّ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَارِبٍ وَهُوَ بِخَيْبَرَ فَحَثَى فِي وَجْهِهِ التُّرَابَ، ثُمَّ اَمَرَ اَصْحَابَهُ فَضَرَبُوهُ بِنِعَالِهِمْ، وَبِمَا كَانَ فِي اَيْدِيهِمْ، حَتَّى قَالَ لَهُمْ: ارْفَعُوهُ فَرَفَعُوا فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتِلْكَ سُنَّتُهُ، ثُمَّ جَلَدَ اَبُو بَكْرٍ فِي الْخَمْرِ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ اَرْبَعِينَ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ، ثُمَّ جَلَدَ ثَمَانِينَ فِي آخِرِ خِلَافَتِهِ، ثُمَّ جَلَدَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ الْحَدَّ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ ثَمَانِينَ

ایک شرابی لایا گیا' اس کے منہ میں مٹی ڈالی گئی' پھر آپ نے اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ اس کو جوتے مارو اور جو ان کے پاس ہے۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے کہا: اسے اُٹھاؤ! تو لوگوں نے اسے اُٹھایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال تک یہ طریقہ چلتا رہا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شراب پینے کی سزا چالیس کوڑے مقرر کی' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے ابتدائی دور میں چالیس کوڑے مقرر کی' پھر خلافت کے آخر میں اسی کوڑے مقرر کی' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں چالیس کوڑے مقرر کی گئی' پھر حضرت امیر معاویہ کے دور میں اسّی کوڑے مقرر کیے گئے۔

997 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مَخْشِيٍّ، عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ، اَنَّ اَبَاهُ الْفِرَاسِيَّ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَسْاَلُ؟ قَالَ: لَا، وَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ سَائِلًا، فَسَلِ الصَّالِحِينَ

حضرت ابن الفراسی سے روایت ہے کہ ابوالفراسی نے بتایا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے مانگتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: نہ مانگو! اگر ضرور مانگتا ہے تو نیک لوگوں سے مانگ۔

بَابُ الْبَاءِ

بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِدَ بَدْرًا، يُكَنَّى

باب الباء

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ' آپ بدر کی جنگ میں شریک ہوئے'

اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

998 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

999 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: بِلَالٌ مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

1000 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ بِلَالٌ مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ، وَيُقَالُ: اِنَّهُ تِرْبُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِدِمَشْقَ فِي الطَّاعُونِ، وَدُفِنَ عِنْدَ بَابِ الصَّغِيرِ، وَيُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ فِي سَنَةِ سَبْعٍ، اَوْ ثَمَانَ عَشْرَةَ، وَهُوَ مِنْ مُوَلَّدِي السَّرَاةِ، وَيُقَالُ: بِلَالٌ، يُكَنَّى اَبَا عَمْرٍو

1001 - وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَعْتَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَبْعَةً مِمَّنْ كَانَ يُعَذَّبُ فِي اللّٰهِ، مِنْهُمْ بِلَالٌ، وَعَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ

1002 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عُمَيْرُ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابوبکر کے غلام حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ بدر میں جو شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت ابوبکر کے غلام کا بھی ہے۔

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کے غلام حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' کہا جاتا ہے کہ حضرت ابوبکر کے ہم عمر تھے' آپ کا وصال دمشق میں طاعون کی بیماری میں ہوا' چھوٹے دروازے کے پاس دفن کیا گیا' آپ کی کنیت ابوعبداللہ تھی' سترہ یا اٹھارہ ہجری میں آپ مولدی سراہ سے تھے' آپ کو بلال کہا جاتا تھا' آپ کی کنیت ابوعمرو تھی۔

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایسے سات افراد کو آزاد کیا جن کو اللہ کی راہ میں عذاب دیا جاتا تھا' ان میں سے حضرت بلال اور عامر بن فہیرہ تھے۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت ھند فرماتی ہیں کہ حضرت بلال جب سوتے تو یہ دعا کرتے:

بلال بن رباح مؤذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید بدر.....

بْنُ هَانِءٍ، عَنْ هِنْدٍ امْرَاَةِ بِلَالٍ، قَالَتْ: كَانَ بِلَالٌ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِي وَاعْذُرْنِي بِعِلَّاتِي

اے اللہ! میرے گناہوں سے درگزر کر اور میری کمزوریوں میں میرا عذر قبول فرما!

1003 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: قَالَ بِلَالٌ لِاَبِي بَكْرٍ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اِنْ كُنْتَ اشْتَرَيْتَنِي لِنَفْسِكَ فَاَمْسِكْنِي، وَاِنْ اَعْتَقْتَنِي لِلّٰهِ فَذَرْنِي اَعْمَلُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت قیس بن ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال نے حضرت ابوبکر سے عرض کی جس وقت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا: اگر آپ نے مجھے اپنی ذات کے لیے خریدا تھا تو مجھے روک لیں اور اگر مجھے اللہ کے لیے آزاد کیا تو مجھے چھوڑ دیں تا کہ میں اللہ کے لیے عمل کروں۔

1004 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: جَاءَ بِلَالٌ اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ بِالشَّامِ، وَحَوْلَهُ اُمَرَاءُ الْاَجْنَادِ جُلُوسٌ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ هَا اَنَا عُمَرُ، فَقَالَ بِلَالٌ: اِنَّكَ بَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ هَؤُلَاءِ، وَلَيْسَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ اللّٰهِ اَحَدٌ، فَانْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، وَعَنْ شِمَالِكَ، وَبَيْنَ يَدَيْكَ، وَمِنْ خَلْفِكَ، اِنَّ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ حَوْلَكَ اِنْ يَاْكُلُونَ اِلَّا لُحُومَ الطَّيْرِ فَقَالَ: صَدَقْتَ، وَاللّٰهِ لَا اَقُومُ مِنْ مَجْلِسِي هَذَا حَتَّى تُكَلِّفُونَ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ طَعَامَهُ، وَحَظَّهُ مِنَ الزَّيْتِ وَالْخَلِّ، فَقَالُوا: هَذَا اِلَيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَدْ اَوْسَعَ اللّٰهُ عَلَيْنَا فِي الرِّزْقِ، وَاَكْثَرَ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت قیس بن حازم فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت عمر کے پاس آئے' اُس وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ ملک شام میں تھے' گورنروں کا گروہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اردگرد تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں عمر ہوں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ان کے اور اللہ کے درمیان آپ ہیں اور آپ کے درمیان اور اللہ کے درمیان کوئی نہیں ہے' آپ اپنی دائیں بائیں آگے پیچھے دیکھیں' آپ کے یہ اردگرد والے پرندوں کا گوشت کھاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے سچ فرمایا' اللہ کی قسم! میں اس جگہ سے کھڑا نہیں ہوں گا یہاں تک کہ مسلمانوں میں سے ہر ایک آدمی کے لیے اس کے

بلال بن رباح مؤذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہوا.....

1003- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد3 صفحه1371 رقم الحدیث: 3545 عن اسماعیل عن قیس عن بلال به .

کھانے کے' اس کے لیے زیتون اور سرکہ سے حصہ کے تم مکلّف نہ بن جاؤ۔ لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! یہ آپ لازم کر دیں اللہ عزوجل نے ہم پر رزق کی کشادگی کی ہے اور بھلائی زیادہ کی ہے۔

1005 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ خَشْفَةً اَمَامِي حِينَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: بِلَالٌ، فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ: بِمَ تَسْبِقُنِي اِلَى الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَحْدَثْتُ اِلَّا تَوَضَّاْتُ، وَلَا تَوَضَّاْتُ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَى اَثَرِ الْوُضُوءِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں جس وقت داخل ہوا' اُس وقت میں نے آپ کی جوتیوں کی آواز اپنے آگے سنی۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو فرشتوں نے عرض کی: حضرت بلال! تو آپ بتائیں کہ آپ جنت میں مجھ سے پہلے کیسے گئے ہیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جب بے وضو ہوتا ہوں تو وضو کرتا ہوں اور وضو کے بعد دو رکعت نفل ادا کرتا ہوں۔

1006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَعُمَرُ، وَعَمَّارٌ اَبِي حَفْصٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، قَالُوا: جَاءَ بِلَالٌ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْضَلَ عَمَلِ الْمُؤْمِنِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَرْبِطَ نَفْسِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى اَمُوتَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَنَا اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ يَا بِلَالُ، وَحُرْمَتِي وَحَقِّي لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّي، وَضَعُفَتْ قُوَّتِي، وَاقْتَرَبَ اَجَلِي، فَاَقَامَ

حضرت عبداللہ بن محمد' عمر' عمار ابوحفص اپنے والد سے' وہ ان کے داداؤں سے روایت کرتے ہیں' اُنہوں نے کہا: حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت ابوبکر کے پاس آئے' کہا: اے رسول اللہ ﷺ کے جانشین! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مؤمن کا افضل عمل اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے' میں چاہتا ہوں کہ میں مرنے تک اپنے آپ کو اللہ کی راہ میں وقف کروں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بلال! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! میری عزت اور میرے حق کی قسم! میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں' میری قوت کمزور ہو گئی ہے اور موت کا وقت قریب ہے۔ حضرت بلال

بِلَالٌ مَعَهُ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ اَبُو بَكْرٍ، فَاَبَى بِلَالٌ عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَمَنْ يَا بِلَالُ؟ فَقَالَ: اِلَى سَعْدٍ، فَاِنَّهُ قَدْ اَذَّنَ بِقُبَاءَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ عُمَرُ الْاَذَانَ اِلَى سَعْدٍ وَعَقِبِهِ

رضی اللہ عنہ آپ کے پاس ہی رہے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت عمر کے پاس آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی وہی کہا جو حضرت ابوبکر نے فرمایا تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا۔ حضرت عمر نے فرمایا: اے بلال! اذان کون دے گا؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت سعد! کیونکہ آپ قباء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں اذان دیتے تھے۔ حضرت عمر نے اذان پڑھنے کی ذمہ داری حضرت سعد اور ان کی اولاد کو دے دی۔

1007 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ، ذَكَرَهُ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ مُدْرِكِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: مَرَرْتُ بِبِلَالٍ وَهُوَ جَالِسٌ حِينَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، قُلْتُ: مَا يَحْبِسُكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْتَظِرُ طُلُوعَ الشَّمْسِ

حضرت مدرک بن عوف فرماتے ہیں کہ میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' آپ صبح کی نماز پڑھ کر بیٹھے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں بیٹھے ہیں؟ آپ نے فرمایا: سورج کے طلوع ہونے کا انتظار کر رہا ہوں۔

1008 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: اَبُو بَكْرٍ سَيِّدُنَا، وَاَعْتَقَ سَيِّدَنَا يَعْنِي بِلَالًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر کا قول ہے: حضرت ابوبکر ہمارے سردار ہیں اور انہوں نے ہمارے سردار حضرت بلال کو آزاد کیا۔

اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے

ابو بکر الصدیق عن بلال' عمر بن الخطاب عن بلال

1008- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد 3 صفحه 1371 رقم الحدیث: 3544 عن عبد العزیز بن أبی سلمة عن محمد بن المنکدر عن جابر به .

عَنْ بِلَالٍ

1009 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ الْيَمَانِ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ سَيَّارٍ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ اَصْبِحُوا بِالصُّبْحِ، فَاِنَّهُ خَيْرٌ لَكُمْ

روایت کرتے ہیں

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں اذان ہوئی' میں اذان ایسے پڑھتا تھا: اللہ اکبر اللہ اکبر' اشھد ان لا الٰہ الا اللہ' اشھد ان لا الٰہ الا اللہ' پھر قبلہ رُخ سے تھوڑا سا پھرتا' اس کے بعد پڑھتا: اشھد ان محمداً رسول اللہ! پھر تھوڑا سا پھرتا اور قبلہ کو اپنے پیچھے کرتا اور پڑھتا: حی علی الصلوٰۃ! حی علی الصلوٰۃ! پھر بائیں جانب پھرتا اور پڑھتا: حی علی الفلاح! حی علی الفلاح! پھر قبلہ رخ منہ کرتا اور پڑھتا:

ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ، فَيَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ يُقِيمُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُفْرِدُ الْاِقَامَةَ، فَيَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ اکبر اللہ اکبر! حضور ﷺ کے زمانہ میں اقامت ہوتی تو اقامت کے کلمات ایک دفعہ پڑھے جاتے تھے: اللہ اکبر اللہ اکبر! الیٰ آخرہ۔

فائدہ: جو کلمات اذان کے ہیں' وہی کلمات اقامت کے ہیں' لیکن فرق یہ ہے کہ اقامت میں دو مرتبہ قد قامت الصلوٰۃ پڑھنا ہے۔ اس حدیث کی شرح دنیائے اسلام کے عظیم مصنف و مفکر' ماہر مسائل جدید و قدیم' شارح بخاری و مسلم و تبیان القرآن علامہ غلام رسول سعیدی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں: اقامت میں بھی اذان کی مثل دو دو کلمات ہیں۔ ان احادیث کا مطلب یہ ہے کہ اذان کے الفاظ میں سے ایک لفظ کو دو لفظوں کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھا جائے' کیونکہ اذان میں آہستہ آہستہ اعلان کرنا مقصود ہوتا ہے اور اقامت میں ایک لفظ کو ایک لفظ کی مقدار کے برابر پڑھا جائے' کیونکہ اقامت میں سرعت (جلدی) مقصود ہوتی ہے جس طرح کہ امام ترمذی نے اپنی جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما کے حوالے سے حدیث روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانۂ مبارک میں اذان اور اقامت دونوں میں کلماتِ اذان اور کلماتِ اقامت دو دو بار پڑھے جاتے تھے۔

واضح رہے کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما' وہ صحابی ہیں جنہوں نے خواب میں فرشتے کو اذان اور اقامت کہتے ہوئے سنا تھا' پھر دربارِ رسالت ﷺ میں یہ خواب بیان کیا اور اس کے بعد سرکار ابد اقرار ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا حکم دیا۔

نیز ترمذی نے اپنی جامع' امام ابوداؤد نے اپنی سنن میں متعدد اسانید کے ساتھ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اقامت میں سترہ کلمات ہیں۔ اس حدیث کو امام ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔

(شرح صحیح مسلم جلد ا ص ۱۰۸۰' مطبوعہ فرید بک سٹال' لاہور)

1065 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: كَانَ آخِرُ اَذَانِ بِلَالٍ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی آخری اذان لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تھی۔

1066 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيهِ سَعْدٍ مُؤَذِّنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ اَنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ لِرَسُولِ اللّٰهِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، اِذَا كَانَ الْفَيْءُ قَدْرَ الشِّرَاكِ، اِذَا قَعَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اذان ہوتی تھی تو ایک نیزہ کی مثل سایہ ہوتا تھا' جب رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوتے تھے۔

1067 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارٍ الْمُؤَذِّنُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَعَمَّارٍ، وَعُمَرَ، ابْنَيْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْضَلَ عَمَلِ الْمُؤْمِنِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن کا افضل عمل اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔

غُضَيْفُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت غضیف بن حارث' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1068 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا عَمْرُو بْنُ بِشْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتَوَيَّهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَوْصَابِيُّ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، جَمِيعًا عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حق حضرت عمر کی زبان اور دل پر رکھا ہے۔

غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت سعید بن مسیّب' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1069 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ بِلَالًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ مَرَّةً، فَقِيلَ: اِنَّهُ نَائِمٌ، فَنَادَى: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ فَاُقِرَّتْ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کو ایک مرتبہ نماز کی اطلاع دینے کے لیے آیا تو آپ محوِ آرام تھے' آپ کو آواز دی: الصلوٰۃ خیر من النوم! اس کو نمازِ فجر میں رکھا گیا۔

1070 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ اَبُو يَحْيَى، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَنَامُوا حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ، ثُمَّ صَلُّوا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، ثُمَّ صَلُّوا الْغَدَاةَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا' آپ آرام کرنے لگے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو گیا' آپ نے مجھے اذان دینے کا حکم دیا' پھر آپ نے فجر کی دو سنتیں پڑھیں' پھر نمازِ فجر پڑھائی۔

قَبِيصَةُ بْنُ ذُؤَيْبٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت قبیصہ بن ذؤیب خزاعی' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1071 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

اِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا اَبُو عِمْرَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَهُمْ، اَنَّ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ الْخُزَاعِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ النَّاسَ يَتَّجِرُونَ وَيَتَّبِعُونَ مَعَايِشَهُمْ، وَلَا نَسْتَطِيعُ اَنْ نَفْعَلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اَلَا تَرْضَى اَنَّ الْمُؤَذِّنِينَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

عرض کی: یارسول اللہ! لوگ تجارت کرتے ہیں اور کاروبار کرتے ہیں' ہم ایسا کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ہیں' آپ نے فرمایا: آپ اس بات پر خوش نہیں ہیں کہ اذان دینے والوں کی گردنیں قیامت کے دن سب سے لمبی ہوں گی۔

حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ الْقَرَظِ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت حفص بن عمر بن سعد القرظ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1072 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْذِنُهُ بِالصُّبْحِ فَوَجَدَهُ رَاقِدًا، فَقَالَ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَحْسَنَ هٰذَا يَا بِلَالُ اجْعَلْهُ فِي اَذَانِكَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں صبح کے وقت آپ کو نماز کی اطلاع دینے کے لیے آیا' آپ کو محو آرام پایا تو میں نے عرض کی: الصلوٰۃ خیر من النوم! دو مرتبہ عرض کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے بلال! یہ کتنا اچھا ہے! اے بلال! اس کو اپنی اذان میں رکھ لو۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَعْقِلِ بْنِ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيُّ،

حضرت عبداللہ بن معقل بن مقرن المزنی' حضرت بلال رضی

عَنْ بِلَالٍ

1073 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُو خَيْثَمَةُ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُوذِنُهُ بِالصَّلَاةِ وَهُوَ يُرِيدُ الصِّيَامَ، فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَنِي فَشَرِبْتُ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ فَصَلَّى بِنَا

اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس نماز کی اطلاع دینے کے لیے آیا' آپ نے روزہ کا ارادہ کیا' آپ نے (پانی یا دودھ) نوش کیا' پھر مجھے پکڑایا' میں نے پیا' پھر آپ نماز کے لیے نکلے اور آپ نے ہمیں نماز پڑھائی۔

1074 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ بَحْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُوذِنُهُ بِالصَّلَاةِ وَهُوَ يُرِيدُ الصِّيَامَ، فَدَعَا بِاِنَاءٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَنِي فَشَرِبْتُ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس نماز کی اطلاع دینے کے لیے آیا تو آپ نے روزہ کا ارادہ کیا' آپ نے برتن منگوایا' آپ نے نوش کیا' پھر مجھے پکڑایا تو میں نے بھی پیا' پھر آپ نماز کے لیے نکلے۔

قَيْسُ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت قیس بن ابوحازم' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1075 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ سَنْدِيلَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي يُوسُفَ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ بِلَالٍ، يَرْفَعُهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رَفَعَ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِي يُرْسِلُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے اپنی نگاہ مبارک کو آسمان کی طرف اُٹھائی' آپ نے فرمایا: اللہ پاک ہے جس نے ان پر فقر کو بارش کے قطروں کی طرح بھیجا۔

عَلَيْهِمُ الْفَقْرَ اِرْسَالَ الْقَطْرِ

1076 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ مُهَلْهَلٍ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ رَاَى رَجُلًا يُسِيءُ الصَّلَاةَ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا، وَلَا سُجُودَهَا، فَقَالَ: لَوْ مُتَّ الْآنَ لَمُتَّ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ نماز میں غلطی کر رہا تھا' وہ رکوع اور سجود مکمل نہیں کر رہا تھا' میں نے کہا: اگر تو اس حالت میں مرجاتا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین کے علاوہ مرتا۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي لَيْلَى، عَنْ بِلَالٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1077 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَعَلَى الْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

1078 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، وَاَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى الْمُوقَيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

1079 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ يَحْيَى الْاَشْنَانِيُّ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ بِلَالٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، وَالْعِمَامَةِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

1080 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَرَّرٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَعَلَى الْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

1081 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

1082 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا مَيْمُونٌ اَبُو سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں کا مسح کرتے تھے۔

1083 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُثَوِّبَ فِي الْفَجْرِ، وَنَهَانِي اَنْ اُثَوِّبَ فِي الْعِشَاءِ

حضور ﷺ نے حکم دیا کہ میں نمازِ فجر میں تثویب کروں اور مجھے نمازِ عشاء میں تثویب کرنے سے منع کیا۔

1084 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُثَوِّبَ فِي الْفَجْرِ، وَنَهَانِي اَنْ اُثَوِّبَ فِي الْعِشَاءِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے حکم دیا کہ میں نمازِ فجر میں تثویب کروں اور مجھے نمازِ عشاء میں تثویب کرنے سے منع کیا۔

1085 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّاقِدُ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا زِيَادٌ الْبَكَّائِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: حَدَّثَنِي بِلَالٌ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَافْزَعُوا اِلَى الصَّلَاةِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سورج اور چاند دونوں اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، جب تم ایسا دیکھو کہ اس کو گرہن لگا ہے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ۔

سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت سوید بن غفلہ، حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1086 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: مَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

شُرَيْحُ بْنُ هَانِءٍ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت شریح بن ھانی' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1087 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ الْحَكَمِ، وَحَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ بِلَالٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے) تھے۔

مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت مسروق بن اجدع' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1088 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كَانَ عِنْدِي تَمْرٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدْتُ مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَاشْتَرَيْتُهُ وَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقُلْتُ: أَخَذْتُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَقَالَ: رُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس رسول اللہ ﷺ کی کھجوریں تھیں' میں نے اس کے بہتر دو صاع کے بدلے ایک پائیں' میں نے ان کو خریدا' ان کو لے کر حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے دو صاع کے بدلے ایک صاع لی ہیں' آپ نے فرمایا: ہماری کھجوریں واپس کرو۔

1089 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْأَجْدَعِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَطْعِمْنَا يَا بِلَالُ تَمْرًا فَقَبَضْتُ لَهُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بلال! ہمیں کھجور کھلاؤ! میں نے مٹھی بھری' آپ نے فرمایا: اے بلال! اور زیادہ دو! میں نے تین زیادہ کر دیں۔ میں نے عرض کی: کوئی شی باقی نہیں رہی مگر وہی باقی رہی ہیں جو میں نے

قَبَضَاتٍ، فَقَالَ: زِدْنَا يَا بِلَالُ فَزِدْتُهُ ثَلَاثًا، فَقُلْتُ: لَمْ يَبْقَ شَيْءٌ إِلَّا شَيْءٌ ادَّخَرْتُهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ إِقْلَالًا

حضور ﷺ کے لیے رکھی ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے بلال! خرچ کرو' عزت والے عرش کے کرم سے رزق کی کمی سے نہ ڈرو۔

أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت ابوعبدالرحمٰن بن عبداللہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1090 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ، أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، سَأَلَ بِلَالًا: كَيْفَ مَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ فَقَالَ: تَبَرَّزَ، ثُمَّ دَعَا بِمِطْهَرَةٍ بِإِدَاوَةٍ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، وَعَلَى خِمَارِهِ لِلْعِمَامَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: حضور ﷺ موزوں پر مسح کیسے کرتے تھے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ قضاء حاجت کرتے' پھر وضو کے لیے پانی کا برتن منگواتے' آپ چہرے اور ہاتھوں کو دھوتے اور دونوں موزوں پر مسح کرتے اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے)۔

1091 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وثنا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي شَيْخٌ مِنْ بَنِي تَيْمٍ يُكَنَّى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ فَمَرَّ بِلَالٌ، فَسَأَلُوهُ عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ يَقْضِي الْحَاجَةَ، فَيَجِيءُ فَيَتَوَضَّأُ وَيَمْسَحُ عَلَى الْخِمَارِ وَالْمُوقَيْنِ

حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ گزرے' آپ سے رسول اللہ ﷺ کے وضو کے متعلق پوچھا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ قضاء حاجت کرتے آپ کے لیے وضو کا پانی لایا جاتا تو آپ وضو کرتے اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرتے تھے) اور دونوں موزوں پر مسح کرتے۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ بِلَالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

الصُّنَابِحِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت صنابحی' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1092 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ النَّاجِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ اَبِی الْخَيْرِ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ بِلَالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ اَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لیلۃ القدر چوبیس رمضان کو ہے۔

اَبُو جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَالْحَارِثُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت ابوجندل بن سہیل بن عمرو اور حارث بن معاویہ' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1093 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَسُهَيْلِ بْنِ اَبِی جَنْدَلٍ، اَنَّهُمَا سَاَلَا بِلَالًا عَنِ الْمَسْحِ، فَقَالَ: امْسَحُوا عَلَى الْخُمُرِ وَالْمُوقِ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حارث بن معاویہ اور سہیل بن ابوجندل دونوں سے روایت ہے کہ دونوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرو) اور موزوں پر مسح کرو۔ یہ مرفوعاً حضور ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔

1094 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر

مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَسُهَيْلِ بْنِ اَبِی جَنْدَلٍ، اَنَّهُمَا سَاَلَا بِلَالًا عَنِ الْمَسْحِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: امْسَحُوا عَلَى الْخُمُرِ وَالْمُوقِ

کے) مسح کرتے تھے۔

1095 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِی وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِی جَنْدَلٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ بِلَالٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

1096 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَاَبِی جَنْدَلِ بْنِ سُهَيْلٍ، قَالَ: سَاَلْنَا بِلَالًا عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ بِلَالٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: امْسَحُوا عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْمُوقِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

1097 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی فَرْوَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

ابو جندل والحارث عن بلال

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

1098 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ الْكِنَانِيِّ، قَالَ: كَانَ هُوَ وَرَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَتَوَضَّآنِ مِنْ مَطْهَرَةِ الْمَسْجِدِ، فَتَنَازَعَا فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ بِلَالٌ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت حارث بن معاویہ' حضرت معاویہ کنانی سے روایت کرتے ہیں: وہ اور قریش کا ایک آدمی دونوں مسجد کے وضوخانہ میں وضو کر رہے تھے' دونوں کا موزوں پر مسح کے متعلق جھگڑا ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

1099 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَاَبِي جَنْدَلٍ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

1100 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، اَنَّ بِلَالًا، مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ اَقْبَلَ مِنَ الْغَائِطِ يَوْمَ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَدَعَا بِوَضُوءٍ فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک کے موقع پر قضاء حاجت کر کے آئے تو آپ نے وضو کے لیے پانی مانگا اور آپ نے موزوں پر مسح کیا۔

1101 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا سَالِمُ بْنُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح) کرتے ہوئے دیکھا۔

نُوحٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي جَنْدَلٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ، وَالْخِمَارِ

اَبُو اِدْرِيسَ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت ابوادریس، حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1102 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنْ بِلَالٍ اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْعِمَامَةِ وَالْمُوقَيْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح) کرتے ہوئے دیکھا۔

1103 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: مَسَحَ بِلَالٌ عَلَى مُوقَيْهِ، فَقِيلَ لَهُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ، لَمْ يَذْكُرْ مَعْمَرٌ فِي حَدِيثِهِ: اَبَا اِدْرِيسَ، وَكَذَلِكَ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ

حضرت ابوقلابہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' آپ سے عرض کی گئی: یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) سر پہ مسح کرتے ہوئے دیکھا۔ معمر نے اس حدیث میں ابوادریس کا ذکر نہیں کیا' اسی طرح یحییٰ بن ابواسحاق نے ابوقلابہ کے حوالے سے روایت کی ہے۔

1104 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ موزوں پر اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ ہاتھ داخل کر کے) سر کا مسح کرتے تھے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

1105 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي اِدْرِيسَ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا بِدِمَشْقَ فِي يَوْمٍ بَارِدٍ يَتَوَضَّأُ، فَمَرَّ بِهِ بِلَالٌ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ، كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ؟ قَالَ: يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت ابورجاء اپنے چچا ابوادریس سے روایت کرتے ہیں: وہ دمشق میں ایک دن ٹھنڈک میں وضو کر رہے تھے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ مؤذنِ رسول اللہ گزرے تو ابوادریس نے کہا: اے بلال! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضو کیسے کرتے تھے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) سر کا مسح کرتے تھے۔

1106 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمُقْرِءُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اَبِي، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ، مَوْلَى اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضو کرتے اور موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) سر کا مسح کرتے۔

1107 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضو کرتے اور موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) سر کا مسح کرتے۔

اَبُو الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت ابواشعث صنعانی' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1108 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ،

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

وَوَرْدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، قَالَا: ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ الْجَرْمِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ

حضور ﷺ وضو کرتے اور موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) سر کا مسح کرتے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لُحَيٍّ الْهَوْزَنِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت عبداللہ بن لحی ہوزنی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1109 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ الْهَوْزَنِيُّ، قَالَ: لَقِيتُ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا بِلَالُ، حَدِّثْنِي كَيْفَ كَانَتْ نَفَقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا كَانَ لَهُ شَيْءٌ، كُنْتُ اَنَا الَّذِي اَلِي ذَاكَ مِنْهُ مُنْذُ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، حَتَّى تُوُفِّيَ، وَكَانَ اِذَا اَتَاهُ الْاِنْسَانُ الْمُسْلِمُ فَرَآهُ عَارِيًا، يَاْمُرُنِي بِهِ فَاَنْطَلِقُ، فَاَسْتَقْرِضُ فَاَشْتَرِي الْبُرْدَةَ، فَاَكْسُوهُ وَاُطْعِمُهُ، حَتَّى اعْتَرَضَنِي رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ، اِنَّ عِنْدِي سَعَةً ، فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّي، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ تَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ لِاُؤَذِّنَ بِالصَّلَاةِ، فَاِذَا الْمُشْرِكُ قَدْ اَقْبَلَ فِي

حضرت عبداللہ الہوزنی فرماتے ہیں کہ وہ مؤذنِ رسول ﷺ حضرت بلال سے ملا' میں نے عرض کی: اے بلال! مجھے بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ کا روزمرہ کا کام کاج کیا تھا؟ حضرت بلال نے فرمایا کہ آپ دنیوی کام نہیں کرتے تھے' میں آپ کے ساتھ رہا ہوں' جب سے آپ نے اعلانِ نبوت فرمایا' اس وقت سے لے کر آپ کے وصال مبارک تک' آپ کے پاس جب کوئی مسلمان آدمی آتا تھا آپ اس کو ننگا دیکھتے' مجھے آپ اس کے متعلق حکم دیتے' میں جاتا اور میں قرض لیتا۔ پس میں اس کے لیے چادر خریدتا پھر میں اس کو پہناتا اور اس کو کھلاتا یہاں تک کہ میرا سامنا مشرکوں میں سے ایک آدمی سے ہوا۔ مجھے اس نے کہا: اے بلال! میرے پاس گنجائش ہے تو قرض صرف مجھ سے ہی لیا کر' میں نے ایسے ہی کیا۔ جب ایک دن میں وضو کر رہا تھا تو

عِصَابَةٍ مِنَ التُّجَّارِ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: يَا حَبَشِيُّ، قُلْتُ: يَا لَبَّيْكَ، فَتَجَهَّمَنِي، وَقَالَ لِي قَوْلًا عَظِيمًا، فَقَالَ: اَتَدْرِي كَمْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الشَّهْرِ، قُلْتُ: قَرِيبٌ، قَالَ: اِنَّمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ اَرْبَعٌ، وَآخُذُكَ بِالَّذِي لِي عَلَيْكَ، فَاِنِّي لَمْ اُعْطِكَ الَّذِي اَعْطَيْتُكَ مِنْ كَرَامَتِكَ، وَلَا كَرَامَةِ صَاحِبِكَ عَلَيَّ، وَلَكِنْ اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَ لِاَتَّخِذَكَ لِي عَبْدًا، فَارُدُّكَ تَرْعَى الْغَنَمَ كَمَا كُنْتَ قَبْلَ ذَلِكَ، فَاَخَذَ فِي نَفْسِي مَا يَاْخُذُ فِي اَنْفُسِ النَّاسِ، فَانْطَلَقْتُ، ثُمَّ اَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ حَتَّى اِذَا صَلَّيْتُ الْعَتَمَةَ، رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَهْلِهِ، فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ فَاَذِنَ لِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِي كُنْتُ اَدَّنْتُ مِنْهُ، قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا، وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي عَنِّي، وَلَيْسَ عِنْدِي، وَهُوَ فَاضِحِي، فَائْذَنْ لِي اَنْ آبَقَ اِلَى بَعْضِ هٰؤُلَاءِ الْاَحْيَاءِ الَّذِينَ قَدْ اَسْلَمُوا حَتَّى يَرْزُقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَقْضِي عَنِّي، فَخَرَجْتُ حَتَّى اَتَيْتُ مَنْزِلِي، فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجِرَابِي وَمِجَنِّي وَنَعْلِي عِنْدَ رَاْسِي، وَاسْتَقْبَلْتُ بِوَجْهِي الْاُفُقَ، فَكُلَّمَا نِمْتُ سَاعَةً انْتَبَهْتُ، فَاِذَا رَاَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ، حَتَّى يَنْشَقَّ عَمُودُ الصُّبْحِ الْاَوَّلِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَنْطَلِقَ، فَاِذَا اِنْسَانٌ يَسْعَى يَدْعُو: يَا بِلَالُ اَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى اَتَيْتُهُ فَاِذَا اَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ عَلَيْهِنَّ اَحْمَالُهُنَّ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

میں نماز کی اذان کے لیے اُٹھا' دیکھا ایک مشرک تاجروں کے ایک گروہ کے ساتھ آ رہا ہے' جب اس نے مجھے دیکھا تو اس نے کہا: اے حبشی! میں نے کہا: حاضر ہوں! وہ میرے ساتھ ترش روئی سے پیش آیا اور سخت بات بھی کہی۔ اس نے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے درمیان اور میرے درمیان قرض کے کتنے مہینے مہلت رہ گئی ہے؟ میں نے کہا: قریب ہے! اس نے کہا: میرے اور آپ کے درمیان چار ماہ رہ گئے ہیں' میں نے آپ سے وہ لینے ہیں جو میرا قرض آپ کے ذمہ ہے' میں نے تجھے نہ اس لیے دیئے تھے کہ تُو قابلِ عزت ہے اور نہ اس لیے کہ آپ کے صاحب کے مجھ پر کوئی احسان ہیں' میں نے تمہیں دیئے تھے تاکہ میں تجھے غلام بناؤں' میں تجھے واپس لے آؤں گا' تُو میری بکریاں چرائے جس طرح اس سے پہلے چراتا تھا۔ میرے دل میں بات آئی جو لوگوں کے دل میں آتی ہے' میں چلا' پھر میں نے نماز کے لیے اذان دی یہاں تک کہ جب میں نے عشاء کی نماز پڑھی' رسول اللہ ﷺ اپنے گھر چلے گئے' میں نے آپ سے اجازت چاہی تو مجھے اجازت دی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس مشرک نے جس سے میں قرض لیتا تھا' اس نے مجھے اس طرح اس طرح کہا ہے اور آپ کے پاس اتنا مال نہیں ہے جس سے اس کا قرض ادا کیا جائے اور میرے پاس نہیں ہے' یہ تو میرے لیے رسوائی ہے۔ آپ مجھے اجازت دیں کہ بعض اُن احباب کی طرف چلا جاؤں جو مسلمان

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَكَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَقَالَ: اَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْاَرْبَعِ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: اِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ، وَمَا عَلَيْهِنَّ كِسْوَةٌ وَطَعَامٌ اَهْدَاهُنَّ اِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ اَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَقَلْتُهُنَّ، ثُمَّ قُمْتُ اِلَى تَاْذِينِي صَلَاةَ الصُّبْحِ حَتَّى اِذَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجْتُ اِلَى الْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ اِصْبَعَيَّ فِي اُذُنَيَّ، فَنَادَيْتُ، فَقُلْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَيْنٍ فَلْيَحْضُرْ، فَمَا زِلْتُ اَبِيعُ وَاَقْضِي حَتَّى لَمْ يَبْقَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فِي الْاَرْضِ، حَتَّى فَضَلَ فِي يَدِي اُوقِيَّتَانِ- اَوْ اُوقِيَّةٌ وَنِصْفٌ- ثُمَّ انْطَلَقْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ وَقَدْ ذَهَبَ عَامَّةُ النَّهَارِ، وَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لِي: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟ قُلْتُ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ، فَقَالَ: اَفَضَلَ شَيْءٍ فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: انْظُرْ اَنْ تُرِيحَنِي مِنْهَا، فَاِنِّي لَسْتُ دَاخِلًا عَلَى اَحَدٍ مِنْ اَهْلِي حَتَّى تُرِيحَنِي مِنْهُ فَلَمْ يَاْتِنَا اَحَدٌ حَتَّى اَمْسَيْنَا، فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِي، فَقَالَ لِي: مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ؟ قُلْتُ: هُوَ مَعِي لَمْ يَاْتِنَا اَحَدٌ،

جس سے قرض ادا ہو جائے۔ پس میں نکلا یہاں تک کہ میں اپنے گھر آیا' میں نے اپنی تلوار اور تھیلی اور جوتیاں اپنے پاس رکھیں' پس میں نے اپنا چہرہ آسمان کی طرف کیا' جب میں تھوڑی دیر کے لیے سویا' میں اُٹھا جب رات ہوئی میں سو گیا یہاں تک کہ پو پھوٹی' میں نے جانے کا ارادہ کیا تو ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا' وہ مجھے بلانے لگا: اے بلال! تجھے رسول اللہ ﷺ بلا رہے ہیں' میں چلا یہاں تک کہ میں آپ کے پاس آیا تو دیکھا کہ آپ کے پاس چار سواریاں تھیں جن پر سامان تھا' پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' میں نے اجازت مانگی تو مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تجھے خوشخبری ہو! بے شک اللہ نے آپ کا قرض ادا کرنے کے لیے مال دے دیا ہے۔ میں نے اللہ کی حمد کی' آپ نے فرمایا: کیا چار سواریاں یہاں موجود نہیں ہیں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تیرے لیے جو غلام ہیں ان پر اور سامان وغیرہ اور کھانا وغیرہ فدک کے بادشاہ نے ہم کو ہدیہ بھیجا ہے اِن کو لے لو اور اپنا قرض ادا کرو۔ سو میں نے ایسے ہی کیا' میں نے اُن سواروں سے سامان اُتارا پھر میں نے کپڑے میں باندھا' پھر میں صبح کی اذان دینے کے لیے اُٹھا یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی میں جنت البقیع کی طرف نکلا' میں نے اپنی دونوں انگلیاں کانوں میں رکھیں' میں نے آواز دی: جس نے رسول اللہ ﷺ

حَتّٰى كَانَ فِي آخِرِ النَّهَارِ جَاءَ رَاعِيَانِ، فَأَطْعَمْتُهُمَا وَكَسَوْتُهُمَا، حَتّٰى إِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ دَعَانِي، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ؟ فَقُلْتُ: قَدْ أَرَاحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَفَقًا مِنْ أَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذٰلِكَ، ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتّٰى جَاءَ أَزْوَاجَهُ، فَسَلَّمَ عَلٰى امْرَأَةٍ امْرَأَةٍ حَتّٰى أَتٰى مَبِيتَهُ، فَهُوَ الَّذِي سَأَلَتْنِي عَنْهُ

قرض باقی ہی نہیں رہا کسی کا بھی زمین میں' یہاں تک کہ دو یا ایک اور اوقیہ میرے ہاتھ میں باقی رہا۔ پھر میں مسجد کی طرف چلا' جب دوپہر کا وقت چلا گیا اور جب رسول اللہ ﷺ مسجد میں اکیلے بیٹھے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: بے شک اللہ نے ہرشی کا قرض ادا کر دیا جو اس کے رسول پر تھا' کوئی شی باقی نہیں رہی۔ آپ نے فرمایا: کیا کوئی شی باقی رہی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: دیکھو! میں اس وقت تک اپنے گھر نہیں جاؤں گا یہاں تک کہ مجھے اس سے راحت حاصل ہو' ہمارے پاس لینے کے لیے کوئی نہیں آیا یہاں تک کہ شام ہوگئی۔ سو جب رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز پڑھائی تو مجھے آپ نے بلوایا' آپ نے فرمایا: جو تیرے پاس تھا اس کے ساتھ کیا کیا ہے؟ میں نے عرض کی: وہ میرے پاس ہے' ہمارے پاس کوئی نہیں آیا۔ آپ نے رات مسجد میں گزاری یہاں تک کہ صبح ہوگئی' دوسرے دن نماز پڑھائی یہاں تک کہ دوسرا دن آیا' اس کا آخری حصہ آیا تو دو سوار آئے' میں ان کے پاس گیا' میں نے اُن دونوں کو کھلایا اور پہنایا یہاں تک کہ آپ نے عشاء کی نماز پڑھائی' مجھے آپ نے بلوایا' آپ نے فرمایا: کیا کیا جو تیرے پاس مال تھا؟ میں نے عرض کی: اللہ نے آپ کو اس سے راحت دی ہے' یارسول اللہ! آپ نے اللہ اکبر کہا اور اللہ کی حمد کی' ڈرتے ہوئے کہ (مجھے)

موت اس حالت میں نہ آئے کہ وہ مال میرے پاس ہو۔ پھر میں آپ کے پیچھے چلا یہاں تک کہ آپ نے اپنی ازواج میں سے کسی عورت کو سلام کیا یہاں تک کہ رات آپ نے وہاں گزاری' یہ وہ ہے جس کے متعلق آپ نے مجھ سے پوچھا۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ سَلَّامٍ، عَنْ غَيْلَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ بِلَالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

شَدَّادٌ مَوْلَى عِيَاضٍ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت عیاض کے غلام شداد' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1110 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ شَدَّادٍ، مَوْلَى عِيَاضٍ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُؤَذِّنْ حَتَّى تَرَى الْفَجْرَ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِيَدِهِ، ثُمَّ فَتَحَهَا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فجر کی اذان نہ دینا جب تک فجر اس طرح نہ دیکھے' آپ نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا' پھر آپ نے کھولا۔

شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت شہر بن حوشب' حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1111 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا اَيُّوبُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ بِلَالٍ،

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

نِمْرَانُ الْيَحْصِبِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت نمران یحصبی، حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1112 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ، ثنا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ اَبِي مُلَيْكَةَ الذِّمَارِيِّ، عَنْ نِمْرَانَ الْيَحْصِبِيِّ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ، نَادِ فِي النَّاسِ، مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ، اَوْ شَهْرٍ، اَوْ جُمُعَةٍ، اَوْ يَوْمٍ، اَوْ سَاعَةٍ قَالَ: اِذًا يَتَّكِلُوا، قَالَ: وَاِنِ اتَّكَلُوا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بلال! لوگوں میں اعلان کر دو کہ جو اپنی موت سے پہلے لا الہ الا اللہ پڑھے اپنی زبان سے تو وہ جنت میں داخل ہوگا' یا ایک ماہ یا ایک جمعہ یا ایک دن یا ایک گھڑی پہلے۔ میں نے عرض کی: پھر تو لوگ اسی پر بھروسہ کریں گے' آپ نے فرمایا: اگرچہ بھروسہ کریں۔

اَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ بِلَالٍ

ابوعثمان نہدی' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1113 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، اَنَّ بِلَالًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِينَ

حضرت ابوعثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ سے پہلے آمین نہ کہنا۔

1114 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعِينٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ بِلَالٍ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

حضرت ابوعثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ سے پہلے آمین نہ کہنا۔

فَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت فاطمہ بنت حسین، حضرت بلال سے روایت کرتی ہیں

1115 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُرُزِّيُّ، ثنا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، اَخْبَرَنِي بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ

حضرت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

بِلَالُ بْنُ الْحَارِثِ الْمُزَنِيُّ، يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ، آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے

1116 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ بِلَالُ بْنُ الْحَارِثِ الْمُزَنِيُّ سَنَةَ سِتِّينَ وَسِنُّهُ ثَمَانُونَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ کا وصال ساٹھ یا اسّی ہجری میں ہوا۔

1117 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، قَالَ: بِلَالُ بْنُ الْحَارِثِ يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت ہارون بن عبداللہ حمال فرماتے ہیں کہ حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن تھی۔

1118 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا

1118- أخرجه الترمذي في سننه جلد 4 صفحه 559 رقم الحديث: 2319، وابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1312 رقم الحديث: 3969، ومالك في الموطأ جلد 2 صفحه 985 رقم الحديث: 1781، وأحمد في مسنده جلد 3 صفحه 469 كلهم عن عمرو بن علقمة عن أبيه عن بلال بن الحارث به.

اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يَرَى اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1119 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْرَقُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ رِضْوَانَهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1120 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ شَاهِينَ الْبَصْرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ يَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ وَمَا يَرَى اَنَّهَا بَلَغَتْ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضَاهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ فَمَا

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی

يَرَى اَنَّهَا تَبْلُغُ مَا تَبْلُغُ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ يلقاه

لکھتا رہے گا۔

1121 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1122 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا جَدِّي اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يَرَى اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبَ لَهُ سَخَطُهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يَرَى اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيُكْتَبَ لَهُ رِضْوَانُهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ،

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ، ثنا اَبُو النَّضْرِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ،

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس طرح کی حدیث روایت کی ہے۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

1123 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنَّهَا تَبْلُغُ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْهِ سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1124 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا كَانَ يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ رِضْوَانَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا كَانَ يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا سَخَطَهُ اِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: اَسْقَطَ مَالِكٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ مِنَ الْاِسْنَادِ، عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، جَدَّ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

عَمْرٍو، وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ فَخَالَفَ النَّاسَ فِيهِ

1125 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللَّهِ لَا يَدْرِي مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللَّهُ لَهُ بِهَا سَخَطَهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللَّهِ لَا يَدْرِي مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللَّهُ لَهُ بِهَا رِضَاهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1126 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَهْرَيَارَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللَّهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الشَّرِّ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللَّهُ عَلَيْهِ بِهَا سَخَطَهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی اللہ کی رضا کے لیے بات کرتا ہے' اس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے کہ اس بات کے ذریعے کس درجے پر فائز ہوا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک رضا لکھتا رہے گا' ایک آدمی اللہ کی ناراضگی کی بات کرتا ہے' اس کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ اس کے ذریعے کہاں تک پہنچا ہے' اللہ عزوجل اس کے لیے قیامت کے دن تک ناراضگی ہی لکھتا رہے گا۔

1127 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ،

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے

بلال بن الحارث المزني يكنى ابا عبد الرحمن

1127- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 593 رقم الحديث: 6200 عن عمرو بن علقمة عن أبيه عن بلال بن الحارث به .

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

مسلمان محفوظ رہیں۔

1128 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَسْخُ الْحَجِّ لَنَا خَاصَّةً، اَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً؟ قَالَ: بَلْ لَنَا خَاصَّةً

حضرت حارث بن بلال بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حج کا فسخ ہمارے لیے خاص ہے یا عام لوگوں کے لیے بھی؟ آپ نے فرمایا: ہمارے لیے ہی خاص ہے۔

1129 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا ابْنُ اَبِي الْوَزِيرِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ

حضرت بلال بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے قسم اور ایک گواہ کے ساتھ فیصلہ کیا۔

1130 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لَهُ الْعَقِيقَ كُلَّهُ

حضرت حارث بن بلال بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے (میرے) مقامِ عقیق سارا الگ کر کے دیا۔

1131 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عُمَارَةَ، وَبِلَالٍ، ابْنَيْ يَحْيَى بْنِ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے (میرے لیے) یہ قطعہ کاٹ کر دیا' اس کے مالک کو لکھا کہ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا

1129- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 593 رقم الحديث: 6201 عن ربيعة عن الحارث بن بلال عن أبيه

بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ جَدِّهِمَا بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهُ هَذِهِ الْقَطِيعَةَ وَكَتَبَ لَهُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذَا مَا اَعْطَى مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ، اَعْطَاهُ مَعَادِنَ الْقَبِيلَةِ غَوْرِيَّهَا وَجَلْسِيَّهَا غَشِيَةَ، وَذَاتَ النُّصُبِ، وَحَيْثُ صَلُحَ الزَّرْعُ مِنْ قُدْسٍ، اِنْ كَانَ صَادِقًا وَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ

مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے! یہ محمد ﷺ نے بلال بن حارث کو عطا فرمایا' اسے قبیلہ کی کانیں' اس کی پست اور چٹانیں عطا فرمائیں' ستونوں والی جگہ اور جہاں اچھی کھیتی ہوتی ہے' اگر وہ سچا ہے اور حضرت امیر معاویہ کاتب تھے۔

1132 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ لِحَاجَتِهِ اَبْعَدَ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب قضاء حاجت کے لیے جاتے تو دور جاتے۔

1133 - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ الْقُرَشِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهِ، فَخَرَجَ لِحَاجَتِهِ وَكَانَ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِهِ يُبْعِدُ، فَاَتَيْتُهُ بِاِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَانْطَلَقَ، فَسَمِعْتُ عِنْدَهُ خُصُومَةَ رِجَالٍ، وَلَغَطًا لَمْ اَسْمَعْ مِثْلَهَا، فَجَاءَ، فَقَالَ: بِلَالُ فَقُلْتُ: بِلَالُ، قَالَ: اَمَعَكَ مَاءٌ؟ قُلْتُ:

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی سفر میں نکلے' آپ قضاء حاجت کے لیے نکلے' آپ جب قضاء حاجت کے لیے جاتے تو دور جاتے' میں آپ کے پاس پانی کا برتن لایا' میں نے آپ کے پاس چند مردوں کی آواز سنی اور میں نے ایسا شور سنا جو کبھی نہیں سنا تھا۔ پھر آپ واپس آئے۔ حضرت بلال فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اچھا کیا' آپ نے مجھ سے پانی

نَعَمْ، قَالَ: اَصَبْتَ فَاَخَذَهُ مِنِّي فَتَوَضَّاَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَمِعْتُ عِنْدَكَ خُصُومَةَ رِجَالٍ وَلَغَطًا مَا سَمِعْتُ اَحَدًا مِنْ اَلْسِنَتِهِمْ، قَالَ: اخْتَصَمَ عِنْدِي الْجِنُّ الْمُسْلِمُونَ وَالْجِنُّ الْمُشْرِكُونَ، سَاَلُونِي اَنْ اُسْكِنَهُمْ فَاَسْكَنْتُ الْمُسْلِمِينَ الْجَلَسَ، وَاَسْكَنْتُ الْمُشْرِكِينَ الْغَوْرَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ: قُلْتُ لِكَثِيرٍ: مَا الْجَلَسُ، وَمَا الْغَوْرُ؟ قَالَ: الْجَلَسُ الْقُرَى وَالْجِبَالُ، وَالْغَوْرُ مَا بَيْنَ الْجِبَالِ وَالْبِحَارِ قَالَ كَثِيرٌ: مَا رَاَيْنَا اَحَدًا اُصِيبَ بِالْجَلَسِ اِلَّا سَلِمَ، وَلَا اُصِيبَ اَحَدٌ بِالْغَوْرِ اِلَّا لَمْ يَكَدْ يَسْلَمُ

لیا' آپ نے وضو کیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے پاس چند لوگوں کی آواز سنی' ایسی آوازیں میں نے کبھی نہیں سنیں۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس مسلمان جن اور مشرک جن آئے' مجھ سے رہنے کے متعلق پوچھا' میں نے مسلمانوں کو مقام جلس میں رکھا اور مشرکوں کو مقام غور میں۔ حضرت عبداللہ بن کثیر فرماتے ہیں کہ میں نے کثیر سے عرض کی: جلس اور غور سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: جلس بستی اور پہاڑ کو کہتے ہیں اور غور جو پہاڑوں اور سمندروں کے درمیان جگہ کو۔ حضرت کثیر فرماتے ہیں کہ ہم نے کسی کو نہیں دیکھا کہ جلس میں رہنے والے مسلمان تھے اور غور میں رہنے والے اسلام کے قریب بھی نہیں آئے۔

1134 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ الطُّوسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَمَضَانُ بِالْمَدِينَةِ خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ رَمَضَانَ فِيمَا سِوَاهَا مِنَ الْبُلْدَانِ، وَجُمُعَةٌ بِالْمَدِينَةِ خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ جُمُعَةٍ فِيمَا سِوَاهَا مِنَ الْبُلْدَانِ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مدینہ میں رمضان گزارنا' دوسرے شہر میں گزارنے سے ہزار درجے بہتر ہے اور مدینہ میں جمعہ دوسرے شہروں کے ہزار جمعوں سے بہتر ہے۔

بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ الْاَسْلَمِيُّ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت بریدہ بن حصیب اسلمی رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے

1135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ

حضرت ہارون بن عبداللہ ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ

فُسْتُقَةُ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو مُوسَى، قَالَ: مَاتَ بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ الْاَسْلَمِيُّ بِخُرَاسَانَ، فِي خِلَافَةِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَسِتِّينَ، قَالَ اَبُو مُوسَى: وَبُرَيْدَةُ بْنُ حُصَيْبٍ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت بریدہ بن حصیب اسلمی رضی اللہ عنہ' یزید بن معاویہ کی حکومت کے دوران 62 ہجری کو فوت ہوئے۔ حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں: بریدہ بن حصیب کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔

1136 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُرَيْثٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّرَسُوسِيُّ، ثنا سَمُرَةُ بْنُ حُجْرٍ، ثنا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُرَيْدَةُ سَتَكُونُ بُعُوثٌ، فَعَلَيْكَ بِبَعْثِ خُرَاسَانَ، ثُمَّ عَلَيْكَ بِمَدِينَةِ مَرْوٍ، فَاِنَّهُ لَا يُصِيبُ اَهْلَهَا سُوءٌ، لِاَنَّ ذَا الْقَرْنَيْنِ بَنَاهَا

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! عنقریب بُعوت ہوں گے (فتنے) آپ نے خراسان جانا ہے' پھر مرو کے شہر میں کیونکہ اس میں رہنے والے کو بُرائی نہیں پہنچے گی کیونکہ اس شہر کو ذوالقرنین بادشاہ نے بنایا۔

1137 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْآخِرَةَ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ الْجَرِّ فَانْتَبِذُوا فِي كُلِّ وِعَاءٍ وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْاَضَاحِيِّ بَعْدَ ثَلَاثٍ، فَكُلُوا وَتَزَوَّدُوا وَادَّخِرُوا

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا تو اب زیارت کیا کرو کیونکہ قبروں کی زیارت سے آخرت یاد آتی ہے' میں تمہیں مٹکے سے منع کرتا تھا تو اب ہر برتن میں نبیذ بنایا لیا کرو اور ہر نشہ آور چیز سے بچو' میں تمہیں قربانی کا گوشت تین سے زیادہ رکھنے سے منع کرتا تھا تو اب کھاؤ اور زادِ راہ لو اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہو۔

1138 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے

بريدة بن الحصيب الاسلمي يكنى ابا عبد الله

1137- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد **2** صفحه **972** رقم الحديث: **977**' جلد **3** صفحه **1563** رقم الحديث: **1977**' والنسائی فی المجتبیٰ جلد **4** صفحه **89** رقم الحديث: **2032** كلاهما عن عبد الله بن بريدة عن أبيه به .

1138- أخرجه النسائی فی السنن الكبرىٰ جلد **6** صفحه **72** رقم الحديث: **10088**' والرويانی فی مسنده جلد **1** صفحه **77** رقم الحديث: **35** عن عبد الكريم بن طريف عن أبيه به .

غَسَّانَ النَّهْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّوَاسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ سَلِيطٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ نَفَرٌ مِنَ الْاَنْصَارِ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عِنْدَكَ فَاطِمَةُ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا حَاجَةُ ابْنِ اَبِي طَالِبٍ؟ ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَكَرْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا، وَاَهْلًا ، لَمْ يَزِدْ عَلَيْهَا، خَرَجَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَلَى اُولَئِكَ الرَّهْطِ مِنَ الْاَنْصَارِ يَنْتَظِرُونَهُ، قَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: مَا اَدْرِي غَيْرَ اَنَّهُ، قَالَ لِي: مَرْحَبًا، وَاَهْلًا ، فَقَالُوا: يَكْفِيكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِحْدَاهُمَا اَعْطَاكَ الْاَهْلَ وَالْمَرْحَبَ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ بَعْدَمَا زَوَّجَهُ، قَالَ: يَا عَلِيُّ اِنَّهُ لَا بُدَّ لِلْعَرُوسِ مِنْ وَلِيمَةٍ ، قَالَ سَعْدٌ: عِنْدِي كَبْشٌ، وَجَمَعَ لَهُ رَهْطٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَصُوعًا مِنْ ذُرَةٍ، فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةَ الْبِنَاءِ، قَالَ: لَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتَّى تَلْقَانِي ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ، فَتَوَضَّاَ مِنْهُ ثُمَّ اَفْرَغَهُ عَلَى عَلِيٍّ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيهِمَا، وَبَارِكْ لَهُمَا فِي بِنَائِهِمَا

ہیں کہ انصار کے ایک گروہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ فاطمہ سے شادی کریں! حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ کو سلام کیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! کیسے آئے ہو؟ کیا ضرورت ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں فاطمہ بنت رسول اللہ کا رشتہ لینے کے لیے آیا ہوں۔ آپ نے فرمایا: خوش آمدید! اس سے زیادہ نہ کہا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ انصار کے گروہ کے پاس آئے جو آپ کا انتظار کر رہے تھے' اُنہوں نے دریافت کیا: کیا ہوا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے آپ ﷺ نے فرمایا کہ خوش آمدید! اس کے علاوہ میں نہیں جانتا ہوں۔ انصار نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اتنا کہنا ہی کافی ہے' آپ کو دونوں میں سے ایک ہی کافی ہے' آپ نے تمہیں اہل اور مرحب عطا فرمایا' شادی کے بعد آپ نے فرمایا: اے علی! شادی کے لیے ولیمہ ضروری ہے۔ حضرت سعد فرماتے ہیں کہ میرے پاس مینڈھا تھا' انصار کے گروہ نے کئی سیر چاول اکٹھے کیے' جب رخصتی کی رات تھی تو آپ نے فرمایا: مجھ سے ملنے تک کسی سے بات نہ کرنا۔ حضور ﷺ نے پانی منگوایا' اس سے وضو کیا اور مجھ پر ڈالا اور عرض کی: اے اللہ! ان دونوں میں برکت دے! ان دونوں کی شادی میں برکت دے!

1139 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے

بريدة بن الحصيب الاسلمي يكنى ابا عبد الله

1139- أخرجه الترمذی فی سننه جلد3صفحه613 رقم الحديث: **1322**' وأبو داؤد فی سننه جلد 3صفحه299 رقم الحديث: **3573** كلاهما عن ابن بريدة عن أبيه به .

السِّمْسَارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ قَاضِيَانِ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ فِي الْجَنَّةِ، قَاضٍ قَضَى بِغَيْرِ حَقٍّ وَهُوَ يَعْلَمُ، فَذَاكَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى، وَهُوَ لَا يَعْلَمُ، فَاَهْلَكَ حُقُوقَ النَّاسِ، فَذَلِكَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى بِالْحَقِّ، فَذَاكَ فِي الْجَنَّةِ

ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قاضی تین طرح کے ہیں' دو جہنم میں اور ایک جنت میں' وہ قاضی جس نے جاننے کے باوجود ناحق فیصلہ کیا تو وہ جہنمی ہے' ایک وہ قاضی جس نے ان جانے میں فیصلہ کیا اور اُس نے لوگوں کے حقوق ضائع کیے تو وہ بھی جہنم میں ہے' اور ایک وہ قاضی ہے جس نے حق کے ساتھ فیصلہ کیا تو وہ جنتی ہے۔

1140 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمَخْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، ثنا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ عَنْ رُمَيْحِ بْنِ هِلَالٍ الطَّائِيِّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَلَّيْنَا الظُّهْرَ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ صَلَاتِهِ اَقْبَلَ عَلَيْنَا غَضْبَانًا، فَنَادَى بِصَوْتٍ اَسْمَعَ الْعَوَاتِقَ، فِي اَجْوَافِ الْخُدُورِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ، وَلَمْ يَدْخُلِ الْاِيمَانُ فِي قَلْبِهِ، لَا تَذُمُّوا الْمُسْلِمِينَ، لَا تَطْلُبُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَاِنَّهُ مَنْ يَطْلُبُ عَوْرَةَ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ، هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَهُ، وَاَبْدَا عَوْرَتَهُ، وَلَوْ كَانَ فِي سِتْرِ بَيْتِهِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نمازِ ظہر پڑھی' جب آپ نے سلام پھیرا تو ہماری طرف غصہ کے ساتھ متوجہ ہوئے' آپ نے بلند آواز میں ندا دی' جس کو عورتوں نے گھروں کے اندر سن لیا' آپ نے فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! اس کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوگا' مسلمانوں کو ذلیل نہ کرو' ان کے عیب تلاش نہ کرو' جو کسی مسلمان کے عیب تلاش کرے گا' اللہ عزوجل اس کے پردہ کو پھاڑ دے گا اور اس کے عیب کو ظاہر کرے گا' اگرچہ وہ گھر کے اندر کے پردے میں چھپا ہوا ہوگا۔

1141 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبَّادُ بْنُ زِيَادٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ قَاضِيَانِ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ فِي الْجَنَّةِ،

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قاضی تین طرح کے ہیں' دو جہنم میں اور ایک جنت میں' وہ قاضی جس نے جاننے کے باوجود ناحق فیصلہ کیا تو وہ جہنمی ہے' ایک وہ قاضی جس نے ان جانے میں فیصلہ کیا اور اُس نے لوگوں کے

قَاضٍ قَضَى بِغَيْرِ الْحَقِّ وَهُوَ يَعْلَمُ، فَهُوَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى بِغَيْرِ الْحَقِّ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ، فَهُوَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى بِالْحَقِّ وَهُوَ يَعْلَمُ، فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: خَالَفَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ رَحِمَهُ اللّٰهُ النَّاسَ فِي هٰذَا الرَّجُلِ، فَقَالَ عَبَّادٌ: وَحَدَّثَنَا عَنْهُ الْمُطَيَّنُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ، وَغَيْرُهُمْ فَقَالُوا: عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ

حقوق ضائع کیے تو وہ بھی جہنم میں ہے' اور ایک وہ قاضی ہے جس نے حق کے ساتھ فیصلہ کیا تو وہ جنتی ہے۔

1142 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ اِلَى السُّوقِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا السُّوقِ، وَخَيْرِ مَا فِيهَا، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ اَنْ اُصِيبَ فِيهَا يَمِينًا فَاجِرَةً، اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بازار نکلتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اللّٰھم انی اسئلك من خیر الی آخرہ''۔

1143 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْحَجَرَ لَيَزِنُ سَبْعَ خَلِفَاتٍ يُرْمَى بِهِ فِي جَهَنَّمَ، فَيَهْوِي سَبْعِينَ خَرِيفًا، مَا يَبْلُغُ قَعْرَهَا

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک ایک پتھر جہنم میں پھینکا گیا' ستر سال تک گرتا رہا' ابھی تک اس کی تہہ تک نہیں پہنچا ہے۔

1144 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت

بريدة بن الحصيب الاسلمي يكنى ابا عبد الله

1142- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد1 صفحه723 رقم الحديث: 1976 .

الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا مُوسَی بْنُ اِسْمَاعِیلَ، ثنا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، صَاحِبُ الصَّدَقَةِ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: بَیْنَمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی مَسِیرٍ لَهُ، اِذْ اَتَی عَلَی رَجُلٍ یَتَقَلَّبُ فِی الرَّمْضَاءِ ظَهْرًا لِبَطْنٍ، وَیَقُولُ: یَا نَفْسُ نَوْمٌ بِاللَّیْلِ، وَبَاطِلٌ بِالنَّهَارِ، وتُرَجِّینَ اَنْ تَدْخُلِی الْجَنَّةَ؟ فَلَمَّا قَضَی ذَاتَ نَفْسِهِ اَقْبَلَ اِلَیْنَا فَقَالَ: دُونَكُمْ اَخُوكُمْ، قُلْنَا: ادْعُ اللّٰهَ لَنَا یَرْحَمْكَ اللّٰهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْمَعْ عَلَی الْهُدَی اَمْرَهُمْ، قُلْنَا: زِدْنَا، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ التَّقْوَی زَادَهُمْ، قُلْنَا: زِدْنَا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زِدْهُمِ اللّٰهُمَّ، وَفِّقْهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْجَنَّةَ مَآبَهُمْ

کرتے ہیں کہ اسی دوران کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں چل رہے تھے' اچانک آپ ایک آدمی کے پاس آئے جو گرمی میں کبھی پیٹھ' کبھی پیٹ کے بل لوٹ پوٹ ہو رہا تھا اور کہہ رہا تھا: اے میرے نفس! تُو رات کو سو جاتا ہے' دن کو باطل کام کرتا ہے پھر جنت میں جانے کی خواہش بھی کرتا ہے' پس جب اس نے اپنا کام کر لیا تو آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اپنے بھائی سے استفادہ کرو' ہم نے جا کر عرض کی: ہمارے لیے دعا کرو' اللہ آپ پر رحم فرمائے! اس نے دعا کی: اے اللہ! ان کے سارے معاملات درست فرما دے! ہم نے عرض کی: اور دعا کریں! اُنہوں نے دعا کی: اے اللہ! تقویٰ کو ان کا زادِ راہ بنا دے! ہم نے عرض کی: مزید دعا فرمائیں! تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کو اور دعا دو! اے اللہ! اسے دعا دینے کی توفیق دے! اس نے دعا دی: اے اللہ! جنت ان کا ٹھکانہ بنا دے!

1145 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا شَرِیكٌ، عَنْ اَبِی جَنَابٍ، عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: اَتَیْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُصَلِّی فَاَشَارَ اِلَیْنَا بِیَدِهِ اَنِ اجْلِسُوا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نماز پڑھ رہے تھے' آپ نے اپنے دست مبارک سے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

1146 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے

بریدة بن الحصیب الاسلمی یکنی ابا عبد اللہ

1146- أخرجه الترمذی جلد 4 صفحه 196 رقم الحدیث: 1681' وابن ماجه فی سننه جلد 2 صفحه 941 رقم الحدیث: 2818 کلاهما عن أبی مجلز عن ابن عباس به . وانظر فتح الباری جلد 6 صفحه 126' جلد 7 صفحه 477 .

حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَيَّانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَبُو زُهَيْرٍ الْعَدَوِيُّ، ثنا اَبُو مِجْلَزٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ حَيَّانُ:، وَحَدَّثَنَا ابْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَايَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ سَوْدَاءَ وَلِوَاؤُهُ اَبْيَضُ

ہیں کہ حضور ﷺ کا جھنڈا سیاہ تھا' اس کا درمیانی حصہ سفید تھا۔

1147 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرُّومِيُّ، ثنا اَبُو مُسْلِمٍ قَائِدُ الْاَعْمَشِ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَفَعَهُ قَالَ: الصَّمَدُ الَّذِي لَا جَوْفَ لَهُ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ صمد وہ ہے جس کا پیٹ نہ ہو۔

1148 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو الشَّعْثَاءِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يُسَمَّى كَلْبٌ، اَوْ كُلَيْبٌ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کلب اور کلیب نام رکھنے سے منع فرمایا۔

1149 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ رَافِعٍ اَبُو حُجْرٍ الْقَزْوِينِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الدَّشْتَكِيُّ، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَضْلُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ فِي الْحُرْمَةِ، كَاُمَّهَاتِهِمْ، وَمَا مِنْ اَحَدٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ يَخْلُفُ اَحَدًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي اَهْلِهِ، وَيَخُونُهُ فِيهِمْ، اِلَّا وَقَفَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ هَذَا خَانَكَ فِي اَهْلِكَ فَخُذْ مِنْ عَمَلِهِ مَا شِئْتَ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجاہدین کی عورتوں کو نہ جانے والوں پر فضیلت ہے حرمت میں ان کی ماؤں کی طرح ہیں' جو تم میں سے کوئی جہاد کے لیے نہ جا سکے تو وہ مجاہدین کے گھر والوں میں رہے' ان کے متعلق ڈرے تو اُس کے لیے قیامت کے دن تک ثواب لکھا جاتا رہے گا۔ عرض کی گئی: اس کے گھر والوں میں خیانت کرنا' اس کے عمل سے جو چاہے لے۔

بَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت براء بن عازب

رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ

1150 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اسْتُصْغِرْتُ اَنَا، وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ

1151 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، حَدَّثَنِی عَمِّی اَبُو بَكْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: عُرِضْتُ اَنَا، وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتُصْغِرْنَا وَشَهِدْنَا اُحُدًا

1152 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اسْتُصْغِرْتُ اَنَا، وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ

1153 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: اسْتُصْغِرْتُ اَنَا، وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ فَلَمْ نَشْهَدْهَا

1154 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا اَبُو جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنِی يَزِيدُ بْنُ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا، نَنْتَظِرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَضْحَى فَجَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ وَقَالَ: اِنَّ اَوَّلَ مَنْسَكِ يَوْمِكُمْ هَذَا الصَّلَاةُ،

انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اور ابن عمر کو بدر کے دن چھوٹا ہونے کی وجہ سے نہ جانے دیا گیا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو رسول اللہ ﷺ کے پاس بدرن کے دن پیش کیا گیا تو ہمیں چھوٹا ہونے کی وجہ سے نہ جانے دیا گیا اور ہم اُحد میں شریک ہوئے تھے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اور ابن عمر کو بدر کے دن چھوٹا ہونے کی وجہ سے نہ جانے دیا گیا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اور ابن عمر کو بدر کے دن چھوٹا ہونے کی وجہ سے نہ جانے دیا گیا۔

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے' ہم عیدالاضحیٰ کے دن رسول اللہ ﷺ کا انتظار کر رہے تھے' آپ تشریف لائے تو لوگوں کو سلام کیا' آپ نے فرمایا: آج کے دن تم نماز پڑھو گے' آپ آگے بڑھے اور

1150- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد4صفحه1456 رقم الحدیث: 3739 عن شعبة عن أبی اسحاق عن ابراء به .

فَتَقَدَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ فَاسْتَقْبَلَ الْقَوْمَ بِوَجْهِهِ، ثُمَّ أُعْطِيَ قَوْسًا، أَوْ عَصًا فَاتَّكَأَ عَلَيْهَا، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَأَمَرَهُمْ، وَنَهَاهُمْ

لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائی' پھر سلام پھیرا' لوگوں کی طرف اپنا چہرۂ مبارک کیا' پھر آپ کو کمان یا عصا دیا گیا تو آپ نے اس پر ٹیک لگائی' اللہ عزوجل کی حمد وثناء کی' کچھ اشیاء کا حکم دیا اور کچھ سے منع کیا۔

1155 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا أَصْبَحَ وَأَمْسَى أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هَذَا الْيَوْمِ، وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هَذَا الْيَوْمِ، وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَسُوءِ الْكِبَرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صبح اور شام کرتے تو یہ دعا کرتے: ''اِذَا اَصْبَحَ وَاَمْسَى الٰى آخرہٖ''۔

1156 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثنا دَرْمَكُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّ رَجُلًا اشْتَكَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْشَةَ فَقَالَ: قُلْ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، رَبِّ الْمَلَائِكَةِ، وَالرُّوحِ، جَلَّلْتَ السَّمَاوَاتِ، وَالْأَرْضَ بِالْعِزَّةِ، وَالْجَبَرُوتِ ، فَقَالَهَا الرَّجُلُ فَأَذْهَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْهُ الْوَحْشَةَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ڈرنے کی شکایت کی' آپ نے فرمایا: تُو پڑھ: ''سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الٰى آخرہٖ'' اُس آدمی نے پڑھا تو اللہ عزوجل اُس سے ڈر کو لے گیا۔

1157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ،

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت براء

ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مَطِيرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ لِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ: اَلَا اُعَلِّمُكَ دُعَاءً عَلَّمَنِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِذَا رَاَيْتَ النَّاسَ قَدْ تَنَافَسُوا الذَّهَبَ، وَالْفِضَّةَ، فَادْعُ بِهٰذِهِ الدَّعَوَاتِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ، وَاَسْاَلُكَ عَزِيمَةَ الرُّشْدِ، وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَالصَّبْرَ عَلَى بَلَائِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَالرِّضَا بِقَضَائِكَ، وَاَسْاَلُكَ قَلْبًا سَلِيمًا، وَلِسَانًا صَادِقًا، وَاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ

بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا میں تم کو رسول اللہ ﷺ کی سکھائی ہوئی دعا نہ سکھاؤں! جب تُو لوگوں کو دیکھے کہ لوگ سونے اور چاندی میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے لگے ہیں تو ان کلمات کے ذریعے دعا کرو: ''اللّٰھم انی اسالك الی آخرہٖ''۔

1158 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، اَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: نُعْمٌ، قَالَ: بَلْ اَنْتَ عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ اُس نے عرض کی: نُعم (آسودہ حالی)! آپ نے فرمایا: تمہارا نام عبداللہ ہے۔

1159 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ الْحُسَيْنِ السَّلُولِيُّ، ثنا الصَّبِيُّ بْنُ الْاَشْعَثِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ، وَلَيْلَةٌ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: موزوں پر مسح مسافر کے لیے تین دن اور تین راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن اور رات ہے۔

1160 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ حُرَيْثٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، وَالْبَرَاءِ، قَالَا:

حضرت مسروق اور حضرت براء فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور عید کرو، اگر تم پر آسمان غبار آلود ہو تو تیس دن مکمل کرلو۔ آپ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَتِمُّوا ثَلَاثِينَ، وَقَالَ بِيَدِهِ: الشَّهْرُ هَكَذَا، وَهَكَذَا يَعْنِي تِسْعًا وَعِشْرِينَ

نے اپنے دستِ مبارک سے اس اس طرح اشارہ کیا کہ مہینہ انتیس دنوں کا بھی ہوتا ہے۔

1161 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ دِينَارٍ الْحَرَشِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَكَسْبِ الْحَجَّامِ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ، وَعَسْبِ الْفَحْلِ وَكَانَ لِلْبَرَاءِ تَيْسٌ يَطْرُقُهُ مَنْ طَلَبَهُ لَا يَمْنَعُهُ أَحَدًا وَلَا يُعْطِي أَجْرَ الْفَحْلِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کتے کی کمائی اور پیشہ ور زانیہ کی کمائی اور حجام کی کمائی اور کاہن کی مٹھائی اور نر کو مادہ پر کدوانے کی کمائی سے منع فرمایا۔ حضرت براء کا نر جانور تھا' جو بھی ان سے مانگتا اس کو منع بھی نہ کرتے اور آپ کو اس کی مزدوری بھی نہیں دی جاتی تھی۔

1162 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ، فَأَتَيْنَا عَلَى رَكِيٍّ ذَمَّةٍ، قَالَ سُلَيْمَانُ: وَالذَّمَّةُ: الْقَلِيلَةُ الْمَاءِ، قَالَ: فَنَزَلَ مِنَّا سِتَّةٌ أَنَا سَادِسُهُمْ، أَوْ سَبْعَةٌ، أَنَا سَابِعُهُمْ مَاحَةً، قَالَ سُلَيْمَانُ: الْمَاحَةُ: الَّذِينَ يَقْدَحُونَ الْمَاءَ، قَالَ: فَأَدْلَيْنَا دَلْوًا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَفَةِ الرَّكِيَّةِ، فَجَعَلْنَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ایک سفر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' پس ہم ایک کم پانی والے کنویں پر آئے۔ سلیمان کا قول ہے: ''ذَمَّةٌ'' کا معنی ہے: کم پانی والا' ہم سے چھ اترے' میں ان میں چھٹا تھا یا سات اترے تو میں ساتواں تھا پانی نکالنے کے لیے۔ سلیمان کا قول: ''مَاحَه'' سے مراد وہ لوگ ہیں جو پانی نکالتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: ہم نے ڈول بھرا جبکہ رسول کریم ﷺ کنواں کے ایک کنارے پر موجود تھے۔ ہم نے کنواں آدھا کر دیا' یا کہا: دو تہائی کے قریب یا اس جیسا کلام کیا' میں پانی اُٹھا کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا۔ حضرت براء رضی

فِيهَا نِصْفَهَا، اَوْ قَالَ: قِرَابَ ثُلُثَيْهَا اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ فَرَفَعْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَرَاءُ: فَكِدْتُ اِنَائِي، هَلْ اَجِدُ شَيْئًا اَجْعَلُهُ فِي حَلْقِي فَمَا وَجَدْتُ قَالَ: فَرَفَعْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَمَسَ يَدَهُ فِيهَا فَقَالَ: مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُولَ ، فَاُعِيدَتْ اِلَيْهَا الدَّلْوُ، وَمَا فِيهَا مِنَ الْمَاءِ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُ اَحَدَنَا اُخْرِجَ بِثَوْبٍ رَهْبَةَ الْغَرَقِ، ثُمَّ سَاحَتْ - اَوْ قَالَ: سَاخَتْ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْمُقْرِي

اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنا برتن اُٹھایا (تا کہ دیکھوں) کیا اس میں کچھ ہے' میں نے اسے اپنے حلق میں ڈالا' سو میں اسے اُٹھا کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا' پس آپ ﷺ نے اس میں ہاتھ ڈالا اور فرمایا: ماشاء اللہ! یہ کہتے ہوئے کہ اس کنویں کی طرف ڈول کر انڈیلا جائے اور جو اس ڈول میں پانی ہے۔ راوی کہتا ہے: میں نے اپنے ساتھیوں میں سے ایک کو دیکھا' کپڑے کے ساتھ نکالا گیا' اس حال میں کہ وہ پانی اوپر چڑھ آنے کی وجہ سے ڈر رہا تھا' پھر وہ وسیع ہو گیا' یا راوی نے کہا: ''سَاخَتْ'' اور یہ الفاظ مقری کی حدیث کے ہیں۔

بَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ اَخُو اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت براء بن مالک' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بھائی

1163 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: اسْتَلْقَى الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ عَلَى ظَهْرِهِ، ثُمَّ تَرَنَّمَ فَقَالَ لَهُ اَنَسٌ: اَيْ اَخِي ، فَاسْتَوَى جَالِسًا، وَقَالَ: اَيْ اَنَسُ اَتَرَانِي اَمُوتُ عَلَى فِرَاشِي، وَقَدْ قَتَلْتُ مِائَةً مِنَ الْمُشْرِكِينَ مُبَارَزَةً، سِوَى مَنْ شَارَكْتُ فِي قَتْلِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت براء بن مالک اپنی پشت کے بل لیٹے ہوئے تھے' پھر اچھی آواز سے بولے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے انہیں فرمایا: اے میرے بھائی! سیدھے ہو کر بیٹھ جائیں! حضرت براء نے فرمایا: اے انس! کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ میں بستر پر مر جاؤں گا' میں نے سو مشرکوں کو مارا ہے اور اس کے علاوہ میں بھی شریک رہا ہوں۔

1164 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، سَنَةَ تِسْعِينَ وَمِئَتَيْنِ، ثنا مُوسَى بْنُ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت براء کے پاس آئے' آپ شعر پڑھ

اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَبُو هِلَالٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: دَخَلَ اَنَسٌ عَلَى الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ وَهُوَ يَقُولُ الشِّعْرَ فَقَالَ: يَا اَخِي قَدْ عَلَّمَكَ اللّٰهُ مَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ مِنْهُ قَالَ: بَلَى، فَقَالَ لَهُ الْبَرَاءُ: اَتَخْشَى اَنْ اَمُوتَ عَلَى فِرَاشِي، وَاللّٰهِ لَا يَكُونُ ذٰلِكَ بَلَاءَ اللّٰهِ اِيَّايَ، فَقَدْ قَتَلْتُ مِائَةً مِنَ الْمُشْرِكِينَ، مَا تَفَرَّدْتُ بِقَتْلِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ شَارَكْتُ فِيهِ

رہے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی! اللہ نے آپ کو اس سے بہتر سکھایا ہے۔ حضرت براء نے کہا: ہاں! حضرت براء نے کہا: کیا آپ خوف کرتے ہیں کہ میں بستر پر مروں گا؟ اللہ کی قسم! یہ میرے اللہ کی طرف سے کوئی آزمائش نہیں ہے' میں نے ایک سو مشرکوں کو مارا ہے' میں نے بعض کو اکیلے قتل کیا اور بعض کے قتل میں شریک ہوا ہوں۔

1165 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: بَارَزَ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ اَخُو اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَرْزُبَانَ الزَّارَةَ، فَقَتَلَهُ ثُمَّ اَخَذَ سَلَبَهُ، فَبَلَغَ سَلَبُهُ ثَلَاثِينَ اَلْفًا، فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقَالَ لِاَبِي طَلْحَةَ: اِنَّا كُنَّا لَا نُخَمِّسُ السَّلَبَ، وَاِنَّ سَلَبَ الْبَرَاءِ قَدْ بَلَغَ مَالًا كَثِيرًا، فَمَا اُرَانَا اِلَّا خَامِسِيهِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب' حضرت انس بن مالک کے بھائی مرزبان زارہ کو دعوت مبارزت دی اور اس کو مارا' پھر اس کا سامان لیا' اس سامان کی قیمت تیس ہزار تھی' یہ بات حضرت عمر تک پہنچی' انہوں نے ابوطلحہ سے فرمایا: ہم سامان سے خمس نہیں لیں گے' براء کا سامان بہت زیادہ تھا' ہمارا خیال ہے کہ اس میں خمس ہے۔

1166 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: لَقِيَ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ يَوْمَ مُسَيْلِمَةَ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ حِمَارُ الْيَمَامَةِ قَالَ: رَجُلٌ طُوَالٌ فِي يَدِهِ سَيْفٌ اَبْيَضُ قَالَ: وَكَانَ الْبَرَاءُ رَجُلًا قَصِيرًا فَضَرَبَ الْبَرَاءُ رِجْلَيْهِ بِالسَّيْفِ، فَكَاَنَّمَا اَخْطَاهُ فَوَقَعَ عَلَى قَفَاهُ قَالَ: فَاَخَذْتُ سَيْفَهُ، وَاَغْمَدْتُ سَيْفِي فَمَا ضَرَبْتُ اِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً، حَتَّى انْقَطَعَ فَاَلْقَيْتُهُ، وَاَخَذْتُ سَيْفِي

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ وہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے جنگ یمامہ کے دن ایک آدمی ملا' اس کو حمار یمامہ کہا جاتا تھا' اُس آدمی کے ہاتھ میں لمبی سفید تلوار تھی۔ حضرت براء چھوٹے قد کے آدمی تھے۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے اس کے پاؤں پر تلوار ماری' وہ تلوار نہ لگی' وہ اپنے سر کے بل گر پڑے۔ حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں: میں نے اس کی تلوار پکڑی' میں نے اپنی تلوار نیام میں ڈال لی' میں نے اسے ایک ضرب ماری' وہ ٹوٹ گئی تو میں نے اسے

1167 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، اَخُو اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، وَاَخُوهُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ عِنْدَ حِصْنٍ مِنْ حُصُونِ الْعَدُوِّ، وَالْعَدُوُّ يُلْقُونَ كَلَالِيبَ فِي سَلَاسِلَ مُحْمَاةٍ، فَتَعْلَقُ بِالْاِنْسَانِ فَيَرْفَعُونَهُ اِلَيْهِمْ، فَعَلِقَ بَعْضُ تِلْكَ الْكَلَالِيبِ، بِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَرَفَعُوهُ حَتَّى اَقَلُّوهُ مِنَ الْاَرْضِ فَاَتَى اَخُوهُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ فَقِيلَ: اَدْرِكْ اَخَاكَ، وَهُوَ يُقَاتِلُ فِي النَّاسِ فَاَقْبَلَ يَسْعَى حَتَّى نَزَا فِي الْجِدَارِ، ثُمَّ قَبَضَ بِيَدِهِ عَلَى السِّلْسِلَةِ وَهِيَ تُدَارُ، فَمَا بَرِحَ يَجُرُّهُمْ وَيَدَاهُ، تُدَخِّنَانِ حَتَّى قَطَعَ الْحَبْلَ، ثُمَّ نَظَرَ اِلَى يَدَيْهِ، فَاِذَا عِظَامُهَا تَلُوحُ قَدْ ذَهَبَ مَا عَلَيْهَا مِنَ اللَّحْمِ، وَاَنْجَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ بِذَاكَ

پھینک دیا اور اپنی تلوار پکڑی۔

حضرت اسحاق بن عبداللہ بن طلحہ فرماتے ہیں: حضرت انس بن مالک اور ان کے بھائی حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہما' دشمن کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' جبکہ دشمن خمدار تین نوک والی لوہے کی سلاخیں یا کڑ پھینک رہے تھے' جو گرم زنجیروں میں بندھے ہوئے تھے' پس وہ انسان کے ساتھ چمٹ جاتی تھیں' پس دشمن آدمی کو اپنی طرف اُٹھا لیتے تھے' پس ان سلاخوں میں سے ایک سلاخ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی چمٹ گئی' پس وہ آپ کو اُٹھانے لگے یہاں تک کہ زمین سے اوپر کی طرف اُٹھالیا' پس اتنے میں آپ کے بھائی براء بن مالک آئے' انہیں بتایا گیا: اپنے بھائی کو سنبھالو! وہ لوگوں میں مقاتلہ کر رہا ہے' وہ دوڑتے ہوئے آگے بڑھے یہاں تک کہ دیوار پر چڑھے' پھر اپنے ہاتھ سے زنجیر کو پکڑا جبکہ وہ گھوم رہی تھی' پس وہ مسلسل اُسے کھینچتے رہے اس حال میں کہ آپ کے دونوں ہاتھوں کے جلنے کی وجہ سے دھواں نکل رہا تھا' وہ اپنی کوشش میں کامیاب ہو گئے' رسّی کو کاٹ دیا' پھر اپنے ہاتھوں کی طرف نگاہ کی تو ہڈیاں ظاہر ہو چکی تھیں' ان پر سے گوشت ختم ہو گیا تھا' لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو اس کے ساتھ نجات دی۔

بَرَاءُ بْنُ مَعْرُورٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت براء بن معرور انصاری

ثُمَّ السُّلَمِيُّ

پھر سلمی رضی اللہ عنہ

1168 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ أَصْحَابِ الْعَقَبَةِ الَّذِينَ بَايَعُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَقَبَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جُشَمٍ الْبَرَاءُ بْنُ مَعْرُورِ بْنِ صَخْرِ بْنِ خَنْسَاءَ، وَهُوَ نَقِيبٌ وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ أَوْصَى بِثُلُثِ مَالِهِ، فَأَجَازَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اصحابِ عقبہ اور بنی سلمہ بن یزید بن جشم جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی تھی اور ان ناموں میں حضرت براء بن معرور ہیں' یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے تہائی مال کی وصیت کی تھی اور رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی تھی۔

1169 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِيمَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ الْبَرَاءُ بْنُ مَعْرُورٍ، وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ أَوْصَى بِثُلُثِ مَالِهِ وَاسْتَقْبَلَ الْكَعْبَةَ وَهُوَ بِبِلَادِهِ، وَكَانَ نَقِيبًا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی سلمہ میں سے جو عقبہ میں موجود تھے' اُن میں سے حضرت براء بن معرور بھی تھے' یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنے تہائی مال کی وصیت کی تھی اور اپنے شہر کعبہ کب میں قبلہ بنایا تھا' یہ نقیب تھے۔

1170 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْبَدٍ أَوْ أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، أَنَّ الْبَرَاءَ بْنَ مَعْرُورٍ: أَوْصَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثُلُثِ مَالِهِ، يَضَعُهُ حَيْثُ شَاءَ، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى وَلَدِهِ

حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے تہائی مال کی وصیت کی ہے' جہاں آپ چاہیں خرچ کر دیں' حضور ﷺ نے وہ مال ان کے بچوں کو واپس کر دیا۔

1171 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ

حضرت اُم مبشر فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ کی بیوی کو نکاح کا

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّ مُبَشِّرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ امْرَاَةَ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ فَقَالَتْ: اِنِّی شَرَطْتُ لِزَوْجِی، اَنْ لَا اَتَزَوَّجَ بَعْدَهُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا لَا یَصْلُحُ

پیغام بھیجا' اُس نے عرض کی: میں نے اپنے شوہر سے شادی کے وقت کہا تھا کہ میں اس کے بعد شادی نہیں کروں گی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ شرط لگانا درست نہیں ہے۔

بُدَیْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِیُّ

حضرت بدیل بن ورقاء خزاعی رضی اللہ عنہ

بدیل بن ورقاء الخزاعی

1172 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِیُّ، ثنا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِی سُلَیْمَانُ بْنُ مُوسَی، اَنَّ بُدَیْلَ بْنَ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، اَخْبَرَهُ قَالَ: اَخْبَرَنِی جَدِّی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ فِی حَفْلَةٍ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ خُزَاعَةَ، وَكَتَبَ اِلَیْهِمْ، وَاِلَی بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَسَرَوَاتِ بَنِی عَمْرٍو: سَلَامٌ عَلَیْكُمْ؛ فَاِنِّی اَحْمَدُ اِلَیْكُمِ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّی لَمْ اٰتِ بِكُمْ، وَلَمْ اَضَعْ فِی جَنْبِكُمْ، وَاِنَّ اَكْرَمَ اَهْلِ تِهَامَةَ عَلَیَّ لَاَنْتُمْ وَمَنْ تَبِعَكُمْ مِنَ الْمُطَیَّبِینَ، وَقَدْ اَخَذْتُ لِمَنْ هَاجَرَ مِنْكُمْ مِثْلَ مَا اَخَذْتُ لِنَفْسِی، وَلَوْ هَاجَرَ بِاَرْضِهِ غَیْرَ سَاكِنِ مَكَّةَ، وَاِنَّكُمْ غَیْرُ خَائِفِینَ مِنْ قِبَلِی، وَلَا مُخَوَّفِینَ هٰذَا اَوْ نَحْوُهُ

حضرت بدیل بن ورقاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ حدیبیہ کے دن' ایک گروہ میں قبیلہ بنوخزاعہ کے پاس آئے' ان کی طرف جناب بدیل بن ورقاء اور بنی عمرو قبیلہ کے شریف لوگوں کی طرف ایک خط لکھا: سلام علیکم! (تم پر سلامتی ہو!) بے شک تمہارے سامنے اللہ کی تعریف کر رہا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں' حمد وثناء کے بعد' بے شک میں نے کبھی تمہارا دل نہیں توڑا اور نہ تمہارے پہلو (دل) میں کبھی کوئی چیز ڈالی ہے'' پورے تہامہ کے لوگوں سے سب سے زیادہ میرے سامنے عزت والے تم ہو' یا وہ جو مطیّبین (پاکیزہ لوگوں) میں سے تمہارے پیچھے چلیں' میں تمہارے مہاجر کے لیے اسی کے برابر حصہ لے رکھا ہے جو میں نے اپنی ذات کے لیے لے رکھا ہے' اگرچہ کسی نے اپنے ملک میں ہجرت کی لیکن مکہ میں رہائش پذیر نہ ہوا' اور تم لوگوں کو میری طرف سے کوئی ڈر خوف نہیں ہے اور نہ ہی تم ڈرائے جانے والے ہو۔ یہ الفاظ

فرمائے یا اس جیسے دیگر الفاظ تھے۔

1173 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِی یَحْیَی الْحَضْرَمِیُّ الْمِصْرِیُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، حَدَّثَنِی اَبِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیهِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَبِیهِ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیهِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلٍ، عَنْ اَبِیهِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ قَالَ سَلَمَةُ: دَفَعَ اِلَیَّ اَبِی بُدَیْلُ بْنُ وَرْقَاءَ هٰذَا الْکِتَابَ وَقَالَ: یَا بُنَیَّ هٰذَا کِتَابُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَوْصُوا بِهِ، وَلَنْ تَزَالُوا بِخَیْرٍ مَا دَامَ فِیکُمْ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَی بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَبُسْرٍ وَسَرَوَاتِ بَنِی عَمْرٍو فَاِنِّی اَحْمَدُ اِلَیْکُمُ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّی لَمْ اَئِمْ بِالْکُمْ، وَلَمْ اَضَعْ فِی جَنْبِکُمْ وَاِنَّ اَکْرَمَ اَهْلِی مِنْ تِهَامَةَ عَلَیَّ اَنْتُمْ، وَاَقْرَبُهُ مِنِّی رَحِمًا، وَمَنْ تَبِعَکُمْ مِنَ الْمُطَیَّبِینَ، فَاِنِّی قَدْ اَخَذْتُ لِمَنْ هَاجَرَ مِنْکُمْ مِثْلَ مَا اَخَذْتُ لِنَفْسِی، وَلَوْ هَاجَرَ بِاَرْضِهِ غَیْرَ سَاکِنِ مَکَّةَ اِلَّا مُعْتَمِرًا، اَوْ حَاجًّا، وَاِنِّی لَمْ اَضَعْ فِیکُمْ اِذْ سَلَّمْتُ، وَاِنَّکُمْ غَیْرُ خَائِفِینَ مِنْ قِبَلِی، وَلَا مُحَصِّرِینَ اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّهُ قَدْ اَسْلَمَ عَلْقَمَةُ بْنُ عُلَاثَةَ، وَابْنَا هَوْذَةَ وَبَایَعَا، وَهَاجَرَا عَلَی مَنْ تَبِعَهُمْ مِنْ عِکْرِمَةَ وَاَخَذَ لِمَنْ تَبِعَهُمْ مِنْکُمْ مِثْلَ مَا اَخَذَ لِنَفْسِهِ، وَاِنَّ بَعْضًا مِنْ

الْبَيْتَ، وتُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمَّا اثْنَتَانِ فَلَا اُطِيقُهُمَا، الزَّكَاةُ فَوَاللّٰهِ مَالِي اِلَّا عَشْرُ ذَوْدٍ هُنَّ رُسُلُ اَهْلِي وَحَمُولَتُهُمْ، وَاَمَّا الْجِهَادُ، فَيَزْعُمُونَ اَنَّهُ مَنْ وَلَّى فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللّٰهِ، فَاَخَافُ اِذَا حَضَرَنِي قِتَالٌ، خَشَعَتْ نَفْسِي، وَكَرِهْتُ الْمَوْتَ، فَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَحَرَّكَهَا ثُمَّ قَالَ: لَا صَدَقَةَ، وَلَا جِهَادَ، تَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ فَبَايَعْتُهُ عَلَيْهِنَّ كُلِّهِنَّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ مُؤْثِرِ بْنِ عَفَارَةَ، قَالَ: نَزَلْتُ فِي بَيْتِ رَجُلٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ الْخَصَاصِيَةِ فَحَدَّثَنَا ابْنُ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَامَ اُبَايِعُكَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

جہاد کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! دو کی تو میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' اللہ کی قسم! میرے پاس صرف دس یا پندرہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں گھر والوں کے لیے اور میں ان پر غلہ لاتا ہوں' بہر حال رہا جہاد تو لوگ گمان کرتے ہیں کہ جو پیٹھ پھیرتا ہے اس سے اس پر اللہ کا غضب ہوگا' میں خوف کرتا ہوں کہ جب جنگ ہو تو میرا دل ڈر جائے اور موت کو ناپسند کرے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر اسے حرکت دی' پھر فرمایا: صدقہ اور جہاد بھی نہ ہو' تو تُو جنت میں کیسے داخل ہوگا' پھر میں نے اُن تمام پر آپ سے بیعت کی۔ مؤثر بن عفارہ فرماتے ہیں: میں قبیلہ عبدقیس کے ایک آدمی کے گھر اُترا جسے ابن خصاصیہ کہا جاتا تھا' پس اس نے ہمیں حدیث بیان کرتے ہوئے کہا: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں کس چیز پر آپ کی بیعت کروں؟ اس کے بعد اوپر والی حدیث بیان کی۔

1220 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ الرَّقَاشِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جُرَيِّ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ: وَحَدَّثَنَا اَصْحَابُنَا، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ تَعَالَى: الصَّوْمُ جُنَّةٌ، يُجَنُّ بِهَا عَبْدِي مِنَ النَّارِ، وَالصَّوْمُ لِي، وَاَنَا اَجْزِي بِهِ يَدَعُ طَعَامَهُ، وَشَهْوَتَهُ مِنْ اَجْلِي، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَخُلُوفُ فَمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے رب سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: روزہ ڈھال ہے' اس کے ذریعے اپنے بندے کی جہنم سے ڈھال بناؤں گا' روزہ میرے لیے ہے میں ضرور اس کی جزاء دوں گا' کیونکہ بندہ میرے لیے کھانا اور اپنی خواہش چھوڑتا ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! روزے دار کے منہ کی خوشبو قیامت کے دن اللہ کے ہاں مشک کی خوشبو سے زیادہ خوشبودار ہوگی۔

الصَّائِمِ، عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَطْيَبُ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

1221 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، وَعُبَيْدُ الْعِجْلُ، قَالَا: ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَحِقْتُهُ بِالْبَقِيعِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: السَّلَامُ عَلَى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ، وَانْقَطَعَ شِسْعِي فَقَالَ لِي: اَنْعِشْ قَدَمَكَ؟

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میری ملاقات آپ سے جنت البقیع میں ہوئی' میں نے سنا کہ آپ کہہ رہے تھے: السلام علی اهل الديار من المؤمنين! میری جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا۔ پس آپ نے مجھ سے فرمایا: اپنے پاؤں کو اُٹھا کر سیدھا کرو (کیا سیدھا نہیں ہوتا)؟

1222 - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ طَالَتْ عُزُوبَتِي وَنَايَتْ عَنْ دَارِ قَوْمِي قَالَ: يَا بَشِيرُ اَلَا تَحْمَدُ الَّذِي اَخَذَ بِنَاصِيَتِكَ، مِنْ بَيْنِ رَبِيعَةَ قَوْمٍ يَرَوْنَ لَوْلَاهُمُ انْكَفَتِ الْاَرْضُ بِمَنْ عَلَيْهَا

حضرت بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری عمر لمبی ہوگئی ہے' اپنی قوم کے گھروں سے دور ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے بشیر! اس ذات کی حمد کیوں نہیں کرتا جس نے تیری پیشانی پکڑ رکھی ہے' ربیعہ کی قوم سے جس کا خیال ہے کہ اگر وہ زمین پر نہ ہوتے تو زمین پر کوئی نہ ہوتا۔

بَشِيرٌ الْمُحَارِبِيُّ

حضرت بشیر محاربی رضی اللہ عنہ

1223 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَتْ ثَائِرَةٌ فِي بَنِي مُعَاوِيَةَ، فَذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ، فَالْتَفَتَ اِلَى قَبْرٍ فَقَالَ: لَا دَرَيْتَ ، فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا

حضرت ایوب بن بشیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب بنی معاویہ کے گھروں میں لڑائی ہوئی تھی تو حضور ﷺ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' آپ ایک قبر کی طرف متوجہ ہوئے' اس نے کہا: میں نہیں جانتا' اُس سے کہا گیا: اس سے ابھی میرے متعلق پوچھا گیا تو اس نے کہا: میں نہیں جانتا ہوں۔

يُسْأَلُ عَنِّي، فَقَالَ: لَا أَدْرِي

بَشِيرُ بْنُ يَزِيدَ الضُّبَعِيُّ

حضرت بشیر بن یزید الضبعی رضی اللہ عنہ

1224 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، حَدَّثَنِي الْأَشْهَبُ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنِي بَشِيرُ بْنُ يَزِيدَ الضُّبَعِيُّ، وَكَانَ، قَدْ أَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ ذِي قَارٍ: هَذَا أَوَّلُ يَوْمٍ انْتَصَفَتْ فِيهِ الْعَرَبُ، مِنَ الْعَجَمِ

حضرت بشیر بن یزید الضبعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے زمانۂ جاہلیت پایا' حضور ﷺ نے ذی قار کے دن فرمایا: یہ اوّل دن ہے جس میں عرب عجم سے نصف ہو گئے۔

بَشِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت بشیر بن عبداللہ انصاری' آپ کو یمامہ کے دن شہید کیا گیا تھا

1225 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بَشِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ جنگ یمامہ کے دن انصار اور بنی حارث بن خزرج سے شہید ہونے والے کے ناموں میں سے ایک حضرت بشیر بن عبداللہ کا نام بھی ہے۔

بَكْرُ بْنُ حَبِيبٍ الْحَنَفِيُّ لَمْ يُخَرَّجْ بَيْحَرَةُ بْنُ عَامِرٍ

حضرت بکر بن حبیب حنفی رضی اللہ عنہ' بیحرہ بن عامر کے ساتھ اُن سے کوئی روایت نہیں کی گئی

1226 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ

حضرت بیحرہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' ہم اسلام لائے تو ہم

رَاشِدٍ، حَدَّثَنَا الرَّحَّالُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ بَيْحَرَةَ بْنَ عَامِرٍ، قَالَ: اَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْلَمْنَا، وَسَاَلْنَاهُ اَنْ يَضَعَ عَنَّا الْعَتَمَةَ قَالَ: صَلَاةُ الْعَتَمَةِ، فَقُلْنَا اِنَّا نُشْغَلُ بِحَلْبِ اِبِلِنَا، قَالَ: اِنَّكُمْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، سَتَحْلِبُونَ، وَتُصَلُّونَ

نے آپ سے پوچھا کہ ہمیں نمازِ عشاء معاف کر دیں۔ عرض کی: ہم اُس وقت اپنے اونٹ کے دودھ نکالنے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا. اللہ نے چاہا تو تم دودھ بھی نکالو گے اور نماز بھی پڑھو گے۔

بُهَيْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ

حضرت بھیر بن ہیثم انصاری عقبی رضی اللہ عنہ

1227 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ بْنُ الْحَارِثِ بُهَيْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ عقبہ میں انصار اور بنی حارثہ بن حارث میں سے جو شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام بھیر بن ہیثم کا بھی ہے۔

بَهْزٌ

حضرت بھز رضی اللہ عنہ

1228 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْيَمَانُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا ثُبَيْتُ بْنُ كَثِيرٍ الْبَصْرِيُّ الضَّبِّيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ بَهْزٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ عَرْضًا، وَيَشْرَبُ مَصًّا، وَيَتَنَفَّسُ ثَلَاثًا، وَيَقُولُ: هُوَ اَهْنَأُ، وَاَمْرَأُ، وَاَبْرَأُ

حضرت بھز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چوڑائی میں مسواک کرتے اور پانی چوس کر پیتے اور تین سانس لیتے اور فرماتے: یہ بڑا خوشگوار' میٹھا اور بیماری سے پاک ہے۔

بَصْرَةُ بْنُ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ

حضرت بصرہ بن ابو بصرہ غفاری

وَيُقَالُ لَهُ نَضْرَةُ وَالصَّوَابُ بَصْرَةُ

رضی اللہ عنہ' ان کو نضرہ بن کہا جاتا ہے' بہتر بصرہ ہے

1229 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التُّوزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ بَصْرَةَ، قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً بِكْرًا فِي خِدْرِهَا، فَوَجَدْتُهَا حُبْلَى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا الْوَلَدُ فَعَبْدٌ لَكَ، فَإِذَا وَلَدَتْ فَاجْلِدُوهَا مِائَةً، وَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا

حضرت بصرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک کنواری لڑکی سے شادی کی' میں نے اس کو حاملہ پایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بچہ تیرا غلام ہے' جب یہ بچہ جن دے تو اسے سو کوڑے مارو' جو اس کی شرمگاہ سے فائدہ اُٹھایا ہے' اس کا مہر دو۔

بَسْبَسُ الْجُهَنِيُّ بَدْرِيٌّ حَلِيفُ بَنِي طَرِيفِ بْنِ الْخَزْرَجِ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت بسبس جہنی رضی اللہ عنہ' یہ بدری ہیں' حلیف بن طریف بن خزرج انصاری رضی اللہ عنہ

1230 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي طَرِيفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، بَسْبَسٌ الْجُهَنِيُّ حَلِيفُهُمْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی طریف بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام بسبس جہنی کا بھی ہے' یہ حلیف ہیں۔

1231 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ بن کعب بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک بسبس جہنی کا بھی ہے' ان کے حلیف ہیں۔

1229- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه685 رقم الحديث: 6515 عن صفوان بن سليم عن سعيد بن

الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِی سَاعِدَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ بَسْبَسٌ الْجُهَنِیُّ حَلِیفٌ لَهُمْ

بُجَیْرُ بْنُ اَبِی بُجَیْرٍ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

حضرت بجیر بن ابو بجیر انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1232 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی دِینَارِ بْنِ النَّجَّارِ بُجَیْرُ بْنُ بُجَیْرٍ حَلِیفٌ لَهُمْ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی دینار بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے ایک حضرت بجیر بن بجیر ہیں' ان کے حلیف ہیں۔

بَابُ التَّاءِ

باب التاء

تَمِیمُ بْنُ اَوْسٍ الدَّارِیُّ

حضرت تمیم بن اوس داری رضی اللہ عنہ

وَیُقَالُ: ابْنُ قَیْسٍ یُكْنَی اَبَا رُقَیَّةَ وَهُوَ عَمُّ تَمِیمِ بْنِ اَوْسِ بْنِ خَارِجَةَ بْنِ سَوَّادِ بْنِ جَذِیمَةَ بْنِ دِرَاعِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الدَّارِ بْنِ لَخْمِ بْنِ حَبِیبِ بْنِ نُمَارَةَ بْنِ لَخْمٍ

ان کو ابن قیس کہا جاتا ہے' ان کی کنیت ابو رقیہ ہے' یہ تمیم بن اوس بن خارجہ بن سواد بن جذیمہ بن دراع بن عدی بن دار بن لخم بن حبیب بن نمارہ بن لخم کے چچا ہیں۔

1233 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو كُرَیْبٍ، ثنا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اِیَاسٍ، عَنْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالَی عَنْهُ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ اَسْرَجَ فِی الْمَسْجِدِ تَمِیمٌ الدَّارِیُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے مسجد میں جس نے روشنی کی' وہ حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ ہیں۔

1234 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت تمیم

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ: اَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ، اشْتَرَى رِدَاءً بِاَلْفٍ فَكَانَ يُصَلِّي فِيهِ

الداری رضی اللہ عنہ نے ایک ہزار کی چادر خریدی' آپ اس میں نماز پڑھتے تھے۔

1235 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ اسْتَاْذَنَ عُمَرَ فِي الْقَصَصِ، فَاَبَى اَنْ يَاْذَنَ لَهُ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَهُ فَاَبَى اَنْ يَاْذَنَ لَهُ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَهُ فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ وَاَشَارَ بِيَدِهِ، يَعْنِي الذَّبْحَ

حضرت عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے قصص میں اجازت لی' آپ نے ان کو اجازت دینے سے انکار کر دیا' پھر اجازت مانگی تو آپ نے ان کو اجازت دینے سے انکار کر دیا' پھر اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر لے' اور اپنے ہاتھ سے ذبح کرنے کے لیے اشارہ کیا۔

1236 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ: هَذَا مَقَامُ اَخِيكَ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ: لَقَدْ رَاَيْتُهُ قَامَ لَيْلَةً، حَتَّى اَصْبَحَ، اَوْ كَرِبَ، اَنْ يُصْبِحَ يَقْرَاُ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَيَرْكَعُ، وَيَسْجُدُ، وَيَبْكِي (اَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ، اَنْ نَجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا، وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ، سَوَاءً مَحْيَاهُمْ، وَمَمَاتُهُمْ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ) (الجاثية: 21)

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے اہل مکہ کے ایک آدمی نے کہا: آپ کے بھائی تمیم الداری کا یہ مقام ہے' میں نے ایک رات ان کو کھڑے ہوئے دیکھا' یہ صبح تک کھڑے رہے' صبح کے وقت قریب تک وہ قرآن کی آیت پڑھتے' رکوع کرتے اور سجدہ کرتے اور روتے: ''اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ الٰی آخرہٖ''۔

1237 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ: اَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ، رَدَّدَ هَذِهِ الْآيَةَ حَتَّى

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ صبح تک یہ آیت بار بار پڑھتے رہے: ''اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ''۔

اَصْبَحَ، (اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ)
(الجاثية: 21) الْآيَةَ

مَا اَسْنَدَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ

حضرت تمیم الداری کی حدیثیں

1238 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، اَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ مِائَةَ آيَةٍ فِي لَيْلَةٍ، كُتِبَ لَهُ قُنُوتُ لَيْلَةٍ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک رات میں سو آیتیں پڑھیں، اس کے لیے اس رات کے قیام کا ثواب لکھا جائے گا۔

1239 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَازِمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ الذِّمَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَتَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ عَشْرَ آيَاتٍ فِي لَيْلَةٍ، كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ، وَالْقِنْطَارُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، يَقُولُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ: اقْرَاْ وَارْقَ لِكُلِّ آيَةٍ دَرَجَةً، حَتَّى يَنْتَهِيَ اِلَى آخِرِ آيَةٍ مَعَهُ، يَقُولُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ لِلْعَبْدِ: اقْبِضْ، فَيَقُولُ الْعَبْدُ بِيَدِهِ يَا رَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ، فَيَقُولُ بِهٰذِهِ الْخُلْدَ، وَبِهٰذِهِ النَّعِيمَ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رات کو دس آیتیں پڑھیں اس کے لیے دو قنطار کے برابر ثواب لکھا جائے گا، ایک قنطار دنیا و مافیہا سے بہتر ہے، جب قیامت کا دن ہوگا تو آپ کا رب فرمائے گا: پڑھ! اور ہر آیت پہ ایک درجہ چڑھتا جا یہاں تک کہ تیرا آخری مقام آخری آیت کے ساتھ ہوگا۔ آپ کا رب فرماتا ہے: بندے رُک جا! وہ اپنے رب سے ہاتھ کے اشارے سے عرض کرتا ہے: اے رب! تُو زیادہ جانتا ہے، اللہ عزوجل فرماتا ہے: یہی ہمیشہ رہنے والی ہے اور یہی نعمتوں والی ہے۔

1240 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ

حضرت روح بن زنباع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1238- أخرجه الدارمي في سننه جلد 2 صفحه 556 رقم الحديث: 3450، وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 103، والطبراني في الأوسط جلد 3 صفحه 280 رقم الحديث: 3143، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 267 عن تميم الداري .

الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ وَهُوَ اَمِيرٌ عَلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَهُوَ يُنَقِّي لِفَرَسِهِ شَعِيرًا، فَقُلْتُ: اَيُّهَا الْاَمِيرُ اَمَا كَانَ لَكَ مَنْ يَكْفِيكَ هَذَا؟، قَالَ: لَا اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَقَّى لِفَرَسِهِ شَعِيرًا، ثُمَّ قَامَ بِهِ حَتَّى يُعَلِّقَهُ، عَلَيْهِ كَتَبَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَعِيرَةٍ حَسَنَةً

کہ میں حضرت تمیم الداری کے پاس آیا' وہ اس وقت بیت المقدس کے امیر تھے' اور وہ اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کر رہے تھے' میں نے عرض کی: اے امیر! کیا آپ کے پاس کوئی اس کام کے لیے غلام نہیں ہے؟ (کہ آپ بادشاہ ہیں) آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کرتا ہے' پھر اس کو لے کر کھڑا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کو چرا لیتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ہر جَو کے بدلے ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔

1241 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ، الصَّلَاةُ، ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندے کے لیے سب سے پہلے نماز اور پھر سارے اعمال کے متعلق پوچھا جائے گا۔

1242 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَّانِيِّ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلَاةُ، ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندے کے لیے سب سے پہلے نماز اور پھر سارے اعمال کے متعلق پوچھا جائے گا۔

1241- أخرجه الدارمي في سننه جلد1صفحه361 رقم الحديث: 1355' وابن ماجه في سننه جلد 1صفحه458 رقم الحديث: 1426' وأحمد في مسنده جلد4صفحه103 كلهم عن داؤد بن أبي هند عن زرارة عن تميم الداري

1243 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ضِرَارٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجُمُعَةُ وَاجِبَةٌ، اِلَّا عَلَى امْرَاَةٍ، اَوْ صَبِيٍّ، اَوْ مَرِيضٍ، اَوْ عَبْدٍ، اَوْ مُسَافِرٍ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ واجب ہے لیکن عورت اور بچے اور مریض اور غلام اور مسافر پر (واجب) نہیں ہے۔

1244 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنِ الْحَكَمِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ ضِرَارِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى الزَّوْجَةِ، اَنْ لَا تَهْجُرَ فِرَاشَهُ، وَاَنْ تَبَرَّ قَسَمَهُ، وَاَنْ تُطِيعَ اَمْرَهُ، وَاَنْ لَا تَخْرُجَ اِلَّا بِاِذْنِهِ، وَاَنْ لَا تُدْخِلَ عَلَيْهِ مَنْ يَكْرَهُ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مرد کا حق عورت پر ہے' عورت شوہر کو وطی کرنے سے نہ روکے باری پوری کرنے دے اور اس کے حکم کو مانے' شوہر کے گھر سے بغیر اجازت کے نہ نکلے' کسی ایسے آدمی کو نہ آنے دے جس کو شوہر ناپسند کرتا ہو۔

1245 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ جَبَلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالُوا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مُشْكِلٍ حَرَامٌ، وَلَيْسَ فِي الدِّينِ اِشْكَالٌ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے' اسلام میں نشہ آوری نہیں ہے۔

1246 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو النُّعَيْمِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا الدِّينُ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب

1246- أخرجه النسائي في المجتبىٰ جلد 7 صفحه 156 رقم الحديث: 4197' وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 102' والبيهقي في سننه الكبرىٰ جلد 8 صفحه 163 كلهم عن سهيل عن عطاء بن يزيد عن تميم به .

النَّصِيحَةُ، اِنَّمَا الدِّينُ النَّصِيحَةُ، اِنَّمَا الدِّينُ النَّصِيحَةُ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لِمَنْ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَاَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

کے لیے اور ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1247 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، مِنْ بَنِي لَيْثٍ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: الدِّينُ النَّصِيحَةُ، الدِّينُ النَّصِيحَةُ، الدِّينُ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَالْمُؤْمِنِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1248 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَفَّانُ، اَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ يَزِيدَ، يُحَدِّثُ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدِّينُ النَّصِيحَةُ ثَلَاثًا، قُلْتُ: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرُّومِيُّ، ثنا اَبُو مُسْلِمٍ قَائِدُ الْاَعْمَشِ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَفَعَهُ قَالَ: الصَّمَدُ الَّذِي لَا جَوْفَ لَهُ

حضرت بریدہ اپنے والد سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ الصمد کا ایک معنی ہے کہ جس کا پیٹ نہ ہو (یعنی بے نیاز)۔

1250 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَنَّ سُهَيْلَ بْنَ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وجَمَاعَتِهِمْ

حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1251 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدِّينُ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1252 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِی اَبِی ح، وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا زُهَيْرُ اَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا سُهَيْلُ بْنُ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: سَمِعْتُ تَمِيمًا الدَّارِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ ثَلَاثًا، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ وَكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَاَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1253 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ اَوِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1254 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدِّينُ النَّصِيحَةُ، الدِّينُ النَّصِيحَةُ، الدِّينُ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ، وَلِلْمُؤْمِنِينَ عَامَّةً

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! دین نصیحت ہے! عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' اس کے رسول کے لیے' ائمہ مؤمنین کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

1255 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُسَامَةَ الْكَلْبِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ طِيبَةَ الْمَدِينَةِ، وَمَا نَقَبٌ مِنْ نِقَابِهَا، اِلَّا عَلَيْهِ مَلَكٌ شَاهِرٌ سَيْفَهُ، لَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ اَبَدًا وَقَالَ: اَبُو كُرَيْبٍ عُثْمَانُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مدینہ پاک ہے' اس کی ہر گلی میں ایک فرشتہ تلوار سونتے ہوئے کھڑا ہوگا' دجال ہمیشہ کے لیے اس میں داخل نہیں ہوگا' اور کہا: حضرت ابوکریب سے مراد عثمان بن زید ہیں۔

1256 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو

حضرت فاطمہ بنت قیس فرماتی ہیں: میں نے

1256- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد 4 صفحه 2262 رقم الحديث: 2942' والطبرانی فی الأوسط جلد 5 صفحه 124 رقم الحديث: 4859 كلاهما عن الشعبی عن فاطمة بنت قيس به .

عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَيْفُ بْنُ مِسْكِينٍ، ثنا أَبُو الْأَشْهَبِ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ مُنَادِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي: الصَّلَاةَ جَامِعَةً، فَخَرَجْتُ فِي نِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ حَتَّى أَتَيْنَا الْمَسْجِدَ، فَصَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَاسْتَقْبَلَنَا بِوَجْهِهِ ضَاحِكًا، ثُمَّ قَالَ: أَيْ وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ حَدَثَتْ، وَلَا لِرَهْبَةٍ إِلَّا لِحَدِيثٍ حَدَّثَنِي بِهِ، تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَتَانِي فَأَسْلَمَ وَبَايَعَ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي ثَلَاثِينَ رَجُلًا، مِنْ لَخْمٍ، وَجُذَامٍ، وَهُمَا حَيَّانِ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، صَادَفُوا الْبَحْرَ حِينَ اغْتَلَمَ، فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا، ثُمَّ قَذَفَهُمْ قَرِيبًا مِنْ غُرُوبِ الشَّمْسِ، إِلَى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، فَإِذَا نَحْنُ بِدَابَّةٍ أَهْلَبَ لَا يُعْرَفُ قُبُلُهَا، مِنْ دُبُرِهَا، قُلْنَا مَا أَنْتِ أَيَّتُهَا الدَّابَّةُ؟ فَكَلَّمَتْنَا بِإِذْنِ اللّٰهِ بِلِسَانٍ ذَلْقٍ طَلْقٍ، فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قُلْنَا: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ: إِلَيْكُمْ عَنِّي عَلَيْكُمْ بِذَاكَ الدَّيْرِ فِي أَقْصَى الْجَزِيرَةِ، فَإِنَّ فِيهِ رَجُلًا هُوَ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ، فَأَتَيْنَا الدَّيْرَ، فَإِذَا نَحْنُ بِرَجُلٍ أَعْظَمِ رَجُلٍ رَأَيْتُهُ قَطُّ خَلْقًا، وَأَجْسَمَهُ جِسْمًا، وَإِذَا هُوَ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى، كَأَنَّ عَيْنَهُ نُخَامَةٌ فِي جِدَارٍ مُجَصَّصٍ، وَإِذَا يَدَاهُ مَغْلُولَتَانِ إِلَى عُنُقِهِ، وَإِذَا رِجْلَاهُ مَشْدُودَتَانِ بِالْكُبُولِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ، إِلَى قَدَمَيْهِ، فَقُلْنَا لَهُ: مَا أَنْتَ أَيُّهَا الرَّجُلُ؟ قَالَ: أَمَّا

رسول کریم ﷺ کے منادی کو نداء دیتے ہوئے سنا: الصلوٰۃ جامعۃ (نماز تیار ہے) میں بھی انصاری عورتوں کے ساتھ مل کر گھر سے نکل کر مسجد میں حاضر ہوئی۔ ہم نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ظہر کی نماز پھر منبر پر آئے۔ ہنستے ہوئے چہرے سے آپ نے ہمارا استقبال کیا۔ پھر فرمایا: میں نے کسی اور ترغیب وترہیب کے لیے جمع نہیں کیا۔ صرف وہ حدیث سنانا چاہتا ہوں جو تمیم داری نے مجھے سنائی ہے۔ اس نے میرے پاس آ کر اسلام قبول کیا اور بیعت کی' اس نے مجھے خبر دی لخم اور جذام یمنی عرب کے قبیلوں میں سے دو قبیلے ہیں' ان کے تیس آدمیوں کے ساتھ وہ سوار ہوئے' اچانک وہ سارے ایک سمندر پر جمع ہوئے' یہ (اس وقت کی بات ہے) جب وہ بالغ ہوئے' ایک ماہ موجوں نے انہیں روکے رکھا' پھر انہیں ایک دن سورج غروب ہونے کے وقت' جزیروں میں کسی ایک جزیرہ میں ڈال دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پھر بہت راتوں بعد جانور دیکھا جس کے اگلی پچھلی طرف کا پتہ نہیں چلتا تھا' مجبور ہو کر ہم نے سوال کیا: اے جانور! تو کیا ہے؟ اللہ نے اُسے بولنے کی اجازت دی' اس نے تیز فصیح کھلی زبان کے ساتھ ہم سے کلام کی۔ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں' ہم نے کہا: جساسہ کیا ہے؟ اس جزیرہ کے آخر پر ایک مندر ہے مجھے چھوڑ کر وہاں چلے جاؤ' وہاں ایک آدمی ہے' اسے تمہاری خبر سننے کا بہت شوق ہے' پس ہم دَیر میں آئے۔ اچانک ہماری نگاہ اُٹھی تو ایک عظیم وجسیم آدمی

خَبَرِی فَقَدْ قَدَرْتُمْ عَلَيْهِ، وَلٰكِنْ اَخْبِرُونِی عَنْ خَبَرِكُمْ، مَا اَوْقَعَكُمْ هٰذِهِ الْجَزِيرَةَ؟ وَهٰذِهِ الْجَزِيرَةُ لَمْ يَصِلْ اِلَيْهَا آدَمِيٌّ مُنْذُ صِرْتُ اِلَيْهَا، فَقَالَ لَنَا: اَخْبِرُونِی عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ مَا فَعَلَتْ؟ قُلْنَا لَهُ: عَنْ اَيِّ اَمْرِهَا تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ نَضَبَ مَاؤُهَا؟ وَهَلْ بَدَا فِيهَا مِنَ الْعَجَائِبِ؟ قُلْنَا لَهُ: لَا، قَالَ: اِنَّهُ سَيَكُونُ، ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا، ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرُونِی عَنْ عَيْنِ زُغَرَ مَا فَعَلَتْ؟، قُلْنَا لَهُ عَنْ اَيِّ اَمْرِهَا؟ قَالَ: هَلْ يَحْتَرِثُ عَلَيْهَا اَهْلُهَا؟، قُلْنَا لَهُ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَوْفَ يَغُورُ عَلَيْهَا مَاؤُهَا، وَلَا يَحْتَرِثُ عَلَيْهَا اَهْلُهَا، ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا، ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرُونِی عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ مَا فَعَلَ؟، قُلْنَا لَهُ: عَنْ اَيِّ اَمْرِهِ تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ يُثْمِرُ؟ قُلْنَا لَهُ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ لَا يُثْمِرُ، ثُمَّ سَكَتَ مَلِيًّا فَقَالَ: اَخْبِرُونِی عَنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ مَا فَعَلَ؟، قُلْنَا لَهُ: عَنْ اَيِّ اَمْرِهِ تَسْاَلُ؟ قَالَ: هَلْ ظَهَرَ بَعْدُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا صَنَعَتْ مَعَهُ الْعَرَبُ؟ قُلْنَا: مِنْهُمْ مَنْ قَاتَلَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ صَدَّقَهُ، فَقَالَ: اِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ ثَلَاثًا، فَقُلْنَا: اَخْبِرْنَا خَبَرَكَ اَيُّهَا الرَّجُلُ، فَقَالَ: اَمَا تَعْرِفُونِی؟ قُلْنَا: لَوْ عَرَفْنَاكَ مَا سَاَلْنَاكَ، قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ، يُوشِكُ اَنْ يُؤْذَنَ لِی فِی الْخُرُوجِ، فَاِذَا خَرَجْتُ وَطِئْتُ جَزَائِرَ الْعَرَبِ كُلِّهَا غَيْرَ مَكَّةَ، وَطَيْبَةَ، كُلَّمَا اَرَدْتُهُمَا، اسْتَقْبَلَنِی مَلَكٌ مَعَهُ السَّيْفُ صَلْتًا فَرَدَّنِی عَنْهَا۔ قَالَ اَبُو الْاَشْهَبِ: قَالَ عَامِرٌ: قَالَتْ فَاطِمَةُ: فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

نظر آیا۔ میں نے ایسی بناوٹ کا آدمی پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس کی دائیں آنکھ ممسوح تھی جیسے چونے کی دیوار پر تھوک کا نشان ہوتا ہے۔ اس کے دونوں ہاتھ اس کی گردن سے بندھے ہوئے تھے۔ جبکہ اس کی دونوں ٹانگیں گھٹنوں سے لے کر پاؤں تک بیڑیوں کے ساتھ بندھی ہوئی تھیں۔ ہم نے اُس سے کہا: اے آدمی! تُو کون ہے؟ اس نے کہا: لیکن میری خبر جاننے پر تم قادر ہو۔ پہلے تم مجھے اپنی خبر بتاؤ؟ اس جزیرہ میں تمہیں کون سی چیز لے کر آئی ہے؟ جب سے میں اس جزیرہ میں آیا ہوں' کوئی آدمی اس تک پہنچا ہی نہیں۔ پس اس نے ہم سے کہا: طبریہ کے سمندر کے بارے مجھے خبر دو' کیا ہوا؟ ہم نے اس سے کہا: اس کے بارے کون سی بات پوچھتے ہو؟ اس نے کہا: اس کا پانی خشک ہوا؟ کیا اس میں کوئی عجیب واقعہ ہوا؟ ہم نے کہا: قسم بخدا! نہیں! اس نے کہا: بس کچھ عرصہ بعد ہو جائے گا' پھر وہ کافی دیر خاموش رہا۔ پھر اس نے کہا: تم مجھے بتاؤ! زغر کے رہنے والوں کے بارے' اس کا کیا ہوا؟ ہم نے کہا: تو اس کی کون سی بات ہم سے پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: کیا ان لوگوں نے وہاں کھیتی باڑی کی ہے؟ ہم نے کہا: ہاں! اس نے کہا: لیکن ایک وقت آئے گا اس کا پانی نیچے چلا جائے گا اور وہاں کے لوگ کھیتی باڑی نہیں کر سکیں گے۔ پھر وہ خاموش ہو گیا' پھر اس نے کہا: بیسان کے کھجوروں کے بارے میں بتاؤ' کیا ہوا؟ ہم نے کہا: اس کے بارے کون سی بات پوچھتا ہے؟ اس

وَسَلَّمَ رَافِعًا يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ اِنَّ هٰذِهِ طَيْبَةُ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ اِنَّهُ فِي نَحْوِ الشَّامِ، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، ثُمَّ ارْتَجَّ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: بَلْ هُوَ فِي الْيَمَنِ ثَلَاثًا، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً، وَارْتَجَّ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: بَلْ هُوَ فِي نَحْوِ الْعِرَاقِ، بَلْ هُوَ فِي نَحْوِ الْعِرَاقِ، بَلْ هُوَ فِي نَحْوِ الْعِرَاقِ، يَخْرُجُ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ بَلْدَةٍ، يُقَالُ لَهَا اَصْبَهَانُ مِنْ قَرْيَةٍ مِنْ قُرَاهَا يُقَالُ لَهَا رَسْتَقْبَاذُ يَخْرُجُ حِينَ يَخْرُجُ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ سَبْعُونَ اَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ، مَعَهُ نَهْرَانِ، نَهْرٌ مِنْ مَاءٍ، وَنَهْرٌ مِنْ نَارٍ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ، فَقِيلَ لَهُ: ادْخُلِ الْمَاءَ فَلَا يَدْخُلْهُ فَاِنَّهُ نَارٌ، وَاِذَا قِيلَ لَهُ ادْخُلِ النَّارَ فَلْيَدْخُلْهَا فَاِنَّهُ مَاءٌ

نے کہا: کیا ان پر پھل آیا ہے؟ ہم نے کہا: ہاں! اس نے کہا: ایک دن آئے گا کہ وہ پھل لانا چھوڑ دے گا' پھر وہ کافی دیر خاموش رہا۔ پھر بولا: اچھا بتاؤ! اُمّی نبی کے بارے میں کیا ہوا؟ ہم نے کہا: ان کی کون سی بات پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: کیا وہ ظاہر ہوئے ہیں؟ ہم نے کہا: ہاں تشریف لائے ہیں۔ اس نے کہا: عرب والوں نے اس سے کیا سلوک کیا؟ ہم نے کہا: عرب دو حصوں میں بٹ گئے ہیں' کچھ جنگ کر رہے ہیں اور کچھ نے اس کی تصدیق کر دی ہے۔ اس نے کہا: لیکن جن لوگوں نے اس کی تصدیق کی ہے' ان کے لیے بہتری ہے۔ یہ بات اس نے تین مرتبہ کی۔ پس ہم نے کہا: (اب اور باتیں چھوڑ) اے آدمی! اب ہمیں اپنی بات بتا۔ اس نے کہا: کیا تم مجھے نہیں پہچانتے؟ ہم نے کہا: اگر ہم تجھے پہچانتے ہوتے تو تجھ سے سوال نہ کرتے۔ اس نے کہا: میں دجال ہوں' ممکن ہے قریب ہی زمانے میں مجھے نکلنے کی اجازت ملے' پس جب میں نکلوں گا تو سارے عرب کا چکر لگاؤں گا لیکن مکہ و مدینہ میں نہیں جا سکوں گا' جب بھی میں وہاں داخل ہونے کا ارادہ کروں گا تو ایک فرشتہ تلوار سونت کر میرے سامنے آ جائے گا۔ مجھے ان دونوں شہروں سے دور کر دے گا۔ ابواشہب نے کہا کہ عامر بولے: حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا قول ہے: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے ہوئے ملاحظہ کیا یہاں تک کہ آپ کے بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا

میں تمہیں نہ بتاؤں کہ یہ طیبہ ہے' یہ پاک ہے' یہ پاکیزہ ہے۔ کیا میں تمہیں خبر نہ دوں کہ شام کے سمندر میں کیا ہوگا؟ پھر ایک گھڑی آپ پر غنودگی طاری ہوگئی۔ پھر آپ نارمل حالت میں آئے۔ فرمایا: کیا وہ سمندر میں ہو گا۔ پھر آپ پر غنودگی کی کیفیت محسوس کی گئی پھر آپ نارمل حالت میں آئے تو فرمایا: وہ عراق کے سمندر میں ہوگا' تین بار فرمایا: جب وہ نکلے گا تو ایک شہر سے نکلے گا۔ اس کا نام اصبہان ہوگا۔ جو اس کے دیہاتوں میں سے ایک دیہات ہے' اسے ''رستبقاذ'' کہا جائے گا۔ جب وہ نکلے گا تو اس کے آگے ستر ہزار آدمی بھی نکلیں گے' ان پر بڑی چادریں ہوں گی۔ اس کے ساتھ ایک پانی کی اور ایک آگ کی دو نہریں ہوں گی۔ پس تم میں سے جو اس کو پائے اور اسے کہا جائے: پانی میں داخل ہو تو وہ داخل نہ ہو کیونکہ حقیقت میں وہ آگ ہوگی۔ اور جب کہا جائے: آگ میں داخل ہو تو وہ داخل ہو جائے کیونکہ حقیقت میں وہ پانی ہوگا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ الْمِشْرَقِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الدَّجَّالَ قَالَ: مِنْ نَحْوِ الْعِرَاقِ مَا هُوَ مِنْ نَحْوِ الشَّامِ مَا هُوَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وہ عراق کی طرف سے نہیں آئے گا' شام کی طرف سے نہیں آئے گا اور حدیث ذکر فرمائی۔

1257 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی میرے ہاتھ

عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيَّ فَيَمُوتُ، قَالَ: اَنْتَ اَحَقُّ النَّاسِ، بِمَحْيَاهُ، وَمَمَاتِهِ

پر اسلام لایا ہے' اس کے بعد وہ مر گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: تُو اس کی زندگی اور موت کے سامان کا لوگوں سے زیادہ حق دار ہے۔

1258 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عُمَارَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَوْهَبٍ، يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا السُّنَّةُ، فِي رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْكُفْرِ، يُسْلِمُ عَلَى يَدَيْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ؟ قَالَ: هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ، وَمَمَاتِهِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! سنت کیا ہے؟ اسکے بارے میں جو آدمی کفر میں ہو' وہ مسلمانوں میں سے کسی آدمی کے ہاتھ پر مسلمان ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ اس کی زندگی اور موت کے سامان کا زیادہ حق دار ہے۔

1259 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، يُسْلِمُ عَلَى يَدَيْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ؟ قَالَ: هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ، وَمَمَاتِهِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی میرے ہاتھ پر اسلام لایا ہے' اس کے بعد وہ مر گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: تُو اس کی زندگی اور موت کے سازوسامان کا لوگوں سے زیادہ حق دار ہے۔

1260 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ ہر سال شراب کا مٹکا رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ دیتے تھے'

1258- أخرجه الترمذی فی سننه جلد4صفحه427 رقم الحديث: 2112' والدارمی فی سننه جلد 2صفحه471 رقم الحديث: 3033' وابن ماجه فی سننه جلد 2صفحه919 رقم الحديث: 2752' وأحمد فی مسنده جلد4صفحه103,102 كلهم عن عبد الله بن موهب عن عمر بن عبدالعزيز عن تميم الداری به' وانظر فتح الباری جلد12صفحه46 .

الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، أَنَّهُ كَانَ يُهْدِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ عَامٍ رَاوِيَةَ خَمْرٍ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ حُرِّمَتْ، أَهْدَى لَهُ رَاوِيَةً، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ، قَالَ: فَأَبِيعُهَا؟ قَالَ: إِنَّهُ حَرَامٌ شِرَاؤُهَا، وَثَمَنُهَا

جس سال شراب حرام کی گئی تو آپ ﷺ کو تحفہ کے طور پر دی گئی' حضور ﷺ مسکرائے اور آپ نے فرمایا: یہ حرام کی گئی ہے۔ میں نے عرض کی: اس کو فروخت کر دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اس کو خریدنا اور اس کی کمائی بھی حرام ہے۔

1261 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ قَوْمًا يَجُبُّونَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ، وَيَقْطَعُونَ أَذْنَابَ الْغَنَمِ، قَالَ: كُلُّ مَا قُطِعَ مِنَ الْحَيِّ، فَهُوَ مَيِّتٌ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی: کچھ لوگ اونٹوں کی دُم کاٹتے ہیں اور بکریوں کی دُم کاٹتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: زندہ شی سے جو گوشت کاٹا جائے' وہ مردار ہے۔

1262 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُنَاسًا يَجُبُّونَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ، وَأَذْنَابَ الْغَنَمِ، وَهِيَ أَحْيَاءٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ، وَهِيَ حَيَّةٌ فَهُوَ مَيْتَةٌ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی: کچھ لوگ اونٹوں کی دُم کاٹتے ہیں اور بکریوں کی دُم کاٹتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: زندہ جانور سے جو گوشت کاٹا جائے' وہ مردار ہے۔

1263 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْأَزْهَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْحِمْصِيِّ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے گواہی دی کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' وہ اکیلا ہے' بے نیاز ہے' اس کی نہ بیوی ہے اور نہ اولاد ہے' اس کا کوئی ہم پلہ نہیں ہے'

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً، وَلَا وَلَدًا، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَرْبَعِينَ اَلْفَ حَسَنَةً

دس مرتبہ' اللہ عزوجل اس کے لیے چالیس ہزار نیکیاں لکھے گا۔

1264 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَا بَهْرَامَ الْاِيذَجِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: اسْتَقْطَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَرْضًا بِالشَّامِ قَبْلَ اَنْ تُفْتَحَ، فَاَعْطَانِيهَا فَفَتَحَهَا عُمَرُ فِي زَمَانِهِ فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَانِي اَرْضًا، مِنْ كَذَا اِلَى كَذَا، فَجَعَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُلُثَهَا لِابْنِ السَّبِيلِ، وَثُلُثًا لِعِمَارَتِهَا، وَثُلُثًا لَنَا

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ملک شام میں فتح مکہ سے پہلے زمین کا ایک ٹکڑا مانگا تو آپ نے مجھے عطا کیا' حضرت عمر کے زمانہ میں ملک شام فتح ہوا تو میں نے عرض کی: حضور ﷺ نے یہ زمین یہاں سے یہاں تک مجھے دی تھی۔ حضرت عمر نے ایک تہائی مسافروں کے لیے' ایک تہائی آباد کرنے والوں کے لیے اور ایک تہائی ہمارے لیے مقرر کی۔

1265 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ عَافِيَةَ بْنِ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي جَدِّي، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ اَبَا يَحْيَى سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ الْخَبَائِرِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَبْلُغَنَّ هَذَا الدِّينُ مَا بَلَغَ اللَّيْلُ، حَتَّى يَدْخُلَ بَيْتَ الْمَدَرِ، وَبَيْتَ الْوَبَرِ، حَتَّى يُعِزَّ اللّٰهُ بِهِ الْاِسْلَامَ، وَيُذِلَّ الْكُفَّارَ قَالَ تَمِيمٌ: قَدْ عَرَفْتُ ذَلِكَ فِي اَهْلِ بَيْتِي قَدْ اَصَابَ مَنْ اَسْلَمَ مِنْهُمُ الْخَيْرُ، وَالشَّرَفُ، وَالْعِزُّ، وَاَصَابَ مَنْ ثَبَتَ مِنْهُمْ عَلَى الْكُفْرِ الذُّلُّ،

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ دین ضرور پہنچے گا جہاں تک رات پہنچتی ہے' یہاں تک کہ مدر اور وبر کے گھر داخل ہوگا' اس اسلام کے ذریعے اللہ عزت دے گا اور کفر کو ذلیل کرے گا۔ حضرت تمیم فرماتے ہیں: میں نے اپنے گھر والوں میں پہچان لیا اسلام لانے سے ان کی خیر' عزت' بلندی' جو کفر پر ڈٹے رہے وہ ذلیل اور خوار ہوئے اور جزیہ لیا گیا۔

وَالصَّغَارُ، وَالْجِزْيَةُ

1266 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: أَخْبَرَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ، أَوْ أُخْبِرْتُ عَنْهُ، أَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ، رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ نَهْيِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَأَتَاهُ فَضَرَبَهُ بِالدِّرَّةِ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ تَمِيمٌ أَنِ اجْلِسْ، وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ فَجَلَسَ عُمَرُ حَتَّى فَرَغَ تَمِيمٌ، فَقَالَ لِعُمَرَ: لِمَ ضَرَبْتَنِي؟ قَالَ: لِأَنَّكَ رَكَعْتَ هَاتَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُ عَنْهُمَا، قَالَ: فَإِنِّي قَدْ صَلَّيْتُهُمَا مَعَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنِّي لَيْسَ بِي إِيَّاكُمْ أَيُّهَا الرَّهْطُ، وَلَكِنِّي أَخَافُ أَنْ يَأْتِيَ بَعْدَكُمْ قَوْمٌ، يُصَلُّونَ مَا بَيْنَ الْعَصْرِ إِلَى الْمَغْرِبِ، حَتَّى يَمُرُّوا بِالسَّاعَةِ، الَّتِي نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلَّى فِيهَا، كَمَا وَصَلُوا بَيْنَ الظُّهْرِ، وَالْعَصْرِ ثُمَّ يَقُولُونَ قَدْ رَأَيْنَا فُلَانَ، وَفُلَانَ يُصَلُّونَ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ آپ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نمازِ عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع کیا' اس کے باوجود حضرت تمیم رضی اللہ عنہ دو رکعت پڑھتے تھے۔ حضرت عمر آئے اور اپنا دُرّہ مارنے لگے۔ حضرت تمیم نے نماز کے دوران ہی بیٹھنے کا اشارہ کیا تو حضرت عمر بیٹھ گئے۔ جب حضرت تمیم فارغ ہوئے تو حضرت عمر سے عرض کی: آپ مجھے کیوں مارتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ان دو رکعتوں سے منع کیا' آپ اس کے بعد جو دو رکعت پڑھتے ہیں۔ حضرت تمیم رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے آپ سے بہتر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ یہ دو رکعتیں پڑھی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے آپ اور اس کے متعلق کوئی خوف نہیں ہے' میں خوف کرتا ہوں کہ تمہارے بعد کچھ لوگ آئیں گے کہ وہ عصر کے بعد مغرب تک نوافل پڑھیں گے' یہاں تک کہ وہ وقت آئے کہ جب نماز پڑھنے سے منع کیا' وہ اس طرح پڑھیں گے جس طرح ظہر اور عصر کے درمیان فاصلہ نہیں کرتے' پھر کہیں گے' ہم نے فلاں فلاں کو نمازِ عصر کے بعد نوافل پڑھتے دیکھا ہے۔

أَبُو رِفَاعَةَ الْعَدَوِيُّ وَاسْمُهُ تَمِيمُ

حضرت ابو رفاعہ عدوی' ان کا نام تمیم بن

بْنُ اُسَيْدٍ

1267 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْمَعْنِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: كَانَ اَبُو رِفَاعَةَ يُسَخِّنُ الْمَاءَ لِاَصْحَابِهِ، ثُمَّ يَقُولُ اَحْسِنُوا الْوُضُوءَ مِنْ هَذَا، فَسَاُحْسِنُ مِنْ هَذَا فَيَتَوَضَّاُ، بِالْمَاءِ الْبَارِدِ

1268 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ الْعَبَّادَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو ظُفُرَ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: قَالَ صِلَةُ بْنُ اَشْيَمَ: اُصِيبَ اَبُو رِفَاعَةَ، وَكُنَّا فِي غَزَاةٍ فَرَاَيْتُ كَاَنِّي اَرَى اَبَا رِفَاعَةَ عَلَى نَاقَةٍ سَرِيعَةٍ، وَاَنَا عَلَى جَمَلٍ قَطُوفٍ، وَاَنَا عَلَى اَثَرِهِ فَيُعَرِّجُهَا، حَتَّى اَقُولَ الْآنَ اُسْمِعُهُ الصَّوْتَ، ثُمَّ يُسَرِّحُهَا فَتَنْطَلِقُ، وَاَتْبَعُهُ، فَاُوِّلَتْ رُؤْيَايَ اَنَّهُ طَرِيقُ اَبِي رِفَاعَةَ آخُذُهُ، وَاَنَا اَكَدُّ الْعَمَلَ بَعْدَهُ كَدًّا

اُسید ہے

حضرت حمید بن ہلال فرماتے ہیں کہ حضرت ابورفاعہ اپنے ساتھیوں کے لیے پانی گرم کرتے' پھر کہتے: اس سے اچھی طرح وضو کرو' وہ اچھی طرح وضو کرتے' ٹھنڈے پانی کے علاوہ سے۔

حضرت صلہ بن اشیم نے فرمایا: حضرت ابورفاعہ رضی اللہ عنہ کام آ گئے جبکہ ہم ایک جنگ میں تھے' میں نے دیکھا گویا میں حضرت ابورفاعہ رضی اللہ عنہ کو ایک تیز اونٹنی پر سوار دیکھ رہا ہوں جبکہ میں سست رفتار اونٹ پہ سوار ہوں' میں ان کے قدموں کے نشانات دیکھتا ان کے پیچھے پیچھے جا رہا ہوں' پس وہ اپنی سواری کو ٹھہراتے ہیں یہاں تک کہ میں سمجھتا ہوں کہ اب میں ان کو اپنی آواز سنا لوں گا' لیکن وہ اپنی سواری کو دوڑا دیتے ہیں' پس وہ تیز چلتی جاتی ہے اور میں ان کے پیچھے ہی جاتا ہوں' پس میرے خواب کی تعبیر یہ ہوئی کہ اس سے مراد حضرت ابورفاعہ کا راستہ ہے' میں اسے اختیار کرنے والا ہوں اور میں اس کے بعد (الحمد للہ!) پہلے سے زیادہ کوشش کے ساتھ عمل کرتا ہوں۔

1269 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ

حضرت رفاعہ عدوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ خطبہ دے رہے تھے'

1269- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد **2** صفحه **597** رقم الحديث: **876**' والنسائی فی المجتبیٰ جلد **8** صفحه **220** رقم الحديث: **5377**' وأحمد فی مسنده جلد **5** صفحه **80** كلهم عن سليمان بن المغيرة عن حميد بن هلال عن تميم بن أسيد به .

حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: قَالَ اَبُو رِفَاعَةَ الْعَدَوِيُّ: انْتَهَيْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَجُلٌ غَرِيبٌ جَاءَ يَسْاَلُ عَنْ دِينِهِ، لَا يَدْرِي مَا دِينُهُ؟ قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَرَكَ خُطْبَتَهُ، ثُمَّ اَتَى بِكُرْسِيٍّ خِلْتُ قَوَائِمَهُ حَدِيدًا، فَصَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يُعَلِّمُنِي مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اَتَى خُطْبَتَهُ فَاَتَمَّهَا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں مسافر آدمی ہوں' میں آپ سے دین کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا ہوں' میں دین کے متعلق نہیں جانتا؟ حضور ﷺ نے اپنا خطبہ چھوڑ دیا' پھر کرسی لائی گئی' میرا خیال ہے تو آپ تشریف فرما ہوئے' مجھے وہ سکھانے لگے' جو اللہ نے آپ کو سکھایا تھا' پھر آپ خطبہ دینے کے لیے آئے تو آپ نے خطبہ مکمل کیا۔

تَمِيمُ بْنُ زَيْدٍ اَبُو عَبَّادٍ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ الْمَازِنِيُّ

تمیم بن زید' ابوعباد انصاری' پھر مازنی

1270 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَ: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ، فَبَدَاَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ، وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ

حضرت عباد بن تمیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے ہاتھ دھوئے' اپنا چہرہ دھویا اور دونوں ہاتھ دھوئے' پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے سر کا مسح کیا۔

1271 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ بِالْمَاءِ عَلَى لِحْيَتِهِ، وَرِجْلَيْهِ

حضرت عباد بن تمیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے پانی کے ساتھ اپنی داڑھی اور دونوں پاؤں کا مسح کیا (مراد ہے کہ آپ نے موزوں پر مسح کیا کیونکہ قرآن نے پاؤں دھونے کا حکم دیا اور متعدد احادیث موجود ہیں جن سے واضح ثبوت ہے کہ آپ نے وضو کرتے ہوئے پاؤں دھوئے ہیں)۔

تَمِيمُ بْنُ حُجْرٍ اَبُو اَوْسٍ السُّلَمِيُّ جَدُّ بُرَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ لَهُ صُحْبَةٌ لَمْ يَخْرُجْ حَدِيثُهُ

حضرت تمیم بن حجر ابواوس سلمی' ان کے دادا بریدہ بن سفیان ہیں' ان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' ان سے کوئی حدیث روایت نہیں ہے

تَمِيمُ بْنُ عَبْدٍ عَمْرٌو اَبُو الْحَسَنِ الْمَازِنِيُّ وَكَانَ عَامِلًا لِعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْمَدِينَةِ حِينَ خَرَجَ اِلَيْهِ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ

حضرت تمیم بن عبدعمرو ابوالحسن المازنی' یہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے مدینہ میں عامل تھے' جس وقت سہل بن حنیف ان کی طرف نکلے۔

1272 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ اَبُو الْحَسَنِ الْمَازِنِيُّ: جَدُّ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى اسْمُهُ تَمِيمُ بْنُ عَمْرٍو اسْتَعْمَلَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عَلَى الْمَدِينَةِ حِينَ خَرَجَ اِلَى الْعِرَاقِ حِينَ خَرَجَ اِلَيْهِ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ

حضرت ابوالحسن المازنی فرماتے ہیں کہ ان کے دادا عمرو بن یحییٰ جن کا نام تمیم بن عمرو ہے' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے آپ کو مدینہ میں مقرر کیا' جس وقت عراق کی طرف گئے' جس وقت سہل بن حنیف آپ کے پاس آئے۔

تَمِيمُ بْنُ يُعَارٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثُمَّ الْخُدْرِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت تمیم بن یعار انصاری' پھر خدری بدری

1273 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي خُدْرَةَ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: تَمِيمُ بْنُ يُعَارِ بْنُ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی خدرہ بن عوف بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک تمیم بن یعار بن قیس بن عدی بھی ہیں۔

1274 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی خدرہ بن عوف بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر

الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: تَمِيمُ بْنُ يُعَارِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ أُمَيَّةَ

میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک تمیم بن یعار بن قیس بن عدی بھی ہیں۔

تَمِيمٌ مَوْلَى بَنِي غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْأَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بَدْرِيٌّ

بنی غنم بن سلم بن مالک بن اوس بن حارثہ بدری کے غلام حضرت تمیم رضی اللہ عنہ

1275 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، تَمِيمٌ مَوْلَى بَنِي غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْأَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے بنی غنم بن سلم بن مالک بن اوس بن حارثہ کے غلام حضرت تمیم رضی اللہ عنہ بھی بدر میں شریک ہونے والوں میں شامل ہیں۔

1276 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْأَنْصَارِ، تَمِيمٌ مَوْلَى بَنِي غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْأَوْسِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی غنم بن سلم بن مالک بن اوس بن حارثہ کے غلام حضرت تمیم رضی اللہ عنہ بھی بدر میں شریک ہونے والوں میں شامل ہیں۔

تَمِيمٌ مَوْلَى خِرَاشِ بْنِ الصِّمَّةِ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت خراش بن صمہ انصاری بدری کے غلام تمیم رضی اللہ عنہ

1277 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے خراش بن صمہ کے غلاموں میں سے جو بدر میں شریک ہوئے'

الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، تَمِيمٌ مَوْلَى خِرَاشِ بْنِ الصِّمَّةِ

اُن میں سے ایک تمیم بھی ہیں۔

1278 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ، تَمِيمٌ مَوْلَى خِرَاشِ بْنِ الصِّمَّةِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور خراشد بن صمہ کے غلاموں میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے ایک یہ بھی ہیں۔

تَمِيمُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ الْقُرَشِيُّ السَّهْمِيُّ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ

حضرت تمیم بن حارث بن قیس قرشی سہمی' ان کو اجنادین کے دن شہید کیا گیا

1279 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ، مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمِ بْنِ هُصَيْصٍ: تَمِيمُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اجنادین کے دن مسلمانوں میں سے اور قبیلہ قریش اور بنی سہم بن ھصیص میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت تمیم بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

1280 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ، مِنْ قُرَيْشٍ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: تَمِيمُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اجنادین کے دن مسلمانوں میں سے اور قبیلہ قریش اور بنی سہم بن ھصیص میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت تمیم بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

تَلِبُ بْنُ تَغْلِبَ الْعَنْبَرِيُّ وَيُقَالُ:

تلب بن تغلب عنبری' ان کو تَلِبّ

تَلِبٌّ بِتَشْدِيدِ الْبَاءِ

1281 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ الْقَسْمَلِيُّ، حَدَّثَنِي غَالِبُ بْنُ حُجْرَةَ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بِنْتُ مِلْقَامٍ، عَنْ أَبِيهَا، عَنْ أَبِيهِ التَّلِبِّ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ يُطْعِمُ، وَيَكِيلُ لِي مُدًّا، فَأَرْفَعُهُ، وَآكُلُ مَعَ النَّاسِ، حَتَّى كَانَ طَعَامًا، قَالَ: وَأَتَى التَّلِبُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَطْعَمْتَنِي مُدًّا يَوْمَ كَذَا، وَكَذَا فَجَمَعْتُهُ إِلَى الْيَوْمِ، قَالَ: فَاسْتَقْرَضَهُ مِنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ لَهُ مِنْهُ الَّذِي كَانَ يَكِيلُ لَهُ قَبْلَ ذَلِكَ

بھی کہا جاتا ہے' باء کی شد کے ساتھ

حضرت اُم عبداللہ بن ملقام اپنے والد سے' وہ ان کے والد تلبّ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ کھانا کھلا رہے تھے' آپ نے میرے لیے ایک مُد ناپا' میں نے اس کو اُٹھایا' لوگوں کے ساتھ مل کر کھایا' کھانا اسی طرح بچا رہا۔ حضرت تلبّ' حضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: آپ نے ایک مد فلاں فلاں دن مجھے کھلایا تھا' میں نے اس سے اب تک جمع کیا' راوی کا بیان ہے: حضور ﷺ نے ان سے قرض لے لیا' لیکن اس کو وہی کچھ ملتا رہا جو اس سے پہلے آپ اسے ناپ کر دیا کرتے تھے۔

1282 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، قَالَا: ثنا غَالِبُ بْنُ حُجْرَةَ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بِنْتُ مِلْقَامٍ، عَنْ أَبِيهَا، عَنْ أَبِيهِ التَّلِبِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، حَقٌّ لَازِمٌ، فَمَا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ فَصَدَقَةٌ

حضرت تلبّ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مہمان نوازی تین دن تک ہے جو ضروری ہے اور جو اس کے بعد ہے وہ صدقہ ہے۔

1283 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا غَالِبُ بْنُ حُجْرَةَ، حَدَّثَنِي مِلْقَامُ بْنُ التَّلِبِّ، أَنَّ التَّلِبَّ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ، أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي، فَقَالَ: إِذَا أُذِنَ لَكَ، أَوْ حَتَّى يُؤْذَنَ لَكَ

حضرت تلبّ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے فرمایا: جب تمہیں اجازت ملے۔ حضرت تلبّ فرماتے ہیں: جو اللہ نے چاہا اتنی دیر گزری' پھر آپ نے بلوایا' آپ نے

قَالَ: فَغَبَّرَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ دَعَاهُ، فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى وَجْهِهِ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلتِّلِبِ، وَارْحَمْهُ ثَلَاثًا

دستِ مبارک میرے چہرے پر پھیرا' عرض کی: اے اللہ! تلبّ کو معاف فرما اور رحم فرما! یہ تین مرتبہ عرض کی۔

1284 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا غَالِبُ بْنُ حُجْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مِلْقَامَ بْنَ التِّلِبِّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَحِبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَسْمَعْ لِحَشَرَاتِ الْاَرْضِ تَحْرِيمًا

حضرت ملقام بن تلبّ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت اختیار کی ہے' میں نے آپ سے زمین کے حشرات (کیڑے مکوڑوں) کے متعلق حرمت نہیں سنی۔

1285 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ الْعَنْبَرِيِّ، عَنِ ابْنِ التِّلِبِّ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ شَيْئًا لَهُ مِنْ مَمْلُوكٍ، فَلَمْ يُضَمِّنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن تلبّ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنے غلاموں میں سے کچھ آزاد کیے' حضور ﷺ نے اس سے ضمان نہیں لی۔

تَمَّامُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت تمام بن عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

1286 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الصَّيْقَلِ، عَنْ جَعْفَرٍ بَيَّاعِ الْاَنْمَاطِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمِيمِ بْنِ الْعَبَّاسِ اَوِ ابْنِ تَمَّامِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ

حضرت ابن تمام بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مسواک کیا کرو' جب تم میرے پاس آتے ہو تو میں تمہارے دانت میلے دیکھتا ہوں' اگر مجھے اپنی اُمت

1284- أخرج نحوه أبو داؤد في سننه جلد **3** صفحه **354** رقم الحديث: **3798**' والبيهقي في سننه الكبرى جلد **9** صفحه **326** كلاهما عن غالب بن حجرة عن ملقام بن تلب عن أبيه به .

1285- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد **4** صفحه **25** رقم الحديث: **3948**' والبيهقي في سننه الكبرى جلد **10** صفحه **284** رقم الحديث: **21176** كلاهما عن أبي بشر العنبري عن ابن التلب عن أبيه به' وانظر فتح الباري جلد **5** صفحه **159**

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي اَرَاكُمْ تَاْتُونِي قُلْحًا اسْتَاكُوا، فَلَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي، لَفَرَضْتُ عَلَيْهِمُ السِّوَاكَ، كَمَا فُرِضَتْ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ

پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں ان پر مسواک کو فرض قرار دیتا' جس طرح ان پر نماز فرض کی گئی ہے۔

1287 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الصَّيْقَلِ، مَوْلَى بَنِي اَسَدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكُمْ تَدْخُلُونَ عَلَيَّ قُلْحًا اسْتَاكُوا، فَلَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي، لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ، عِنْدَ كُلِّ طُهُورٍ

حضرت جعفر بن تمام بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم میرے پاس آتے ہو اور تمہارے دانت پیلے ہوتے ہیں' مسواک کیا کرو' اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں تمہیں ہر وضو کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیا۔

1288 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبِي، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الصَّيْقَلِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكُمْ تَدْخُلُونَ عَلَيَّ قُلْحًا تَسَوَّكُوا، فَلَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي، لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ يَتَسَوَّكُوا، عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ

حضرت جعفر بن تمام بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم میرے پاس آتے ہو اور تمہارے دانت پیلے ہوتے ہیں' مسواک کیا کرو' اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں تمہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیا۔

التَّيْهَانُ

حضرت تیہان رضی اللہ عنہ

1289 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِي، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيْهَانِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ فِي مَسِيرِهِ اِلَى خَيْبَرَ، لِعَامِرِ بْنِ

حضرت ابوہیثم بن تیہان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے نبی ﷺ کو عامر بن اکوع کے لیے خیبر کی طرف چلتے ہوئے یہ فرماتے ہوئے سنا: تم ہمیں کچھ اشعار سناؤ! حضرت عامر رضی اللہ عنہ اُترے اور حضور ﷺ کے لیے رجز (اشعار) پڑھنے لگے۔ حضرت اکوع کا نام سنان تھا۔

الْاَكْوَعِ، وَكَانَ اسْمُ الْاَكْوَعِ سِنَانَ: خُذْ لَنَا مِنْ هَنَاتِكَ ، فَنَزَلَ يَرْتَجِزُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بَابُ الثَّاءِ

مَنِ اسْمُهُ ثَابِتٌ

ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ الْاَنْصَارِيُّ

1290 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ

1291 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: اسْتُشْهِدَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، يَوْمَئِذٍ سَنَةَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ

1292 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ، جَاءَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، وَقَدْ تَحَنَّطَ وَنَشَرَ اَكْفَانَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا جَاءَ بِهِ هَؤُلَاءِ، وَاَعْتَذِرُ مِمَّا صَنَعَ هَؤُلَاءِ فَقُتِلَ، وَكَانَتْ لَهُ

باب الثاء

جن کا نام ثابت ہے

حضرت ثابت بن قیس بن شماس الانصاری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج سے یمامہ کے دن جو شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک حضرت ثابت بن قیس بن شماس کا بھی ہے۔

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ جس دن حضرت ثابت بن قیس بن شماس شہید کیے گئے' ان دنوں 12 ہجری تھی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ جنگ یمامہ کے دن آئے' آپ نے حنوط لگائی ہوئی تھی اور اپنا کفن کھولا ہوا تھا اور عرض کر رہے تھے: اے اللہ! جو اُنہوں نے کہا میں اس سے بَری ہوں' جو وہ لے کر آئے ہیں' میں اس سے بری الذمہ ہوں' آپ کی ایک زرہ تھی جو چوری ہوگئی تھی' ایک آدمی نے آپ کو خواب میں دیکھا' آپ نے فرمایا: میری زرہ

1292- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه260 رقم الحديث:5035 عن حمادبن سلمة عن ثابت عن أنس به .

دِرْعٌ فَسُرِقَتْ، فَرَآهُ رَجُلٌ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، فَقَالَ: اِنَّ دِرْعِي فِي قِدْرٍ تَحْتَ الْكَانُونِ، فِي مَكَانِ كَذَا، وَكَذَا، وَاَوْصَاهُ بِوَصَايَا، فَطَلَبُوا الدِّرْعَ فَوَجَدُوهَا، وَاَنْفَذُوا الْوَصَايَا

چولہے کے نیچے ہنڈیا میں فلاں فلاں جگہ پڑی ہے اور کچھ وصیتیں کیں۔ وہ زرہ تلاش کی گئی' اس کو لیا گیا اور ان کی وصیت پوری کی گئی۔

1293 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ خَطِيبَ الْاَنْصَارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ثابت بن قیس انصار کے خطیب تھے۔

1294 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، قَالَ: اَنْبَاَنِي ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَقَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فَقَالَ رَجُلٌ: اَنَا اَعْلَمُ خَبَرَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ فَوَجَدَهُ فِي بَيْتٍ مُنَكِّبَ رَاْسِهِ يَبْكِي، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، افْتَقَدَكَ، فَقَالَ: رَفَعْتُ صَوْتِي فَوْقَ صَوْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدْ حَبِطَ عَمَلِي، وَاَنَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهِ، وَاَعْلِمْهُ اَنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَاَنَّهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ثابت بن قیس بن شماس کو نہ پایا' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس کے متعلق جانتا ہوں۔ وہ آدمی آیا تو اُس نے آپ کو اپنے گھر میں اس حال میں پایا کہ آپ اپنا سر جھکائے رو رہے ہیں۔ اس آدمی نے عرض کی: حضور ﷺ آپ کو یاد فرما رہے ہیں۔ حضرت ثابت نے عرض کی: میری آواز رسول اللہ ﷺ کی آواز سے اونچی ہوگئی ہے اور میرے اعمال ضائع ہو گئے ہیں' میں جہنم والوں میں سے ہو گیا ہوں۔ وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا: اس کے پاس جاؤ اور اسے بتاؤ کہ تُو جہنمی نہیں ہے' تُو جنتی ہے۔

1295 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا

1295- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 260 رقم الحديث: 5034' والطبرانی فی الأوسط جلد 2 صفحه 363 رقم الحديث: 2243' والرويانی فی مسنده جلد 2 صفحه 173 رقم الحديث: 1001 كلهم عن الزهری عن محمد بن ثابت بن قيس عن أبيه به .

الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، اَنَّ ثَابِتًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: نَهَانَا اللّٰهُ اَنْ نُحْمَدَ بِمَا لَمْ نَفْعَلْ، وَاِنِّي رَجُلٌ اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَانَا اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا، فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا رَجُلٌ جَهِيرُ الصَّوْتِ، وَنَهَانَا عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَنَا رَجُلٌ اُحِبُّ الْجَمَالَ، فَقَالَ: يَا ثَابِتُ اَمَا تُحِبُّ اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلَ شَهِيدًا؟ فَقُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ عرض کی: اللہ نے ہمیں منع فرمایا ہے کہ ہماری تعریف کی جائے اس کام پر جو ہم نے نہیں کیا ہے' مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں تعریف کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں اور اللہ نے غرور سے منع فرمایا ہے اور میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟ وہ یمامہ کے دن شہید ہوئے۔

1296 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي اَبُو عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ قَالَ: بِمَ؟، قُلْتُ: نَهَى اللّٰهُ الْمَرْءَ اَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَى اللّٰهُ عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْخُيَلَاءَ، وَنَهَى اللّٰهُ اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا امْرُؤٌ جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلَ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَعَاشَ حَمِيدًا، وَقُتِلَ شَهِيدًا يَوْمَ مُسَيْلِمَةَ

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ عرض کی: اللہ نے منع فرمایا ہے کہ ایسے کام پر آدمی کی تعریف کی جائے جو اس نے نہیں کیا ہے اور میں اپنے آپ کو اپنی تعریف پسند کرنے والا پاتا ہوں' اللہ نے غرور سے منع فرمایا ہے' مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں غرور کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! پس وہ

اس حال میں زندہ رہے کہ ان کی تعریف کی جاتی تھی اور وہ مسیلمہ کذاب کے دن شہید ہوئے۔

1297 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، قَالَ: بِمَ؟، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَانَا اَنْ نُحْمَدَ بِمَا لَمْ نَفْعَلْ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَانَا عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَنَا امْرُؤٌ اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَنَهَانَا اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا امْرُؤٌ جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، اَمَا تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلَ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کس سبب سے؟ عرض کی: اللہ تعالیٰ نے نہی فرمائی ہے کہ اس کام پر ہماری تعریف کی جائے جو ہم نے نہیں کیا اور میں اپنے آپ کو تعریف پسند کرنے والا پاتا ہوں' اللہ نے غرور سے منع فرمایا مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

1298 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيَّ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، فَقَالَ لَهُ: لِمَ؟ قَالَ: نَهَى اللّٰهُ الْمَرْءَ اَنْ يُحِبَّ اَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَانَا عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَنَهَانَا اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاِنِّي امْرُؤٌ جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کس سبب سے؟ عرض کی: اللہ تعالیٰ نے نہی فرمائی ہے کہ اس کام پر ہماری تعریف کی جائے جو ہم نے نہیں کیا اور میں اپنے آپ کو تعریف پسند کرنے والا پاتا ہوں' اللہ نے غرور سے منع فرمایا مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ اَمَا تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلُ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَعَاشَ حَمِيدًا، وَقُتِلَ يَوْمَ مُسَيْلِمَةَ

ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

1299 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا عَنْبَسَةُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَ اِسْمَاعِيلُ بْنُ ثَابِتٍ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيَّ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: نَهَانَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِ الْحَمْدِ، اَنْ نُحْمَدَ بِمَا لَمْ نَفْعَلْ، وَاِنِّي اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَانَا عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَنَا اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَنَهَانَا اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا امْرُؤٌ جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ اَلَا تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلَ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ ، قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَعَاشَ حَمِيدًا، وَقُتِلَ شَهِيدًا يَوْمَ مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کس سبب سے؟ عرض کی: اللہ تعالیٰ نے نہی فرمائی ہے کہ اس کام پر ہماری تعریف کی جائے جو ہم نے نہیں کیا اور میں اپنے آپ کو تعریف پسند کرنے والا پاتا ہوں' اللہ نے غرور سے منع فرمایا مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

1300 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَخْشِيٍّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي خَالِي الْمُغِيرَةُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: يَمْنَعُ اللّٰهُ الْمَرْءَ،

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کس سبب سے؟ عرض کی: اللہ تعالیٰ نے نہی فرمائی ہے کہ اس کام پر ہماری تعریف کی جائے جو ہم نے نہیں کیا اور میں اپنے آپ کو تعریف پسند کرنے والا پاتا ہوں' اللہ نے غرور سے منع فرمایا مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی

اَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَيَنْهَى عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَيَنْهَى اللّٰهُ اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ اَلَيْسَ تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وتُقْتَلَ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟

آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے' اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

1301 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو ثَابِتِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، حَدَّثَنِي اَبِي ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (لَا تَرْفَعُوا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ) (الحجرات: 2)، قَعَدَ ثَابِتٌ فِي الطَّرِيقِ يَبْكِي، فَمَرَّ بِهِ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: مَا يُبْكِيكَ يَا ثَابِتُ؟ قَالَ: اَنَا رُفَيْعُ الصَّوْتِ واَتَخَوَّفُ اَنْ تَكُونَ هَذِهِ الْآيَةُ نَزَلَتْ فِيَّ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُنَيَّ اَمَا تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ حَمِيدًا، وَتُقْتَلَ شَهِيدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟، فَقَالَ: رَضِيتُ بِبُشْرَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، لَا اَرْفَعُ صَوْتِي اَبَدًا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ، (اِنَّ الَّذِينَ يَغُضُّونَ اَصْوَاتَهُمْ) (الحجرات: 3) الْآيَةَ

حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: ''اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو' اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے'' تو حضرت ثابت راستے میں بیٹھ کر رونے لگے' ان کے پاس سے حضرت عاصم بن عدی گزرے' کہا: اے ثابت! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا: میری آواز اونچی ہے' میں خوف کرتا ہوں کہ یہ آیت میرے متعلق نہ نازل ہوئی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا تُو خوش نہیں ہے کہ تُو باعزت طریقے سے زندگی گزارے اور شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟ عرض کی: میں اللہ اور اُس کے رسول کی خوشخبری پر راضی ہوں! میں (آئندہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے اپنی آواز اونچی نہیں کروں گا' تو یہ آیت نازل ہوئی: وہ لوگ جو اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں''۔

1302 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تکبر کا ذکر کیا گیا تو آپ نے اس میں سختی کی' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل تکبر وفخر

ذُكِرَ الْكِبْرُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَدَّدَ فِيهِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي لَاَغْسِلُ ثِيَابِي، فَيُعْجِبُنِي بَيَاضُها، وَيُعْجِبُنِي شِرَاكُ نَعْلِي، وعَلَاقَةُ سَوْطِي، فَقَالَ: لَيْسَ ذٰلِكَ الْكِبْرَ، اِنَّمَا الْكِبْرُ اَنْ تُسَفِّهَ الْحَقَّ، وتَغْمِصَ النَّاسَ

کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔ قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میں کپڑے دھوتا ہوں، مجھے سفید پسند ہے، میں جوتی کا تسمہ مجھے خوش لگتا ہے اور اچھی چھڑی پسند ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تکبر یہ نہیں ہے بلکہ تکبر یہ ہے کہ حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا۔

1303 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ) (لقمان: 18) فَخُورٍ، فَذَكَرَ الْكِبْرَ فَعَظَّمَهُ، فَبَكَى ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، فَقَالَ لَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي اُحِبُّ الْجَمَالَ، حَتّٰى اِنِّي لَيُعْجِبُنِي اَنْ يَحْسُنَ شِرَاكُ نَعْلِي، قَالَ: فَاَنْتَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، اِنَّهُ لَيْسَ الْكِبْرُ بِاَنْ تُحْسِنَ رَاحِلَتَكَ، ورَحْلَكَ، وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ سَفِهَ الْحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ

حضرت ثابت بن قیس بن شماس انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا، آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اللہ عزوجل ہر تکبر وفخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے''۔ آپ نے تکبر کا ذکر کیا اور اس کی بُرائی بیان کی، تو میں رو پڑا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: تم کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں، یہاں تک کہ مجھے پسند ہے کہ میری جوتی کا تسمہ بھی اچھا ہو۔ آپ نے فرمایا: تُو جنتی ہے، تکبر یہ نہیں ہے کہ اچھی سواری ہو، تکبر حق اور لوگوں کو حقیر جاننے کا نام ہے۔

1304 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مُسْلِمٍ الْخُرَسَانِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ثَابِتِ بْنِ

حضرت قیس بن شماس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں آیا اس حالت میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام پھیرا تو میری طرف متوجہ ہوئے، میں بھی نماز پڑھ رہا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَتَيْتُ الْمَسْجِدَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْتَفَتَ اِلَيَّ، وَاَنَا اُصَلِّي، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْظُرُ اِلَيَّ، وَاَنَا اُصَلِّي، فَلَمَّا فَرَغْتُ، قَالَ: اَلَمْ تُصَلِّ مَعَنَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا هٰذِهِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، خَرَجْتُ مِنْ مَنْزِلِي، وَلَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُهُمَا، قَالَ: فَلَمْ يَعِبْ ذٰلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ

مجھے دیکھنے لگے اس حالت میں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا' جب میں نماز سے فارغ ہوا تو آپ نے فرمایا: کیا تم نے ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز پڑھ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! فجر کی سنتیں' میں اپنے گھر سے نکلا تو میں نے ان دونوں سنتوں کو نہیں پڑھا تھا' آپ ﷺ نے مجھ پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

1305 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، فَسَاَلْتُ عَمَّنْ يُحَدِّثُنِي بِحَدِيثِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، فَاَرْشَدُونِي اِلَى ابْنَتِهِ، فَسَاَلْتُهَا فَقَالَتْ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: لَمَّا اُنْزِلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، (اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ) (لقمان: **18**)، اشْتَدَّتْ عَلَى ثَابِتٍ، وَغَلَّقَ عَلَيْهِ بَابَهُ، وَطَفِقَ يَبْكِي، فَاُخْبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ، فَسَاَلَهُ فَاَخْبَرَهُ بِمَا كَبُرَ عَلَيْهِ مِنْهَا، وَقَالَ: اَنَا رَجُلٌ اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَاَنْ اَسُودَ قَوْمِي، فَقَالَ: لَسْتَ مِنْهُمْ، بَلْ تَعِيشُ بِخَيْرٍ، وَتَمُوتُ بِخَيْرٍ، وَيُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، (يَا

حضرت عطاء خراسانی فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا' میں نے حضرت ثابت بن قیس بن شماس والی حدیث پوچھی' مجھے ان کی بیٹی کے متعلق بتایا گیا' میں نے وہ حدیث آپ کی بیٹی سے پوچھی۔ آپ کی بیٹی نے کہا: میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب رسول اللہ ﷺ پر یہ آیت کہ ''اللہ عزوجل تکبر وفخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے'' نازل ہوئی تو مجھ پر یہ بات دشوار گزری' میں دروازہ بند کرکے رونے لگا' حضور ﷺ کو بتایا تو آپ نے میری طرف کسی کو بھیجا' آپ نے پوچھا تو میں نے بتایا کہ یہ بات مجھ پر دشوار گزری ہے اور کہا: میں خوبصورتی کو پسند کرنے والا آدمی ہوں اور میں اپنی قوم میں سیاہ ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو ان میں سے نہیں ہے بلکہ تُو اچھی زندگی گزارے گا' اچھی موت مرے گا اور اللہ عزوجل تمہیں جنت میں داخل کرے گا۔ جب رسول اللہ ﷺ پر یہ

اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ، وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ) (الحجرات:2)، فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَاُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ بِمَا كَبُرَ عَلَيْهِ، وَاَنَّهُ جَهِيرُ الصَّوْتِ، وَاَنَّهُ يَتَخَوَّفُ اَنْ يَكُونَ مِمَّنْ حَبِطَ عَمَلُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ لَسْتَ مِنْهُمْ بَلْ تَعِيشُ حَمِيدًا، وَتُقْتَلُ شَهِيدًا، وَيُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَلَمَّا اسْتَنْفَرَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْمُسْلِمِينَ اِلَى اَهْلِ الرِّدَّةِ، وَالْيَمَامَةِ، وَمُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ، سَارَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ فِيمَنْ سَارَ، فَلَمَّا لَقُوا مُسَيْلِمَةَ، وَبَنِي حَنِيفَةَ هَزَمُوا الْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ ثَابِتٌ: وَسَالِمٌ مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ: مَا هَكَذَا كُنَّا نُقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَا لِاَنْفُسِهِمَا حُفْرَةً، فَدَخَلَا فِيهَا فَقَاتَلَا حَتَّى قُتِلَا، قَالَتْ: وَاُرِيَ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ فِي مَنَامِهِ، فَقَالَ: اِنِّي لَمَّا قُتِلْتُ بِالْاَمْسِ، مَرَّ بِي رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَانْتَزَعَ مِنِّي دِرْعًا نَفِيسَةً، وَمَنْزِلُهُ فِي اَقْصَى الْمُعَسْكَرِ، وَعِنْدَ مَنْزِلِهِ فَرَسٌ يَسْتَنُّ فِي طُوَلِهِ، وَقَدْ اَكْفَأَ عَلَى الدِّرْعِ بُرْمَةً، وَجَعَلَ فَوْقَ الْبُرْمَةِ رَحْلًا، وَائْتِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، فَلْيَبْعَثْ اِلَى دِرْعِي فَلْيَاْخُذْهَا، فَاِذَا قَدِمْتَ عَلَى خَلِيفَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَعْلِمْهُ اَنَّ عَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ كَذَا وَلِي، مِنَ الْمَالِ كَذَا، وَفُلَانٌ مِنْ رَقِيقِي عَتِيقٌ، وَاِيَّاكَ اَنْ تَقُولَ هَذَا حُلْمٌ فَتُضَيِّعَهُ، قَالَ: فَاَتَى خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَوَجَّهَ

آیت ''یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ الیٰ آخرہٖ'' نازل ہوئی تو میں نے پھر ایسے ہی کیا' حضور ﷺ کو بتایا گیا تو آپ نے میری طرف کسی کو بھیجا' میں نے بتایا کہ میں اونچی آواز میں بات کرنے والا آدمی ہوں' میں خوف کرتا ہوں کہ میرے اعمال ضائع ہو گئے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو ایسے نہیں ہے بلکہ تُو باعزت زندگی گزارے گا اور حالتِ شہادت میں مرے گا اور اللہ عزوجل تمہیں جنت میں داخل کرے گا۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کو کفر کی طرف لوٹنے والے اور جنگ یمامہ اور مسیلمہ کذاب کی طرف بھیجا تو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ ان میں شریک تھے۔ جب مسیلمہ کذاب اور بنی حنیفہ سے جنگ ہوئی تو مسلمان تین دفعہ پیچھے ہوئے۔ حضرت ثابت اور ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم نے فرمایا: یہ حضور ﷺ کے ساتھ ہم اس طرح جہاد نہیں کرتے تھے۔ ان دونوں حضرات نے اپنے لیے گڑھا کھودا' اس میں داخل ہوئے اور اس طرح لڑے اور دونوں شہید ہو گئے۔ آپ فرمانے لگیں' ثابت بن قیس کو مسلمانوں میں سے ایک آدمی خواب میں ملا' آپ نے فرمایا: مجھے کل شہید کیا گیا' میرے پاس سے مسلمانوں میں سے ایک آدمی گزرا' اُس نے میری زرہ اتاری جو بڑی اچھی ہے' اس کا پڑاؤ لشکر کے آخر میں ہے' اس کے گھر کے پاس لمبی رسّی سے بندھا ہوا ایک گھوڑا ہے' اس نے زرہ پر ہتھوڑا رکھا ہے اور ہتھوڑے کے اوپر کجاوا رکھا ہے۔ خالد بن ولید کے پاس جا کر

اِلَى الدِّرْعِ فَوَجَدَهَا كَمَا ذَكَرَ، وَقَدِمَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ فَاَخْبَرَهُ، فَاَنْفَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، وَصِيَّتَهُ بَعْدَ مَوْتِهِ، فَلَا نَعْلَمُ اَنَّ اَحَدًا جَازَتْ وَصِيَّتُهُ بَعْدَ مَوْتِهِ، اِلَّا ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

انہیں میری زرہ لینے کے لیے بھیج' وہ اسے لے لیں' اور جب حضور ﷺ کے خلیفہ کے پاس جائیں تو ان کو بتانا کہ مجھ پر قرض ہے فلاں کا' فلاں میرا مال ہے اور میرے غلاموں سے فلاں آزاد ہے' یہ کہنے سے بچنا کہ یہ خواب ہے اس کو ضائع کرے۔ وہ آدمی حضرت خالد بن ولید کے پاس آیا' آپ کی توجہ زرہ کی طرف دلائی' آپ نے ایسے ہی پایا جس طرح ذکر کیا۔ حضرت ابوبکر کے پاس آئے' آپ کو بتایا تو آپ نے اُن کی وصیت مرنے کے بعد پوری کی' ہمیں علم نہیں ہے کہ کسی کی وصیت مرنے کے بعد پوری کی گئی ہو' سوائے حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کے۔

1306 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُونَ، وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ، وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَسْمَعُ مِنْكُمْ

حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں: تم سنو اور تمہاری سنی جائے گی' اس کی سنی جاتی ہے جو تم میں سے سنتا ہے۔

1307 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: انْتَهَيْتُ اِلَى ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ،

حضرت موسیٰ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں جنگ یرموک کے موقع پر حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا' آپ کی دونوں رانوں سے کپڑا ہٹا ہوا تھا' اور فرمایا: اس طرح

ثابت بن قیس بن شماس الانصاری

1307- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد 3 صفحه 1046 رقم الحدیث: 2690' وأبو بکر الشیبانی فی الآحاد والمثانی جلد 3 صفحه 464 رقم الحدیث: 1922 کلاهما عن ابن عونٍ عن موسیٰ بن أنس عن أنس به' وانظر فتح الباری جلد 6 صفحه 52 .

وَقَدْ حَسَرَ عَنْ فَخِذَيْهِ، وَقَالَ: هَكَذَا عَنْ وُجُوهِنَا، نُضَارِبُ الْعَدُوَّ، وَلَبِئْسَ مَا عَوَّدْتُمْ اَقْرَانَكُمْ، وَاللّٰهِ مَا هَكَذَا كُنَّا نُقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اپنے چہروں کے ساتھ ہم دشمن سے لڑتے اور کتنا بُرا ہے جس کا تم نے اپنے ساتھیوں کو عادی بنا دیا ہے' اللہ کی قسم! ہم اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ مل کر جنگ ایسے نہیں کرتے تھے۔

1308 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: اكْشِفِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، ثُمَّ اَخَذَ تُرَابًا، مِنْ بَطْحَاءَ فِي قَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ، فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

حضرت یوسف بن محمد بن ثابت بن قیس بن شماس اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: لوگوں کے رب اس سے تکلیف دور فرما! یعنی ثابت بن قیس بن شماس سے' پھر آپ نے مٹی پکڑی بطحاء سے' پیالہ میں جس میں پانی تھا اور اس پر انڈیلا۔

ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ خَلِيفَةَ الْاَنْصَارِيُّ يُكْنَى اَبَا زَيْدٍ

حضرت ثابت بن ضحاک بن خلیفہ انصاری' آپ کی کنیت ابوزید ہے

1309 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ثابت بن ضحاک سے روایت ہے کہ

ثابت بن الضحاک بن خلیفة الانصاری یکنی ابا زید

1308- أخرجه أبو داؤد فی سننه جلد4صفحه10 رقم الحديث: **3885**' وابن حبان فی صحيحه جلد 13صفحه432 رقم الحديث: **6069**' والنسائی فی السنن الكبرى جلد 5صفحه252 رقم الحديث: **10856**' جلد 6صفحه258 رقم الحديث: **10879**' والطبرانی فی الأوسط جلد 9صفحه57 رقم الحديث: **9118** كلهم عن يوسف بن محمد بن ثابت بن قيس عن أبيه عن جده به .

1309- أخرجه أحمد فی مسنده جلد 4صفحه34 رقم الحديث: **16438**' وذكره معمر بن راشد فی الجامع جلد 10 صفحه462 كلاهما عن أيوب عن أبی قلابة عن ثابت بن الضحاك به .

الدَّبَرِيُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسُمٍّ عُذِّبَ بِهِ، وَمَنْ شَهِدَ عَلَى مُسْلِمٍ، اَوْ قَالَ عَلَى مُؤْمِنٍ بِكُفْرٍ، فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ لَعَنَهُ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا حَلَفَ

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو زہر کے ساتھ قتل کیا' اسی کے ساتھ اُسے عذاب دیا جائے گا' جس نے مسلم یا مؤمن کے خلاف کفر کی گواہی دی وہ اسے قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے مؤمن پر لعنت کی' پس وہ اسے قتل کرنے والے کی طرح ہے اور جس آدمی نے اسلام کے علاوہ کسی دین کے خلاف جھوٹا حلف اُٹھایا' اس نے گویا (اسلام کے خلاف) حلف اٹھایا۔

1310 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وَكَانَتْ، لَهُ صُحْبَةٌ- قَالَ حَمَّادٌ: وَلَوْ قُلْتَ اِنَّهُ مَرْفُوعٌ لَمْ اُبَالِ- قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ

حضرت ابوقلابہ' حضرت ثابت بن قیس (آپ کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے) فرماتے ہیں۔ حضرت حماد فرماتے ہیں: اگر میں یہ کہوں کہ یہ حدیث مرفوع ہے تو مجھے کوئی پروا نہیں ہے' آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی' وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا ہے۔

1311 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اَيُّوبُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت بن ضحاک' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ جھوٹی قسم اُٹھائی' وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا ہے' جس نے اپنے آپ کو مارا اُسے جہنم کی آگ سے عذاب دیا جائے گا' مؤمن کا لعنت کرنا قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے کسی مؤمن کی طرف کفر کی نسبت کی' وہ بھی قتل کی طرح ہے۔

1312 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا اور جس نے اپنے آپ کو ذبح کیا کسی شی کے ساتھ تو

بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ ذَبَحَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، ذُبِحَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اسے قیامت کے دن اسی کے ساتھ ذبح کیا جائے گا۔

1313 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ مارا تو اسے قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔

1314 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ مُتَعَمِّدًا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا، بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو کسی چیز کے ساتھ جان بوجھ کر قتل کیا' اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جان بوجھ کر قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے کسی مؤمن کی طرف کفر کی نسبت کی تو وہ بھی قتل کی طرح ہے' جس نے کسی مؤمن پر لعنت کی تو وہ بھی قتل کی طرح ہے۔

1315 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَزِيعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا، أَوْ مُؤْمِنَةً، بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، فَهُوَ كَمَا

حضرت ثابت بن ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کو لعنت کرنا کفر کی طرح ہے' مؤمن پر تہمت لگانا یا مؤمن پر کفر کی نسبت کرنا قتل کی طرح ہے' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی چیز کے ساتھ عذاب دیا

ثابت بن الضحاک بن خلیفة الانصاری یکنی ابا زید

1315- اخرج نحوه مسلم فی صحیحه جلد 1 صفحه 104 رقم الحدیث: 110' والبخاری فی صحیحه جلد 5 صفحه 2247 رقم الحدیث: 5700 عن أبی قلابة عن ثابت بن قیس به .

قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ، بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ لِلْعَبْدِ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ

جائے گا' بندہ کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس کی نذر مانے جس کا مالک نہیں ہے۔

1316 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نَذْرَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَالَ لِمُؤْمِنٍ يَا كَافِرُ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا مالک نہیں ہے' اس کی نذر نہیں ہے' مؤمن کو لعنت کرنا کفر کی طرح ہے' جس نے دنیا میں اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی چیز کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے مؤمن کو کہا: اے کافر! تو وہ اس کو قتل کرنے کی طرح ہے۔

1317 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا هِشَامُ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

1381 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جُشَمِ، بْنِ الْخَزْرَجِ: ثَعْلَبَةُ الَّذِي يُقَالُ لَهُ الْجِذْعُ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی جشم بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام حضرت ثعلبہ کا بھی ہے' جن کو جذع کہا جاتا ہے۔

1382 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی خزرج اور بنی سلمہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے'

مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ، ثُمَّ مِنْ بَنِي حَرَامٍ، ثَعْلَبَةُ، الَّذِي يُدْعَى الْجِذْعَ

اُن کے ناموں میں سے ثعلبہ بھی ہیں' جن کو جذع بھی کہا جاتا ہے۔

1383 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَالِمٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي حَرَامٍ، ثَعْلَبَةُ الَّذِي يُقَالُ لَهُ الْجِذْعُ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: طائف کے دن انصار اور بنی سالم اور بنی حرام میں سے جو شہید کیے گئے تھے' اُن ناموں میں سے حضرت ثعلبہ بھی ہیں' جن کو جذع کہا جاتا ہے۔

ثَعْلَبَةُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ أَخُو سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ بَدْرِيٌّ

حضرت ثعلبہ بن سعد الساعدی' حضرت سہل بن سعد بدری کے بھائی

1384 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ حدثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: شَهِدَ أَخِي ثَعْلَبَةُ بْنُ سَعْدٍ، بَدْرًا، وَقُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَلَمْ يُعَقِّبْ

حضرت عبدالمہیمن بن عباس بن سہل بن سعد اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میرے بھائی ثعلبہ بن سعد بدر میں شریک ہوئے تھے' اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے' پیچھے نہیں رہے تھے۔

ثَعْلَبَةُ بْنُ عَنَمَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ عَقَبِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ

حضرت ثعلبہ بن عنمہ انصاری بدری عقبی' خندق کے دن شہید کیے گئے تھے

1385 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثَعْلَبَةُ بْنُ عَنَمَةَ بْنِ عَدِيٍّ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے حضرت ثعلبہ بن عنمہ بن عدی کا نام بھی ہے۔

1386 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثَعْلَبَةُ بْنُ عَنَمَةَ بْنِ عَدِيٍّ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ عقبہ میں انصار میں سے جو شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثعلبہ بن عنمہ بن عدی کا نام بھی ہے۔

1387 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ، ثَعْلَبَةُ بْنُ عَنَمَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: خندق کے دن انصار اور بنی سلمہ میں سے جو شہید کیے گئے تھے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثعلبہ بن عنمہ کا بھی ہے۔

ثُمَامَةُ الْقُرَشِيُّ وَهُوَ ثُمَامَةُ بْنُ عَدِيٍّ، وَشَهِدَ بَدْرًا

حضرت ثمامہ قرشی' یہ ثمامہ بن عدی ہیں اور یہ بدر میں شریک ہوئے تھے

1388 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ كَانَ عَلَى صَنْعَاءَ، فَلَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، خَطَبَ فَبَكَى بُكَاءً شَدِيدًا، فَلَمَّا اَفَاقَ، وَاسْتَفَاقَ، قَالَ: اَلْيَوْمَ انْتُزِعَتْ خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَارَتْ مُلْكًا، وَجَبْرِيَّةً مَنْ اَخَذَ شَيْئًا غَلَبَ عَلَيْهِ

حضرت ابوقلابہ سے روایت ہے کہ قریش سے ایک آدمی جس کو ثمامہ کہا جاتا ہے' یہ صنعاء کے عامل تھے' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تھا تو آپ نے خطبہ دیا اور بہت زیادہ روئے' جب افاقہ ہوا تو فرمانے لگے: آج کے دن اُمت محمد ﷺ سے خلافت لے لی گئی' (اب) بادشاہت اور جبریت ہے' جس نے اس میں سے کوئی شی لی وہ اس پر غالب ہوگی۔

1389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْاَنْبَارِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، ثنا اَبُو قَحْذَمٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ

حضرت ابوقلابہ سے روایت ہے کہ قریش سے ایک آدمی جس کو ثمامہ کہا جاتا ہے' یہ صنعاء کے عامل تھے' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تھا تو آپ

اَبِی الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیُّ، قَالَ: کَانَ اَمِیرٌ عَلَی صَنْعَاءَ - قَالَ اَبُو قَحْذَمٍ: یُقَالُ لَهُ - ثُمَامَةُ بْنُ عَدِیٍّ - وَکَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ- فَلَمَّا جَاءَ نَعِیُّ فُلَانٍ، بَکَی بُکَاءً شَدِیدًا، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: هٰذَا حِینَ انْتُزِعَتْ خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ، وَصَارَ مُلْکًا، وَجَبْرِیَّةً، مَنْ غَلَبَ عَلَی شَیْءٍ مُلِّکَهُ

نے خطبہ دیا اور بہت زیادہ روئے' جب افاقہ ہوا تو فرمانے لگے: آج کے دن اُمت محمد ﷺ سے خلافت لے لی گئی' (اب) بادشاہت اور جبریت ہے' جس نے اس میں سے کوئی شی لی وہ اس پر غالب ہوگی۔

ثَوْبَانُ مَوْلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَرَائِبِ مُسْنَدِ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضور ﷺ کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ اور حضرت ثوبان کی مسند کی غرائب میں سے

یُکْنَی اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَیُقَالُ: هُوَ مِنَ الْیَمَنِ، مِنْ حِمْیَرٍ مَوْلَی آلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَیُقَالُ اَصَابَهُ سَبْیٌ فَاشْتَرَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَاَعْتَقَهُ کَانَ یَسْکُنُ حِمْصَ، مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِینَ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' ان کو یمن کے لوگ حضور ﷺ کی آل کے غلام حمیر بھی کہا جاتا ہے' ان کو کہا جاتا ہے کہ یہ قیدی تھے' حضور ﷺ نے ان کو خریدا' آپ نے آزاد کیا' یہ حمص میں رہتے تھے' 45 ہجری میں وصال پایا۔

1390 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّیُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، ثنا بُکَیْرُ بْنُ اَبِی السُّمَیْطِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والے روزہ افطار کریں۔

1391 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِیُّ، ثنا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، عَنْ سَعِیدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مال دار ہونے کے لیے مانگا' تو یہ قیامت کے دن اُس کے چہرے پر داغ ہوگا۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَ، وَلَهُ مَا يُغْنِيهِ، شِينَ فِي وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

1392 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ كَنْزًا مُثِّلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعٌ أَقْرَعُ لَهُ زَبِيبَتَانِ يَتْبَعُهُ فَيَقُولُ: أَنَا كَنْزُكَ الَّذِي تَرَكْتَهُ بَعْدَكَ، فَمَا يَزَالُ يَتْبَعُهُ حَتَّى يُلْقِمَهُ يَدَهُ فَيَمْضُغُهَا ثُمَّ يُتْبِعُهُ سَائِرَ جَسَدِهِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے خزانہ چھوڑا اُس کو قیامت کے دن اسے سانپ کا روپ دیا جائے گا' جو ایک گنجا سانپ ہو گا جس کی آنکھوں کے اوپر دو سیاہ نقطے ہوں گے وہ اُس کا پیچھا کرے گا' وہ کہے گا: میں تیرا خزانہ ہوں' جو تُو اپنے بعد والوں کے لیے چھوڑ آیا تھا' وہ اس کا پیچھا کرتا رہے گا یہاں تک کہ اس کے ہاتھ کو پکڑ کر اس کو چبائے گا' پھر اس کے سارے جسم کو چبائے گا۔

1393 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عُتْبَةَ أَبِي أُمَيَّةَ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ الْأَسْوَدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّأَ فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْخِمَارِ يَعْنِي الْعِمَامَةَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں اور عمامہ کے نیچے (ہاتھ داخل کر کے سر کا) مسح کیا۔

1394 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي سَفَرٍ فَقَالَ: إِنَّ هَذَا السَّفَرَ جُهْدٌ، وَثِقَلٌ، فَإِذَا أَوْتَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، فَإِنِ اسْتَيْقَظَ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' آپ نے فرمایا: یہ سفر تھکاوٹ اور بوجھ ہے اور جب تم میں سے کوئی وتر پڑھے تو دو رکعت پڑھے' اگر جاگ جائے تو پڑھے ورنہ وہ وتر ہو گئے ہیں۔

1394- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 2 صفحه 159 رقم الحديث: 1106' وابن حبان في صحيحه جلد 6 صفحه 315 رقم الحديث: 2577' والدارقطني في سننه جلد 2 صفحه 36 رقم الحديث: 3 كلهم عن عبد الرحمٰن بن جبير عن أبيه عن ثوبان به .

وَاِلَّا كَانَتَا لَهُ

1395 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي الزَّاهِرِيَّةِ حُدَيْرِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ ثَوْبَانَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ، فَقَالَ: اَصْلِحُوا لَنَا مِنْهَا، فَاَصْلَحْنَا لَهُ، فَمَا زِلْتُ اُطْعِمُهُ مِنْهَا، حَتَّى قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنا قربانی کا جانور ذبح کیا' آپ نے فرمایا: اس میں سے ہمارے لیے رکھنا' ہم نے آپ کے لیے سنبھال کر رکھا' میں لگاتار آپ کو کھلاتا رہا یہاں تک کہ ہم مدینہ آئے۔

1396 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ سَهْوٍ سَجْدَتَانِ، بَعْدَ التَّسْلِيمِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر سہو کے لیے سلام کے بعد دو سجدے ہیں۔

1397 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، وَعَدَنِي مِنْ اُمَّتِي سَبْعِينَ اَلْفًا، لَا يُحَاسَبُونَ مَعَ كُلِّ اَلْفٍ، سَبْعِينَ اَلْفًا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا کہ میری اُمت کے ستّر ہزار (بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے) ہر ہزار کے ساتھ ستّر ہزار بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔

1398 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں

1395- أخرج نحوه أبو داؤد فی سننه جلد **3** صفحه **100** رقم الحديث: **2814**' والبيهقی فی سننه الكبرىٰ جلد **9** صفحه **291**' والحاكم فی مستدركه جلد **4** صفحه **256** رقم الحديث: **7557** كلهم عن أبی الزاهرية عن جبير بن نفير عن ثوبان به .

اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اَسْمَاءَ، اَنَّ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ حَبْرٌ مِنْ اَحْبَارِ الْيَهُودِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، فَدَفَعْتُهُ دَفْعَةً، كَادَ اَنْ يُصْرَعَ مِنْهَا، فَقَالَ: لِمَ تَدْفَعُنِي؟، فَقُلْتُ: اَوَلَا تَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: اِنَّمَا نَدْعُوهُ بِاسْمِهِ الَّذِي سَمَّاهُ اَهْلُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اسْمِي مُحَمَّدٌ الَّذِي سَمَّانِي بِهِ اَهْلِي، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْفَعُكَ شَيْءٌ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟ قَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِي، فَنَكَتَ بِعُودٍ مَعَهُ، فَقَالَ: سَلْ، قَالَ الْيَهُودِيُّ: اَيْنَ النَّاسُ، يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ، وَالسَّمَاوَاتُ؟، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ فِي الظُّلْمَةِ دُونَ الْجِسْرِ، قَالَ: فَمَنْ اَوَّلُ النَّاسِ اِجَازَةً؟، قَالَ: فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: فَمَا تُحْفَتُهُمْ حِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، قَالَ: زِيَادَةُ كَبِدِ الْحُوتِ، قَالَ: فَمَا غِذَاؤُهُمْ عَلَى اَثَرِهَا؟ قَالَ: يُنْحَرُ لَهُمْ ثَوْرُ الْجَنَّةِ الَّذِي يَاْكُلُ، مِنْ اَطْرَافِهَا، قَالَ: فَمَا شَرَابُهُمْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: مِنْ عَيْنٍ تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا، قَالَ: صَدَقْتَ، وَجِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ، لَا يَعْلَمُهُ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، اِلَّا نَبِيٌّ، اَوْ رَجُلٌ، اَوْ رَجُلَانِ، قَالَ: يَنْفَعُكَ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟،

کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑا تھا کہ آپ کے پاس یہود کے علماء کے گروہ میں سے ایک آیا' اس نے کہا: السلام علیک یا محمد! میں نے اُن کو دھکا دیا' قریب تھا کہ وہ گر جائے' اس نے کہا: تم نے مجھے کیوں دھکا دیا' میں نے کہا: کیا تم یا رسول اللہ نہیں کہہ سکتے؟ یہودی نے کہا: ہم آپ کو اسی نام سے پکارتے ہیں جس نام سے آپ کو آپ کے خاندان کے لوگ پکارتے ہیں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا نام محمد ہے جو میرے گھر والوں نے رکھا ہے۔ اس یہودی نے کہا: میں آپ کے پاس کچھ سوال پوچھنے کے لیے آیا ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: اگر میں نے تجھے جواب دیئے تو تجھے کوئی شے نفع دے گی؟ اُس نے کہا: میں اپنے کانوں سے سنوں گا' آپ نے اپنی چھڑی مبارک سے زمین کو کریدا جو آپ کے پاس تھی اور فرمایا: پوچھو! یہودی نے کہا: جس دن زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے' اُس دن لوگ کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ پل کے نیچے اندھیرے میں ہوں گے' اس نے کہا: سب سے پہلے جنت میں کون جائے گا؟ فرمایا: مہاجرین فقراء۔ اس نے کہا: جنتی جس وقت جنت میں داخل ہوں گے تو اُن کا کھانا کیا ہوگا؟ فرمایا: مچھلی کی کلیجی۔ اُس نے کہا: اس کے بعد کیا دیا جائے گا؟ فرمایا: اُن کے لیے جنت کا بیل ذبح کیا جائے گا جس کو وہ اس کے اطراف سے کھائیں گے۔ اُس نے کہا: وہ کیا پئیں گے؟ فرمایا: سلسبیل نامی چشمہ سے پئیں گے۔ اُس نے

قَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِی، قَالَ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنِ الْوَلَدِ، قَالَ: مَاءُ الرَّجُلِ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ اَصْفَرُ، فَاِذَا اجْتَمَعَا فَعَلَا مَنِيُّ الرَّجُلِ، مَنِيَّ الْمَرْاَةِ ذَكَرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ، وَاِذَا عَلَا مَنِيُّ الْمَرْاَةِ، مَنِيَّ الرَّجُلِ اُنْثٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: لَقَدْ صَدَقْتَ، وَاِنَّكَ نَبِيٌّ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَذَهَبَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلَنِی هٰذَا عَنِ الَّذِی يَسْاَلُنِی عَنْهُ، وَمَالِی بِشَیْءٍ مِنْهُ عِلْمٌ، حَتّٰى اَنْبَاَنِیَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

کہا: آپ نے سچ کہا' میں آپ سے ایسی شے کے متعلق کچھ سوال پوچھوں گا جس کو اس زمین میں صرف نبی یا ایک یا دو آدمی جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں نے تجھے بیان کیا تو تجھے نفع ہوگا؟ اس نے کہا: میں کان لگا کے سنوں گا' کہنے لگا: میں آپ سے بچے کے متعلق پوچھنے آیا ہوں (کہ وہ ماں یا باپ کے کس طرح مشابہ ہوتا ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: مرد کا پانی سفید ہوتا ہے اور عورت کا پانی زرد رنگ کا ہوتا ہے' جب دونوں پانی جمع ہوتے ہیں تو اگر مرد کا پانی عورت کے پانی پر غالب آ جائے تو اللہ کے حکم سے لڑکا اور اگر عورت کا پانی مرد کے پانی پر غالب آ جائے تو لڑکی پیدا ہوتی ہے' اللہ کے حکم سے۔ اُس یہودی نے کہا: آپ نے سچ کہا' آپ بے شک نبی ہیں۔ پھر وہ مڑا اور چلا گیا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس نے جو کچھ پوچھا ہے اس کا کچھ بھی علم میرے پاس نہیں تھا' یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے مجھے اس کا علم دیا۔

1399 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَصْبَهَانِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِی سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِی الْخَطَّابِ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ، عَنْ اَبِی اِدْرِيسَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والوں پر لعنت فرمائی۔

1399- أخرجه أحمد فی مسنده جلد5صفحه279 رقم الحديث: 22452 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُرْتَشِيَ وَالْمَرْشِيَّ وَالرَّائِشَ

1400 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ عَائِذِ اللّٰهِ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّكُمْ تَعْمَلُونَ اَعْمَالًا لَا تُعْرَفُ، وَيُوشِكُ الْعَازِبُ اَنْ يَثُوبَ اِلَى اَهْلِهِ، فَمَسْرُورٌ، وَمَكْظُومٌ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم غیر معروف اعمال کرتے ہو' قریب ہے جو اہل سے دُور ہے وہ اپنے گھر واپس جائے' پس وہ خوش ہو اور خاموش ہو۔

1401 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِرَجُلٍ يَحْتَجِمُ فِي رَمَضَانَ، وَهُوَ يُقْرِضُ رَجُلًا، فَقَالَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رمضان میں ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو پچھنے لگا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنے لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

1402 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَوْبَانَ، يَقُولُ: حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ، وَالْقَسِّيَّ، وَثِيَابَ الْمُعَصْفَرِ الْمُقَدَّمِ، وَالنُّمُورِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی کو حرام کیا' مصری ریشمی کپڑوں' زرد رنگ کے کپڑوں اور چیتے کی کھال سے منع کیا۔

1403 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، اَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنِّي كُنْتُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا تو اب کیا کرو' تم زیارت کرتے وقت دعا کرو اور بخشش مانگو قبرستان والوں کے لیے' میں تم کو

نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا، وَاجْعَلُوا زِيَارَتَكُمْ لَهَا صَلَاةً، عَلَيْهِمْ وَاسْتِغْفَارًا لَهُمْ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ، بَعْدَ ثَلَاثٍ فَكُلُوا، مِنْهَا وَادَّخِرُوا، وَنَهَيْتُكُمْ عَمَّا يُنْبَذُ فِي الدُّبَاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُقَيَّرِ، فَانْتَبِذُوا وَانْتَفِعُوا بِهَا

قربانی کے گوشت (تین دن سے زیادہ) کھانے سے منع کرتا تھا' اب کھاؤ اور رکھ بھی لو اور دباء' حنتم' مقیر میں نبیذ بنانے سے منع کرتا تھا تو اب نبیذ بناؤ اور اوران برتنوں سے نفع بھی اُٹھاؤ۔

1404 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْفَعُ مَعَهُنَّ عَمَلٌ: الشِّرْكُ بِاللَّهِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میں تین چیزیں ہوں' اس کو اس کا عمل نفع نہیں دے گا: (۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے کو (۲) والدین کے نافرمان کو (۳) جنگ سے بھاگنے والے کو۔

1405 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُقْبِلُ الْجَبَّارُ تَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَثْنِي رِجْلَهُ عَلَى الْجِسْرِ، فَيَقُولُ: وَعِزَّتِي، وَجَلَالِي لَا يُجَاوِزُنِي ظَالِمٌ، فَيَنْصِفُ الْخَلْقَ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَنْصِفُ الشَّاةَ الْجَمَّاءَ، مِنَ الْعَضْبَاءِ بِنَطْحَةٍ نَطَحَهَا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن توجہ کرے گا' پل پر کھڑا ہو کر فرمائے گا: میری عزت وجلال کی قسم! ظالم میری سزا سے بچ کر نہیں گزرے گا' مخلوق میں انصاف ہوگا یہاں تک کہ بغیر سینگ والی بکری کو سینگ والی بکری سے انصاف دلوایا جائے گا جو اس نے سینگ مارا ہوگا۔

1406 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، احْتَجَمَ، وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ، وَقَالَ: اعْلِفُوهُ النَّاضِحَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پچھنا لگوایا اور پچھنا لگانے والے کو مزدوری بھی دی اور فرمایا: اپنے پانی لانے والے اونٹوں کا چارہ اس میں سے کر۔

1407 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: اجْتَمَعَ اَرْبَعُونَ رَجُلًا مِنَ الصَّحَابَةِ، يَنْظُرُونَ فِي الْقَدَرِ، وَالْجَبْرِ فِيهِمْ، اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَنَزَلَ الرُّوحُ الْاَمِينُ، جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اخْرُجْ عَلَى اُمَّتِكَ، فَقَدْ اَحْدَثُوا، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فِي سَاعَةٍ، لَمْ يَكُنْ يَخْرُجُ عَلَيْهِمْ فِيهَا، فَاَنْكَرُوا ذٰلِكَ مِنْهُ، وَخَرَجَ عَلَيْهِمْ مُلْتَمِعًا لَوْنُهُ، مُتَوَرِّدَةً وَجْنَتَاهُ، كَاَنَّمَا تَفَقَّأَ بِحَبِّ الرُّمَّانِ الْحَامِضِ، فَنَهَضُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَاسِرِينَ اَذْرُعَهُمْ تَرْعَدُ اَكُفُّهُمْ، وَاَذْرُعُهُمْ، فَقَالُوا: تُبْنَا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، فَقَالَ: اَوْلَى لَكُمْ اِنْ كِدْتُمْ لَتُوجِبُونَ، اَتَانِي الرُّوحُ الْاَمِينُ، فَقَالَ: اخْرُجْ عَلَى اُمَّتِكَ، يَا مُحَمَّدُ فَقَدْ اَحْدَثَتْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چالیس صحابہ جمع ہوئے تقدیر اور جبر میں غور وفکر کرنے لگے' ان میں حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما شامل تھے' حضرت جبریل علیہ السلام اُترے' عرض کی: یارسول اللہ! اپنی اُمت کے پاس جائیں! اُنہوں نے نئی گفتگو شروع کی ہے' آپ اُس وقت اُن کے پاس آئے حالانکہ آپ اُس وقت نکلتے نہیں تھے' صحابہ کرام نے اس پر تعجب کیا' آپ نکلے تو آپ کا رنگ مبارک چمک رہا تھا اور مبارک رخسار سرخ تھے' ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ انار نچوڑا ہوا ہے' سارے صحابہ کرام ڈرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھ گئے' اس حال میں کہ انہوں نے اپنے بازو کھولے ہوئے تھے اور ان کی ہتھیلیاں اور بازو کانپ رہے تھے' اُنہوں نے عرض کی: ہم اللہ اور اُس کے رسول کی بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: قریب تھا کہ اگر تم گفتگو کرتے تو واجب کر بیٹھتے (اپنے اوپر کوئی چیز)' میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے تھے' عرض کرنے لگے: اپنی اُمت کے پاس جائیں' اے محمد! اُنہوں نے کوئی نئی بات شروع کی ہے۔

1408 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِبَنِي الْعَبَّاسِ رَايَتَيْنِ، اَعْلَاهَا كُفْرٌ، وَمَرْكَزُهَا ضَلَالَةٌ، فَاِنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بنی عباس کے دو جھنڈے ہوں گے' اس کا اوپر والا کفر اور اس کا مرکز گمراہی ہے' اگر تو اس کو پائے گا تو گمراہ نہیں ہوگا۔

اَدْرَكْتَهَا فَلَا تَضِلَّ

1409 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُرِيتُ بَنِي مَرْوَانَ يَتَعَاوَرُونَ مِنْبَرِي فَسَاءَنِي ذٰلِكَ، وَرَاَيْتُ بَنِي الْعَبَّاسِ يَتَعَاوَرُونَ مِنْبَرِي، فَسَرَّنِي ذٰلِكَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے بنی مروان دکھائے گئے' میرے منبر کے پاس جھگڑ رہے تھے' مجھے یہ ناپسند لگا' میں نے بنی عباس کو دیکھا' وہ میرے منبر کے پاس جھگڑ رہے تھے' مجھے یہ اچھا لگا۔

1410 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي، وَلِبَنِي الْعَبَّاسِ شَيَّعُوا اُمَّتِي، وَسَفَكُوا دِمَاءَهَا، وَاَلْبَسُوهَا ثِيَابَ السَّوَادِ، اَلْبَسَهُمُ اللّٰهُ ثِيَابَ النَّارِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے کیا ہے اور بنی عباس میری اُمت کے گروہ بنا دیں گے' یہ لوگ خون بہائیں گے' کالے کپڑے پہنیں گے' اللہ عزوجل ان کو جہنم کی آگ کا لباس پہنائے گا۔

1411 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِي فَاَمْسِكُوا، وَاِذَا ذُكِرَتِ النُّجُومُ فَاَمْسِكُوا، وَاِذَا ذُكِرَ الْقَدَرُ فَاَمْسِكُوا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب میرے صحابی کا تذکرہ ہو تو خاموش ہو جاؤ' جب ستاروں کا ذکر ہو تو خاموش ہو جاؤ' جب تقدیر کے متعلق گفتگو ہو تو خاموش ہو جاؤ۔

1412 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِعُمَرَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! اسلام کو عمر بن خطاب کے ذریعے عزت دے! حضرت عمر نے رات کے اوّل حصہ میں اپنی بہن کو مارا' وہ پڑھ رہی تھی: اقراء باسم

بْنِ الْخَطَّابِ ، وَقَدْ ضَرَبَ اُخْتَهُ اَوَّلَ اللَّيْلِ، وَهِيَ تَقْرَاُ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ) (العلق: 1) ، حَتَّى اَظُنَّ اَنَّهُ قَتَلَهَا، ثُمَّ قَامَ مِنَ السَّحَرِ فَسَمِعَ صَوْتَهَا، تَقْرَاُ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ) (العلق: 1) فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا هَذَا بِشِعْرٍ، وَلَا هَمْهَمَةٍ، فَذَهَبَ، حَتَّى اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ بِلَالًا، عَلَى الْبَابِ فَدَفَعَ الْبَابَ، فَقَالَ بِلَالٌ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: حَتَّى اَسْتَاْذِنَ لَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بِلَالٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عُمَرُ بِالْبَابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِعُمَرَ خَيْرًا، اَدْخَلَهُ فِي الدِّينِ ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: افْتَحْ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِضَبْعَيْهِ، فَهَزَّهُ، فَقَالَ: مَا الَّذِي تُرِيدُ، وَمَا الَّذِي جِئْتَ؟ ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اعْرِضْ عَلَيَّ الَّذِي تَدْعُو اِلَيْهِ، قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ ، فَاَسْلَمَ عُمَرُ مَكَانَهُ وَقَالَ: اخْرُجْ

ربک الذی خلق! اتنا مارا کہ آپ کو گمان ہوا کہ وہ فوت ہوگئی ہیں' پھر آپ سحری کے وقت اُٹھے' آپ نے اُن سے اقراء باسم ربک الذی خلق پڑھنے کی آواز سنی تو کہا: قسم ہے یہ شعر نہیں اور نہ ہی کوئی فضول آواز ہے' آپ گئے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دروازے پر پایا' دروازہ کو دھکا دیا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ کہا: عمر بن خطاب! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اندر آ سکتے ہیں یہاں تک کہ آپ کے لیے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگ لوں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: عمر دروازہ پر ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ نے عمر کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کیا ہے تو اس کو دین میں داخل کیا ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دروازہ کھولو! حضور ﷺ نے آپ کو دونوں کندھوں سے پکڑ کر جھنجھوڑا' فرمایا: کس ارادہ سے آئے ہو:؟ حضرت عمر نے آپ سے عرض کی: جس دین کی آپ دعوت دیتے ہیں وہ کیا ہے' آپ نے فرمایا: تُو گواہی دے: لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ وان محمداً عبدہٗ ورسولہٗ۔ حضرت عمر اسی جگہ اسلام لائے اور آپ نے فرمایا: نکل جاؤ!

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبردار! اسلام کی چکی گھومنے والی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: میری حدیث' کتاب اللہ کے سامنے

1413 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اِنَّ رَحَى

الْإِسْلَامِ دَائِرَةٌ، قَالَ: فَكَيْفَ نَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: اعْرِضُوا حَدِيثِي عَلَى الْكِتَابِ، فَمَا وَافَقَهُ فَهُوَ مِنِّي، وَأَنَا قُلْتُهُ

پیش کرو جو اس کے موافق ہو وہ میری حدیث میں سے ہے اور وہ میں نے کہی ہوگی۔

1414 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي ثَلَاثَةً: الْخَطَأَ، وَالنِّسْيَانَ، وَمَا أُكْرِهُوا عَلَيْهِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میری اُمت کی تین چیزوں سے درگزر کیا ہے: (۱) غلطی (۲) بھوک اور (۳) جب ان کو مجبور کیا جائے۔

1415 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ أَقْوَامٌ مِنْ أُمَّتِي، يَتَعَاطَوْنَ، فُقَهَاؤُهُمْ عُضْلَ الْمَسَائِلِ، أُولَئِكَ شِرَارُ أُمَّتِي

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عنقریب میری اُمت سے کچھ لوگ ایسے ہوں گے کہ ان کے سمجھ دار لوگ مشکل مسائل پیش کریں گے، ایسے لوگ میری اُمت کے شرارتی لوگ ہوں گے۔

1416 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا أَبُو الْأَشْعَثِ، عَنْ ثَوْبَانَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ، مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نسب سے حرام ہوتا ہے، وہی رضاعت سے حرام ہوتا ہے۔

1417 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھے یہ ذمہ داری دے کہ وہ کسی سے مانگے گا نہیں تو میں اسے جنت کی ذمہ داری دیتا ہوں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں! راوی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَتَكَفَّلُ لِي، اَنْ لَا يَسْاَلَ النَّاسَ، وَاَتَكَفَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةِ؟ فَقَالَ ثَوْبَانُ: اَنَا فَكَانَ ثَوْبَانُ لَا يَسْاَلُ اَحَدًا شَيْئًا

حدیث فرماتے ہیں کہ حضرت ثوبان کوئی شی نہیں مانگتے تھے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1418 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مِينَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَضْمَنُ لِي خَلَّةً، فَاَضْمَنَ لَهُ الْجَنَّةَ؟ ، قُلْتُ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: لَا تَسْاَلِ النَّاسَ شَيْئًا قَالَ: فَاِنْ كَانَ ثَوْبَانُ لَيَسْقُطُ سَوْطُهُ، وَهُوَ عَلَى بَعِيرِهِ، فَيَذْهَبُ الرَّجُلُ يُنَاوِلُهُ، فَيُنِيخُ بَعِيرَهُ، فَيَاْخُذُ سَوْطَهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے کون ضمانت دے گا کہ وہ نہیں مانگے گا' میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں! آپ نے فرمایا: لوگوں سے کوئی شی نہ مانگنا۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: حضرت ثوبان کا کوڑا بھی گر جاتا اور وہ اونٹ پر ہوتے تو کوئی آدمی آپ کو پکڑانے کے لیے جاتا تو آپ اپنا اونٹ بٹھاتے اور کوڑا پکڑتے تھے۔

1419 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي مَسِيرٍ فَقَالَ: اِنَّا مُدْلِجُونَ، فَلَا يَدْخُلَنَّ مَعَنَا مُضْعِفٌ، وَلَا مُصْعِبٌ ، فَارْتَحَلَ رَجُلٌ عَلَى نَاقَةٍ، صَعْبَةٍ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سفر میں تھے' آپ نے فرمایا: ہم داخل ہوں گے' ہمارے مضعف اور مصعب داخل نہ ہو' ایک آدمی اپنی اونٹنی پر سوار ہو' اس کو تیز کیا' وہ آدمی اونٹنی سے گرا' اس کی ران ٹوٹ گئی اور وہ مر گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے کا حکم دیا' پھر حضرت بلال رضی

1419- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه158 رقم الحديث: 2643 .

فَصَرَعَتْهُ، فَانْدَقَّتْ فَخِذُهُ، فَمَاتَ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ، ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا فَنَادَى اِنَّ الْجَنَّةَ لَا تَحِلُّ لِعَاصٍ ثَلَاثًا

اللہ عنہ کو حکم دیا تو حضرت بلال نے اعلان کیا: نافرمان کے لیے جنت جائز نہیں ہے' تین مرتبہ فرمایا۔

1420 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ مُسْهِرٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ الْاَسْوَدِ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْضِي مَا بَيْنَ عَدْنٍ، اِلَى عُمَانَ، مَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الثَّلْجِ، وَاَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَاَكْثَرُ وُرُودًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَنْ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ؟ قَالَ: الشُّعْثُ رُءُوسًا، الدُّنْسُ ثِيَابًا، الَّذِينَ لَا يَنْكِحُونَ الْمُتَمَنِّعَاتِ، وَلَا يُفْتَحُ لَهُمْ بَابُ السُّدَدِ، الَّذِينَ يُعْطُونَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْهِمْ، وَلَا يُعْطُونَ الَّذِي لَهُمْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میرے حوض کی لمبائی مقامِ عدن سے عمان تک ہے' اس کا پانی اولوں سے زیادہ سفید ہے اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے' زیادہ تر میرے حوض پر فقراء مہاجرین آئیں گے جن کے سروں کے بال بکھرے ہوئے ہوں گے' لباس میلا ہوگا' جو امیر عورتوں سے نکاح نہیں کریں گی' ان کے لیے بند دروازے نہیں کھولے جائیں گے' وہ اپنا حق ادا کرتے رہیں گے' جو ان کا حق ہوگا وہ نہیں دیا جائے گا۔

1421 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنِ ابْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ ابْنِ عَدِيٍّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ لَا يَمْنَعَنَّ الصِّيَامَ: الْحِجَامُ، وَالْقَيْءُ، وَالِاحْتِلَامُ، وَلَا يَتَقَيَّأُ الصَّائِمُ مُتَعَمِّدًا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں روزہ رکھنے سے مانع نہیں ہیں: (۱) پچھنا (۲) قے (۳) احتلام' روزے دار کو جان بوجھ کر قے نہیں کرنی چاہیے۔

1422 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے اصحاب میں سے کسی کے پاس سے گزرے' اس کے ہاتھ میں تانبے کی انگوٹھی تھی' آپ

اَبِی سَلَمَةَ الْکَلَاعِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَوْبَانَ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ، یَقُولُ: مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، بِرَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، وَفِی یَدِهِ خَاتَمٌ مِنْ نُحَاسٍ، فَقَالَ: مَا بَالُ هٰذَا؟ قَالَ: مِنَ الْوَاهِنَةِ، قَالَ: انْزِعْهُ عَنْكَ

نے فرمایا: یہ کس لیے ہے؟ یہ واھنہ کے لیے ہے (واھنہ ایک ریاحی درد ہے جو کندھے سے لے کر بازو تک آتا ہے' خصوصاً بڑھاپے میں۔ لغات الحدیث) اس کو اپنے ہاتھ سے اُتار دو۔

1423 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی الْجُودِیِّ، عَنْ بَلْجٍ الْمَهْرِیِّ، عَنْ اَبِی شَیْبَةَ الْمَهْرِیِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قُلْنَا: یَا ثَوْبَانُ حَدِّثْنَا، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَ

حضرت ابوشیبہ المہری حضرت ثوبان سے روایت فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: اے ثوبان! ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کریں! حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے قے کی اور روزہ افطار کیا۔

1424 - حَدَّثَنَا اِدْرِیسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِیدِ، عَنْ اَبِی سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الثَّمَانِیَةِ مِنَ الْجَنَّةِ، یَدْخُلُ مِنْ اَیِّهَا یَشَاءُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے وضو کیا' اس کے بعد پڑھا: اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وانّ محمد رسول اللہ! تو اُس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھولے جاتے ہیں' جس سے چاہے داخل ہو۔

1425 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِیُّ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِیسَی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا یَزِیدُ فِی الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیُحْرَمُ الرِّزْقَ، بِالذَّنْبِ یُصِیبُهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تقدیر کو دعا ردّ کر سکتی ہے اور عمر میں اضافہ نیکی سے ہوتا ہے اور آدمی اپنے گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔

1425- اخرجه ابن ماجه فی سننه جلد 1 صفحه 35 رقم الحدیث: 90' جلد 2 صفحه 1334 رقم الحدیث: 4022' واحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 280 رقم الحدیث: 22466' جلد 5 صفحه 282 رقم الحدیث: 22491 کلاهما عن عبد الله بن عیسی عن عبد الله بن الجعد عن ثوبان به .

1426 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ حَوْضِي مَا بَيْنَ عَدْنٍ، اِلَى عُمَانَ، اَكْوَابُهُ عَدَدُ النُّجُومِ، وَمَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الثَّلْجِ، وَاَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، اَوَّلُ مَنْ يَرِدُهُ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: شُعْثُ الرُّءُوسِ، دَنَسُ الثِّيَابِ، الَّذِينَ لَا يَنْكِحُونَ الْمُتَنَعِّمَاتِ، وَلَا تُفْتَحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السُّدَدِ، الَّذِينَ يُعْطُونَ مَا عَلَيْهِمْ، وَلَا يُعْطُونَ مَا لَهُمْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میرے حوض کی لمبائی مقامِ عدن سے عمان تک ہے' اس کے پیالے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں' اس کا پانی اَولوں سے زیادہ سفید ہے اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے' سب سے پہلے میرے حوض پر فقراء مہاجرین آئیں گے جن کے سروں کے بال بکھرے ہوئے ہوں گے' لباس میلا ہوگا' جو امیر عورتوں سے نکاح نہیں کریں گے' ان کے لیے بند دروازے نہیں کھولے جائیں گے' وہ اپنا حق ادا کرتے رہیں گے' جو ان کا حق ہوگا وہ نہیں دیا جائے گا۔

1427 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ السَّلُولِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَقِيمُوا، وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا، اَنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سیدھے رہو اور ہرگز شمار نہ کرسکو گے اور جان لو کہ تمہارے اعمال میں سے افضل نماز ہے اور وضو پر محافظت ہمیشہ مؤمن ہی کرتا ہے۔

1428 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيضًا لَمْ يَزَلْ، فِي خُرْفَةِ الْجَنَّةِ، قِيلَ: وَمَا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مریض کی عیادت کی وہ مسلسل جنت کے باغ میں ہوگا۔ عرض کی: خرفة الجنة سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے حصے۔

خُرْفَةُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: جَنَاهَا

1429 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ اَبَنَا شُعْبَةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا، لَمْ يَزَلْ فِی خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتَّی يَرْجِعَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مریض کی عیادت کی' وہ مسلسل جنت کے باغوں میں ہوگا' واپس آنے تک۔

1430 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَالِحٍ الشِّيرَازِیُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِیُّ، عَنْ يَحْيَی بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: نہ پچھنے لگانے والا روزہ رکھے اور نہ وہ آدمی جس کو پچھنے لگائے جائیں۔

وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: جَاءَتْ بِنْتُ هُبَيْرَةَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِی يَدِهَا فَتَخٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بنت ھبیرہ' حضور ﷺ کے پاس آئیں' ان کے ہاتھ میں سونے کا چھلا تھا' اسکے بعد حدیث ذکر کی۔

1431 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِينِیِّ، ثنا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا نَزَعَ مِنَ الْجَنَّةِ عَادَتْ مَكَانَهَا اُخْرَی

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی جب جنت سے نکلے گا' اس کی جگہ دوسری جگہ آ جائے گی۔

1432 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ مَرْزُوقٍ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِیِّ، عَنْ سَعِيدٍ الشَّامِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَوْبَانَ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں بخار ہو جائے کیونکہ بخار جہنم کی آگ کا ٹکڑا ہے' اس کو ٹھنڈے اور جاری پانی

1429- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد4صفحه1989 رقم الحديث: 2568' والترمذی فی سننه جلد3صفحه299 رقم الحديث: 967' وأحمد فی مسنده جلد5صفحه283 رقم الحديث: 22497 عن أبی قلابة عن أبی أسماء عن ثوبان به .

يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَصَابَتْ أَحَدَكُمْ، فَإِنَّ الْحُمَّى قِطْعَةٌ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، فَلْيُطْفِئْهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ جَارِيًا، مُسْتَقْبِلَ جَرْيَةِ الْمَاءِ، وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ صَدِّقْ رَسُولَكَ، وَاشْفِ عَبْدَكَ، بَعْدَ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَلْيَغْمِسْ فِيهِ ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي خَمْسٍ، فَفِي سَبْعٍ، وَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي سَبْعٍ، فَفِي تِسْعٍ، فَإِنَّهَا لَا تَكَادُ أَنْ تُجَاوِزَ التِّسْعَ بِإِذْنِ اللّٰهِ

سے بجھاؤ اور یہ دعا کرو: اے اللہ! اپنے رسول کو سچا کر دکھا' تُو اپنے بندے کو شفاء دے' فجر کے بعد طلوعِ شمس سے پہلے پڑھا اور تین غوطے لگائے' اگر پانچ مرتبہ ٹھیک نہ ہو تو سات مرتبہ کرے' اگر سات مرتبہ ٹھیک نہ ہو تو نو مرتبہ کرے' کیونکہ اللہ کے حکم سے نو مرتبہ سے تجاوز نہیں کرے گا (یعنی ٹھیک ہوگا)۔

1433 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ الذِّمَارِيِّ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، ثُمَّ أَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ، فَإِنَّ ذَلِكَ صِيَامُ سَنَةٍ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے' پھر اس کے بعد لگاتار چھ شوال کے رکھے تو یہ سارے سال کے روزوں کے برابر ثواب ہوگا۔

1434 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مَرْزُوقٍ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ أَنْ تَتَدَاعَى عَلَيْكُمُ الْأُمَمُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تم میں پہلی اُمتوں کی سی خرابیاں ہوں گی' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

1435 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، ثنا حُمَيْدٌ الشَّامِيُّ، عَنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ جب سفر شروع فرماتے تو سب سے آخر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات فرماتے' پس واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے اُن سے ملتے۔

سُلَيْمَانَ الْمُنَبِّهِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا سَافَرَ فَآخِرُ عَهْدِهِ بِإِنْسَانٍ، مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ فَاطِمَةُ، فَإِذَا رَجَعَ فَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ عَلَيْهَا، قَالَ: فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ لَهُ، أَوْ سَفَرٍ، فَإِذَا فَاطِمَةُ قَدْ عَلَّقَتْ مَسْحًا عَلَى بَابِهَا، وَحَلَّتِ الْحَسَنُ، وَالْحُسَيْنُ قُلْبَيْنِ، مِنْ فِضَّةٍ، فَرَجَعَ، فَظَنَّتْ إِنَّمَا رَجَعَ مِنْ أَجْلِ مَا رَأَى فَنَزَعَتِ السِّتْرَ، وَنَزَعَتِ الْقُلْبَيْنِ، عَنِ الصَّبِيَّيْنِ، فَقَطَعَتْهُ، فَدَفَعَتْهُ إِلَيْهِمَا، فَأَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمَا يَبْكِيَانِ، فَقَالَ: يَا ثَوْبَانُ خُذْ هَذَيْنِ، فَاذْهَبْ بِهِمَا إِلَى أَهْلِ بَيْتٍ بِالْمَدِينَةِ، فَاحْسَبُهُ قَالَ: مُحْتَاجِينَ، فَإِنَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، وَإِنِّي أَكْرَهُ، أَنْ يَأْكُلُوا طَيِّبَاتِهِمْ فِي حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا، ثُمَّ قَالَ: يَا ثَوْبَانُ، اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ، وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ

راوی کا بیان ہے: (ایک بار) ایک غزوہ یا سفر سے واپس آئے' جبکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے دروازے پر پردہ لٹکا دیا تھا اور حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کو چاندی کے کڑے پہنا دیئے تھے' پس نبی کریم ﷺ لوٹ گئے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے گمان کیا کہ آپ ﷺ یہی دیکھ کر لوٹ گئے' پس آپ نے پردہ اتار دیا اور بچوں سے کڑے اتار دیئے' پس اسے کاٹ کر ان دونوں کے ہاتھ میں دے دیا' پس وہ دونوں روتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے پاس آئے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ثوبان! یہ دونوں چیزیں پکڑ لو! پس ان دونوں کو مدینہ میں کسی گھر والوں کی طرف لے جاؤ' پس میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: محتاجوں کی طرف کیونکہ یہ میرے اہل بیت ہیں اور میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنی دنیوی زندگی میں اپنی عمدہ چیزیں کھائیں' پھر فرمایا: اے ثوبان! فاطمہ کے لیے عصب کا ہار خریدو اور ہاتھی کے دانت کے دو کنگن۔

ثَوْبَانُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ثوبان ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ

1436 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ هِلَالٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ ثَوْبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو تم دیکھو کہ وہ مسجد میں (بُرے) اشعار پڑھ رہا ہے تو اسے کہو: اللہ عزوجل تیرے منہ کو ہلاک کرے! تین

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَنْشُدُ شِعْرًا فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: فَضَّ اللّٰهُ فَاكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: لَا وَجَدْتَهَا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَبِيعُ، وَيَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: لَا أَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ ، كَذَلِكَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مرتبہ' جس کو تم دیکھو کہ وہ مسجد میں گم شدہ شی کا اعلان کر رہا ہے تو تم کہو: نہ ملے! تین مرتبہ' جس کو تم دیکھو کہ وہ مسجد میں خرید وفروخت کر رہا ہے تو تم کہو: اللہ عزوجل تیری تجارت میں نفع نہ دے' حضور ﷺ نے ہمیں ایسے ہی کہا ہے۔

ثَوْرَةُ السُّلَمِيُّ يُكْنَى أَبَا أُمَامَةَ جَدُّ مَعْنِ بْنِ يَزِيدَ

حضرت ثورہ سلمی' آپ کی کنیت ابوامامہ' معن بن یزید کے دادا ہیں

1437 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَعْنَ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: خَاصَمْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَفْلَجَنِي، وَخَطَبَ عَلَيَّ، وَأَنْكَحَنِي، وَبَايَعْتُهُ أَنَا، وَجَدِّي

حضرت معن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں اپنا جھگڑا رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لے کر گیا' آپ نے مجھے فوقیت دی میرے لیے نکاح کا پیغام بھیجا اور میرا نکاح کیا' میں نے اور میرے دادا نے بیعت کی۔

ثَقِفُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسَدِيُّ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

حضرت ثقف بن عمرو اسدی' بنی عبد شمس بن عبد مناف کے حلیف

1438 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَقُتِلَ يَوْمَ خَيْبَرَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ: ثَقِفُ بْنُ عَمْرٍو، حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ بَنِي

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی عبد مناف میں سے خیبر کے دن جو شہید کیے گئے' اُن میں سے بنی اسد بن جزیمہ کے حلیف ثقف بن عمرو بھی ہیں۔

اَسَدِ بْنِ جَزِيمَةَ

بَابُ الْجِيمِ

جَعْفَرُ بْنُ اَبِی طَالِبٍ الطَّيَّارُ فِی الْجَنَّةِ، رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ بْنِ هَاشِمٍ

باب الجیم

حضرت جعفر بن ابوطالب طیار (جنت میں اُڑتے ہیں) آپ کی کنیت ابوعبداللہ' آپ کی والدہ صاحبہ حضرت فاطمہ بنت اسد بن ہاشم ہیں

1492 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم روایت کرتے ہیں' جبیر بن مطعم نے مجھے خبر دی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1493 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ قَالَ سُفْيَانُ: تَفْسِيرُهُ قَاطِعُ رَحِمٍ، وَاللَّفْظُ لِلْحُمَيْدِيِّ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔ حضرت سفیان کا قول ہے: اس کی تفسیر: رحمی رشتہ توڑنے والا ہے' اور یہ الفاظ جناب حمیدی کے ہیں۔

1494 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1495 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ،

حضرت جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ رسول

1491- اخرجه مسلم فی صحیحه جلد 4 صفحه 1981 رقم الحدیث: 2556' والبخاری فی صحیحه جلد 5 صفحه 2231 رقم الحدیث: 5638 کلاهما عن الزهری عن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیه ۔

ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، جَمِيعًا، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1496 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، ح وثنا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ زَادَ بَقِيَّةُ فِي حَدِيثِهِ: رَحِمٍ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1497 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1498 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ نُمَيْرٍ الصَّدَفِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَعُقَيْلٍ،

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1499 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، وثنا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْيَمَانِ، اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ نبی کریم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1500 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم کو ان کے والد نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

1501 - حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، ثنا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں صلہ رحمی ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

بَابٌ

باب

1502 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول

1502- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد 4صفحه1828 رقم الحديث: 2354' والبخاری فی صحيحه جلد 3 صفحه1299 رقم الحديث: 3339' جلد4صفحه1858 رقم الحديث: 4614 .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو بِيَ الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ قَالَ: قُلْتُ لِلزُّهْرِيِّ: وَمَا الْعَاقِبُ؟ قَالَ: الَّذِي لَيْسَ بَعْدَهُ نَبِيٌّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور عاقب۔ معمر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زہری سے عرض کی: عاقب کا معنی کیا ہے؟ فرمایا: جس کے بعد کوئی نبی نہ ہو۔

1503 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جَابِرٍ الْبَخْتَرِيُّ الطَّائِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِي خَمْسَةَ اَسْمَاءٍ اَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے پانچ نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں۔

1504 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالُوا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي يُمْحَى بِيَ الْكُفْرُ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ، الَّذِي لَا نَبِيَّ بَعْدَهُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

1505 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَقِيلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ، الَّذِي لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

1506 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، وَاَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي اَمْحُو الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي اَحْشُرُ النَّاسَ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ، الَّذِي لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

1507 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي يُمْحَى بِيَ الْكُفْرُ، وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ، وَالْعَاقِبُ الَّذِي لَيْسَ بَعْدَهُ اَحَدٌ، وَقَدْ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے تو نے مجھے

سَمَّاهُ اللّٰهُ رَءُوفًا رَحِيمًا

رؤف اور رحیم جیسے نام دیئے۔

1508 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَالْحَاشِرُ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَالْعَاقِبُ فَسَاَلْتُ سُفْيَانَ مَا الْعَاقِبُ؟ قَالَ: آخِرُ الْاَنْبِيَاءِ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں' میں نے سفیان سے سوال کیا: عاقب کا معنی کیا ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: آخری نبی! میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

1509 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَبُو الْيَمَانِ، اَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِي اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفَّارَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی (میرے ذریعے اللہ نے کفر ختم کیا) اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں۔

1510 - حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِي

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی (میرے ذریعے کفر ختم کیا)

اَسْمَاءً، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفَّارَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ

اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں۔

1511 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الطِّيبُ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُّوسٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِي خَمْسَةَ اَسْمَاءٍ، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ، الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْعَاقِبُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے پانچ نام یہ ہیں: میرا نام احمد (بہت زیادہ تعریف کرنے والا) اور محمد (جس کی تعریف کی جائے) اور ماحی میرے ذریعے کفر ختم کیا اور حاشر (وہ ہوتا ہے کہ لوگ سارے قیامت کے دن میرے قدموں کے پاس اکٹھے ہوں گے) اور میں عاقب ہوں۔

حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1512 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عِمْرَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ التَّمَّارُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ: اِنَّكُمْ قَدْ فَعَلْتُمْ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا فَعَلْتُمْ، فَكُونُوا اَكَفَّ النَّاسِ عَنْهُ، فَقَالَ اَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ: بَلْ كُونُوا اَشَدَّ مَا كُنْتُمْ عَلَيْهِ، فَقَالَ الْحَارِثُ بْنُ

حضرت محمد بن مطعم بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مطعم بن عدی نے فرمایا کہ میں نے کہا: تم محمد ﷺ کے ساتھ سلوک کیا جو کیا' تمام لوگوں کو انہیں تکلیف دینے سے روکو' ابوجہل بن ہشام نے کہا: بلکہ تم زیادہ تکلیف دینے والے بن جاؤ' حارث بن عامر بن نوفل فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! محمد ﷺ ہمیشہ کے لیے غالب ہوتا رہا اس میں جو اس نے تمہارے سامنے ظاہر کیا یا جو تم سے چھپایا۔

عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ: وَاللّٰهِ لَا يَزَالُ اَمْرُ مُحَمَّدٍ ظَاهِرًا فِيمَا بَادَاكُمْ، اَوْ اَسَرَّ مِنْكُمْ قَالَ اَبُو يُوسُفَ: قُتِلَ الْحَارِثُ، يَوْمَ بَدْرٍ كَافِرًا

ابو یوسف فرماتے ہیں: حارث بدر کے دن کفر کی حالت میں مار دیا گیا۔

1513 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ الطَّحَّانُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابٍ بِالْمَدِينَةِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ، وَاِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ التَّمَّارِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ اَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ، مُنْصَرَفُهُ عَنْ حَمْزَةَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ نَزَلَ يَثْرِبَ، وَاَرْسَلَ طَلَائِعَهُ، وَاِنَّمَا يُرِيدُ اَنْ يُصِيبَ مِنْكُمْ شَيْئًا، فَاحْذَرُوا اَنْ تَمُرُّوا طَرِيقَهُ، وَاَنْ تُقَارِبُوهُ، فَاِنَّهُ كَالْاَسَدِ الضَّارِي، اِنَّهُ حَنَقَ عَلَيْكُمْ نَفَيْتُمُوهُ، نَفَى الْقِرْدَانِ عَلَى الْمَنَاسِمِ، وَاللّٰهِ اِنَّ لَهُ لَسَحَرَةً، مَا رَاَيْتُهُ قَطُّ، وَلَا اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهِ، اِلَّا رَاَيْتَ مَعَهُمُ الشَّيَاطِينَ، وَاِنَّكُمْ قَدْ عَرَفْتُمْ عَدَاوَةَ ابْنَيْ قَيْلَةَ، فَهُوَ عَدُوٌّ اسْتَعَانَ بِعَدُوٍّ، فَقَالَ لَهُ مُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ: يَا اَبَا الْحَكَمِ، وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا، اَصْدَقَ لِسَانًا، وَلَا اَصْدَقَ مَوْعِدًا مِنْ اَخِيكُمْ، الَّذِي طَرَدْتُمْ فَاِذْ فَعَلْتُمْ، الَّذِي فَعَلْتُمْ، فَكُونُوا اَكَفَّ النَّاسِ عَنْهُ، فَقَالَ اَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ: كُونُوا اَشَدَّ مَا كُنْتُمْ عَلَيْهِ، فَاِنَّ ابْنَيْ قَيْلَةَ اِنْ ظَفِرُوا بِكُمْ، لَمْ يَرْقُبُوا فِيكُمْ اِلًّا وَلَا

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ابوجہل بن ہشام جب حمزہ سے ہٹ کر مکہ آیا تو اس نے کہا: اے قریشیو! بے شک محمد ﷺ یثرب اتر چکے ہیں' اس نے اپنی خبریں بھیجی ہیں' بس وہ چاہتا ہے کہ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے' اُس طرف سے گزرنا چھوڑ دو حتیٰ کہ اس کے قریب تک نہ جاؤ' کیونکہ وہ شکار کرتے والے شیر کی مانند ہے' وہ تمہارے گلے گھونٹ دے گا' تم اس سے اس طرح دور رہو' جس طرح بندر راستوں سے دور ہوتے ہیں' قسم بخدا! اس کے پاس بہت بڑا جدو ہے' میں نے اسے کبھی نہیں دیکھا اور نہ اس کے صحابہ کو دیکھا ہے' مگر ان کے ساتھ شیطان ہوتے ہیں اور یقیناً قیلہ کے بیٹوں کی دشمنی کو تم نے پہچان لیا ہے' پس وہ دشمن ہے اور دشمن سے مدد مانگی ہے۔ تو حضرت مطعم بن عدی نے اسے دوبدو مخاطب کر کے کہا: اے ابوالحکم! قسم بخدا! میں نے تمہارے بھائی سے زیادہ سچی زبان والا اور سچے وعدے والا کوئی نہیں دیکھا' جس کو تم نے اپنے سے دور کر دیا ہے' پس اس سے پہلے تو تم نے کیا جو کیا' پس اب تم لوگوں کو اسے تکلیف دینے سے روکنے والے بن جاؤ۔ تو ابوسفیان بن حارث نے کہا: (بلکہ) پہلے سے زیادہ ان پر سخت ہو جاؤ' کیونکہ قیلہ کے بیٹے اگر ان پر

ذِمَّةً، وَاِنْ اَطْعَمْتُمُونِي اَلْحَمْتُمُوهُمْ خَبَرَ كِنَانَةَ، اَوْ يُخْرِجُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ بَيْنِ اَظْهُرِهِمْ فَيَكُونَ وَحِيدًا مَطْرُودًا، وَاَمَّا ابْنَا قَيْلَةَ، فَوَاللّٰهِ مَا هُمَا، وَاَهْلُ دَهْلِكَ فِي الْمَذَلَّةِ، اِلَّا سَوَاءٌ، وَسَاَكْفِيكُمْ حَدَّهُمْ، وَقَالَ:

(البحر الوافر)

سَاَمْنَحُ جَانِبًا مِنِّي غَلِيظًا ... عَلَى مَا كَانَ مِنْ قُرْبٍ وَبُعْدِ

رِجَالُ الْخَزْرَجِيَّةِ اَهْلُ ذُلٍّ ... اِذَا مَا كَانَ هَزْلٌ بَعْدَ جِدٍّ

فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَاَقْتُلَنَّهُمْ، وَلَاُصَلِّبَنَّهُمْ، وَلَاَهْدِيَنَّهُمْ، وَهُمْ كَارِهُونَ، اِنِّي رَحْمَةٌ، بَعَثَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَا يَتَوَفَّانِي حَتَّى يُظْهِرَ اللّٰهُ دِينَهُ، لِي خَمْسَةُ اَسْمَاءٍ، اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَاَنَا الْمَاحِي، الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَاَنَا الْحَاشِرُ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى يَدَيَّ، وَاَنَا الْعَاقِبُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: اَرْجُو اَنْ يَكُونَ الْحَدِيثُ صَحِيحًا

کامیاب ہو گئے تو وہ تمہارے اندر کسی عہد و پیمان کو نہیں دیکھیں گے' اگر تم نے مجھے فرمانبرداری کا ثبوت دیا' یعنی میری بات مانی تو تم ان کو کنانہ کی خبر دو گے یہاں تک کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے اندر سے نکال دیں گے' پس وہ اکیلے ہوں گے' ہر طرف سے نکال دیئے گئے ہوں گے' پس جہاں تک قیلہ کے دونوں بیٹوں کی بات ہے تو قسم بخدا! وہ دونوں اور دھلک والے' ذلت میں برابر ہیں۔ میں ان کی بات بتاتا ہوں' تمہیں کافی ہو جائے گی۔ اور کہا: (بحر وافر)

''عنقریب میں دور و نزدیک سے اُسے سختی کروں گا' قبیلہ خزرج کے لوگ بھی ذلیل ہیں' کبھی سنجیدہ ہوتے ہیں' کبھی مذاق کرتے ہیں''۔

پس یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس کی قسم! میں ضرور انہیں قتل کروں گا' انہیں سولی دوں گا اور انہیں ہدایت دوں گا اس حال میں کہ وہ ناپسند کرنے والے ہوں گے' بے شک میں اللہ کی رحمت ہوں' مجھے اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے' وہ مجھے اس وقت تک موت نہیں دے گا جب تک اس کا دین غالب نہ ہو جائے۔ میرے پانچ نام ہیں: میں محمد اور احمد ہوں' میں ماحی ہوں یعنی وہ جس کے ذریعے اللہ کفر کو مٹائے گا' میں حاشر ہوں' میرے دونوں ہاتھوں پر لوگوں کا حشر ہو گا' میں عاقب ہوں۔ حضرت احمد بن صالح نے فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ یہ حدیث صحیح ہو گی۔

1514 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مَنْصُورٍ الْكِسَائِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِاَصْحَابِهِ: اذْهَبُوا بِنَا اِلَى بَنِي وَاقِفٍ، نَزُورُ الْبَصِيرَ قَالَ سُفْيَانُ: حَيٌّ مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكَانَ الْبَصِيرُ ضَرِيرَ الْبَصَرِ

حضرت محمد بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ سے فرمایا: ہم بنی واقف کی طرف لے چلو' ہم بصیر کو دیکھتے ہیں۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: انصار کا ایک قبیلہ ہے بنی واقف اور حضرت بصیر آنکھوں سے نابینا تھے۔

1515 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْجَمَّالُ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ لِاَصْحَابِهِ: اذْهَبُوا بِنَا اِلَى بَنِي وَاقِفٍ، نَزُورُ الْبَصِيرَ قَالَ سُفْيَانُ: حَيٌّ مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكَانَ مَحْجُوبَ الْبَصَرِ

حضرت محمد بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ سے فرماتے: ہم بنی واقف کی طرف چلتے ہیں' بصیر کو دیکھتے ہیں۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: انصار کا ایک قبیلہ ہے' حضرت بصیر آنکھوں سے نابینا تھے۔

1516 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يُؤَذَّنُ لَهُ فِي شَيْءٍ مِنْ صَلَاةِ السَّفَرِ، اِلَّا بِالْاِقَامَةِ، اِلَّا الصُّبْحَ فَاِنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ، وَيُقِيمُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سفر میں نماز کے لیے اذان نہیں ہے صرف اقامت ہے سوائے صبح کی نماز کے کہ اس میں اذان اور اقامت بھی پڑھی جائے گی۔

1517 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ هِشَامٍ اَبُو اُمَيَّةَ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ

حضرت محمد بن جبیر اپنے والد جبیر سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا (جب آپ نے) حضرت عثمان بن طلحہ کے لیے فرمایا' جس

عَتَّابِ بْنِ بِشِيرٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرٍ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ حِينَ دَفَعَ اِلَيْهِ مِفْتَاحَ الْكَعْبَةِ: هَاؤُمْ غَيِّبُهُ ، قَالَ: فَلِذَلِكَ يُغَيَّبُ الْمِفْتَاحُ

وقت آپ نے کعبہ کی چابیاں ان کو دیں (فرمایا:) یہ لو! اس کو چھپاؤ! راوی کا بیان ہے: اسی وجہ سے چابیاں غائب ہو جایا کرتی ہیں۔

1518 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ بْنِ عُمَرَ وَرَّاقُ الْحُمَيْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مِنْ وَلَدِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، حَدَّثَتْنِي اُمُّ عُثْمَانَ بِنْتُ سَعِيدٍ، وَهِيَ جَدَّتِي، عَنْ اَبِيهَا سَعِيدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: خَرَجْتُ تَاجِرًا اِلَى الشَّامِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا كُنْتُ بِاَدْنَى الشَّامِ، لَقِيَنِي رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ رَجُلٌ تَنَبَّأَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: هَلْ تَعْرِفُ صُورَتَهُ اِذَا رَاَيْتَهَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَاَدْخَلَنِي بَيْتًا فِيهِ صُوَرٌ، فَلَمْ اَرَ صُورَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَيْنَا اَنَا كَذَلِكَ، اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ عَلَيْنَا، فَقَالَ: فِيمَ اَنْتُمْ؟ فَاَخْبَرْنَاهُ فَذَهَبَ بِنَا اِلَى مَنْزِلِهِ، فَسَاعَةَ مَا دَخَلْتُ نَظَرْتُ اِلَى صُورَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا رَجُلٌ آخِذٌ بِعَقِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: مَنْ هَذَا الرَّجُلُ الْقَائِمُ عَلَى عَقِبِهِ؟ قَالَ: اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ، اِلَّا كَانَ بَعْدَهُ نَبِيٌّ اِلَّا هَذَا، فَاِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدَهُ، وَهَذَا الْخَلِيفَةُ بَعْدَهُ، وَاِذَا صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت محمد بن مطعم بن جبیر اپنے والد جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں زمانۂ جاہلیت میں تجارت کے لیے ملک شام گیا' جب میں ملک شام کے قریب ہوا تو مجھے اہل کتاب میں سے ایک آدمی ملا' اس نے کہا: کیا تمہارے پاس ایسا آدمی ہے جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں! اُس نے کہا: تُو اس کو پہچان لے گا جب تُو اس کی تصویر دیکھے گا؟ میں نے کہا: ہاں! تو وہ مجھے ایسے گھر لے گیا جس میں تصویریں تھیں۔ میں نے وہاں حضور ﷺ کی تصویر نہیں دیکھی' ہم اسی حالت میں تھے کہ اچانک ان میں سے ایک آدمی ہمارے پاس آیا' اُس نے کہا: تم کیا تلاش کر رہے ہو؟ ہم نے اس کو بتایا تو وہ ہمیں اپنے گھر لے گیا' تھوڑی دیر بعد میں داخل ہوا تو میں نے حضور ﷺ کی تصویر دیکھی' ایک آدمی آپ ﷺ کے پیچھے آپ کو پکڑے ہوئے کھڑا ہے' میں نے کہا: یہ جو آدمی آپ ﷺ کے پیچھے کھڑا ہے' یہ کون ہے؟ اُس نے کہا: جو بھی نبی آیا اس کے بعد نبی آتا رہا ہے' مگر اس کے بعد کوئی نبی نہیں ہے' یہ اس کے بعد خلیفہ ہو گا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حلیہ تھا۔

1519 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ رِشْدِينَ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: أَخْبَرَنِي قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَيْوِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولُ أَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل خبیث ہو گیا ہے' بلکہ کہے: میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

1520 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، ثنا أَبُو عُبَادَةَ الزُّرَقِيُّ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِالْجُحْفَةِ فَخَرَجَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: أَلَيْسَ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، وَأَنَّ الْقُرْآنَ جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ؟ ، قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: فَأَبْشِرُوا فَإِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ طَرَفُهُ بِيَدِ اللَّهِ، وَطَرَفُهُ بِأَيْدِيكُمْ، فَتَمَسَّكُوا بِهِ، وَلَا تُهْلَكُوا بَعْدَهُ أَبَدًا

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' مقام جحفہ میں آپ ہمارے پاس آئے' فرمایا: کیا ہم لا الہ الا اللہ وانی محمد رسول اللہ کی گواہی نہیں دیتے اور اس بات کی کہ قرآن اللہ کی طرف سے ہے۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں! دیتے ہیں' آپ نے فرمایا: خوش ہو جاؤ! یہ قرآن کا ایک حصہ اللہ کے دست مبارک میں ہے اور ایک تمہارے ہاتھ میں ہے' اس کو پکڑے رکھو' تم اس کے بعد ہمیشہ کے لیے ہلاک نہیں ہو گے۔

1521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَشَيْتُ أَنَا، وَفُلَانٌ، إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَعْطَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ، وَتَرَكْتَنَا، وَإِنَّمَا نَحْنُ، وَهُمْ إِلَيْكَ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَنُو هَاشِمٍ، وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں اور فلاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چل کر جا رہے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے بنی مطلب کو دیا ہے اور ہمیں نہیں دیا' ہم اور وہ ایک ہی درجے کے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہی شی ہیں۔

1521- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد4صفحه1545 رقم الحدیث: 3989 عن الزهری عن سعید بن المسیب عن جبیر بن مطعم به .

وَاحِدٌ

1522 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ اَبُو يَعْلَى التُّوزِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، وَعَبْدَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِالْخَيْفِ خَيْفِ مِنًى: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَحَفِظَهَا وَوَعَاهَا وَبَلَّغَهَا مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ وَرَبُّ حَامِلِ فِقْهٍ، اِلَى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَالنَّصِيحَةُ لِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَلُزُومُ جَمَاعَتِهِمْ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ، تُحِيطُ مَنْ وَرَاءَهُمْ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقامِ خیف منٰی میں فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل اس بندے کو خوش رکھے جو میری بات سنے اور اس کو یاد کرے اور دل میں محفوظ کرے اور آگے پہنچائے کیونکہ وہ جس کو پہنچا رہا ہے وہ اس سے زیادہ فقیہ ہوسکتا ہے جو سنا رہا ہے۔ تین باتوں میں کسی مؤمن کا دل خیانت نہیں کرتا: (۱) اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ عمل کرنے کا (۲) ائمہ مسلمانوں کو نصیحت کرنے میں اور (۳) جماعت کو پکڑنے میں' اگر تم دعا کرو گے تو ان کے پیچھے والوں کو بھی گھیر لے گی۔

حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبِي ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَمِّي اَبُو بَكْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت محمد بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منٰی میں مقامِ خیف پر کھڑے ہوئے' پھر حسبِ سابق حدیث ذکر کی۔

1523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو،

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقامِ خیف منٰی میں فرماتے ہوئے سنا: اللہ

1522- أخرجه الدارمی فی سننه جلد**1**صفحه**86** رقم الحديث: **228**' والحاكم فی مستدركه جلد **1**صفحه**162** رقم الحديث: **294**' وأحمد فی مسنده جلد**4**صفحه**82** كلهم عن الزهری عن محمد بن جبير بمن مطعم عن أبيه به .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْفِ مِنًى، يَقُولُ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا، سَمِعَ مَقَالَتِي، فَحَفِظَهَا ثُمَّ اَدَّاهَا اِلَى، مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلَى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَطَاعَةُ ذَوِي الْاَمْرِ، وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تَكُونُ مِنْ وَرَائِهِمْ

عزوجل اس بندے کو خوش رکھے جو میری بات سنے اور اس کو یاد کرے اور دل میں محفوظ کرے اور آگے پہنچائے کیونکہ وہ جس کو پہنچا رہا ہے وہ اس سے زیادہ فقیہ ہوسکتا ہے جو سنا رہا ہے۔ تین باتوں میں کسی مؤمن کا دل خیانت نہیں کرتا: (۱) اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ عمل کرنے کا (۲) ائمہ مسلمانوں کو نصیحت کرنے میں اور (۳) جماعت کو پکڑنے میں' اگر تم دعا کرو گے تو تم کو پیچھے سے گھیر لے گی۔

1524 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ، قَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا، سَمِعَ مَقَالَتِي، فَوَعَاهَا، وَاَدَّاهَا، اِلَى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ، فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ، اِلَى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالطَّاعَةُ لِذَوِي الْاَمْرِ، وَلُزُومُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ؛ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ، تُحِيطُ مَنْ وَرَاءَهُمْ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقامِ خیف منٰی میں فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل اس بندے کو خوش رکھے جو میری بات سنے اور اس کو یاد کرے اور دل میں محفوظ کرے اور آگے پہنچائے کیونکہ وہ جس کو پہنچا رہا ہے وہ اس سے زیادہ فقیہ ہوسکتا ہے جو سنا رہا ہے۔ تین باتوں میں کسی مؤمن کا دل خیانت نہیں کرتا: (۱) اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ عمل کرنے کا (۲) ائمہ مسلمانوں کو نصیحت کرنے میں اور (۳) جماعت کو پکڑنے میں' اگر تم دعا کرو گے تو تم کو پیچھے سے گھیر لے گی۔

1525 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ،

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: کون سے شہر بُرے

1525- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد **1** صفحه **166** رقم الحديث: **303**' جلد **1** صفحه **167** رقم الحديث: **304**

عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه به .

عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَجُلًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي، فَلَمَّا اَتَى جِبْرِيلُ رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، قَالَ: اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي، حَتَّى اَسْاَلَ رَبِّي، فَانْطَلَقَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ سَاَلْتَنِي اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ فَقُلْتُ: لَا اَدْرِي، وَاِنِّي سَاَلْتُ رَبِّي، فَقُلْتُ: اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ قَالَ: اَسْوَاقُهَا

ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں۔ جب حضرت جبریل علیہ السلام' رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو عرض کی: یارسول اللہ! کون سے شہر بُرے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا' میں اپنے رب سے پوچھتا ہوں۔ حضرت جبریل علیہ السلام گئے' جب تک اللہ نے چاہا روکے رکھا' عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کون سے شہر بُرے ہیں؟ میں نے عرض کی تھی کہ میں نہیں جانتا ہوں' میں نے اپنے رب سے پوچھا ہے' میں نے عرض کی: کون سے شہر بُرے ہیں؟ تو اللہ عزوجل نے فرمایا. بازار۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1526 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ح وثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ح وثنا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالُوا: ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: جَاءَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ جَهِدَتِ الْاَنْفُسُ، وَضَاعَ

حضرت جبیر بن محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! جانیں بھوکی رہنے لگیں' عیال ضائع ہو گیا' اموال ہلاک ہو گئے' جانور مرنے لگے ہیں' اللہ عزوجل سے ہمارے لیے بارش کی دعا کریں' ہم آپ کو اللہ کی بارگاہ میں شفیع بناتے ہیں اور اللہ کو آپ پر۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تُو جانتا ہے کہ تُو کیا کہہ رہا ہے؟ اس کے بعد حضور ﷺ مسلسل اللہ کی تسبیح کرتے رہے

الْعِيَالُ، وَهَلَكَتِ الْاَمْوَالُ، وَنَهَكَتِ الْاَنْعَامُ، فَاسْتَسْقِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَنَا، فَاِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِكَ عَلَى اللّٰهِ، وَنَسْتَشْفِعُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْحَكَ تَدْرِي مَا تَقُولُ؟ فَسَبَّحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا زَالَ يُسَبِّحُ، حَتَّى عَرَفَ ذٰلِكَ فِي وُجُوهِ اَصْحَابِهِ، ثُمَّ قَالَ: وَيْحَكَ لَا يُسْتَشْفَعُ بِاللّٰهِ عَلَى اَحَدٍ، مِنْ خَلْقِهِ، شَاْنُ اللّٰهِ اَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ، وَيْحَكَ تَدْرِي مَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ؟ اِنَّ عَرْشَهُ عَلَى سَمَاوَاتِهِ، وَاَرْضِهِ هٰكَذَا، وَقَالَ بِاِصْبَعَيْهِ مِثْلَ الْقُبَّةِ، وَاِنَّهُ لَيَئِطُّ بِهِ اَطِيطَ الرَّحْلِ بِالرَّاكِبِ

یہاں تک کہ یہ اپنے صحابہ کے چہرے معلوم کرلیں۔ پھر فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تُو جانتا ہے اللہ کون ہے؟ اس کا عرش آسمانوں اور زمین پر ہے۔ آپ نے اپنی دو انگلی کے ساتھ قبّہ کی مثل اشارہ کیا' جس کی مثل اور وہ سب کے رعب اور ڈر سے اس طرح آواز نکالتا ہے جس طرح سوار کے بیٹھنے کے سبب کجاوے سے آواز آتی ہے' آدمی اس کا سہارا لے کر سواری پر سوار ہوتا ہے۔

1527 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْتَلِي عَبْدَهُ، بِالسَّقَمِ، حَتَّى يُكَفِّرَ عَنْهُ كُلَّ ذَنْبٍ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اپنے بندہ کو آزماتا ہے' بیماری کے ذریعے یہاں تک کہ اس کے ہر صغیرہ گناہ کو معاف ہو جائے۔

1528 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَرِيقِ مَكَّةَ، قَالَ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ مِثْلَ السَّحَابِ خِيَارُ مَنْ فِي الْاَرْضِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مکہ کے راستے میں تھے' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کے رہنے والے آئیں گے بادل کی طرح' جو زمین میں ہیں اس سے بہتر ہوں گے۔ انصار کے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ہیں؟ آپ

الْاَنْصَارِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِلَّا نَحْنُ، فَسَكَتَ ثُمَّ اَعَادَهَا فَسَكَتَ ثُمَّ اَعَادَهَا، فَقَالَ كَلِمَةً خَفِيَّةً: اِلَّا اَنْتُمْ

خاموش رہے' پھر دوبارہ عرض کی تو آپ خاموش رہے' پھر عرض کی تو آپ نے ایسی بات فرمائی کہ تم ہی ہو۔

1529 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، وَهُمْ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ عِنْدَهُ: وَمِنَّا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: كَلِمَةً خَفِيَّةً: اِلَّا اَنْتُمْ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنا سر انور آسمان کی طرف اُٹھایا' فرمایا: تمہارے پاس یمن کے لوگ آئیں گے رات کے اندھیروں کی طرح' وہ زمین والوں میں بہترین ہوں گے۔ آپ کے پاس والوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ ہم سے ہوں گے؟ آپ نے آہستہ بات فرمائی کہ تم ہی ہو گے۔

بَابٌ

باب

1530 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ اَبَاهُ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ: بَيْنَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ، مِنْ حُنَيْنٍ، عَلِقَهُ الْاَعْرَابُ يَسْاَلُونَهُ، فَاضْطَرُّوهُ اِلَى سَمُرَةٍ فَخَطِفَتْ رِدَاءَهُ، وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ فَوَقَفَ، فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ رِدَائِي، اَتَخْشَوْنَ عَلَيَّ الْبُخْلَ، فَوَاللّٰهِ لَوْ كَانَ عَدَدُ هَذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا جَبَانًا، وَلَا كَذَّابًا

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے چمٹ گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے آپ نے فرمایا: میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور

1530- أخرجه ابن حبان جلد 11 صفحه 149 رقم الحديث: 4820' ونحوه عبد الرزاق في مصنفه جلد 5 صفحه 243 رقم الحديث: 9497 كلاهما عن عمر بن محمد بن جبير عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه به .

جھوٹا نہ پاتے۔

1531 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ بَيْنَمَا يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ إِلَى حُنَيْنٍ، عَلِقَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْأَعْرَابُ يَسْأَلُونَهُ، حَتَّى اضْطَرُّوهُ إِلَى سَمُرَةٍ، فَخَطِفَتْ رِدَاءَهُ، فَوَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَعْطُونِي رِدَائِي، لَوْ كَانَ لِي عَدَدُ هَذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهُ، بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا كَذَّابًا، وَلَا جَبَانًا

1532 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْفَلَهُ، مِنْ حُنَيْنٍ، عَلِقَتِ الْأَعْرَابُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَهُ، حَتَّى اضْطَرُّوهُ بِسِدْرَةٍ، خَطِفَتْ رِدَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ، فَقَالَ: لِلّٰهِ أَعْطُونِي رِدَائِي، لَوْ كَانَ عَدَدُ هَذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهَا بَيْنَكُمْ، وَلَمْ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے چمٹ گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے' آپ نے فرمایا: میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور جھوٹا نہ پاتے۔

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے لٹک گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے' آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور

تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا جَبَانًا، وَلَا كَذَّابًا

جھوٹا نہ پاتے۔

1533 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ النَّاسِ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ، عَلِقَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَعْرَابُ يَسْأَلُونَهُ، حَتَّى اضْطَرُّوهُ إِلَى سَمُرَةٍ، فَخَطِفَتْ رِدَاءَهُ، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَعْطُونِي رِدَائِي، لَوْ كَانَ لِي عَدَدُ هَذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهُ ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا كَذَّابًا، وَلَا جَبَانًا

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے چمٹ گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے' آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور جھوٹا نہ پاتے۔

1534 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ، عَلِقَتِ الْأَعْرَابُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَهُ، حَتَّى اضْطَرُّوهُ إِلَى سَمُرَةٍ، فَخَطِفَتْ رِدَاءَهُ، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَعْطُونِي رِدَائِي، لَوْ كَانَ عَدَدُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے چمٹ گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے' آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو

هَـذِهِ الْـعِـضَـاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا كَذُوبًا، وَلَا جَبَانًا

میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور جھوٹا نہ پاتے۔

1535 - حَـدَّثَـنَـا بِشْـرُ بْـنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَـدَّثَـنِـي اَبِـي ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَـجَّـاجٌ الْاَزْرَقِ، ح وَحَـدَّثَـنَـا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَـدَّدٌ، قَـالُـوا: ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، اَخْبَـرَنِـي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي يَوْمَ عَرَفَةَ، فَخَرَجْتُ لِطَلَبِهِ بِعَرَفَةَ، فَـرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاقِفًا مَعَ الـنَّـاسِ بِعَرَفَةَ، فَقُلْتُ: هَذَا مِنَ الْحُمْسِ، فَمَا شَاْنُهُ هَهُنَا؟، قَالَ سُفْيَانُ: وَالْاَحْمَسُ الشَّدِيدُ عَلَى دِينِهِ، فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُسَمِّي الْحُمْسَ، وَكَانَ الشَّيْطَانُ قَدِ اسْتَهْوَاهُـمْ، فَـقَـالَ لَهُـمْ: اِنَّـكُـمْ اِنْ عَظَّمْتُمْ غَيْـرَ حَـرَمِـكُـمُ اسْتَـخَفَّ الـنَّـاسُ بِـحَرَمِكُمْ، وَكَانُوا لَا يَخْرُجُونَ مِنَ الْحَرَمِ.

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ عرفہ کے دن میرا اونٹ گم ہوگیا' میں عرفہ میں اس کی تلاش کے لیے نکلا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ لوگوں کے ساتھ عرفات میں ٹھہرے ہوئے تھے' میں نے کہا: یہ حمس ہے' یہاں کیا کام ہے؟ حضرت سفیان فرماتے ہیں: حمس کہتے ہیں جو اپنے دین پر سختی سے کاربند ہو' قریش کو حمس کہا جاتا ہے' کیونکہ شیطان نے ان کو دھوکہ دے رکھا تھا' ان کو کہا تھا کہ اگر تم حرم کے باہر برائی بیان کرو گے تو لوگ تمہاری حرمت کو حقیر جانیں گے' اس وجہ سے وہ حرم سے نہیں نکلتے تھے۔

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے اور بنی قریش میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبیر بن مالک کا بھی ہے' جو ابن بحینہ کے بیٹے ہیں اور بنی نوفل بن عبد مناف سے ہیں۔

جُبَيْرُ بْنُ نَوْفَلٍ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت جبیر بن نوفل (جو منسوب نہیں ہیں)

1592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عِيسَى، عَنْ زَيْدِ

حضرت جبیر بن نوفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کسی بندے کو اجازت نہیں دی جو افضل ہو دو رکعتوں یا اس سے زیادہ

بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِي شَيْءٍ اَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ، اَوْ اَكْثَرَ، وَالْبِرُّ يَتَنَاثَرُ فَوْقَ رَاْسِ الْعَبْدِ، مَا كَانَ فِي صَلَاةٍ، وَمَا عَبْدٌ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، بِاَفْضَلَ مِمَّا خَرَجَ مِنْهُ يَعْنِي الْقُرْآنَ

سے' نیکیاں بندے کے سر کے اوپر سے گرتی ہیں' جب تک وہ نماز میں ہوتا ہے' اللہ عزوجل کے ہاں افضل آدمی وہ ہے جو قرآن پڑھتا ہے۔

جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جندب بن جنادہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

وَهُوَ جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ غِفَارِ بْنِ مُلَيْلِ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسِ بْنِ مُضَرِ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ

آپ کا نسب یوں ہے: جندب بن جنادہ بن سفیان بن عبید بن حرام بن غفار بن ملیل بن ضمرہ بن بکر بن عبدمناۃ بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

1593 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اسْمُ اَبِي ذَرٍّ، جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ، وَيُقَالُ اسْمُ اَبِي ذَرٍّ بَرِيرٌ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر کا نام جندب بن جنادہ ہے' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ابوذر کا نام بریر ہے۔

1594 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِي ذَرٍّ: كَيْفَ اَنْتَ يَا بَرِيرُ؟ فِي حَدِيثٍ اخْتَصَرْنَاهُ"

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے بریر! کیسے ہو؟ ایک حدیث میں جس کو ہم نے مختصر ذکر کیا ہے۔

1595 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، قَالَا: ثنا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے میں چوتھے نمبر پر ہوں' مجھ سے پہلے

1595- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد16صفحه83 رقم الحديث: **7134**' وبنحوه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه385 رقم الحديث: **5459** كلاهما عن مالك بن مرثد عن أبيه عن أبي ذر به .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ الْيَمَامِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا اَبُو زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنْتُ رَبْعَ الْاِسْلَامِ اَسْلَمَ، قَبْلِي ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، وَاَنَا الرَّابِعُ، اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَرَاَيْتُ الِاسْتِبْشَارَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقُلْتُ: اَنَا جُنْدُبٌ رَجُلٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ، فَكَاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْتَدَعَ وَوَدَّ اَنِّي كُنْتُ مِنْ قَبِيلَةٍ غَيْرِ الَّتِي اَنَا مِنْهُمْ، وَذَاكَ اَنِّي كُنْتُ مِنْ قَبِيلَةٍ يَسْرِقُونَ الْحَاجَّ، بِمَحَاجِنَ لَهُمْ

تین آدمی اسلام لا چکے تھے' میں چوتھا تھا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! السلام علیک! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں! میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر خوشی دیکھی' آپ نے فرمایا: تُو کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں بنی غفار سے ایک آدمی جندب ہوں۔ پس گویا آپ ﷺ کانپ اُٹھے' اور سند کیا کہ میں کسی اور قبیلہ سے ہوتا' اس وجہ سے کہ میرے قبیلے والے وہ تھے جو حاجیوں کو لوٹ لیتے تھے' اپنی غلیلیں استعمال کر کے۔

1596 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِيهِ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، قَالَ: كَانَ اَبُو ذَرٍّ يَقُولُ: لَقَدْ رَاَيْتُنِي رَبْعَ الْاِسْلَامِ، لَمْ يُسْلِمْ قَبْلِي، اِلَّا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَبِلَالٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت جبیر بن نفیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: میں اسلام لانے میں چوتھے نمبر پر ہوں' مجھ سے پہلے حضور ﷺ' حضرت ابوبکر اور حضرت بلال تھے۔

1597 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اَبُو ذَرٍّ، جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ

حضرت محمد بن نمیر فرماتے ہیں کہ ابوذر کا نام جندب بن جنادہ تھا۔

1598 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر

الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ اَبُو ذَرٍّ، بِالرَّبَذَةِ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَثَلَاثِينَ، وَاسْمُهُ جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ

رضی اللہ عنہ کا وصال ربذہ کے مقام پر 32 ہجری میں ہوا' آپ کا اسم گرامی جندب بن جنادہ تھا۔

1599 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: اَقْبَلَ فِي رَكْبِ غِمَارٍ، فَمَرَّ بِجِنَازَةِ اَبِي ذَرٍّ، عَلَى ظَهْرِ الطَّرِيقِ، فَنَزَلَ هُوَ، وَاَصْحَابُهُ فَوَارَوْهُ، وَكَانَ اَبُو ذَرٍّ دَخَلَ مِصْرَ، واخْتَطَّ بِهَا دَارًا

حضرت محمد بن کعب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لوگوں کے جم غفیر میں آئے' ابوذر کے جنازہ کے پاس سے گزرے' راستے میں حضرت ابن مسعود اور آپ کے ساتھی رضی اللہ عنہم اُترے اور آپ نے (جنازہ پڑھ کر) دفن کیا جبکہ (اپنی زندگی میں) حضرت ابوذر مصر آئے تھے' وہاں گھر بنایا تھا۔

1600 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، قَالَ: وَكَانَ اَبُو ذَرٍّ، مَنْ شَهِدَ الْفَتْحَ مَعَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

حضرت یزید بن ابوحبیب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضرت عمرو بن عاص کے ساتھ فتح میں شریک تھے۔

1601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي اَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ: اَنَّ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ، كَانَ يَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا فَرَغَ مِنْ خِدْمَتِهِ اَوَى اِلَى الْمَسْجِدِ، فَاضْطَجَعَ فِيهِ، فَكَانَ هُوَ بَيْتَهُ

حضرت اسماء بنت یزید فرماتی ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی خدمت کرتے تھے' جب آپ کی خدمت کرتے تھے تو مسجد میں آتے اور لیٹ جاتے' مسجد ہی آپ کا گھر تھا۔

1602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ،

حضرت حاطب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے کوئی شی نہیں چھوڑی جو

ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَتْنِي جَبَلَةُ بِنْتُ الْمُصْفَحِ، عَنْ حَاطِبٍ، قَالَ: قَالَ اَبُو ذَرٍّ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِمَّا صَبَّهُ جِبْرِيلُ، وَمِيكَائِيلُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، فِي صَدْرِهِ، اِلَّا قَدْ صَبَّهُ فِي صَدْرِي، وَمَا تَرَكْتُ شَيْئًا مِمَّا صَبَّهُ، فِي صَدْرِي، اِلَّا قَدْ صَبَبْتُهُ فِي صَدْرِ مَالِكِ بْنِ ضَمْرَةَ

میرے سینے میں نہ ڈالی ہو' جو حضرت جبریل اور میکائیل علیہما السلام نے بتائی تھیں اور جو میرے سینے میں تھی' میں نے مالک بن ضمرہ کے سینہ میں ڈال دی۔

1603 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبَا ذَرٍّ لَيُبَارِي عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ، فِي عِبَادَتِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ عبادت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مشابہ تھے۔

1604 - وَعَنْ اِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى شَبِيهِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ خَلْقًا، وَخُلُقًا، فَلْيَنْظُرْ اِلَى اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سیرت وصورت میں مشابہ کو دیکھے تو وہ حضرت ابوذر کو دیکھ لے۔

1605 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا هَيَّاجُ بْنُ بِسْطَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: اِنِّي لَاَقْرَبُكُمْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، خَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا كَهَيْئَةِ مَا اَتْرُكُهُ فِيهَا، وَاِنِّي وَاللّٰهِ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قیامت کے دن حضور ﷺ کے قریب ہوں گا' میں دنیا سے ایسے نکلا ہوں کہ میں نے کوئی شی نہیں چھوڑی' اللہ کی قسم! میں نے اس کے بعد کوئی شی نہیں شروع کی' تم میں سے کوئی اپنی شی سے سیر ہوا ہے۔

مَا اَحْدَثْتُ بَعْدَهُ شَيْئًا، وَمَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ تَشَبَّثَ مِنْهَا بِشَيْءٍ

1606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ اَبُو ذَرٍّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ، وَاَقْرَبَكُمْ مِنِّي، الَّذِي يَلْحَقُنِي عَلَى الْعَهْدِ الَّذِي، فَارَقَنِي عَلَيْهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے مجھ سے محبت کرنے والا اور قریب وہ ہوگا جو اس وعدہ پر رہا جس حالت میں دنیا سے گیا ہوں۔

1607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خِرَاشٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ فِي ظُلَّةٍ لَهُ سَوْدَاءَ، وَتَحْتَهُ امْرَاَةٌ لَهُ سَمْحَاءُ، وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى قِطْعَةِ جَوَالِقَ، فَقِيلَ لَهُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اِنَّكَ امْرُؤٌ مَا يَبْقَى لَكَ وَلَدٌ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يَاْخُذُهُمْ، فِي الْفِنَاءِ، وَيَدَّخِرُهُمْ فِي دَارِ الْبَقَاءِ قَالُوا: يَا اَبَا ذَرٍّ لَوِ اتَّخَذْتَ امْرَاَةً غَيْرَ هَذِهِ؟ قَالَ: لَاَنْ اَتَزَوَّجَ امْرَاَةً تَضَعُنِي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنِ امْرَاَةٍ تَرْفَعُنِي قَالُوا: لَوِ اتَّخَذْتَ بِسَاطًا اَلْيَنَ مِنْ هَذَا؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ غَفْرًا خُذْ مَا خَوَّلْتَ مَا بَدَا لَكَ

حضرت عبداللہ بن خراش فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو ربذہ کے مقام پر اپنی سیاہ رنگ کی چھتری کے نیچے دیکھا' آپ کے نکاح میں سمحاء نام کی بیوی تھی' آپ ٹاٹ پر بیٹھے ہوئے تھے' آپ سے عرض کی گئی: اے ابوذر! آپ ایسے آدمی ہیں کہ جس کی اولاد باقی نہیں رہتی ہے۔ آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں! جس نے دنیا میں لے لیا اور آخرت میں ذخیرہ کر لیا۔ اُنہوں نے کہا: اے ابوذر! اگر آپ اس کے علاوہ کوئی اور بیوی کر لیں؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے ایسی عورت سے نکاح کرنا پسند ہے جو بچے دینے والی ہو' نہ دینے والی نہ ہو۔ اُنہوں نے کہا: اگر آپ اس سے زیادہ نرم بستر رکھیں؟ آپ نے عرض کی: اے اللہ! سب کی مغفرت فرما! جو تُو نے دیا ہے وہ تُو لے لے جو تیری خوشی ہے۔

1608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حارث کو جو

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو حُصَيْنٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: بَلَغَ الْحَارِثَ رَجُلٌ كَانَ بِالشَّامِ مِنْ قُرَيْشٍ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ كَانَ بِهِ عَوَزٌ، فَبَعَثَ اِلَيْهِ ثَلَاثَمِائَةِ دِينَارٍ، فَقَالَ: مَا وَجَدَ عَبْدًا لِلّٰهِ هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ مِنِّي، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَاَلَ، وَلَهُ اَرْبَعُونَ فَقَدْ اَلْحَفَ ، وَلِآلِ اَبِي ذَرٍّ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا، وَاَرْبَعُونَ شَاةً، وَمَاهِنَيْنِ، قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ: يَعْنِي خَادِمَيْنِ

ایک قریشی آدمی شام میں تھے' اس کو معلوم ہوا کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ بھی نہیں ہے' آپ کو تین سو دینار بھیجے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کے کسی بندے نے مجھ سے زیادہ آسانی نہیں پائی' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مانگا حالانکہ اس کے پاس چالیس ہیں' اس نے لپٹ کر سوال کیا اور ابوذر کی آل کے پاس چالیس درہم' چالیس بکریاں اور دو غلام ہیں۔ حضرت ابوبکر بن عیاش فرماتے ہیں: ماھنین سے مراد خادم ہیں۔

1609 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اَبِي شُعْبَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى اَبِي ذَرٍّ يَعْرِضُ عَلَيْهِ نَفَقَةً، فَقَالَ اَبُو ذَرٍّ: عِنْدَنَا اَعْنُزٌ نَحْتَلِبُهَا، وَحُمُرٌ تَنْقُلُ، وَمُحَرَّرَةٌ تَخْدُمُنَا، وَفَضْلُ عَبَاءَةٍ عَنْ كِسْوَتِنَا، اِنِّي لَاَخَافُ اَنْ اُحَاسَبَ عَلَى الْفَضْلِ

حضرت ابوشعبہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت ابوذر کے پاس آ کر خرچہ پیش کیا' تو حضرت ابوذر نے فرمایا: ہمارے پاس بکریاں ہیں جن کو ہم دوھتے ہیں' گدھے ہیں جو سامان منتقل کرتے ہیں' ہمارے خدمت گزار ہیں' فالتو لباس ہیں' میں تو بچی ہوئی چیز کے حساب سے ڈرتا ہوں۔

بَابُ: وَمِنْ غَرَائِبِ مُسْنَدِ اَبِي ذَرٍّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

یہ باب ہے حضرت ابوذر کی مسند کی غرائب کے بیان میں

1610 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، - اَحْسِبُهُ قَالَ - وَالْمَرْاَةُ الْحَائِضُ ، قَالَ: فَقُلْتُ لِاَبِي ذَرٍّ: مَا بَالُ

حضرت عبداللہ بن صامت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کالا کتا اور حیض والی عورت نمازی کے آگے سے گزریں تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: ابوذر سے عرض کی گئی کہ کالے کتے کی تخصیص کیوں کی؟ حضرت ابوذر

الْكَلْبِ الْاَسْوَدِ؟، قَالَ: اَمَا اِنِّي قَدْ سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّهُ شَيْطَانٌ

نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ نے فرمایا: یہ شیطان ہے۔

1611 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي نَعَامَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةٌ، يُمِيتُونَ الصَّلَاةَ، فَاِنْ اَدْرَكْتُمُوهُمْ، فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْعَلُوا صَلَاتَكُمْ مَعَهُمْ نَافِلَةً

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! عنقریب تم پر ایسے ائمہ (مراد بادشاہ) مسلط ہوں گے جو نمازیں ضائع کریں گے' اگر تم نماز کا وقت پاؤ تو وقتی نماز پڑھ لو' ان کے ساتھ شامل ہو گے تو وہ تمہارے ان کے ساتھ نفل ہوں گے (اگر وہ نماز پڑھیں)۔

1612 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: اِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيَّ اَنَّهُ: اَيُّمَا ذَهَبٍ، اَوْ فِضَّةٍ اُوكِيَ عَلَيْهِ، فَهُوَ جَمْرٌ عَلَى صَاحِبِهِ، حَتَّى يُنْفِقَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ جو کوئی سونا اور چاندی جمع کرتا ہے' وہ اس کے اپنے مالک کے لیے انگارہ ہوگا یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرے۔

1613 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سُوَيْدٌ اَبُو حَاتِمٍ، ثنا قَتَادَةُ، وَمَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، وَالْمَرْاَةُ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا بَالُ الْاَسْوَدِ، مِنَ

حضرت عبداللہ بن صامت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کالا کتا اور حیض والی عورت نمازی کے آگے سے گزریں تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ ابوذر فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول! سفید اور سرخ سے کالے کتے کی تخصیص کیوں کی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: بے شک کالا کتا شیطان ہے۔

الْاَبْيَضِ، مِنَ الْاَحْمَرِ؟ قَالَ: اِنَّ الْاَسْوَدَ شَيْطَانٌ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مانند روایت نقل کرتے ہیں۔

1614 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، قَالَ: كَانَ يَبْلُغُنِي، عَنْ اَبِي ذَرٍّ حَدِيثٌ فَكُنْتُ اَشْتَهِي لِقَاءَهُ، فَلَقِيتُهُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ كَانَ يَبْلُغُنِي عَنْكَ حَدِيثٌ، فَكُنْتُ اَشْتَهِي لِقَاءَكَ، فَقَالَ: لِلّٰهِ اَبُوكَ فَقَدْ لَقِيتَنِي فهاتِ، قَالَ: قُلْتُ: حَدِيثًا بَلَغَنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَكَ قَالَ: اِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ ثَلَاثَةً، وَيُبْغِضُ ثَلَاثَةً، قَالَ: فَلَا اَخَالُنِي اَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَقُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ؟، قَالَ: رَجُلٌ غَزَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صَابِرًا، مُحْتَسِبًا، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، وَاَنْتُمْ تَجِدُونَهُ عِنْدَكُمْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا، كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ) (الصف:4)، قُلْتُ: وَمَنْ؟ قَالَ: رَجُلٌ كَانَ لَهُ جَارُ سُوءٍ، يُؤْذِيهِ، فَصَبَرَ عَلَى اَذَاهُ، حَتَّى يَكْفِيَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ بِحَيَاةٍ، اَوْ

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث پہنچتی رہتی تھی' (لیکن ابھی ملاقات نہیں ہوئی تھی) میں آپ سے ملاقات کرنا چاہتا تھا' پس میں نے آپ سے ملاقات کی' میں نے عرض کی: اے ابوذر! آپ کے بارے مجھے کوئی نہ کوئی بات پہنچتی رہتی تھی' میری آپ سے ملاقات کی شدید خواہش تھی' آپ نے فرمایا: پس آپ کی مجھ سے ملاقات ہوگئی' لاؤ۔ راویٔ حدیث کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: ایک حدیث جو مجھے پہنچی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے بیان کی۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل تین چیزوں کو پسند کرتا ہے اور تین کو ناپسند کرتا ہے' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: وہ تین افراد کون ہیں جن کو اللہ عزوجل پسند کرتا ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا جس کی صبر اور ثواب کی نیت ہے' وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہوگیا' تم یہ بات قرآن پاک میں بھی پاتے ہو' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اللہ عزوجل ان لوگوں کو پسند کرتا ہے

مَوْتٍ ، قُلْتُ: وَمَنْ؟، قَالَ: رَجُلٌ سَافَرَ مَعَ قَوْمٍ، فَارْتَحَلُوا، حَتَّى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ وَقَعَ عَلَيْهِمُ الْكَرَى، أَوِ النُّعَاسُ، فَنَزَلُوا، فَضَرَبُوا بِرُءُوسِهِمْ، ثُمَّ قَامَ، فَتَطَهَّرَ، وَصَلَّى رَغْبَةً لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَرَغْبَةً فِيمَا عِنْدَهُ ، قُلْتُ: وَمَا الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ يُبْغِضُهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ:" الْبَخِيلُ الْفَخُورُ، وَهُوَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (إِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ) (لقمان: 18)" ، قُلْتُ: وَمَا الْمُخْتَالُ الْفَخُورُ؟ قَالَ: أَنْتُمْ تَجِدُونَهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، الْبَخِيلَ الْمُخْتَالَ قُلْتُ: وَمَنْ؟ قَالَ: " التَّاجِرُ الْحَلَّافُ أَوِ الْبَائِعُ الْحَلَّافُ، قَالَ: لَا أَدْرِي أَيَّهُمَا، قَالَ أَبُو ذَرٍّ "، قُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ مَا الْمَالُ؟، قَالَ: فَرَقٌ لَنَا وَذَوْدٌ، قُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ، لَيْسَ عَنْ هَذَا أَسْأَلُكَ، إِنَّمَا أَسْأَلُكَ عَنْ صَامِتِ الْمَالِ، قَالَ: مَا أَصْبَحَ لَا أَمْسَى، وَمَا أَمْسَى لَا أَصْبَحَ، قُلْتُ: مَا لَكَ وَلِأَخْوَانِكَ مِنْ قُرَيْشٍ؟، قَالَ: وَاللَّهِ لَا أَسْتَفْتِيهِمْ عَنْ دِينٍ، وَلَا أَسْأَلُهُمْ دُنْيَا حَتَّى أَلْقَى اللهَ وَرَسُولَهُ، قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

جو اس کی راہ میں صف بنا کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی دیوار ہیں''۔ میں نے عرض کی: وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: ایسا آدمی جس کا پڑوسی بُرا ہو' وہ اس کو تکلیف دیتا ہے' وہ اُس کی تکلیف پر صبر کرتا ہے' یہاں تک کہ اللہ عزوجل اس کو زندگی یا موت دے۔ میں نے عرض کی: کون؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک آدمی اپنی قوم کے ساتھ سفر کرتا ہے' وہ چلتے ہیں' جب رات کا آخری حصہ ہوتا ہے تو ان کو اونگھ آتی ہے' وہ سر رکھ کر سو جاتے ہیں' پھر کھڑا ہوا' وہ وضو کرے' اللہ سے محبت کرتے اور ڈرتے ہوئے نماز پڑھے۔ میں نے عرض کی: وہ تین لوگ کون ہیں جن سے اللہ ناراض ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخیل' فخر کرنے والا' اس کا ذکر قرآن میں بھی ہے کہ ''اللہ عزوجل تکبر وفخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے''۔ میں نے عرض کی: تکبر وفخر سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم اس کا ذکر بھی قرآن میں پاتے ہو' بخیل فخر کرنے والا۔ میں نے عرض کی: اور کون ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم اُٹھانے والا' تاجر یا قسم اُٹھا کر فروخت کرنے والا۔ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا وہ ان دونوں میں سے کون ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: اے ابوذر! مال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم کو ایک فرض اور ذور ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوذر! میں نے اس کے متعلق آپ سے نہیں پوچھا' میں نے صامت المال کے متعلق پوچھا

ہے' تو آپ نے فرمایا: میں نے شام وصبح اور شام اور صبح نہیں کی۔ میں نے عرض کی: آپ کے اور قریش کے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ان سے میں نہ دین کے بارے اور نہ دنیا کے متعلق پوچھوں گا یہاں تک کہ اللہ اور اس کے رسول سے ملوں' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

1615 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحْسَنَ مَا غَيَّرَ هٰذَا الشَّعْرَ الْحِنَّاءُ، وَالْكَتَمُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے اچھا جس سے تم بالوں کی سفیدی بدلتے ہو' وہ حناء اور کتم ہیں۔

1616 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: ذَكَرَ عَلِيُّ بْنُ عَثَّامِ بْنِ عَلِيٍّ، - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ وَقَدْ رَاَيْتُ عَلِيَّ بْنَ عَثَّامٍ - اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ وَهُوَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي اِسْلَامِ اَبِي ذَرٍّ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت عبداللہ بن صامت' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں حضرت ابوذر کے اسلام لانے سے متعلق' پس اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی۔

1617 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آبِ زمزم کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: یہ بابرکت ہے اور کھانے کا کھانا ہے۔

وَسَلَّمَ: وَذَكَرَ زَمْزَمَ، فَقَالَ: اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ

1618 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي بِخَطِّهِ، ثنا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اُوكِيَ عَلَى ذَهَبٍ، اَوْ فِضَّةٍ، وَلَمْ يُنْفِقْهُ فِي سَبِيلِ اللهِ، كَانَ جَمْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُكْوَى بِهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے سونے اور چاندی کی بناء پر بخل کیا اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا' وہ قیامت کے دن انگارہ کی شکل میں ہوگا' اس کے ساتھ داغا جائے گا۔

1619 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا زَيْنَبَ، مَوْلَى حَازِمٍ الْغِفَارِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، بِاَبِي وَاُمِّي، قَالَ: قُلْ لَا حَوْلَ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! کیا تمہیں جنت کے خزانہ کے متعلق کلمہ نہ بتاؤں! میں نے عرض کی: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے فرمایا: تو پڑھ: **لا حول ولا قوة الا باللّٰه!**

1620 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! تو کہتا ہے کہ کثرتِ مال کا نام مال داری ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں!

1618- أخرج نحوه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1256 رقم الحديث: 3825 عن أبي ذر به .

1620- أخرجه النسائي في المجتبىٰ جلد 4 صفحه24 رقم الحديث: 1874' وأحمد في مسنده جلد5صفحه151 رقم الحديث: 21379' والبزار في مسنده جلد9صفحه349 رقم الحديث: 3909 كلهم عن الحسن عن صعصعة بن معاوية عن أبي ذر به .

عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا زَيْنَبَ، مَوْلَى حَازِمِ الْغِفَارِيِّ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ تَقُولُ كَثْرَةُ الْمَالِ الْغِنَى؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: تَقُولُ قِلَّةُ الْمَالِ الْفَقْرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغِنَى فِي الْقَلْبِ، وَالْفَقْرُ فِي الْقَلْبِ، مَنْ كَانَ الْغِنَى فِي قَلْبِهِ لَا يَضُرُّهُ، مَا لَقِيَ مِنَ الدُّنْيَا، وَمَنْ كَانَ الْفَقْرُ فِي قَلْبِهِ، فَلَا يُغْنِيهِ مَا اَكْثَرَ لَهُ فِي الدُّنْيَا، وَاِنَّمَا يَضُرُّ نَفْسَهُ شُحُّهَا

آپ نے فرمایا: تُو کہتا ہے کہ مال کا کم ہونا محتاجی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: مال داری دل میں ہے اور محتاجی بھی دل میں ہے' جس کے دل میں مال داری ہو اس کے لیے کوئی نقصان نہیں ہے' اس کو دنیا سے جو ملے' جس کے دل میں محتاجی ہو' دنیا میں کثرتِ مال اس کو مال دار نہیں بنا سکتا ہے' بس کنجوسی اس کے لیے جان لیوا ہے۔

1621 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، اَنَّهُ لَقِيَ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ يَسُوقُ بَعِيرًا لَهُ، عَلَيْهِ مُزَادَتَانِ فِي عُنُقِ الْبَعِيرِ قِرْبَةٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَالُكَ؟ قَالَ: لِي عَمَلِي، قَالَ: قُلْتُ: حَدِّثْنِي رَحِمَكَ اللهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةٌ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ، اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمَا بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ اِيَّاهُمْ قَالَ: قُلْتُ زِدْنِي رَحِمَكَ اللهُ، قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَنْفَقَ مِنْ مَالِهِ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّهُمْ يَدْعُوهُ اِلَى مَا عِنْدَهُ ، قُلْتُ: زَوْجَيْنِ مَاذَا؟ قَالَ: اِنْ كَانَ صَاحِبَ خَيْلٍ فَفَرَسَيْنِ،

حضرت صعصعہ بن معاویہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مقامِ ربذہ میں ملے' آپ اپنا اونٹ بازار میں لے کر جا رہے تھے' اونٹ کے گلے میں مشکیزہ تھا' آپ نے عرض کی: اے ابوذر! تیرے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے لیے میرا عمل ہے! میں نے عرض کی: مجھے کوئی حدیث بتائیں! اللہ آپ پر رحم کرے! آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس مسلمان کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں' اللہ عزوجل اس کی وجہ سے اُس کو بخش دے گا۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! اللہ آپ پر رحم کرے! فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اللہ کی راہ میں جوڑا خرچ کیا' تو جنت کے داروغ اس کا استقبال کریں گے' ان میں سے ہر ایک اسے

وَصَاحِبَ اِبِلٍ فَبَعِيرَيْنِ، وَصَاحِبَ بَقَرٍ فَبَقَرَتَيْنِ، حَتَّى عَدَّ اَصْنَافَ هَذَا الضَّرْبِ

دعوت دے گا' اس چیز کی طرف جو اس کے پاس ہے۔ میں نے عرض کی: زوجین سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: اگر وہ گھوڑوں والا ہے' تو دو گھوڑے' اگر اونٹوں والا ہو تو دو اونٹ' بکریوں والا ہے تو دو بکریاں یہاں تک کہ آپ نے اور قسمیں بھی گنوائیں۔

1622 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَهْوَازِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اَبُو هِشَامٍ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحَبِيبٍ، وَيُونُسَ، وَحُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، بَعِيرَيْنِ فَرَسَيْنِ، شَاتَيْنِ دِرْهَمَيْنِ، خُفَّيْنِ نَعْلَيْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے دو خرچ کیے' چوکیدار اُس کو جلدی جلدی جنت میں لے جائیں گے' دو اونٹ' دو گھوڑے' دو بکریاں' دو درہم' دو موزے' دو جوتے۔

1623 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ شِبْرًا، تَقَرَّبَ اِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَيْهِ ذِرَاعًا، تَقَرَّبَ اللّٰهُ اِلَيْهِ بَاعًا، وَمَنْ اَقْبَلَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَاشِيًا، اَقْبَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهِ مُهَرْوِلًا، وَاللّٰهُ

حضرت زیاد بن نعیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ کے قریب ایک بالشت ہو' اللہ کی رحمت ایک ہاتھ قریب آئے گی' جو ایک ہاتھ قریب ہوگا تو اللہ کی رحمت چل کر آئے گی' جو اللہ کے پاس چل کر آئے گا تو اللہ کی رحمت دوڑ کر آئے گی' اللہ بلند اور بزرگ تر ہے' اللہ بلند اور بزرگ ہے' اللہ بلند و بالا اور بزرگ ہے۔

1623- أخرجه أحمد في مسنده جلد 5صفحه155 رقم الحديث: 21411 عن يزيد بن عمرو عن يزيد بن نعيم عن أبي

اَعْلَى وَاَجَلُّ، وَاللّٰهُ اَعْلَى، وَاَجَلُّ، وَاللّٰهُ اَعْلَى، وَاَجَلُّ

1624 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: تَرَكَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا طَائِرٌ يُقَلِّبُ جَنَاحَيْهِ فِي الْهَوَاءِ إِلَّا وَهُوَ يُذَكِّرُنَا مِنْهُ عِلْمًا، قَالَ: فَقَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَقِيَ شَيْءٌ يُقَرِّبُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَيُبَاعِدُ مِنَ النَّارِ، إِلَّا وَقَدْ بُيِّنَ لَكُمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں چھوڑا جبکہ کوئی پرندہ ہوا میں اُڑتا ہے' وہ ہمیں اپنے علم سے نصیحت کر دیتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شی باقی نہیں رہی' جو جنت کے قریب کرے اور جہنم سے دور کرے' اس کو تمہارے لیے بیان کر دیا ہے۔

1625 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ اَبُو مَرْوَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ اَصِلَ رَحِمِي، وَاِنْ اَدْبَرْتُ، وَاَنْ اَقُولَ الْحَقَّ، وَاِنْ كَانَ مُرًّا، وَاَنْ لَا تَاْخُذَنِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَاَنْ اُحِبَّ الْمَسَاكِينَ، وَاُجَالِسَهُمْ، وَاَنْ اَنْظُرَ اِلَى مَنْ هُوَ تَحْتِي، وَلَا اَنْظُرُ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقِي، وَاَنْ اُكْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا صلہ رحمی کرنے کا' اگرچہ میں گھاٹے میں ہوں' میں حق کہوں' اگرچہ کڑوا ہو اور اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں اور مسکینوں سے محبت کرنے والا ہوں اور ان کے پاس بیٹھنے والا ہوں اور اپنے سے نیچے والے کو دیکھنے والا ہوں اور اپنے سے بڑے کو نہ دیکھنے والا ہوں اور کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنے والا ہوں۔

1626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے سات چیزوں کی وصیت کی: مساکین سے محبت کرنے اور ان کے قریب رہنے کی اور

عَامِرٍ- وَرُبَّمَا، قَالَ اِسْمَاعِيلَ بَعْضُ اَصْحَابِنَا- ، عَنْ اَبِی ذَرٍّ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَوْصَانِی خَلِيلِی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ، بِحُبِّ الْمَسَاكِينِ، وَاَنْ اَدْنُوَ مِنْهُمْ، وَاَنْ اَنْظُرَ اِلَى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنِّی، وَلَا اَنْظُرُ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقِی، وَاَنْ اَصِلَ رَحِمِی، وَاِنْ جَفَانِی، وَاَنْ اُكْثِرَ مِنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، وَاَنْ اَتَكَلَّمَ بِمُرِّ الْحَقِّ، وَلَا تَاْخُذُنِی فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَاَنْ لَا اَسْاَلَ النَّاسَ شَيْئًا

اپنے آپ سے نیچے والے کو دیکھنے کی اور اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھنے کی اور صلہ رحمی کرنے کی اگر چہ وہ مجھ سے بے وفائی کریں اور کثرت سے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھنے کی اور حق بات کہنے کی اگر چہ وہ کڑوی ہے اور اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرنے کی اور لوگوں سے کوئی شی نہ مانگنے کی۔

1627 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِی زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ اَبُو ذَرٍّ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَاذَا يُنَجِّی الْعَبْدَ مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: الْاِيمَانُ بِاللّٰهِ قُلْتُ: يَا نَبِیَّ اللّٰهِ، اِنَّ مَعَ الْاِيمَانِ عَمَلٌ، قَالَ: يُرْضَخُ مِمَّا رَزَقَهُ اللّٰهُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فَقِيرًا، لَا يَجِدُ مَا يُرْضَخُ بِهِ؟ قَالَ: يَاْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ عَيِيًّا لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَاْمُرَ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَا يَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: يَصْنَعُ لِاَخْرَقَ ، قُلْتُ: اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ اَخْرَقَ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَصْنَعَ شَيْئًا؟ قَالَ: يُعِينُ مَغْلُوبًا ، قُلْتُ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ ضَعِيفًا، لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يُعِينَ مَظْلُومًا؟ فَقَالَ: مَا تُرِيدُ اَنْ تَتْرُكَ فِی صَاحِبِكَ، مِنْ خَيْرٍ تُمْسِكُ الْاَذَى، عَنِ النَّاسِ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِذَا فَعَلَ ذَلِكَ دَخَلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: مَا مِنْ

حضرت مالک بن مرثد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! بندہ جہنم سے نجات کیسے پا سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانے سے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایمان کے ساتھ عمل بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: جو اللہ نے دیا ہے اس سے اللہ کی راہ میں دینا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر وہ فقیر ہو اور دینے کے لیے کوئی شی نہ پائے؟ آپ نے فرمایا: نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بتائیں کہ اگر وہ کمزور ہو نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: کسی کو سامان دے دے۔ میں نے عرض کی: آپ مجھے بتائیں کہ اگر کسی کو کوئی شی دینے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: مغلوب کی مدد کر دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر وہ کمزور ہو کہ مظلوم کی

مُسْلِمٍ يَفْعَلُ خَصْلَةً مِنْ هَؤُلَاءِ، اِلَّا اَخَذَتْ بِيَدِهِ حَتّٰى تُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ

مدد کرنے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: جو تُو چاہتا ہے اپنے ساتھی کو چھوڑنا' بہتر ہے لوگوں کو تکلیف نہ دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر یہ کرے تو جنت میں داخل ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جس مسلمان میں ان خوبیوں میں سے ایک پائی جائے گی' وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو جنت میں داخل کرے گی۔

1628 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الدِّمَشْقِيُّ الْمُقْرِءُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي قَالَ: اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهَا رَاْسُ اَمْرِكَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَكَ نُورٌ فِي السَّمَاوَاتِ وَنُورٌ فِي الْاَرْضِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: لَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَاِنَّهُ يُمِيتُ الْقَلْبَ وَيُذْهِبُ نُورَ الْوَجْهِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فَاِنَّهُ رَهْبَانِيَّةُ اُمَّتِي قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّمْتِ اِلَّا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّهُ مَرَدَّةٌ لِلشَّيْطَانِ عَنْكَ وَعَوْنٌ لَكَ عَلَى اَمْرِ دِينِكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: انْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ دُونَكَ وَلَا تَنْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكَ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرِي نِعْمَةَ اللّٰهِ عِنْدَكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: صِلْ قَرَابَتَكَ وَاِنْ قَطَعُوكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ: يَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تمام کاموں کی جڑ ہے۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: تم پر قرآن کی تلاوت اور اللہ کا ذکر لازم ہے کیونکہ آپ کے لیے زمین و آسمانوں میں نور ہوگا۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: زیادہ مت ہنسیں کیونکہ یہ دل کو مار دیتا ہے اور چہرے کا نور ختم کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپ میرے لیے اضافہ فرمائیں! آپ نے فرمایا: تم پر جہاد لازم ہے کیونکہ میری اُمت کی رہبانیت یہی ہے۔ آپ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ خاموش رہو مگر خیر کا کلمہ کہو کیونکہ یہ شیطان کو ردّ کرتا ہے اور تیرے لیے دین کے معاملہ میں مدد کرے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اپنے سے نیچے والے کو دیکھ' اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھ' یہ تیرے لیے زیادہ بہتر ہوگا' تُو اللہ کی نعمت کو جو تیرے پاس ہے اس کو

رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِی قَالَ: تُحِبُّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِي، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ

حقیر نہیں جانے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرو اگرچہ وہ تجھ سے تعلق توڑیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں۔ آپ نے فرمایا: لوگوں کے لیے وہی پسند کر جو تُو اپنے لیے پسند کرے۔ پھر آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینے پر مارا اور فرمایا: اے ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں، باز رہنے جیسی کوئی پرہیزگاری نہیں ہے، حسن خلق جیسا کوئی حسب نہیں ہے۔

جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانُ الْبَجَلِيُّ ثُمَّ الْعَلَقِيُّ حَيٌّ مِنْ بَجِيلَةَ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَيُقَالُ جُنْدُبُ بْنُ سُفْيَانَ وَيُقَالُ جُنْدُبُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سُفْيَانَ

حضرت جندب بن عبداللہ بن سفیان بجلی، پھر علقی، قبیلہ بجیلہ، آپ کی کنیت ابوعبداللہ بھی ہے، آپ کو جندب بن سفیان اور جندب بن خالد بن سفیان بھی کہا جاتا ہے

1629 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ جُنْدُبٍ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِتْيَانٌ حَزَاوِرُ

حضرت جندب بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے، ہم چند طاقتور نوجوان تھے۔

1630 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَابِرُ بْنُ كُرْدِيٍّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کا زمانہ پایا ہے۔

مَا رَوَى الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

وہ حدیثیں جو حضرت حسن بصری، حضرت جندب بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں

1631 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ كَانَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَانْظُرْ لَا يُطَالِبُكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے، دیکھو! کہیں اللہ اپنے ذمہ سے کسی چیز کا تم سے مطالبہ نہ کردے۔

1632 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، وَلَا يَطْلُبَنَّكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اللہ اپنے ذمہ میں سے کسی شی کو تم سے طلب کرے۔

1633 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے، پس اللہ اپنا ذمہ تم سے مانگ نہ لے۔

فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ فِي ذِمَّتِهِ

1634 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، كِلَاهُمَا عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ، وَاِيَّاكَ ابْنَ آدَمَ اَنْ يَطْلُبَكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' اے آدمی! اس بات سے ڈر کہ اللہ اپنے ذمہ میں سے کوئی چیز تجھ سے مانگے۔

1635 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' کہیں اللہ کے ذمہ کا تم سے مطالبہ نہ ہو جائے۔

1636 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالِ الْمَكِّيِّ، ثنا مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَرُ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلَا مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہ حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' کہیں اللہ اپنے ذمہ سے کوئی شی تم سے مانگ نہ لے۔

1637 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ،

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت مصعب امیر تھے تو میں اُن کے پاس جا بیٹھا تو اُنہوں نے فرمایا: بے شک اس قوم کے

قَالَ: جَلَسْتُ اِلَيْهِ فِي اِمَارَةِ الْمُصْعَبِ، فَقَالَ: اِنَّ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ قَدْ وَلَغُوا فِي دِمَائِهِمْ وَتَحَالَفُوا عَلَى الدُّنْيَا وَتَطَاوَلُوا فِي الْبِنَاءِ، وَاِنِّي اُقْسِمُ بِاللهِ، لَا يَاْتِي عَلَيْكُمْ اِلَّا يَسِيرٌ حَتّٰى يَكُونَ الْجَمَلُ الضَّابِطُ وَالْحَبْلَانُ وَالْقَتَبُ اَحَبُّ اِلَى اَحَدِكُمْ مِنَ الدَّسْكَرَةِ الْعَظِيمَةِ، تَعْلَمُونَ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحُولَنَّ بَيْنَ اَحَدِكُمْ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ يَرَى بَابَهَا مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ اَهْرَاقَهُ بِغَيْرِ حِلِّهِ، اَلَا مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ

خونریزی شروع کر دی ہے' دنیا کے معاملے میں قسمیں کھانے لگے ہیں' مقابلے میں عمارتیں بنا رہے ہیں' میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں: تم پر یہ وقت تھوڑی دیر رہے گا یہاں تک کہ طاقتور اونٹ' اونٹ کے بچے اور کجاوے تم میں سے کسی ایک کے نزدیک بہت بڑی بستی سے زیادہ پسندیدہ ہوں گے' تم جانتے ہو کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارے جنت کے درمیان جبکہ وہ جنت کا دروازہ دیکھ رہا ہو' مٹھی بھر مسلمان آدمی کا خون جو اس نے حلال ہونے کے بغیر بہایا' خبردار! جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' اللہ تم سے اپنے ذمہ کا مطالبہ نہ کرے۔

1638 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ لَا يَحُولَنَّ بَيْنَ اَحَدِكُمْ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ اَهْرَاقَهُ ظُلْمًا، مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ، يَا ابْنَ آدَمَ فَلَا يَطْلُبَنَّكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہرگز تم میں سے کسی کے اور جنت کے درمیان کسی مسلمان کا ناحق خون حائل نہ ہو جائے' خبردار! جس نے فجر کی نماز پڑھ لی' وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' اے ابن آدم! تم سے اللہ کسی شی کا مطالبہ نہ کرے۔

1639 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے طاقت رکھے کہ اس کے اور جنت کے درمیان کسی مسلمان کا ناحق خون حائل نہ ہو جس طرح کہ مرغی ذبح کرنا' جب بھی

الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَا يَحُولَنَّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ يُهْرِيقُهُ كَاَنَّمَا يَذْبَحُ دَجَاجَةً، كُلَّمَا تَقَدَّمَ لِبَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ لَا يُدْخِلَ بَطْنَهُ اِلَّا طَيِّبًا، فَاِنَّ اَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُهُ

جنت کے دروازوں میں سے کسی پر آئے گا تو یہ اس کے اور جنت کے درمیان حائل ہوگا' جو تم میں سے طاقت رکھے وہ اپنے پیٹ میں پاک شی ہی داخل کرے کیونکہ یہ پہلی شی ہوگی جو انسان کے پیٹ سے بدبودار ہوگی۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں آئے' آپ نے لوگوں کو نماز میں ہاتھ اُٹھائے ہوئے دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم نماز کے دوران ایسے ہاتھ اُٹھاتے ہو جس طرح گھوڑا دُم ہلاتا رہتا ہے' نماز میں ساکت رہو۔

1799 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ، اُرَاهُ قَالَ: فِي الْمَسْجِدِ وَهُمْ رَافِعُوا اَيْدِيهِمْ وَقَالَ: مَا لِي اَرَاكُمْ رَافِعِي اَيْدِيكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ، اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک قوم کو دیکھا کہ وہ نماز میں اپنے ہاتھ اُٹھا رہے ہیں' آپ نے فرمایا: تم نماز میں اپنے ہاتھ اُٹھاتے ہو جس طرح گھوڑا اپنی دُم ہلاتا ہے' نماز سکون سے پڑھو۔

1800 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا اِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَرَاَى النَّاسَ رَافِعِي

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گھر سے نکل کر مسجد میں آئے' آپ نے لوگوں کو نماز میں ہاتھ اُٹھائے ہوئے دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم نماز کے دوران ایسے ہاتھ اُٹھاتے ہو جس طرح گھوڑا دُم ہلاتا رہتا ہے' نماز میں

اَيْدِيهِمْ، فَقَالَ: مَا لِي اَرَى النَّاسَ رَافِعِي اَيْدِيهِمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسِ؟ اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ

سکوت سے رہو۔

1801 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى قَوْمًا قَدْ رَفَعُوا اَيْدِيَهُمْ، فَقَالَ: كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں آئے' آپ نے لوگوں کو نماز میں ہاتھ اُٹھائے ہوئے دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم نماز کے دوران ایسے ہاتھ اُٹھاتے ہو جس طرح گھوڑا دُم ہلاتا رہتا ہے' نماز میں بے حرکت رہو۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے' انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت اسی کی مثل ذکر کی ہے۔

1802 - ثنا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَرَآهُمْ حِلَقًا جُلُوسًا، فَقَالَ: مَا لِي اَرَاكُمْ عِزِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد کی طرف نکلے' لوگوں کو حلقوں میں بیٹھے دیکھا' آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ تمہیں علیحدہ علیحدہ بیٹھے ہوئے دیکھتا ہوں۔

1803 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں تشریف لائے اس حال میں کہ وہ بیٹھے ہوئے تھے تو آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ تمہیں

1802- اخرجه احمد فی مسنده جلد 5 صفحه 93,101' وابو عوانة فی مسنده جلد 1 صفحه 380 رقم الحديث: 1377 كلاهما عن المسيب بن رافع عن تميم بن طرفة عن جابر بن سمرة به .

دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَهُمْ جُلُوسٌ، فَقَالَ: مَا لِي اَرَاكُمْ عِزِينَ

علیحدہ علیحدہ بیٹھے ہوئے دیکھتا ہوں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

بَابٌ

باب

1804 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَصَابَ الْعَدُوُّ نَاقَةَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، ثُمَّ اشْتَرَاهَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَعَرَفَهَا صَاحِبُهَا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْخُذَهَا بِالثَّمَنِ الَّذِي اشْتَرَاهَا بِهِ مِنَ الْعَدُوِّ وَاِلَّا خَلَّى بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دشمن کو بنی سلیم کے ایک آدمی کی اونٹنی ملی' مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے اس کو خریدا' اس کے مالک نے اس کو پہچان لیا' وہ آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ جو تم نے دشمن سے خریدا ہے' پیسے اس سے لے لو ورنہ اس کے اور اس کے درمیان والے معاملہ کو چھوڑ دے۔

1805 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعُقَيْلِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعِيرٍ، وَاَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بَيِّنَةً اَنَّهُ لَهُ فَقَضَى بَيْنَهُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی اپنے اونٹ کا جھگڑا لے کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' ان میں سے ہر ایک نے ایک گواہ بھی بنایا' آپ نے ان دونوں کے درمیان برابر بانٹنے کا فیصلہ کیا۔

1806 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی اپنے اونٹ کا جھگڑا لے کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں

الْعَبِدِ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ رَجُلَيْنِ، اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعِيرٍ فَاَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَيْنِ اَنَّهُ لَهُ فَجَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا

آئے' ان میں سے ہر ایک نے دو گواہ بھی قائم کیے کہ وہ اس کی ہے' آپ نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

حضرت عبداللہ بن قبطیہ' حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1807 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقِبْطِيَّةِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا: السَّلَامُ عَلَيْكُمِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَاَشَارَ مِسْعَرٌ بِيَدِهِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ، فَقَالَ: مَا بَالُ هٰؤُلَاءِ يَرْفَعُونَ اَيْدِيَهُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسِ، اَمَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ، اَوْ اَحَدَهُمْ، اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى اَخِيهِ مِنْ عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جب حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تو ہم عرض کرتے تھے: السلام علیکم! السلام علیکم! مسعر نے اپنے ہاتھ سے دائیں بائیں جانب اشارہ کیا۔ آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو نماز میں اپنے ہاتھ ایسے اُٹھاتے ہیں جس طرح گھوڑا اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے' کیا تم میں سے کسی کے لیے کافی نہیں ہے کہ اپنا ہاتھ اپنی ران پر رکھے' پھر اپنے بھائی کو دائیں اور بائیں جانب سلام کرے۔

1808 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ ابْنِ الْقِبْطِيَّةِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَقُولُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جب حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تو ہم عرض کرتے تھے: السلام علیکم! السلام علیکم! آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو نماز میں اپنے ہاتھ ایسے

1807- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 322 رقم الحديث: 431' وأبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 262 رقم الحديث: 998' وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 107 رقم الحديث: 21066 كلهم عن مسعر عن عبيد الله بن القبطية عن جابر بن سمرة به .

بِأَيْدِينَا: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يُلْقُونَ أَيْدِيَهُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ، أَلَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَوْ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَخِيهِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

اُٹھاتے ہیں جس طرح گھوڑا اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے' کیا ہم میں سے کسی کے لیے کافی نہیں ہے کہ اپنا ہاتھ اپنی ران پر رکھے' پھر اپنے بھائی کو دائیں و بائیں جانب سلام کرے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

1809 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي هَوْذَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِي، عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِنَا فَلَمَّا سَلَّمَ أَوْمَأَ النَّاسُ بِأَيْدِيهِمْ يَمِينًا وَشِمَالًا فَأَبْصَرَهُمْ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكُمْ تُقَلِّبُونَ أَيْدِيَكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسِ، إِذَا سَلَّمَ أَحَدُكُمْ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى مَنْ عَنْ يَمِينِهِ وَعَلَى مَنْ عَنْ يَسَارِهِ، فَلَمَّا صَلَّوْا مَعَهُ أَيْضًا لَمْ يَفْعَلُوا ذَلِكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے والد' رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ نے ہمیں نماز پڑھائی جب آپ نے سلام پھیرا تو لوگوں نے اپنے ہاتھ سے دائیں اور بائیں طرف اشارہ کیا' آپ نے انہیں دیکھا' فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم اپنے ہاتھ ایسے پلٹتے ہو گویا کہ گھوڑا اپنی دُم ہلاتا ہے' جب تم میں سے کوئی سلام پھیرے تو دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرے' جب بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی تو انہوں نے ایسا نہیں کیا۔

1810 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنَّا إِذَا سَلَّمْنَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' جب ہم سلام پھیرتے تو اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے: السلام علیکم! حضور ﷺ نے ہماری طرف دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہو

اَشَرْنَا بِاَيْدِينَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَنَظَرَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا شَأْنُكُمْ تُشِيرُونَ بِاَيْدِيكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ، اِذَا سَلَّمَ اَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ اِلَى اَصْحَابِهِ وَلَا يُومِءْ بِيَدِهِ

جس طرح گھوڑا دُم ہلاتا ہے' جب تم میں سے کوئی سلام پھیرے تو اپنے ساتھیوں کی جانب متوجہ ہو' اپنے ہاتھ سے اشارہ نہ کرے۔

1811 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي هَوْذَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ اَبِي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسْنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: لَا يَزَالُ الْاِسْلَامُ ظَاهِرًا حَتَّى يَكُونَ اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا اَوْ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' ہم آپ کے پاس بیٹھے' آپ نے فرمایا: اسلام غالب ہی رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلفاء ہوں گے' وہ سارے کے سارے قریش کے ہوں گے۔

اَبُو اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

ابواسحاق سبیعی' حضرت جابر بن سمرہ سے روایت کرتے ہیں

1812 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ اِضْحِيَانٍ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ قَالَ: فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ وَاِلَى الْقَمَرِ فَلَهُوَ اَحْسَنُ فِي عَيْنِي مِنَ الْقَمَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو چاند رات میں دیکھا کہ آپ نے سرخ حُلّہ زیب تن کیا ہوا تھا' میں ایک نظر آپ کی طرف دیکھتا اور ایک نظر چاند کی طرف (اور فیصلہ نہ کر پاتا) کہ آپ چاند سے بھی زیادہ خوبصورت ہیں۔

1812- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد **4** صفحه **207** رقم الحديث: **7383**' والنسائي في السنن الكبرى جلد **5** صفحه **476** رقم الحديث: **9640** كلاهما عن أشعث بن سوار عن أبي اسحاق عن جابر بن سمرة به .

اَبُو خَالِدِ الْوَالِبِيُّ، عَنْ جَابِرٍ اسْمُهُ هَرِمُ بْنُ هُرْمُزَ

حضرت ابوخالد الوالبی' حضرت جابر بن سمرہ سے روایت کرتے ہیں' ابوخالد کا نام ھرم بن ھرمز ہے

1813 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فِطْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو خَالِدِ الْوَالِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطَى وَالسَّبَّابَةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں' آپ نے اپنی درمیانی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ اشارہ کیا۔

1814 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ساتھ ساتھ بھیجے گئے ہیں۔

1815 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ساتھ ساتھ بھیجے گئے ہیں۔

1816 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ، ثنا مُخَوَّلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ان دو کی طرح ساتھ ساتھ بھیجے گئے ہیں۔

1817 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا اَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ساتھ ساتھ بھیجے گئے ہیں جیسے یہ اِس سے ہے۔

1818 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ الدَّلَّالُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُخَوَّلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ان دو کی طرح ساتھ ساتھ بھیجے گئے ہیں۔

1819 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِی مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَا: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّينُ قَائِمًا حَتّٰى يَقُومَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ اِسْمَاعِيلُ: اَظُنُّ ظَنًّا اَنَّ اَبِی قَالَ: كُلُّهُمْ تَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْاُمَّةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دین ہمیشہ رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلفاء ہوں گے۔ حضرت اسماعیل فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ میرے والد نے کہا: ان میں سے ہر ایک پر یہ اُمت جمع ہوگی۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے

اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ہیں۔

1820 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فِطْرٌ، اَنَا اَبُو خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَضُرُّ هَذَا الدِّينَ مَنْ نَاوَاهُ حَتَّى يَقُومَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اس دین سے دشمنی کرے وہ اسے نقصان نہیں پہنچا سکے گا یہاں تک کہ بارہ خلفاء ہوں گے' وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

1821 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ، ثنا فِطْرٌ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ثَلَاثٌ اَخَافُ عَلَى اُمَّتِي: اسْتِسْقَاءٌ بِالْاَنْوَاءِ، وَحَيْفُ السُّلْطَانِ، وَتَكْذِيبٌ بِالْقَدَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے اپنی اُمت پر تین کاموں کا خوف ہے: (۱) ستاروں کے ذریعے بارش مانگنے کا (۲) بادشاہ کے ظلم کا (۳) تقدیر کو جھٹلانے کا۔

1822 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ سَعْدٌ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں سب سے پہلے جس نے تیر پھینکا' وہ حضرت سعد تھے۔

1823 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں سب سے پہلے جس نے تیر پھینکا' وہ حضرت سعد تھے۔

ابو خالد الوالبی عن جابر اسمه هرم بن هرمز

1822- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 750 رقم الحديث: 6115' وذكره ابن أبي شيبة في مصنفه جلد 7 صفحه 258 رقم الحديث: 35861

سَعْدٌ

1824 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبِي، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَهَزَمْنَا فَاتَّبَعَ سَعْدٌ رَاكِبًا مِنْهُمْ، فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَرَاى سَاقَهُ خَارِجَةً مِنَ الْغَرْزِ فَرَمَاهُ بِسَهْمٍ، فَرَاَيْتُ الدَّمَ يَسِيلُ كَاَنَّهُ شِرَاكٌ فَاَنَاخَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا' ہمیں شکست ہوئی ان میں ایک سوار کے حضرت سعد پیچھے ہوئے' آپ نے اس طرف توجہ کی' آپ نے پنڈلی کی رکاب پر رکھا' آپ نے تیر مارا' میں نے خون نکلتا ہوا دیکھا تو ایسے محسوس ہوا گویا کہ اس خون سے جوتی کا تسمہ ہوگیا' اس نے اپنی سواری بٹھائی۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الصَّيَّادُ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجْنَا فِي سَرِيَّةٍ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں: ہم ایک سریہ میں نکلے' اس کے بعد پہلی جیسی حدیث ذکر کی۔

1825 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَوْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْعَى غَنَمًا فَاسْتَعْلَى الْغَنَمَ، فَكَانَ فِي الْاِبِلِ وَهُوَ شَرِيكٌ لَهُ، فَاَكْرَيَا اُخْتَ خَدِيجَةَ، فَلَمَّا قَضَوُا السَّفَرَ بَقِيَ لَهُمْ عَلَيْهَا شَيْءٌ، فَجَعَلَ شَرِيكُهُ يَاْتِيهِمْ وَيَتَقَاضَاهُمْ وَيَقُولُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْ، فَيَقُولُ: اذْهَبْ اَنْتَ فَاِنِّي اَسْتَحْيِي، فَقَالَتْ مَرَّةً وَاَتَاهُمْ: فَاَيْنَ مُحَمَّدٌ لَا يَجِيءُ مَعَكَ؟ قَالَ: قَدْ قُلْتُ لَهُ فَزَعَمَ اَنَّهُ يَسْتَحْيِي،

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ یا صحابہ کرام میں سے ایک صحابی سے روای تھے' کہا: ایک وقت وہ بھی تھا جب نبی کریم ﷺ بکریاں چرایا کرتے تھے' آپ ﷺ نے بکریوں سے ترقی کی' اونٹوں میں ہوئے' ایک آدمی آپ کا شریک بنا' دونوں حضرات نے مل کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن کو اونٹ چرانے کے لیے اجرت پر لیا' پس جب انہوں نے سفر مکمل کیا تو اس عورت پر کوئی چیز ان کی باقی رہ گئی' آپ ﷺ کے شریک نے بار بار آ کر آپ ﷺ سے تقاضا کرنا شروع کیا اور وہ محمد ﷺ سے کہتا آپ تشریف لے چلیں (اور بقیہ چیز لے آئیں) سو

فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا اَشَدَّ حَيَاءً وَلَا اَعَفَّ وَلَاءً، فَوَقَعَ فِي نَفْسِ اُخْتِهَا خَدِيجَةَ فَبَعَثَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتِ: ائْتِ اَبِي فَاخْطُبْنِي اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَبُوكِ رَجُلٌ كَثِيرُ الْمَالِ وَهُوَ لَا يَفْعَلُ، قَالَتْ: انْطَلِقْ فَالْقَهُ وَكَلِّمْهُ، ثُمَّ اَنَا اَكْفِيكَ وَائْتِ عِنْدَ سُكْرِهِ فَفَعَلَ، فَاَتَاهُ فَزَوَّجَهُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ جَلَسَ فِي الْمَجْلِسِ، فَقِيلَ لَهُ: قَدْ اَحْسَنْتَ زَوَّجْتَ مُحَمَّدًا، قَالَ: اَوَ فَعَلْتُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَقَامَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ يَقُولُونَ: اِنِّي قَدْ زَوَّجْتُ مُحَمَّدًا وَمَا فَعَلْتُ، قَالَتْ: فَلَا تُسَفِّهَنَّ رَأْيَكَ، فَاِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا، فَلَمْ تَزَلْ بِهِ حَتَّى رَضِيَ، ثُمَّ بَعَثَتْ اِلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَقِيَّتَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ اَوْ ذَهَبٍ وَقَالَتْ: اشْتَرِ حُلَّةً فَاهْدِهَا لِي وَكَبْشًا وَكَذَا وَكَذَا فَفَعَلَ

آپ ﷺ فرماتے: آپ جائیں کیونکہ مجھے حیاء آتی ہے۔ سو ایک بار وہ آدمی ان کے پاس آیا تو اس عورت نے کہا: محمد ﷺ کہاں ہیں' وہ آدمی کے ساتھ نہیں آتے؟ اس آدمی نے کہا: میں نے ان سے عرض کی ہے' ان کا گمان ہے کہ ان کو حیا آتی ہے۔ اس عورت نے کہا: میں نے آج تک ان سے زیادہ حیاء والا اور دوستی کے اعتبار سے پاکیزہ شخص نہیں دیکھا۔ پس اس کی بہن خدیجہ کے دل میں (اسی وقت آپ کی) محبت پیدا ہو گئی؟ آپ کی طرف' حضرت خدیجہ نے آدمی بھیجا اور کہا کہ میرے والد کے پاس آ کر' میری منگنی کا پیغام دیں' آپ نے فرمایا: تیرا باپ زیادہ مالدار ہے' وہ یہ کام نہیں کرے گا۔ حضرت خدیجہ نے کہا: آپ ایک بار تشریف لے آئیں' ان سے ملاقات کر کے ان سے بات کر دیں پھر میں آپ کی طرف سے کافی ہوں' لیکن ان کے سکر کے وقت آنا' پس آپ نے یہ کام کیا' ان کے پاس آئے' انہوں نے آپ ﷺ سے شادی کر دی۔ پس جب انہوں نے صبح کی' مجلس میں بیٹھے تو کسی نے کہا: تم نے بڑا اچھا کام کیا ہے' محمد ﷺ سے اپنی بیٹی بیاہ دی ہے۔ اس نے کہا: کیا میں نے یہ اچھا کام کر دیا ہے؟ لوگوں نے کہا: ہاں! وہ مجلس سے اُٹھ کھڑے ہوئے' حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' کہا: لوگ کہہ رہے ہیں کہ میں نے اپنی بیٹی کا نکاح محمد ﷺ سے کر دیا ہے' حالانکہ میں نے تو ایسا نہیں کیا۔ انہوں نے عرض کی: اپنی رائے کو ان پر مسلط نہ کریں کیونکہ

ابو خالد الوالبی عن جابر اسمه هرم بن هرمز

محمد ﷺ ایسے ایسے اخلاق والے ہیں' وہ مسلسل یہ بات کرتی رہیں یہاں تک کہ وہ راضی ہو گئے' پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے محمد ﷺ کی طرف یا دو کنگن سونے یا چاندی کے بھیجے اور عرض گزاری کی کہ ایک بہترین لباس خرید کے مجھے تحفہ دیں' ایک مینڈھا اور فلاں فلاں چیز' پس آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا۔

جَعْفَرُ بْنُ اَبِی ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

حضرت جعفر بن ابوثور' حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1826 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ، ثنا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَتَی رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَطَهَّرُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَتَطَهَّرْ وَاِنْ شِئْتَ فَدَعْ، قَالَ: فَاُصَلِّی فِی مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَفَاَتَطَهَّرُ مِنْ لُحُومِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَفَاُصَلِّی فِی مَبَارِكِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: لَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' میں آپ کے پاس تھا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اس نے عرض کی: میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پڑھ لو۔ اُس نے عرض کی: کیا اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! (یعنی لغوی وضو مراد ہے' کُلّی کرنا اور ہاتھ دھونا) اُس نے عرض کی: کیا اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں!

1827 - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی ثَوْرٍ، عَنْ جَدِّهِ جَابِرِ بْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟ آپ

سَمُرَةَ اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَعَلْتَ وَاِنْ شِئْتَ لَمْ تَفْعَلْ قَالَ: اَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اُصَلِّي فِي مَبَاتِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اُصَلِّي فِي مَبَاتِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: لَا

نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اس نے عرض کی: میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پڑھ لو۔ اُس نے عرض کی: کیا اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! (یعنی لغوی وضو مراد ہے' کُلّی کرنا اور ہاتھ دھونا) اُس نے عرض کی: کیا اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں!

1828 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّأْ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تَوَضَّأْ، قَالَ: فَاُصَلِّي فِي بَيْتِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اس نے عرض کی: میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پڑھ لو۔

1829 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَتَطَهَّرُ مِنْ لُحُومِ الْاِبِلِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاُصَلِّي فِي مَبَارِكِ الْاِبِلِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اس نے عرض کی: میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پڑھ لو۔ اُس نے عرض کی: کیا اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! (یعنی لغوی وضو

جعفر بن ابی ثور عن جابر بن سمرة

، قَالَ: اَفَاَتَطَهَّرُ عَنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَتَطَهَّرْ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تَطَهَّرْ ، قَالَ: فَاُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ

مراد ہے' کُلّی کرنا اور ہاتھ دھونا) اُس نے عرض کی: کیا اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں!

1830 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، وَاَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُصَلَّى فِي اَعْطَانِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: لَا ، قِيلَ: اَيُتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِهَا؟ قَالَ: نَعَمْ ، قَالَ: فَيُصَلَّى فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ قِيلَ: يُتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِهَا؟ قَالَ: لَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اس نے عرض کی: میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! پڑھ لو۔ اُس نے عرض کی: کیا اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! (یعنی لغوی وضو مراد ہے' کُلّی کرنا اور ہاتھ دھونا) اُس نے عرض کی: کیا اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں!

1831 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى الْاَشْيَبُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَوَضَّأَ مِنْ لُحُومِ الْاِبِلِ، وَلَا نَتَوَضَّأَ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ وَاَنْ نُصَلِّيَ فِي دِبْنِ الْغَنَمِ، وَلَا نُصَلِّي فِي اَعْطَانِ الْاِبِلِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم دیتے اور بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے اور بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھنے کا حکم دیتے اور اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔

1832 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَوَضَّأَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرو' بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرو' ہم اونٹ باندھنے کی جگہ نماز نہ پڑھیں۔

مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ، وَلَا نَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ، وَأَنْ نُصَلِّيَ فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَلَا نُصَلِّي فِي أَعْطَانِ الْإِبِلِ

1833 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْأَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسُئِلَ: أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ فَتَوَضَّئُوا مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ، فَقَالُوا: أَنُصَلِّي فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ؟ قَالَ: لَا، قَالُوا: أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّأْ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا تَوَضَّأْ، قَالُوا: أَنُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ سے عرض کی گئی: کیا ہم اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ضروری کریں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! لیکن اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرو۔ اُنہوں نے عرض کی: اونٹ بٹھانے کی جگہ نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اُنہوں نے عرض کی: کیا ہم بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کریں؟ آپ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو وضو کر اور اگر چاہے تو نہ کر۔ اُنہوں نے عرض کی: کیا ہم بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں!

1834 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ، أَخْبَرَنِي جَدِّي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّأْ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا تَوَضَّأْ، قَالَ: أَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أُصَلِّي فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَفَأُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کریں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اگر تو چاہے تو وضو کر' اگر چاہے تو نہ کر' اس نے عرض کی: کیا ہم اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کریں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اس نے عرض کی: اونٹ باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس نے عرض کی: کیا میں بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا:

ہاں!

1835 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ، حَدَّثَنَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْأَسَدِيُّ، عَنْ جَعْفَرٍ السُّوَائِيِّ، عَنْ جَدِّهِ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: كُنَّا نُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَلَا نُصَلِّي فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ، وَكُنَّا نَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ، وَلَا نَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھ لیتے تھے اور اونٹوں کے باندھنے کی جگہ نماز نہیں پڑھتے تھے' ہم اونٹوں کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرتے تھے اور بکریوں کا گوشت کھانے کے بعد وضو نہیں کرتے تھے۔

1836 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى الْأَشْيَبُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْمُرُنَا بِصِيَامِ عَاشُورَاءَ وَيَحُثُّنَا وَيَتَعَاهَدُنَا عِنْدَهُ، فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ لَمْ يَأْمُرْنَا بِهِ وَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ، وَلَمْ يَتَعَاهَدْنَا عِنْدَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عاشوراء کے روزہ کا حکم دیتے اور ہمیں اس دن کا روزہ رکھنے پر اُبھارتے' اس ماہ کے آنے پر ہمیں یاد دلاتے' جب رمضان کے روزے فرض کیے گئے تو آپ نے ہمیں عاشوراء کے دن کا روزہ رکھنے کا نہ حکم دیا نہ رکھنے سے منع کیا' نہ ہمیں یاد دلایا۔

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

حضرت عبدالملک بن عمیر' حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

1837 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسریٰ مر جائے گا' اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا۔

1838 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَعُثْمَانُ بْنُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1838- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد6صفحه2445 رقم الحدیث: 6254 عن سفیان بن عبد الملك بن عمیر عن جابر بن سمرة به .

عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوزُهُمَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیصر مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا' جب کسریٰ مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے گا۔

1839 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسریٰ مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا' جب قیصر مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔

1840 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مِرْدَانِبَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوزُهُمَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیصر مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا' جب کسریٰ مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے گا۔

1841 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیصر مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا' جب کسریٰ مر جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا ذَهَبَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَاِذَا ذَهَبَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوزُهُمَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

قدرت میں میری جان ہے! ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے گا۔

1842 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً لَمْ اَفْهَمْهَا فَسَاَلْتُ اَبِي: مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات آہستہ ارشاد فرمائی جو میں نہ سمجھ سکا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا: آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

1843 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ هَذَا الْاَمْرُ قَائِمًا حَتَّى يَكُونَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دین ہمیشہ رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلفاء ہوں گے۔

1844 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَتَى اَعْرَابِيٌّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِي الضَّبِّ؟ فَقَالَ: مُسِخَتْ اُمَّةٌ مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ لَا اَدْرِي اَيَّ الدَّوَابِّ مُسِخَتْ، وَلَا آمُرُ بِهِ وَلَا اَنْهَى عَنْهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ گوہ کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں سے ایک اُمت مسخ کی گئی تھی' میں قیاس سے نہیں جانتا کہ کون سے جانور کی شکل میں مسخ کیے گئے تھے' نہ اسے کھانے کا حکم دیتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں۔

1845 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ سِمَاكٍ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آلِ کسریٰ کے سفید خزانوں کو مسلمانوں کا گروہ ضرور فتح

عبد الملک بن عمیر عن جابر بن سمرة

سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَفْتَحَنَّ آلِ كِسْرَى عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

کرے گا۔

آج اللہ اور اُس کے رسول ﷺ اور آپ کی آلِ اطہار اور جمیع صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین' اُمت کے جمیع اولیاءِ کاملین خصوصاً حضور سیدی مرشدی مخدوم اُمم حضرت داتا گنج بخش فیض عالم اور میرے آقا نعمت حضور سیدی مرشدی' امام العارفین' سیّد الواصلین' سفیر عشق مصطفےٰ ﷺ پیر سیّد غلام دستگیر کاظمی موسوی قدس سرہ العزیز اور حضرت سیدی و مرشدی حضرت پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی دام اللہ ظلہ اور جامعہ رسولیہ شیرازیہ کے جملہ اساتذہ کرام خصوصاً شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مفتی گل احمد خان عتیقی دام اللہ ظلہ اور شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف بندیالوی اور داعی اتحاد اہل سنت' محافظ ناموسِ رسالت شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی مدظلہ اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر المفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی دام اللہ ظلہ اور والدین جملہ دوست' عزیز و اقارب کی دعاؤں اور شفقت کے صدقے سے راقم الحروف ''**المعجم الکبیر**'' کی جلد اوّل کا ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اے اللہ! اپنے ان پاک' نیک بندوں کے صدقے سے باقی کام کو بھی میرے لیے آسان فرما دے اور اس کو میرے لیے قبر و آخرت میں ذریعۂ نجات کا سبب بنا دے۔

آمین بجاہ الکریم ﷺ!

غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہٗ

☆☆☆☆☆